بِنْتٌ ج: بَنَات (۱) لڑکی، بچی، (۲) گڑیا
بِنْت (فی وَرَق اللَّعِب): ملکہ، رانی، کوئن (تاش کے پتے میں)
بَنَانٌ و: بَنَانَة: انگلیوں کے سرے، پوروے، مجازاً انگلیاں
طَوْعُ بَنَانِه: ہاتھ کے اشارہ پر کام کرنے والا، تابع دار
إِبْنٌ: ج: أَبْنَاءٌ و بَنُوْنَ: لڑکا، بیٹا
___ الشَّرْق: مشرق کا رہنے والا
___ السَّبِيل: مسافر، دربدر پھرنے والا
___ بَطْنِه: پیٹ کا بندہ
___ غَيْرُ شَرْعِيّ: ولد الزنا، حرام زادہ
___ بالتَّبَنِّي: منہ بولا بیٹا
بِنَاءٌ: (۱) صنعت تعمیر (۲) عمارت کی ساخت، عمارت، بلڈنگ ج: أَبْنِيَة
بِنَاءً عليه: بنابرایں
بِنَاءً على طَلَبِه: کسی کی فرمائش پر
بَنَّاءٌ: (۱) معمار، جس کا پیشہ صنعتِ تعمیر ہو بلڈنگ ساز۔
بِنَاءُ الخُطَّة: منصوبہ سازی
بِنَاءُ الصَّدَاقَات: دوستیاں قائم کرنا
بِنَاءً على: بر بنا
بِنَاءً على المَعْرُوْض المُقَدَّم من فُلَان: فلاں کی درخواست پر
بِنَاءُ عِمَارَةٍ سَكَنِيَّةٍ: رہائشی بلڈنگ کی تعمیر
بِنَاءُ القُوَّات: فوجوں کو تیار کرنا، فوج کی تشکیل
بِنَاءُ النَّفْس: خود کو تیار کرنا، خودسازی
بِنَاءُ الوَطَن: ملکی تعمیر
البَانِي: بلڈنگ ساز ج: بُنَاة
بَانٍ: ج: بُنَاةٌ: موسس، اپنے خرچ سے تعمیر کرنے والا
عَمَلٌ بَنَّاءٌ: تعمیر کام، ترقیاتی کام
أَعْمَالٌ بِنَائِيَّةٌ: تعمیری کام
أَنْقَاضُ البِنَاء: تعمیری ملبہ
مَبَانٍ مُتَهَدِّمَة: شکستہ عمارتیں
مَبَانِي المَزْرَعَة: فارم کی عمارتیں
مَبْنِيٌّ: (۱) تعمیر شدہ (۲) غیر منصرف

ب

بَهَتَ ـَ و بَهُتَ ـُ وبُهِتَ بَهْتًا: ہکا بکا رہ جانا، چونک پڑنا، متحیر ہو کر خاموش ہو جانا
بَهَتَ ـِ بَهْتًا: چونکا دینا، اچانک پکڑنا
بَهِتَ اللَّوْنُ: رنگ اڑ جانا، رنگ فق ہو جانا
بَهَّتَ تَبْهِيتًا و بَاهَتَ مُبَاهَتَةً: حیرت و استعجاب میں ڈال دینا
بُهْتٌ و بُهْتَانٌ: کذب، جھوٹ، افتراء
بَاهِتٌ غَامِضٌ: ڈم، بہت ہلکا
بَهَجَ ـَ بَهْجًا و أَبْهَجَ: خوش کرنا
بَهِجَ بالشيء ـَ بَهَجًا و ابْتَهَجَ بشيء: خوش ہونا
بَهُجَ ـُ بَهَاجَةً و بَهْجَةً و بَهَجَانًا: خوبصورت ہونا، رونق آنا
بَهْجَةٌ: رونق، بہار، جمال، خوبصورتی
___ و إِبْتِهَاج: خوشی، فرحت، سرور
بَهِيجٌ، بَهِجٌ، مُبْهِجٌ: فرحت بخش، روح

پرور
مُبْتَهِجٌ: مسرور، خوش، فرحاں، شاداں
بَهَرَا النَّظَرَ ـَ بَهْرًا: خیرہ کرنا، چکاچوند کرنا
بُهِرَ بَصَرُهُ: چکاچوند ہونا، روشنی کی تاب نہ لاکر آنکھیں بند ہو جانا
اِنْبِهَارُ النَّفَس: ڈر وغیرہ کی وجہ سے سانس پھولنا
بُهْرٌ: سخت تکان کے نتیجہ میں سانس منقطع ہو جانا
بُهَارٌ: (۱) دُھنی ہوئی روئی، (۲) بُت، (۳) ابابیل (۴) ایک قسم کی مچھلی
بَاهِرٌ: خیرہ کن، لاجواب بنانے والا
نَجَاحٌ بَاهِرٌ: فائق وممتاز کامیابی
مَبْهُورٌ: ہانپنے والا، بے قابو ہونے والا
مُبْهِرٌ: حیران کن
بَهْرَجَةٌ: مزین کرنا، سجانا
بَهْرَجَةُ الدِّرْهَم: کھوٹ ملانا
تَبَهْرُجٌ: آراستہ ہونا، (عورت کا)
ـــ الرَّجُل: تکبر کرنا
بَهْرَجٌ: (۱) باطل (۲) کھوٹا (۳) رفاہی
ـــ و مُبَهْرَجٌ: (۱) خوبصورت، (۲) آراستہ
بَهَظَ ـَ بَهْظًا و أَبْهَظَ: بوجھل بنانا، مشقت میں ڈالنا
بَاهِظٌ: (۱) باعثِ مشقت، وزن دار، گراں بار
ثَمَنٌ بَاهِظٌ: غیر معمولی قیمت
بَهَلَ ـَ بَهْلًا: لعنت کرنا، لعنت بھیجنا
بَاهِلٌ: بادپیمائی کرنے والا، بیکار پھرنیوالا
بَهْلَوَانٌ: مداری، رسی پر چل کر تماشا دکھانیوالا
بُهْلُولٌ: ج: بَهَالِيلُ: (۱) بہت ہنسنے والا (۲) ہر قسم کی خوبیوں کا جامع سردار
بَهِيمٌ: تیز سیاہ، سیاہ فام، تاریک ترین
حَائِطٌ بَهِيمٌ: وہ دیوار جس میں کوئی سوراخ یا کھڑکی وغیرہ نہ ہو
مُبْهَمٌ: غیر واضح
بَهَا ـُ و بَهِيَ ـَ و بَهُوَ ـُ بَهَاءً: خوبصورت ہونا، دلکش ہونا
بَهْوٌ: بڑا کمرہ، ہال ج: أَبْهَاء
بَهِيٌّ: خوبصورت، دل فریب، روشن، چمکدار، خوشگوار، خوش منظر، بارونق

ب.....و

بُوءٌ (ن): لون
بَاءَ بِالفَشَلِ: ناکام ہونا، ناکامی پر ختم ہونا
بَاءَتِ المُحَاوَلَةُ بِالفَشَلِ: کوشش ناکام ہونا
تَبَوَّأَ: جگہ بنانا، جگہ لینا
ـــ العَرْشَ: تخت نشین ہونا
بِيئَةٌ: ج: بِيئَات ماحول، منزل، مقام، محل وقوع، (۲) حالت، گردوپیش کے حالات
بِيئَةٌ طَبِيعِيَّةٌ: فطری ماحول
بِيئَةٌ مُسْتَقِرَّةٌ: پرسکون ماحول
تَبَوُّءُ العَرْشِ: تخت نشینی
بَابٌ: ج: أَبْوَاب: دروازہ، گیٹ
أَبْوَابٌ ثَابِتَةٌ فِي المَجَلَّةِ: رسالہ کے مستقل عنوانات
بَابٌ أَرْضِيٌّ: زمین دوز دروازہ
بَابٌ خَلْفِيٌّ: بیک ڈور، پچھلا دروازہ

___ دَوَّارٌ: گھومنے والا دروازہ
بَابٌ ذُوْمَصَارِیْعَ قَابِلَةٍ لِلطَّیْ: فولڈنگ ڈور
البَابُ الرَّئِیْسِیّ: مین گیٹ، صدر دروازہ
بَابٌ سَقْفِیٌّ: چھت دار دروازہ
بَابٌ لَفَّافٌ: خودکار دروازہ، فولڈنگ دروازہ
البَابُ المُصَرَّعُ: کواڑوں والا دروازہ
بَاب و بَابَة: رتبہ، عہدہ
بَابُوْرُ البَحْر: سمندری جہاز
بَابُوْرُ سِكَّةِ الحَدِیْد: ریلوے انجن
بَوَّابٌ: دربان، گیٹ کیپر
بَوَّابَة: پھاٹک، بڑا دروازہ
بَوَّابَة خَارِجِیَّة: گیٹ
بَوَّابَة لِسِكَّةِ الحَدِیْد: ریلوے پھاٹک
مُبَوَّب: ابواب وار، قسم وار
بُوْتَاسًا: پٹاس، پوٹاس
___ كَاوِیَة: کاسٹک پٹاس
بُوْتَاسِیُوْم: پوٹاسیم
بُوْتَقَة: کٹھالی، وہ برتن جس میں چاندی وغیر پگھلائی جائے۔
بَوْحٌ: (ن) ظاہر ہونا
بَاحَ بِه بَوْحًا وأَبَاحَ: ظاہر کرنا، آشکارا کرنا، افشائے راز کرنا
إِبَاحَة: (۱) عام کرنا، انفرادی ملکیت سے نکال کر پبلک کے لئے عام کر دینا (۲) حلال قرار دینا (۳) اجازت دینا
إِبَاحِیٌّ: انتہا پسند اشتراکی (کمیونسٹ)
إِبَاحِیَّة: بالشوازم، کمیونزم کی وہ قسم جس کے اصول انتہا پسندی پر مبنی ہیں
إِبَاحَة: (۱) رخصت (۲) وجہ جواز پیدا کرنا
إِسْتِبَاحَة: (۱) حلال وجائز سمجھنا (۲) غصب کرنا (۳) حد قانون یا شریعت سے خارج سمجھنا
بَاحَةٌ: کھلی جگہ، میدان
مُبَاح: پیٹنٹ، جائز، حلال، عمومی، پبلک کا
بَوْخ: (ن) تھکنا، ست پڑ جانا، دھیما ہونا
___ الغَضَب: غصہ ٹھنڈا پڑ جانا
___ الطَّعَام: ذائقہ خراب ہونا، مزہ بدل جانا
بَائِخٌ: (۱) تھکا ماندہ (۲) ٹھنڈا، سرد (۳) بجھا ہوا
بُوْدَرَة (مَسْحُوْقُ الزِّیْنَة): پاؤڈر
عُلْبَةُ البُوْدَرَة: پاؤڈر کا ڈبہ
فُوْرُشَةُ البُوْدَرَة: پاؤڈر برش
بُوْدَقَة: دیکھئے: بُوْتَقَة
بُوْذَا: گوتم بدھ، بدھ مت کا بانی
بُوْذِیٌّ: بدھ مذہب کا پیروکار
بُوْذِیَّة: بدھ ازم
بَوْرٌ: وہ زمین جو قابل کاشت بنانے کی غرض سے بلا کاشت چھوڑ دی جائے
أَرْضٌ بَوْرٌ: بنجر زمین
تَبْوِیْر: بنجر بنا دینا، بے کاشت چھوڑ دینا
بَارَ ـُ بَوْرًا وبَوَارًا: ہلاک ہونا
العَمَلُ: کام خراب ہو جانا، ضائع جانا
بَارَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا
___ السِّلْعَة: ناقابل فروخت ہونا
بَوَارٌ: تباہی، ہلاکت، عذاب
دَارُ البَوَار: دوزخ
بَوَاسِیْرُ: بواسیر
بُوْرْصَة: (مع) تجارت گاہ، منڈی، ایکسچینج، محکمہ حسابات

___ الأَوْرَاقِ المَالِيَّة: تبادلۂ زر کی تجارت، ذخیرہ، زرِ مبادلہ

بُورصَةُ البِضَاعَة: سامانِ تجارت کی خرید و فروخت

بَوْرَقٌ أَرْمَنِيٌّ: سوڈا

بَوْسٌ (ن): بوسہ لینا، پیار کرنا

بَوْسَة (مع) قُبْلَة: پیار، بوسہ

بُوسْطَةٌ: (مع) ڈاک (۲) ڈاک خانہ

بَوَّشَ القَوْمُ تَبْوِيشًا: مل جل کر شور مچانا

بَوْشٌ ج: أَوْبَاش: (۱) بے ترتیب مجمع (۲) کمینوں کی ٹولی، رذیل طبقے کے لوگ

بُوصٌ: ریشمی کپڑا، سلک

بَاص: ج: بَاصَات: بس

بُوصَة: انچ (انگریزی ناپ) 1/12 فٹ، 2.54 سینٹی میٹر ج: بُوصَات

بُوصَلَة: قطب نما

بُوطَة: (بُوتَقَة دیکھئے)

بُوعٌ: وہ ہڈی جو ہاتھ پیر کے انگوٹھے نیچے ہوتی ہے۔

بَاعٌ: دو ہاتھ کے پھیلاؤ کے بقدر

طَوِيلُ البَاع: توانا، طاقتور

قَصِيرُ البَاع: ناتواں، کمزور، عاجز

بُوغَاز: (۱) تنگ نائے، دو سمندروں کے درمیان کی تنگنائی (۲) بندرگاہ، آبنائے، ج: بواغیزُ

بُوفِيه: (مِقْصَف): برتنوں کی الماری (۲) ناشتہ خانہ (اسٹیشنوں وغیرہ پر)

بُوقٌ ج: أَبْوَاقٌ و بِيقَانٌ: بگل، ہارن

تَبْوِيق: بگل بجانا، ہارن بجانا

بَوَّاقٌ: بگل بجانے والا

بَاقَة ج: بَاقَات: خوشہ، گچھا

___ زُهُور: گلدستہ

بَائِقَة ج: بَوَائِقُ: مصیبت، ایذاء، شر

بَوْل: (۱) پیشاب (۲) پیشاب کرنا

بَالٌ: (۱) دل (۲) عقل (۳) حالت (۴) اہمیت

مُرْتَاحُ البَال، هَادِئُ البَال: مطمئن، پرسکون، غیر متفکر

مُنْشَغِلُ البَال: متفکر، مضطرب، پریشان خاطر، فکرمند

أَعْطَى بَالَه إِلَى: توجہ دینا، لحاظ رکھنا

غَابَ عن بَالِهِ: بھول گیا، یاد نہ رہا

خَطَرَ بِبَالِهِ خُطُورًا: دل میں آنا، ذہن میں آنا

مَا بَالُكَ: تیرا کیا حال ہے، تجھے کیا ہوا

ذُو بَال: اہم، مہتم بالشان

بَالَه: عطر کی شیشی، چھوٹی شیشی

___ و إِبَالَة: سامان کا گٹھا، گانٹھ

بُوَال: ذیابیطس، بیماری کی ایک قسم جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے۔

البَوْل السُّكَّرِيّ: ذیابیطس، شوگر کی بیماری

مِبْوَلَة: (۱) پیشاب دان (۲) پیشاب خانہ

مَبْوَلَة: پیشاب لانے والی

بُولَاذ: فولاد، اسٹیل

البُولْشَفِيَّة (البُلْشُفِيَّة): بالشوازم، روسی کمیونسٹوں کی تحریک

بُولَصَة: (مع) پالیسی، طریق عمل، طرز عمل

بُولِصَة، بُولِيصَة ج: بُولِص: رسید،

ہنڈی

بُولِیس: (۱) نظم ملکی قائم کرنے والی جماعت (۲) پولیس (۳) محکمہ پولیس، محکمہ کوتوالی (۴) پولیس مین، کانسٹبل

البُولِیس الحَربِیّ: جنگی پولیس

البُولِیس الدُّوَلِیّ: بین الاقوامی پولیس

بُولِیسٌ سِرِّی: خفیہ پولیس

رِوایَة بُولِیسِیَّة: جاسوسی ناول

بُولِیسَة: وثیقہ، دستاویز، ہنڈی، بلٹی

بُولِیسَةُ السَّیکُورتاہ (التامین): بیمہ کے ذریعہ محفوظ کرانے کا طریقہ

بُولِیسَةُ الشَّحنِ بالبَحر: جہاز کے مال کی بلٹی

بِسِکَّةِ الحَدِید: ریل کے ذریعہ بھیجنے کا طریقہ

بُوَیَة (صِباغ): روغن پینٹ، پالش

بُوَیجِیّ (مَسَّاحُ الاَحذِیَة): پالش کرنے والا

ب تی

بِیئَة: (دیکھئے بوأ)

بِیَادَة: پیدل فوج

بِیَادِیّ: پیدل فوج کا سپاہی

بَیَان: دیکھئے بین

بَیَّتَ تَبیِیتًا: رات میں کسی کام کو انجام دینا

بَاتَ ـــ بَیتُوتَة و بَیتًا و بَیَاتًا و مَبِیتًا: شب گذارنا، بمعنی (صار) ہونا

بَیت ـ بُیُوت و أَبیَات: ہاؤس، ہوم، لاج، رہائش گاہ، اقامت گاہ، (۲) خاندان، (۳) شعر

بُیُوتات: (جمع الجمع و: بیت) گھر

البُیُوتَات التِّجَارِیَّة: بزنس ہاؤس

بَیتُ الأَزیاء: فیشن پاڈیزائن ہاؤس

بَیتُ الإِصدَار: مرکز اجراء

بَیتٌ تِجَارِیٌّ: کمرشیل ہاؤس، تجارتی گھر

بَیتُ الحِضَانَة: نرسری

بَیتُ شَعر: خیمہ

بَیتُ شِعر: نظم کا ایک شعر، بیت، شعر کا جزء

بیت المال، خزانہ عامہ

بَیتُ مَالِ الدَّوْلَة: ٹریزری، خزانہ حکومت

بَیتٌ یَمُوجُ بالضُّیُوف: مہمانوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا مکان

مَبِیت: رہائش شبینہ

بَیتِیٌّ: گھریلو، خانگی، خاندانی، پالتو، گھر کا بنا ہوا۔

بَیَاتٌ ج: بَیَاتَات: شب خون، رات کے وقت کا حملہ

البَیجُوم: بیگم

بَادَ ـ بَیدًا و بَیَادًا و بَیدُودَةً: ہلاک ہونا

بَادَتِ الشَّمسُ: سورج غروب ہونا

إِبَادَة: بیخ کنی، قتل عام، بربادی، صفایا کرنا

إِبَادَةُ الجِنس: نسل کشی

مُبِیدٌ لِلحَشَرَات: کیڑے مار (دوا)

بِیادة: پیادہ پا فوج

بِیَادِیّ: پیدل فوج کا سپاہی

بَیدَ أَنَّ (غَیرَ اَنَّ): لیکن، مگر یہ کہ، اس کے باوجود، تاہم، پھر بھی (فُلَانٌ کَثِیرُ المَالِ بَیدَ اَنَّهُ بَخِیل)

بَیدَر: کھلیان ج: بَیَادِر

بَیدَق و بِیدَق الشَّطرَنج: ج: بَیَادِق شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں۔

بَیْرَق: ج: بَیَارِق: جھنڈا، پرچم
بَیْرَقْدَار: علم بردار
بَیَّضَ تَبْیِیْضًا: سفید کرنا
___ البَیْتَ: سفیدی کرنا
___ القُمَاشَ: کپڑا دھونا
___ الکِتَابَ: مسودہ صاف کرنا
___ الآنِیَةَ: قلعی کرنا
___ الوَجْهَ: روشن کرنا، خوش کرنا، عزت بخشنا
بَیْضٌ و: بَیْضَة: انڈا
___ بِرِشْت: نیم برشت کیا ہوا انڈا
___ جَامِدٌ (مَسْلُوق): ابلا ہوا، خوب پکا ہوا انڈا
___ مَقْلِیٌّ: تلا ہوا انڈا، آملیٹ
إِفْرَاخُ البَیْض: انڈے کا بچہ سے الگ ہونا
بَیْضَةٌ ج: بَیْضَات: (۱) خود (خصیہ)
بَاضَ ـــ بَیْضًا: انڈا دینا
أَبْیَضُ: سفید م: بَیْضَاءُ
اِبْیَضَاض: سفید ہونا
غَازٌ أَبْیَضُ: پٹرولیم
مَوْتٌ أَبْیَضُ: غیر متوقع موت
قِرْطَاسٌ أَبْیَضُ: وہائٹ پیپر
البَیْتُ الأَبْیَض: وہائٹ ہاؤس
بَیَاضٌ: سفیدی (۲) انڈے کی سفیدی
بَیَاضُ البَیْض: انڈے کی سفیدی
بَیَاضُ الحَائِط: سفیدی، چونا
بَیَاضُ الیَوْم: دن کی روشنی، تمام دن
تَبْیِیْضَة، (مُبَیَّضَة): صاف کی ہوئی کاپی
مُبَیِّضُ النُّحَاس: قلعی گر
مُبَیِّضُ الأَقْمِشَة: دھوبی، کپڑا دھونے والا
مُبَیِّضُ الحِیْطَان: چونہ کرنیوالا، قلعی کرنے والا
___ القُمَاش (قَصَّار): دھوبی
بَیْطَار: (دیکھئے بطر)
بَاعَ ـــ بَیْعًا و مَبِیْعًا: بیچنا، فروخت کرنا، سیل کرنا، سپلائی، ڈیل
بَاعَ بالبَخْس: کم قیمت پر فروخت کرنا
بَاعَ با القَطَاعِیّ: خوردہ فروشی کرنا، تھوڑا تھوڑا فروخت کرنا
___ بالمُنَادَاة: آواز لگا کر بیچنا
___ بالمَزَاد: نیلام کرنا
البَیْعُ بَأَسْعَارٍ مُخَفَّفَة: کم داموں پر بیچنا، کم ریٹ پر فروخت کرنا
البَیْعُ بالبَرِیْد: فروختگی بذریعہ ڈاک
البَیْعُ بالتَّجْزِئَة: ریٹیل، خوردہ فروشی
البَیْعُ بالتَّقْسِیْط: قسطوں پر بیچنا
البَیع بالجُمْلَة: ہول سیل، تھوک فروشی
بَیعُ البِضَاعَةِ إِجْبَارِیًّا: سامان کی جبری فروختگی
البَیْعُ بَطَرِیْقَةِ المُزَایَدَة: نیلامی کے ذریعہ بیچنا
البَیْعُ بالقَطَّاعِیّ: ریٹیل، خوردہ فروشی
بَیْع بالمُزَایَدَة: نیلامی
بَیْعٌ جَبْرِیٌّ: جبری فروختگی
البَیْع المُبَاشِر: ڈائرکٹ سیل، براہ راست فروختگی
المَبِیْع: برائے فروخت
إِبْتِیَاع: شاپنگ
بَیْعَة: فروختگی کا کام (۲) وفادار (۳) عہد و پیمان
بَیْعَةٌ جَدِیْدَةٌ: نیا عہد و پیمان
بِیْعَةُ النَّصَارَى ج: بِیَع: کنیسہ، چرچ
بِیْعَةُ اليَهُوْد: یہودیوں کا عبادت خانہ

بَائِعٌ بَيَّاع: ڈیلر، سیلز مین، سیلر، تاجر، سوداگر، بزنس مین
بَائِعُ أَدَوَاتِ الكِتَابَة: اسٹیشنر، لکھائی کا سامان فروخت کرنے والا
بائع بالتجزئة: ریٹیل میں فروخت کرنے والا
بَائِعُ التَّجْزِئَة: ریٹیل میں فروخت کرنے والا
بَائِعٌ جَائِل: ہاکر، پھیری والا
بَائِعُ الصُّحُف: نیوز بوائے، اخبار فروش
بَائِعُ الكُتُب: بک سیلر
بَائِعٌ مُتَجَوِّل: پھیری لگا کر بیچنے والا
المُبَايَعَة: اظہارِ وفاداری
مُبَايَعَةُ أَحَد: وفاداری کا عہد کرنا
مَبِيعَات: سامانِ فروخت
مَبِيعَاتٌ آجِلَة: ادھار فروخت کی جانے والی اشیاء
مَبِيعَاتٌ بالجُمْلَة: تھوک فروخت ہونے والی اشیاء
مَبِيعَاتٌ بالعُمُولَة: کمیشن پر فروخت ہونے والی اشیاء
مَبِيعَاتٌ نَقْدِيَّة: نقد فروختگیاں
بَيْكٌ، بِك: ایک اعزازی لقب
بَيْكَار: پرکار
بَيْكَةُ النُّور الكَهْرَبَائِي: بلب، قمقمہ
بَانَ ـ بَيْنًا: ظاہر ہونا، جدا ہونا
إِبَانَة: ظاہر کرنا، جدا کرنا، فصاحت
تَبَيُّن: ظاہر ہونا، پتہ لگانا، معلوم کرنا
تبيين: ظاہر کرنا، بیان کرنا

تَبَايُن: فرق، انتشار، اختلاف، تضاد
تَبَايُنُ الآرَاءِ و تَصَارُعُهَا: اختلافِ رائے
التَّبَايُن الظَّاهِر: کھلا تضاد
بَيْن: جدائی، فاصلہ
بَيْنَ بَيْنَ: بین بین، (كَانَ هو بَيْنَ بَيْنَ ذلك)
بَيْنَ يَدَيْه: اس کے سامنے، اس کے ساتھ
بَيْنَمَا، بَيْنَا: جب، دوران، درمیان
ذَاتُ البَيْن: دشمنی، عداوت
بَيَان ج: بَيَانَات: تفصیل، وضاحت، رپورٹ لائحہ عمل، پروگرام، اطلاع، اعلان، اشتہار، ریکارڈ، ڈکلریشن، لسٹ
مَلْءُ البَيَانَات: خانہ پری کرنا
بَيَانُ إِرْسَالِيَّة: ڈسپیچ لسٹ، روانگی سامان کی فہرست
بَيَانٌ تَوْضِيحِيّ: وضاحتی بیان، وضاحتی نوٹ
بَيَانٌ رَسْمِيّ: سرکاری اعلان
حُسْنُ البَيَان: فصاحت
بَيَانُ الشُّمُول: بیانِ مندرجات
بَيَانٌ صَحُفِيّ: اخباری بیان
بَيَانُ مَوَاعِيدِ القِطَار: ریلوے ٹائم ٹیبل
بَيَانٌ صَادِقٌ: سچا بیان
بَيَانٌ كَاذِبٌ: جھوٹا بیان
بَيَانٌ مُشْتَرَك: مشترکہ بیان
بَيَانُ المَصْرُوفَات: بل
بَيَانٌ من جَانِبٍ وَاحِدٍ: یک طرفہ بیان
بَيَانُ المِيزَانِيَّة: بجٹ کی تفصیل
البَيَانُ اليَدَوِيُّ: ہینڈ بل
بَيَانَات: ریکارڈس، تفصیلات، وضاحتی بیان
بَيَانَاتٌ مُزَيَّفَة: فرضی بیانات

بَیانِیّ: وضاحتی
بَیِّنَة: شہادت، دلیل
عَلَی بَیِّنَةٍ: پوری واقفیت کے ساتھ

ت

ت.....ا

تَابُوت ج: تَوَابِيْتُ: صندوق، بکس، وہ بکس جس میں مردہ جسم محفوظ کیا جائے

تَارَةً ج: تَارَات: (۱) ایک دفعہ (۲) کبھی (۳) بعض اوقات

تَاشِيْرَة: ویزا ج: تَاشِيْرَات

تَاشِيْرَةٌ بالاقَامَة: اقامتی ویزا

تَاشِيْرَةُ دُخُوْلٍ: انٹری ویزا، داخلہ کا ویزا

تَاشِيْرَةُ سَفَر ج: تَاشِيْرَات: ویزا

تَاشِيْرَةٌ عَلَى جَوَازِ سَفَرٍ: پاسپورٹ پر ویزا لگانا

تَاشِيْرَةُ مُرُوْر: ٹرانزٹ ویزا

تَوْأَمٌ: جڑواں بچہ ج: تَوَائِمُ

أَتأَمَتِ المَرأَةُ إِتْآماً: جڑواں بچہ جننا

ت.....ب

تَبَّ ـُ تَبَاباً وِ تَبّاً، و تَبباً: ہلاک ہونا، برباد ہونا

إِسْتَتَبَّ لَهُ الْأَمْرُ إِسْتِتْبَاباً: کسی چیز کا سازگار ہونا، درست ہونا، فضا ہموار ہو جانا، قائم ہو جانا

إِسْتِتْبَابُ الْأَمْن: امن قائم کرنا یا ہونا

تَبَرّ و: تِبْرَة: بے ڈھلا سونے کا ڈلا

تَبِعَ ـَ تَبَعًا، وَ اتَّبَعَ: (۱) پیچھے چلنا (۲) ساتھ چلنا (۳) مطیع وفرمانبردار ہونا (۴) کسی کے بعد آنا (۵) ماتحت ہونا

إِتِّبَاعُ خُطَّة: پلان پر چلنا

إِتِّبَاعُ الطُّرُقِ الحَدِيْثَةِ: نئے طریقے اختیار کرنا

تَابَعَ الشَّئَ مُتَابَعَةً: لگاتار کرنا، موافقت کرنا

تَابَعَ قَائِلاً: سلسلہ کلام جاری رکھنا

مُتَابَعَة: جائزہ، تعاقب، توجہ، دھیان، نظر رکھنا، جائزہ لینا، نگاہ رکھنا، تعاقب کرنا، جاری رکھنا، دیکھنا

مُتَابَعَةُ الاتِّصَالَات: رابطہ قائم رکھنا

مُتَابَعَةُ الإِجْتِمَاعَات: جلسے جاری رکھنا، ملاقاتیں جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ التَّحْقِيْق: تحقیق جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ الحَدِيْث: بات چیت جاری رکھنا، گفتگو جاری رکھنا

مُتَابَعَةُ مَسِيْرَةِ البِنَاء: تعمیری مہم جاری رکھنا

مُتابَعَةُ المُهِمَّات: فرائض انجام دینا
مُتابَعَةُ الوَقائِع: حوادث کا جائزہ لینا
تِباعاً: مسلسل، لگاتار
تابِعٌ ج تَبَعٌ و تُبَّاع: (۱) لاحق، متصل (۲) محکوم و ماتحت (۳) شاگرد (۴) خادم
تابِعٌ لِكذا: کسی چیز سے متعلق، ماتحت
تَوابِعُ و: تابِعٌ: (۱) خدام، نوکر چاکر (۲) طفیلی (۳) مصاحب (۴) وہ سیارے جو دوسرے سیاروں کے گرد گھومتے ہیں
تابِعَة ج تَوابِع، تَبِعَة ج تَبِعات: نتیجہ، انجام، ذمہ داری
تابِعِيَّة: نیشنلٹی، شہریت
تَبَعِيَّة: دست نگری، غلامی، ماتحتی
بالتَّتابُع: مسلسل، پیہم، برابر
مُتَتابِعًا: آگے پیچھے
يُتْبَعُ (لِلْكَلامِ بَقِيَّةٌ): باقی آئندہ" کی طرح ناتمام مضمون کے آخر میں لکھتے ہیں
تَتَبُّعُ المَصْدَر: سراغ تلاش کرنا۔
تِبْغٌ، تِبْغٌ، تَبَغٌ: تمباکو (پینے کا)
تَبَّلَ الطَّعامَ تَتْبِيلاً و تَوْبَلَة: کھانے میں مصالحہ ڈالنا
تَوابِلُ و تَابَل: مصالحہ
مُتَبِّلٌ: مصالحہ دار
تَبَّالٌ: مصالحہ فروش
تِبْنٌ و: تِبْنَةٌ: بھوسہ
تَبَّانٌ: بھوسہ بیچنے والا
تُبَّانٌ: نیکر، جانگیہ، لنگوٹ
تَبَوَّأَ: دیکھئے بوء

ت.....ت

تَتَرٌ و: تَتَرِيٌّ: قوم تاتار جو چین اور بحر قزوین کے درمیان آباد ہے
تَتَرَى: یکے بعد دیگرے، لگاتار
تُتُنٌ: تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے)
تَتَنُوس: (مع) ٹیٹنس

ت.....ج

تَجَرَ ـُـ تَجْراً و تِجارَةً: سوداگری کرنا تجارت کرنا۔
مُتاجَرَةٌ و اِتِّجارٌ: سوداگری کرنا، تجارت کرنا
اِتِّجارٌ غَيْرُ شَرْعِيٍّ: ناجائز خرید و فروخت
تِجارَةٌ، مَتْجَرٌ: (۱) سوداگری، (۲) سامانِ تجارت
التِّجارَةُ بِالجُمْلَة: ہول سیل
تِجارَةُ جُمْلَةٍ: ہول سیل، تھوک فروشی
تِجارَةُ تَجْزِئَةٍ: ریٹیل سیل، خوردہ تجارت
التِّجارَةُ الخارِجِيَّةُ: غیر ملکی تجارت، بیرونی تجارت
تِجارَةُ الصَّادِرات: اکسپورٹ تجارت
تِجارَةُ الغَلال: غلہ کی تجارت
تِجارَةٌ مُحَرَّمَةٌ: ناجائز تجارت
تاجِرٌ: تجارت پیشہ، ڈیلر ج: تُجَّار
تاجِرُ الجُمْلَةِ: تھوک فروش، ہول سیلر
تاجِرُ التَّجْزِئَة: خوردہ فروش
تاجِرُ الخُرْدَوات: خوردہ فروش
تاجِرُ صادِرات: بیرونی اشیاء کا تاجر
التَّاجِرُ الفَرْدُ: واحد تاجر، سول ٹریڈر
تاجِرُ القَطاعِي: ریٹیل ڈیلر، خوردہ

فروش، پرچون فروش
تَاجِرٌ مُصَدِّرٌ: ایکسپورٹ کرنے والا تاجر
تَاجِرُ المُفَرَّق: پرچون فروش
مَتْجَرٌ: مارکیٹ، شاپ، دوکان ج: مَتَاجِرُ
المَتْجَرُ التَّنْوِيعِيُّ: ڈپارٹمنٹ اسٹور
مَتْجَرٌ عَامٌّ: جنرل اسٹور
مَتَاجِرُ: اسٹورس، دوکانیں
مَتَاجِرُ الأَقْسَام: ڈپارٹمنٹل اسٹورس
مَتَاجِرُ الخِدْمَةِ الذَّاتِيَّة: سیلف سروس اسٹور
مَتَاجِرُ ذَاتُ فُرُوع: شاخوں والے اسٹور
المُتَاجَرَةُ بِكذا: خرید وفروخت، بیع وشراء
المُتَاجَرَةُ فِي: کسی چیز کا کاروبار کرنا
المُتَاجَرَةُ فِي السُّوقِ السَّوْدَاء: بلیک مارکٹنگ کرنا
العُرْفُ التِّجَارِيُّ: تجارتی اصطلاح، تجارتی طریقہ کار
تِجَارِيّ: تجارتی کمرشیل
مُلْحَقٌ تِجَارِيٌّ: تجارتی مشیر، کمرشیل اٹاچی
شَارِعٌ تِجَارِيٌّ: کمرشیل اسٹریٹ

ت.....ح

تَحْتَ: نیچے، فَوْق کی ضد
تَحْتَانِيٌّ: نچلا، زیریں
تَحْتَ كذا: کم درجہ
تَحْتَ إِشْرَافِ: زیرنگرانی
تَحْتَ التَّجْرِبَة: زیرتجربہ
تَحْتَ التَّحَفُّظ: زیرحراست
تَحْتَ التَّصَرُّف: زیراختیار
تَحْتَ التَّمْرِين: زیرمشق
تَحْتَ التَّنْفِيذ: زیرعمل، زیرترتیب
تَحْتَ جُنْحِ الظَّلَام: سخت اندھیرے میں
تَحْتَ الحِرَاسَة: زیرحراست
تَحْتَ رَحْمَةِ فُلَان: اس کے رحم وکرم پر
تَحْتَ رِعَايَة: زیرنگرانی
تَحْتَ الرِّئَاسَة: زیرصدارت، زیرنگرانی
تَحْتَ سَطْحِ الأَرْض: انڈرگراؤنڈ
تَحْتَ الطَّلَب: حسب آرڈر
تَحْتَ العَشْر: دس سے کم
تَحْتَ الفَحْص: زیرمعائنہ، زیرجانچ
تَحْتَ الوِصَايَة: زیرنگرانی
تُحْفَة ج تُحَف: ہدیہ، تحفہ
أَتْحَفَهُ الشَّيْءَ و به إِتْحَافاً: بطورتحفہ دینا
مُتْحَفٌ، مَتْحَفَة ج مَتَاحِفُ: عجائب گھر، میوزیم
تَحِيَّة: دیکھئے "حی"

ت.....خ

تَخْتٌ ج تُخُوت: بینچ
تَخْتُ الثِّيَاب: کپڑوں کی الماری
تَخْتُ الرُّقَاد: پلنگ، مسہری
تَخْتُ الكِتَابَة: ڈیسک
تَخْتُ المَلِك: تخت شاہی
تَخْتُ الحُكُومَة: دارالحکومت
تَخْتٌ مُوسِيقِيّ: میوزیکل بورڈ

تَخْتَةُ الكِتَابَةِ: ڈیسک

ت.....ر

تِرام: ٹراموے

مَرْكَبَةُ تِرَام: ٹرام گاڑی

تَرِبَ ـَـ تَرَباً: غبار آلود ہونا، ذلیل ہونا، فقیر محتاج ہونا

تَتَرَّب: غبار آلود ہونا

تُرْبَة ج تُرَب: مٹی (۲) زمین (۳) مقبرہ

تِرْبٌ ج: أتْرَاب: (۱) ہمسر (۲) ساتھی، معاصر

تُرَابٌ: مٹی

تُرَابِيٌّ: مٹیالا

تَرْبَنَة: کھوپڑی کا آپریشن کرنا

تِرْبَان ج: تَرَابِيْنُ: کھوپڑی میں سوراخ کرنے کا آلہ

تَرَبِيْزَة، تَرَابِيْزَة: (مع) ٹیبل (کھانے کی)

تَرْجَمَة: ٹرانسلیشن، ترجمہ

تَرْجَمَةٌ فَوْرِيَّةٌ: برجستہ ترجمہ

تَرْجَمَةٌ حَرْفِيَّة: لفظ بلفظ ترجمہ

تَرِحَ ـَـ تَرَحاً: رنجیدہ ہونا

تَتْرِيْح: رنجیدہ کرنا

تَرَحٌ ج: أتْرَاحٌ: رنج، غم

تَرْزِيَ. طَرْزِيَ (ا): درزی، خیاط

تُرْس ج: أتْرَاس: ڈھال

تَرْسَانَة ج: تَرْسَانَات: (۱) میگزین اسلحہ خانہ (۲) جہاز سازی کا کارخانہ

تِرْسَة (ا): سمندری کچھوا

تَارِسٌ: ڈھال والا

تَرَّاسٌ: ڈھال بنانے والا

التَّتْرِيْسُ: انجن کا گیر لگانا

مِتْرَسٌ، مِتْرَاسٌ ج: مَتَارِيْسُ: دشمن سے محفوظ رکھنے والا قلعہ

تَرَسِيْنَة (شُرْفَة، بَلْكُوْن): بالکنی

تَرِعَ ـَـ تَرَعاً: بھر جانا (پانی سے)

إتْرَاع: بھرنا، پاٹنا۔

تُرْعَة ج: تُرَعٌ: (۱) نہر (۲) حوض کا دہانہ

تُرْعَةُ إيْرَاد: آب پاشی کی نہر جو کسی جگہ سے کاٹ کر لائی جائے۔

تُرْعَةُ التَّصْرِيْف: پانی نکالنے کی نہر

تَرِفَ ـَـ تَرَفاً و تَتَرَّفَ: آسودہ حال ہونا، خوشحال ہونا

تَرَف تُرْفَة: آسودہ حالی، خوشحالی

إتْرَاف: آسودہ حال بنانا، خوشحال بنانا

مُتْرَف: خوشحال، آسودہ حال

تَرْقُوَة ج تَرَاقٍ: ہنسلی کی ہڈی

تَرَكَ ـُـ تَرْكاً و تِرْكَاناً و اِتَّرَكَ: (۱) چھوڑنا، (۲) دست بردار ہونا (۳) غفلت برتنا

تَرَكَ إرْثاً: ترکہ چھوڑنا

تَرْكُ الأمْرِ لأحَدٍ: آزاد چھوڑنا

تَرْكُ الأمْرِ للزَّمن: حالات کے رحم وکرم پر چھوڑنا

تَرْكُ حُرِّيَّةِ العَمَلِ لأحَد: کام کی آزادی دینا

تَرْكُ الخِدْمَة: ریٹائرمنٹ

تَرَكَهُ و شَأنَهُ: (۱) آزاد چھوڑنا، دخل نہ دینا، وقت پر ساتھ نہ دینا

تَارَكَهُ مُتَارَكَةً: مصالحت کرنا، صلح کرنا

تَرِکَۃُ الْمُتَوَفّٰی: مالِ وراثت۔
تُرْکِیَا: ٹرکی (ملک)
تَرِیْکَۃٌ: وہ عورت جو اپنے باپ کے گھر چھوڑ دی گئی ہو کوئی اس سے شادی نہ کرتا ہو
مُتَارَکَۃ: مصالحت، صلح
مَتْرُوْکَات: متروکہ سامان
تَرِہَ ـَ تَرَھاً: لغویات میں پڑنا، باطل چیزوں میں الجھنا
تُرَّھَۃٌ: (۱) امر باطل (۲) مصیبت (۳) چھوٹا راستہ ج: تُرَّھَات

ت.....ش

تِشْرِیْنُ الْأَوَّلُ: ماہِ اکتوبر
تِشْرِیْنُ الثَّانِی: ماہ نومبر
تَشِیْکُوْ سَلُوفَاکِیا: چیکوسلواکیہ

ت.....ع

تَعِبَ ـَ تَعَباً: (۱) تھکنا، (۲) محنت کرنا
تَعِبَ مِنْہُ: اکتانا
إِتْعَابٌ: تھکانا، گرانبار کرنا
تَعَبٌ: (۱) تھکان، محنت، (۲) اکتاہٹ (۳) محنت فیس، محنتانہ ج: أَتْعَاب
أَتْعَابُ الْمُحَاسِب: اکاؤنٹنٹ فیس
أَتْعَابُ الْمُحَامِی أَوِ الطَّبِیْب: وکیل یا ڈاکٹر کی فیس
أَتْعَابُ الْمُرَاجَعَۃ: آڈٹ فیس، حسابات کی جانچ کی فیس
تَعِبٌ، تَعْبَانٌ، مُتْعَبٌ: (۱) تھکا ہوا (۲) اُکتایا ہوا
مُتْعِبٌ: پریشان کن، تکلیف دہ
مَتَاعِبُ: مشکلات، پریشانیاں
مَتَاعِبُ اِقْتِصَادِیَّۃ: اقتصادی پریشانیاں
تَعِسَ ـَ تَعَساً: بدبخت ہونا
تَعْسٌ و تَعَاسَۃٌ: شقاوت، بدقسمتی
تَعِسٌ و تَعِیْسٌ: (۱) شقی (۲) بدبخت
تَعْوِیْذ: (دیکھئے "عوذ")

ت.....ف

تُفَّاحٌ: سیب ج: تَفَافِیْحُ
تَفَّفَ تَتْفِیْفاً: تھوتھو کرنا، ج: تُف تُف کہنا
تَفَّفَ الْأَظَافِرَ: ناخنوں کا میل صاف کرنا
تُفٌّ: ناخن کا میل ج: تِفَفَۃ۔
تَفَلَ ـُ تَفْلاً: تھوکنا
مِتْفَلَۃ: اُگالدان ج: مَتَافِلُ
تَفِہَ ـَ تَفَھاً: کم ہونا، بے حقیقت ہونا
تَفِہَ الطَّعَامُ: بے مزہ ہونا
تَفَاھَۃٌ: بے لطفی، پھیکا پن، گھٹیا پن، معمولی پن، ہلکا پن (۲) بے حقیقت ہونا
تَافِہٌ، تَفِہٌ: (۱) بے مزا (۲) حقیر، گھٹیا
أُمُوْرٌ تَافِھَۃٌ: معمولی امور
أُمُوْرٌ تَافِھَۃُ الْقِیْمَۃ: معمولی قسم کے معاملات

ت.....ق

تَقَاوِی: بیج (دا)
تَقَنَ ـُ تَقَانَۃً، و أَتْقَنَ: ماہر ہونا، حاذق وکامل ہونا
إِتْقَان: (۱) مضبوط بنانا، (۲) مہارت، پختگی، (۳) مہارت حاصل کرنا
إِتْقَانُ الْقِیَادَۃ: ڈرائیوری میں ماہر ہونا، مہارت حاصل کرنا

بِاتْقَان: (۱) مہارت کے ساتھ (۲) پختگی کے ساتھ (۳) خوبی کے ساتھ

مُتْقَنٌ: پختہ، بے عیب، کامل و درست

تَقِنٌ، تَقُنٌ، مُتْقِنٌ: (۱) پختہ کار، (۲) ماہر و حاذق، (۳) کسی علم و فن میں اعلیٰ لیاقت رکھنے والا

ت.....ک

تَكْتَكَة: (۱) روندنا (۲) گھڑی کا ٹک ٹک کرنا، کھٹ کھٹ کی آواز

تَكَّ ـُ تَكًّا: روند کر کچل دینا

تِكَّةٌ: ازار بند ج: تِكَكٌ

مِتَكٌّ: ازار بند ڈالنے کی سلائی

تكية: دیکھئے وكأ

ت.....ل

تَلِيد: دیکھئے: ولد

تِلِسْكُوب (مع) مِقْرَابٌ: دوربین

تِلِغْرَاف (مع) ٹیلی گراف، ٹیلی گرام

تِلِغْرَافٌ لاَ سِلْكِيٌّ: بے تار کا برقی آلہ، آلہ پیام رسانی، وائرلیس، ٹیلی گراف

عَامِلُ التِّلِغْرَاف: ٹیلی گراف کارکن، ٹیلیگرافر۔

تَلْغَفَة: (۱) تار دینا، (۲) ٹیلی گرام بھیجنا

تِلْغَفِيٌّ: ٹیلی گرام یا تار سے متعلق

تِلْغَافِيٌّ (عَامِلُ التِّلِغْرَاف): تار بابو

تَلِفَ ـَ تَلَفاً: ہلاک ہونا، برباد ہونا

تَلَفٌ: خرابی، تباہی

تَلَفُ الْمَحَاصِيل الزِّرَاعِيَّة: زرعی پیداوار کی تباہی

إِتْلاَف: ضائع کرنا، برباد کرنا، ضرر پہنچانا

إِتْلاَفُ الدَّفَاتِرِ او السِّجِلاَّت: ریکارڈ ضائع کرنا

تَالِفٌ، مُتْلَفٌ مَتْلُوف: ہلاک شدہ، برباد شدہ

مُتْلِفٌ: مفسد، ضرر رساں، برباد کن، نقصان دہ

تَلْفَزَة: ٹیلی ویژن پر لانا

تَلْفَزَة: (مع) (مُبَاصَرَة) ٹیلی ویژن

تِلْفَاز: (مِبْصَار): ٹیلی ویزر (ٹیلی ویژن)

تِلْفُوْن: (مع) ٹیلی فون ج: تِلْفُوْنَات

عَامِلُ التِّلْفُوْن: ٹیلی فون آپریٹر

تَلْفَنَةٌ: ٹیلی فون کرنا

مُخَابَرَةٌ تِلْفُوْنِيَّة: بذریعہ ٹیلیفون بات چیت، ٹیلی فون کال

تِلْقَاء: دیکھئے: لقی

تِلْكَ: (وہ) اسم اشارہ واحد مونث بعید کے لئے

تَلٌّ ج: تِلاَل: ٹیلہ، چھوٹی پہاڑی

تَلْمَذَة: (۱) شاگرد بنانا (۲) کسی کام کی مشق کرنا (۳) کردار وغیرہ کی آزمائش کرنا (۴) پڑھائی، تعلیم

تِلْمِيذٌ ج: تَلاَمِيذُ: (۱) شاگرد (۲) طالب علم

___ فی مَدْرَسَةٍ عَالِيَة: انڈر گریجویٹ

___ فی مَدْرَسَةٍ حَرْبِيَّة: فوجی اسکول کا طالب علم، ملٹری اسٹوڈنٹ

___ فی التَّمْرِيْن: (۱) مبتدی (۲) ٹریننگ اسٹوڈنٹس

___ دَاخِلِيٌّ: دارالاقامہ میں رہنے والا طالب علم

___ خَارِجِيٌّ: (۱) بورڈنگ سے باہر رہنے والا طالب علم (غیر ملکی طالب علم)

تَلِهَ ـَ تَلَهاً: حیران ہونا
تَالِهٌ ، مُتَلِّهٌ: حیران، حیرت زدہ
تَالِهُ العَقْل: بے عقل، کودن
تَلاهُ ـُ تُلُوّاً: (۱) پیچھے چلنا، تابع ہونا (۲) کسی چیز کے نتیجہ میں کوئی بات پیدا ہونا
تَلاَ ـُ تِلاوَةً: پڑھنا، پڑھ کر سنانا۔
تِلْوٌ: جو چیز کسی دوسری چیز کے پیچھے ہو
مَرَّةً تِلْوَ المَرَّه: بار بار
بالتَّالِی: (۱) لہٰذا، نتیجہ یہ ہوا کہ (۲) نتیجہ کے طور پر

ت.....م

تَمْتَمَة: بڑبڑانا، منہ ہی منہ میں بولنا
تَمَرْجِيٌّ (دا): تیماردار (مُمَرِّض)
تِمْسَاحٌ: ج: تَمَاسِيحُ: مگرمچھ، گھڑیال
تَمْغَة: (دا) خطاب، اعزاز
تَمَّمَ تَتْمِيماً: پورا کرنا، پایہ تکمیل کو پہنچانا
مُتَمِّم: سپلیمنٹری
تَمَّ ـُ تَماماً: پورا ہونا، انجام پانا، کام ختم ہو جانا
تَماماً: كُلِّيَةً: سب کا سب، کلی طور پر ٹھیک، بالکلیہ، یقیناً
تَماماً و بالتَّمام: بالکل، یقیناً، سراسر
تَمِيمَة ج تَمَائِمُ: تعویذ
تَمُّوز (يُولِيُو): ماہِ جولائی

ت.....ن

تَنَحَّى: دیکھئے نحو
تِنْبَل و تَانْبُول: پان
تِنِسٌ (مع) تَنِيسٌ: ٹینس، لان ٹینس
تَنِسُ الرِّيشَة: بیڈمنٹن
تَنِسُ المَائِدَة: ٹیبل ٹینس (پنگ پونگ)
مِضْرَبُ التِّنِس: راکٹ، ٹینس کا بلا
مَلْعَبُ تَنِس: ٹینس کا میدان
تَنَكَةٌ: (غَلاَّيَة) کیتلی، کنستر
تَنَكَة و تَنَكٌ و تِنْكَار: ٹین
تَنَكَجِيٌّ: ٹین ساز
تُنُّورَة: (دا) پیٹی کوٹ
تِنِّينٌ ج: تَنَانِينُ: اژدھا، بڑا سانپ

ت.....ه

تَهِمَ ـَ تَهَماً: بدبو ہونا، تعفن ہو جانا

ت.....و

تَوّاً: (۱) فوراً، اسی وقت (۲) براہِ راست
لِتَوِّهِ: حال ہی میں، ابھی ابھی، جیسے
ذَهَبَ لِتَوِّهِ: وہ ابھی ابھی گیا ہے۔
(توب) تَابَ ـُ تَوْبَةً و مَتَاباً: نادم ہونا، پشیمان ہونا
تَابَ عن مَعْصِيَةٍ: گناہ سے باز آنا
تَابَ عن عَمَلٍ: چھوڑنا، باز آنا
تُوبُوغْرَافِيا: جغرافی مطالعہ
تُوتِيَا: جست
تُوتِيَا . زَرْقَاء: نیلا تھوتھا
تَوَّجَ تَتْوِيجاً: تاج پہنانا، تاج پوشی کرنا
تَتَوَّجَ: تاج پہننا، تخت نشین ہونا
تَاجٌ ج: تِيجَان: تاج، سہرا
تَاجُ العَمُود: عمارتی ستون کا بالائی نمایاں حصہ
تَاجُ القَلَنْسُوَة: ٹوپی کا چندوا
مُسْتَعْمَرَةُ التَّاج: شاہی علاقہ، جو براہِ راست بادشاہ کے کنٹرول میں ہو
تَاجِيُّ الشَّكْل: مخروطی

تُولسْتُوی: ٹالسٹائی (روسی ناول نگار)
(توح) تَاحَ لهُ ـُـ تَوْحاً و تَيْحاً: مہیا ہونا، مقدر ہونا
إتاحه: (۱) مہیا کرنا (۲) مقدر کرنا
إتَاحَةُ الفُرْصَة: موقع دینا
مُتَـاحٌ: (۱) ممکن الحصول (۲) مقدر، حاصل شدہ، میسر
تَوْرَاة: بائبل
تَوْرَاتِيّ: بائبل سے متعلق

ت.....ی

تَيَّارٌ ج: تَيَّارَات: کرنٹ، ہوا کا جھونکا، رخ، ندی کا بہاؤ، دھارا، رو، ریلا، طوفان، حالات کا رخ، لہر، رجحان
تَيَّارٌ كَهْرَبَائِيّ: برقی لہر، بجلی کا کرنٹ
تَيَّارٌ رَجْعِيّ: قدامت پسندانہ رجحان
تَيَّارٌ سِيَاسِيّ: سیاسی دھارا
تَيَّارُ الفِكْر: ذہنی یا فکری رجحان
تَيَّارَاتٌ إقْلِيمِيَّة: علاقائی رجحانات
تَيَّارَاتٌ ثَوْرِيَّة: انقلابی رجحانات
تَيَّارَاتٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی رجحانات
تَيَّارَاتٌ المَسَرَّة: خوشی کی لہریں
تَيَّارَاتٌ مُعَادِيَة: مخالف تحریکات
تَيْفُوْد: (مع) ٹائی فائڈ (میعادی بخار)
تَيْفُوس: (مع) ٹائفس، ایک قسم کا بخار
تَيَّهَ و تَوَّه: گمراہ کرنا، بھٹکانا
تَيَّهَ الفِكْرَ: توجہ ہٹانا، خیال بٹانا
تَاهَ ـَـ تَيْهاً و تِيْهاً: بھٹکنا، حیران و سرگشتہ پھرنا، گمراہ ہونا، ہلاک و برباد ہونا
تَـاهَ الفِكْرُ: ذہن منتشر ہونا، ذہن کا پراگندہ ہونا، خیال بٹنا
مَتَاهَة: گمراہی ج: مَتَاهَات
تَائِهُ الفِكْر: پریشان حال، پراگندہ ذہن۔

ث

ث.....ا

ثَبَ — ثَبَاً و ثَبَاءً ب: جمائی لینا

ثَأَرَ — القتیل وبه ثَأْراً و أَثَاراً منه: مقتول کے خون کا بدلہ لینا، انتقام لینا۔

ثَائِرٌ: (۱) انتقام لینے والا (۲) باغی (۳) خون کا پیاسا (۴) انقلابی (۵) مشتعل

ج: ثُوَّار

الثَّائِرُ علی شیٔ: کسی چیز کا باغی، مخالف

ثَأْرِيٌّ: انتقامی

عَاطِفَةٌ ثَأْرِيَّة: انتقامی جذبہ

ثَالِيُوم: (مع) تھلیم، ایک کمیاب سفید نرم فلزی عنصر

ثَابَ: دیکھئے ثوب

ث.....ب

ثَبُتَ — ثَبَاتَةً و ثُبُوتَةً: بہادر ہونا، صاحب عزم ہونا

ثَبَتَ — ثَبَاتاً و ثُبُوتاً: (۱) ثابت قدم ہونا (۲) قائم رہنا (۳) ثابت و ظاہر ہونا

ثَبَتَ علی: کسی چیز کے مقابلہ پر ڈٹنا، مقابلہ کرنا (۲) پابندی کرنا، قائم رہنا

ثَبَّتَ الشَّرِيطَ علی کذا تَثْبِيتاً: ٹیپ لگانا، کیسٹ لگانا

تَثْبِيت: جمانا، ثابت قدم بنانا، دلائل سے ثابت کرنا، مضبوط بنانا، فٹ کرنا، اطمینان دلانا، فکس کرنا، پختہ کرنا

تَثْبِيتُ الأَسْعَار: قیمتوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا

تَثْبِيتُ الحَقّ: حق ثابت کرنا

تَثْبِيتُ شیٔ بالإِسْمَنْت: سمنٹ سے جوڑنا

تَثْبِيتُ المَسِيرَة الأَمْنِيَّة: امن مشن کو مضبوط کرنا

تَثْبِيت و إِثْبَات: توثیق کرنا، تائید کرنا، کسی کے خلاف جرم ثابت کرنا، برقرار رکھنا، عارضی ملازم کو مستقل کرنا، استقلال، منظوری، اندراج، دلیل، ثبوت، تسلیم کرنا، نوٹ کرنا

إِثْبَاتُ البَيَانَات: خانے پر کرنا، تفصیلات درج کرنا

إِثْبَاتُ الذَّاتِيَّة او الشَّخْصِيَّة: شناخت کرانا، شخصیت منوانا، حیثیت عرفی بتانا

الإِثْبَاتُ فی دَفْتَرِ اليَوْمِيَّة: روزنامچہ میں

درج کرنا
إثْبَاتَاتٌ لَازِمَة: ضروری ثبوت
تَثَبُّتٌ: جام ہونا، جم جانا
اَلتَّثَبُّتُ بالمُوقِفِ: پالیسی پر قائم رہنا
تَثَبَّتَ من كذا: وثوق حاصل کرنا، حقیقت معلوم کرنا، پہچاننا
تَثَبَّت فی کذا: احتیاط برتنا، غور وفکر سے کام لینا
ثَبَتٌ: حجت، برہان، ثبوت
ثَبَات: (۱) استقلال، صبر (۲) پختگی، دوام
ثَبَاتُ الأسْعَار: نرخوں کا ٹھہراؤ
ثَبَتٌ: لسٹ، فہرست
ثَابِتٌ: (۱) غیر منقول یا غیر متحرک (۲) جامد (۳) تسلیم شدہ (۴) واضح و ظاہر (۵) قائم، باقی، مستقل مزاج
ثَابِت: قائم، ناقابل منتقلی، ہارڈ، اٹل، پائدار، مستقل، مقررہ، منجمد، فکسڈ
ثَابِتُ الجَاش: حوصلہ مند، بیباک
ثَابِتُ العَزْم: پختہ عزم انسان، ارادہ کا پکا
لَوْنٌ ثَابِتٌ: پختہ رنگ، نہ زائل ہونے والا
أمْلَاكٌ ثَابِتَة: غیر منقولہ جائداد
القِيمَةُ الثَّابِتَةُ: ٹھہری ہوئی قیمت
بِمَثَابَةِ كذا: بمنزلہ اس کے
شَاهِدُ إثْبَاتٍ: گواہ عینی، عینی گواہ
ثَبَجَ ـُـ ثَبْجًا و ثُبُوجًا الخَطَّ: بدخط لکھنا، گھسیٹواں لکھنا
ثَبَجٌ: غیر واضح تحریر
خَطٌّ ثَبَجٌ و مُثَبَّجٌ: گھسیٹواں تحریر، غیر واضح تحریر

ثَبَرَهُ ـُ ثَبْراً و ثُبُوراً: (۱) لعنت کرنا، دھتکارنا، ہلاک کرنا، (۳) ناکام ونامراد بنانا
ثَابَرَ علی، مُثَابَرَةً: پابندی کرنا، قائم رہنا، مداومت کرنا
ثُبُورٌ: ہلاکت، بربادی
ثَبَطَ ـُ ثَبْطاً و ثَبَّطَه عن الأمْر: باز رکھنا، روکنا، ہٹانا
ثَبَطَ العَزْمَ: حوصلہ پست کرنا
مُثَبِّطُ العَزْم: حوصلہ شکن، ہمت شکن
مُثَبَّطُ العَزْم: پست ہمت
تَثَبَّطَ عن كذا: رکنا، توقف کرنا، باز آنا
ثِبْنَة: گودبھر
ثِبَانٌ ج: ثُبُنٌ: (کپڑے کا) دامن
مَثْبَنَة ج: مَثَابِنُ: عورتوں کا سنگاری تھیلا، سنگار بٹوا، وینٹی بیگ

ث.....خ

ثَخُنَ ـُـ ثِخَنًا و ثُخُونَةً و ثَخَانَةً: (۱) سخت ہونا، (۲) موٹا ہونا
أثْخَنَ فی الأمْرِ إثْخَانًا: مبالغہ کرنا
أثْخَنَ فِی الأرْضِ: خونریزی کرنا، کشتوں کے پشتے لگا دینا۔
أثْخَنَتْهُ الجِرَاحُ: زخموں نے اسے نیم جاں کر دیا

ث.....ر

ثَرَبَهُ ـِ ثَرْباً و ثَرَّبَه تَثْرِيباً: ملامت کرنا، فعل کی مذمت کرنا
ثَرْبٌ ج: ثُرُوب و أثْرُب: باریک جھلی جو آنتوں پر چڑھی ہوتی ہے
ثَرْثَرَة: فضول بولنا، بکواس کرنا
ثَرْثَارٌ: جھکی، بہت بولنے والا

ثِرْمُوْمِتر: (مع) تھرمامیٹر
ثَرْوَة، ثَرَاءٌ: دولت، دولتمندی، مالداری
ثَرَاءٌ غَيْرُ مَشْرُوْع: ناجائز دولت
الثَّرْوَةُ المَعْدِنِيَّة: معدنی دولت، معدنیاتی ذخائر
الثَّرْوَةُ السَّمَكِيَّة: مچھلیوں کا ذخیرہ، مچھلیوں کی دولت
ثَرِيَ الرَّجُلُ ثَرَاءً (س، ن) و اَثْرَى إِثْرَاءً: مالدار ہونا، دولتمند ہونا، متموّل ہونا
إِثْرَاءُ شيء: مالا مال کرنا
ثَرِيٌّ (ج) أَثْرِيَاءُ و مُثْرٍ و ثُرْوَان: دولتمند، مالدار، متموّل
ثُرَيَّا ج: ثُرَيَّاتٌ: (۱) جھاڑ (۲) سات ستاروں کے مجموعہ کا نام
ثَرِيَ التُّرَابُ ـَ ثَرًى: (۱) تر ہونا، (۲) نرم وملائم ہونا، (۳) نمناک ہونا
ثَرًى ج: أَثْرَاء: (۱) نمناک مٹی (۲) خیر

ث.....ع

ثَعَبَ المَاءَ ـَ ثَعْباً: پانی بہانا
مَثْعَبٌ ج: مَثَاعِبُ: (۱) نالی، پرنالہ، (۲) خم دار نلی
ثَعَبَ عَلَيْهِمُ الغَارَةَ ـَ ثَعْباً: حملہ کرنا
ثُعْبَانٌ ج: ثَعَابِيْنُ: سانپ

ث.....غ

ثَغَرَ ـَ ثَغْراً: منہ کھولنا، شگاف ڈالنا
ثَغْرُ الإِنَاء: سوراخ یا شگاف کرنا (۲) توڑنا
ثَغْرُ الثُّلْمَة: سوراخ یا شگاف بند کرنا
ثَغْرُ السِّنّ: دانت نکالنا
أَثْغَرَ الغُلَامُ: دانت نکل آنا
ثُغُوْر: حدود، سرحدیں
ثَغْرٌ ج: ثُغُوْر: (۱) منہ، (۲) اگلے دانت (۳) بندرگاہ (۴) پہاڑ یا وادی کا منفذ، رشتہ وہ جگہ جہاں سے دشمن کے حملہ آور ہونے کا خطرہ ہو (۵) دراڑ، شگاف، سرحد
ثُغْرَة ج: ثُغَر: سوراخ، شگاف، آسان راستہ
ثَغَتِ الشَّاةُ أو الخَرُوْفُ ـُ ثُغَاءً: ممیانا، بکری یا مینڈھے کا آواز نکالنا

ث.....ف

ثُفْلٌ، ثَافِلٌ: تلچھٹ، نیچے بیٹھی ہوئی گاد

ث.....ق

ثَقَبَ ـُ ثَقْباً: سوراخ کرنا، چھیدنا، برمانا، پنچ کرنا
اِنْثِقَاب وَتَثَقُّب: سوراخ ہونا، آر پار ہونا۔
ثَقْبٌ و ثُقْبَة ج: أَثْقُب و ثُقُوْبٌ: چھید، آر پار سوراخ، پنکچر
ثَقْبُ البِطَاقَة: کارڈ کو پنچ کرنا، سوراخ کرنا
ثِقَابٌ، ثُقُوْبٌ: دیا سلائی
ثَاقِبٌ: تہ کو پہنچا ہوا، کنہ کو پہنچا ہوا، نافذ، آر پار
ثَاقِبُ الفِكْر: بیدار مغز، ذہن رسا رکھنے والا
رَأْيٌ ثَاقِبٌ: عمدہ رائے
مِثْقَبٌ: سوراخ کرنے کا آلہ، برما
ثَقِفَ ـَ ثَقُفَ ـُ ثَقْفاً و ثَقَافَةً: دانشمند ہونا، زیرک ہونا
تَثْقِيْف: (۱) ذہنی تربیت دینا (۲) تعلیم یافتہ بنانا، مہذب بنانا (۳) کجی دور کرنا
مُثَاقَفَة: پٹا کھیلنا، تیغ بازی کرنا
ثَقَافَة، تَثْقِيْف: تہذیب، کلچر، تعلیم
ثَقَافَةٌ عُمَّالِيَّة: لیبر ایجوکیشن

ثَقَافَةُ الغَرْب: مغربی تہذیب
ثَقَافَةٌ فَنِيَّة: فنی تعلیم
ثَقَافَةٌ عَالِيَة: اعلیٰ تعلیم، اعلیٰ تہذیب
ثَقَافِيٌّ: ثقافتی، تعلیمی، کلچرل
مُلْحَقٌ ثَقَافِيّ: کلچرل اتاچی جو سفارت خانہ میں ثقافتی امور کا نگراں ہوتا ہے
مُثَقَّف: تعلیم یافتہ، تہذیب یافتہ
طَبَقَةٌ مُثَقَّفَة: تعلیم یافتہ طبقہ
المُثَقَّفُوْن: تعلیم یافتہ، تہذیب یافتہ، ایڈوانس لوگ
ثَقُلَ ـُ ثِقَلاً و ثَقَالَةً: وزنی ہونا، بھاری ہونا، بوجھل ہونا
ثَقُلَ السَّمْعُ: ثقل سماعت پیدا ہونا، قوت سامعہ میں نقصان آنا
أَثْقَلَ الشَّيْءُ إِثْقَالاً: لوڈ پڑنا
تَثْقِيْل: بھاری بنانا، بوجھل بنانا
تثقيل علىٰ: مشقت میں ڈالنا، زیر بار کرنا، لادنا، تھکانا
تَثْقِيْل و تَثَاقُل على: پریشان کرنا، دق کرنا
تَثَاقُل: (۱) بھاری ہونا، زیر بار ہونا (۲) سست ہونا
ثِقْلٌ: بھاری پن، ضد خِفَّة
ثِقَلٌ ج: أَثْقَال: (۱) وزن، بوجھ، لوڈ (۲) زحمت، تکلیف
الثِّقَلُ النَّوعِيُّ: (سائنس میں) کثافت، کثافت نوعی
مِيْزَانُ الثِّقَلِ النَّوعِيّ: کثافتِ نوعی کا پیمانہ
أَثْقَالُ الأَرْض: زمین کے مخفی ذخیرے
ثَقْلَة و ثَقْلَةٌ: (۱) تعب (۲) مشقت
ثَقِيْلٌ ج: ثُقَلاء و ثِقَال: (۱) وزنی، بھاری، ہیوی، ضد خفیف (۲) پریشان کن
ثَقِيْلُ الحَمْل: وزن دار، تکلیف دہ
ثَقِيْلُ السَّمْع: اونچا سننے والا، کم سننے والا
ثَقِيْلُ الفَهْم: غبی، کند ذہن، کم فہم
ثَقِيْلُ الهَضْم: دیر ہضم
بِثِقَل: مشقت کے ساتھ، محنت کے ساتھ
مُثَقَّل: (۱) زیر بار، (۲) لدا ہوا، تھکا ہوا
مِثْقَال ج: مَثَاقِيْل: (۱) وزن کا پیمانہ، وزن کرنے کا باٹ (۲) تقریباً ڈیڑھ درہم کے برابر
المِثْقَلَة (تُوْضَعُ عَلَى الأَوْرَاق لِمَنْعِهَا من التَطَايُر): پیپر ویٹ۔

ث.....ک

ثُكْنَةٌ ج: ثُكَنٌ و ثُكْنَات: فوجی بارک، پولیس کا مرکز، چھاؤنی۔

ث.....ل

ثَلَبَ ـِ ثَلْباً: (۱) عیب لگانا، ملامت کرنا، گالی دینا، سب وشتم کرنا۔
مَثْلَبَة ج: مَثَالِبُ: عیب، برائی۔
ثَلَّثَ الشَّيْءَ تَثْلِيْثًا: سہ گنا بنانا۔
ثَلَّثَ المَسَاحَةَ: مثلثوں کی شکل میں تقسیم کرنا۔
ثُلَاثَاءُ، يَوْمُ الثُّلَاثَاء: منگل، سہ شنبہ۔
ثُلَاثِيٌّ: (تین سے مرکب) سہ نفری، سہ اجزائی، سہ رکنی۔
ثُلَاثِيُّ الحُرُوْف: سہ حرفی۔

___ الأَرْجُل: تین پاؤں کا، سہ پایہ۔
___ الأَضْلاع: سہ پہلو۔
___ الأَلْوان: سہ رنگا۔
___ الأَلْسُن: سہ لسانی۔
تَثْلِيث: (۱) عقیدۂ تثلیث (۲) سہ کونہ بنانا، سہ رکنی بنانا۔
مُثَلَّث: تین ضلعوں والی شکل، سہ کونہ۔
مَثْلُوث: تین سے بنا ہوا۔
ثَلَجَتِ السَّمَاءُ ـُ ثَلْجاً و أَثْلَجَتْ: آسمان سے برف گرنا۔
ثَلَجَتِ النَّفْسُ بِشَيْءٍ: دل ٹھنڈا ہونا، مطمئن ہونا، خوش ہونا۔
تَثْلِيج: (۱) ٹھنڈا کرنا (۲) برف بنانا، برف سے جمانا۔
أَثْلَجَ صَدْرَه: دل ٹھنڈا کرنا۔
ثَلْج: برف، آئس ج: ثُلُوج۔
ثَلْجٌ رَخْوٌ: شدتِ سردی سے گری ہوئی برف جو زمین کو ڈھانک لیتی ہے، آسمانی برف۔
ثَلْجٌ جَامِدٌ: جمی ہوئی برف جو مشین وغیرہ کے ذریعہ بنائی گئی ہو۔
ثَلْجِيٌّ: برفانی، برف سا، برف کا۔
العَصْرُ الثَّلْجِيُّ او الجَلِيْدِيُّ: برفانی دور۔
ثَلِجَ، مَثْلُوج، مُثَلَّج: ٹھنڈا کیا ہوا، برف ملایا ہوا۔
ثَلَّاج: برف فروش۔
ثَلَّاجَة ـات: آئس بکس، برف رکھنے کا صندوق، کولر۔
مَثْلَجَة ج: مَثَالِج: ریفری جریٹر، ٹھنڈا کرنے کی مشین۔
ثَلَّ عَرْشَهُمْ ـُ ثَلّاً: سلطنت کا تختہ الٹ دینا۔
ثُلَّ عَرْشُهُمْ: عزت جاتی رہی، سلطنت زائل ہوگئی۔
ثِلَّة ج: ثِلَل: ہلاکت، ویرانی، بربادی۔
ثُلَّة ج: ثُلَل: جماعت، گروہ، جتھا۔
ثَلَمَ الحَائِطَ ـِ ثَلْماً و ثَلَّم تَثْلِيماً: رخنہ ڈالنا، شگاف ڈالنا، کند کرنا۔
ثَلَمَ الصِّيتَ او السُّمْعَةَ: شہرت کو داغ دار بنانا، بدنام کرنا۔
ثَلِمَ ـَ ثَلَماً، تَثَلَّم و انْثَلَم: (۱) کند ہونا (۲) بے حس ہونا۔
ثَلْم و ثُلْمَة ج: ثُلَم: رخنہ، شگاف، خلل۔
ثَالِم: بے حس، کند۔
مُنْثَلِمُ الصِّيتِ: بدنام، بے عزت۔

ث.....م

ثَمَّرَ مَالَهُ تَثْمِيراً: اضافہ کرنا، بڑھانا۔
اِسْتَثْمَرَ الشَّيْءَ اِسْتِثْمَاراً: نفع اٹھانا، بارآور بنانا، نتیجہ نکالنا، کسی کام میں رقم لگا کر اسے بڑھانا۔
الإِسْتِثْمَارُ: سرمایہ کاری۔
المُسْتَثْمِرُوْنَ: سرمایہ کار۔
إِسْتِثْمَارَات: منافع، فائدے۔
ثَمَر ج: ثِمَار: پھل، پیداوار، نتیجہ، نفع، حاصل (۲) فروٹ۔
ثَمَرُ القَلْبِ: محبت، مودّت۔
بَلَا ثَمَر: بے نتیجہ، غیر مفید، بے فائدہ۔
مُثْمِر: نفع بخش، بارآور، مفید، نتیجہ خیز۔
ثَمِلَ ـَ ثَمَلاً: نشہ میں ہونا، مست ہونا، مدہوش

ہونا۔
إثْمَال: مدہوش بنانا، نشہ چڑھانا۔
ثَمَلٌ: مدہوشی، نشہ، مستی۔
ثَمِلٌ: مدہوش، مست، نشہ والا۔
ثُمَالَة: گاد، تلچھٹ، جھاگ۔
ثَمَّ، ثَمَّة: وہاں۔
مِنْ ثَمَّ: اسی وجہ سے۔
ثُمَّ: پھر، تب، اس کے بعد۔
ثَمَّنَ الشَّيْءَ تَثْمِيناً: قیمت لگانا (۲) قیمت کا اندازہ کرنا (۳) قدر کرنا۔
تَثْمِين: قدر کی نگاہ سے دیکھنا، سراہنا، خراج تحسین (۲) اسٹیمیٹ (۳) قیمت لگانا۔
تَثْمِينُ الضَّرِيبَة: ٹیکس کی مقدار متعین کرنا۔
لا يُثَمَّنُ: گراں قیمت، غیر قیمتی، بے قیمت۔
ثَمَنٌ ج: أَثْمَانٌ: قیمت، بھاؤ، ریٹ۔
ثَمَنٌ أَسَاسِيّ أو أَصْلِيّ: اصلی ریٹ، بنیادی قیمت۔
ثَمَنٌ شَامِل: عمومی قیمت۔
ثَمَنٌ باهِظ: حد سے زیادہ قیمت۔
أَثْمَانُ التَّجْزِئَة: ریٹیل قیمت، خُردہ قیمت۔
ثَامِنٌ م: ثَامِنَة: آٹھواں۔
الثَّامِنُ عَشَرَ: اٹھارواں۔
الثَّامِنَةُ عَشَرَ: اٹھارویں۔
مُثَمَّن: آٹھ اٹھ، ہشت پہلو دار۔
مُثَمَّن الأَرْكَان: ہشت پہلو والا۔
مُثَمِّنٌ رَسْمِيٌّ: سرکاری قیمت لگانا والا۔

ث.....ن

ثَنَى ـَ ثَنْياً: (۱) لپیٹنا، طے کرنا (۲) موڑنا۔
ثَنَى و أَثْنَى (أَحَداً) عن كَذَا: ہٹانا، روکنا، باز رکھنا۔
أَثْنَى عَلَيْه إِثْنَاءً: (۱) تعریف کرنا (۲) سراہنا، خراج تحسین ادا کرنا، اداد ینا۔
ثَنَّى تَثْنِيَةً: ڈبل کرنا، دوگنا کرنا۔
ثَنَّى العَمَلَ: اعادہ کرنا، لوٹانا۔
ثَنَى الثَّوبَ: (۱) زور ڈال کر نچوڑنا (۲) چُنّٹ ڈالنا، شکن ڈالنا۔
ثَنَّى على اسْتِدْعَاءٍ: تائید کرنا، مدد کرنا۔
إِنْثِنَاء: مڑ جانا عن: باز رہنا، رکنا، ہٹ جانا۔
إِسْتِثْنَاء: (۱) عام قاعدہ سے علیحدہ کرنا، کسی کے حکم سے الگ کر دینا (۲) پاک کرنا، بری کرنا۔
الإِسْتِثْنَاءُ عن الضَّرِيبَة: ٹیکس معاف کرنا۔
ثِنِيّ، ثَنِيَّة ج: أَثْنَاءٌ: تہ، پیچ، شکن۔
فِي أَثْنَاءِ العَمَل: اون ڈیوٹی، دوران ڈیوٹی۔
ثَنِيَّة ج: ثَنَايَا: اوپر کے اگلے اور پچھلے دو دانت۔
ثَنَاءٌ: تعریف، مدح، شکریہ۔
ثَنَائِيٌّ: مدحیہ، تعریفی۔
ثُنَائِيٌّ: ڈبل، دوہرا، دورکنی، دونفری۔
ثُنَائِيُّ العُيُون: دوچشمی۔
العَقِيدَةُ الثُّنَائِيَّة: (عَقِيدَةُ الإِلٰهَيْنِ) خیر وشر کی دو مستقل قوتوں کا قائل ہونا۔
المُرَاقَبَةُ الثُّنَائِيَّة: ڈبل نگرانی۔

ثَنَوِیَّة: دوئی، دوخداؤں کو ماننا۔
ثَانَوِیٌّ: دوسرے درجہ کا، سکنڈری۔
الثَّانَوِیُّ العَالِی: ہائر سکنڈری۔
الثَّانِی: سیکنڈ، دوسرا، دوم۔
ثَانِیَة ج: ثُوَان: سیکنڈ۔
مَدْرَسَة ثَانَوِیَّة: سکنڈری اسکول، ہائی اسکول۔
ثَانِیاً، ثَانِیَةً: (۱) دوسرا، دوم، اس کے علاوہ (۲) نیز، اس کے ساتھ ساتھ (۳) دوسرے یہ کہ، دوسری دفعہ۔
الدَّرَجَةُ الثَّانِیَة: سیکنڈ کلاس۔
إِثْنَان: دو۔
یَوْمُ الاِثْنَیْن: پیر، دوشنبہ۔
إِسْتِثْنَائِیّ: خصوصی، غیر معمولی۔
حَالَةٌ إِسْتِثْنَائِیَّة: ہنگامی حالت، مخصوص حالت۔
إِسْتِثْنَائِیاً: خصوصی طور پر، خاص طریقہ پر، پرائیویٹ طور پر۔
مُثَنّی: ڈپلی کیٹ۔
مَثْنِیٌّ: طے کیا ہوا، لپٹا ہوا۔

ث و

ثَابَ ـُ ثَوْباً، و ثُؤُوباً، ثَوَباناً: لوٹنا، واپس ہونا۔
ثَابَ إِلَیْهِ رُشْدُهُ: ہوش آنا۔
ثَابَ المَرِیضُ: صحت یاب ہونا، اچھا ہونا۔
ثَابَ المَاءُ: حوض وغیرہ میں پانی جمع ہونا۔
ثَوْبٌ ج: أَثْوَابٌ و ثِیَابٌ: (۱) کپڑا (۲) چادر (۳) خارجی مظہر، ظاہری لباس۔
ثِیَابٌ جَاهِزَة: تیار شدہ کپڑے، سلے ہوئے کپڑے، ریڈی میڈ کپڑے۔
ثَوْبٌ حَرِیرِیّ: سلک۔
ثَوْبٌ دَاخِلِیٌّ أو تَحْتِیٌّ: انڈرویر۔
ثَوْبُ السَّهْرَةِ: ایوننگ ڈریس۔
ثَوْبُ الحِدَاد: ماتمی لباس۔
ثَوْبٌ نِسَائِیّ: فراک۔
ثَوَابٌ، مَثُوبَة: جزاء، بدلہ، جزائے خیر۔
مَثَابٌ، مَثَابَة: مقام اجتماع۔
بِمَثَابَةِ كذا: بمنزلہ اس کے۔
(أَنْتَ بِمَثَابَةِ أَخٍ) تم بمنزلہ برادر ہو۔
ثَوْرٌ ج: ثِیرَان: بیل۔
ثَوْرَةٌ: (۱) گائے (۲) ہیجان، جوش، بغاوت، انقلاب ج: ثَوْرَاتٌ۔
ثَوْرَةُ التَّصْحِیح: اصلاحی انقلاب۔
ثَوْرَةٌ ثَقَافِیَّةٌ: ثقافتی انقلاب۔
ثَوْرَةٌ لَمْ تُرَقْ فِیهَا الدِّمَاءُ: پرامن انقلاب، بغیر خوں ریزی کے انقلاب۔
ثَوْرَةٌ لَمْ تَنْجَحْ: ناکام بغاوت، ناکام انقلاب۔
ثَوْرَةٌ مُجْهَضَةٌ: ناکام یا ناتمام بغاوت۔
ثَوْرَةٌ مُسَلَّحَةٌ: مسلح انقلاب۔
الثَّوْرَةُ المُضَادَّةُ: مخالف یا برعکس انقلاب۔
ثَوَرَانٌ: اشتعال۔
ثَارَ ـُ ثَوْراً و ثَوَراناً و ثَوْرَةً: (۱) مشتعل ہونا، چراغ پا ہونا (۲) باغی ہونا۔
ثَارَ الشَّعْبُ: عوام میں ناراضگی پھیلنا۔
ثَارَ الغُبَارُ: گرد اڑنا۔
ثَارَ البُرْكَانُ: کوہ آتش فشاں کا پھٹ پڑنا۔
ثَارَ الخِلَافُ ـُ ثَوْرَةً: اختلاف پیدا ہو جانا۔
ثَارَ غَضَباً: آپے سے باہر ہونا، آگ بگولا

ہونا۔
ثَارَ ثَائِرَهُ: آگ بگولا ہونا، مشتعل ہونا، غضب ناک ہونا، بھڑک اٹھنا۔
ثَارَتْ نَارُ الحَمَاسَة فی کذا: آتشِ جوش بھڑکنا، جوش آنا۔
ثَارَتْ نَفْسُه: اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔
ثَوْرِیّ، ثَائِرٌ ج: ثُوَّارٌ: (۱) باغی (۲) انقلابی (۳) شورس پسند، انقلاب سے متعلق۔
حُکُوْمَةٌ ثَوْرِیَّة: انقلابی حکومت۔
ثَائِر ج: ثُوَّار: (۱) سرکش (۲) مشتعل (۳) غضبناک۔
ثَائِرَة ج: ثَوَائِرُ: شور، ہنگامہ، چیخ وپکار۔
إِثَارَة: (۱) جوش دلانا، مشتعل کرنا، اشتعال پیدا کرنا، اکسانا، بھڑکانا (۲) کسی چیز کا سبب بننا۔
إِثَارَةُ الأَزْمَة: بحران پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ الإِضْطِرَابَات: ہنگامے برپا کرنا۔
إِثَارَةُ الثَّوْرَة: ہیجان پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ الدَّهْشَة: تعجب خیز بنانا۔
إِثَارَةُ الرُّعْب فی النُّفُوس: دہشت پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ السُّخْط: نفرت پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ الشُّبَهَات: شکوک پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ الفَوْضٰی: انارکی پھیلانا، لاقانونیت پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ القَضَایَا: مسائل پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ القَلَق: تشویش پیدا کرنا۔
إِثَارَةُ المَسْئَلَة لِلْمُنَاقَشَة: بحث کے لئے مسئلہ اٹھانا۔
إِثَارَةُ النُّقْطَة: نکتہ پیدا کرنا، شوشہ چھوڑنا۔
إِثَارَةُ الوَعْی: شعور پیدا کرنا۔
مُثِیر: ہیجان انگیز، سنسنی خیز، مسئلہ اٹھانے والا، محرک، سبب۔
مُثِیرُ الفِتَن: شر انگیز، فتنہ انگیز، فسادی، فساد انگیز۔
مُثِیرُ الإِضْطِرَاب: فساد انگیز۔
مُثِیرُ الذُّعْر: دہشت انگیز، ہولچی جو ذرا ذرا سی بات پر شور مچائے۔
مُثِیرُ الفِتْنَة: فتنہ انگیز، شرارت انگیز۔
مُثِیرٌ لِلْإِنْتِبَاه: قابل توجہ۔
مُثِیرُ الإِنْزِعَاج: ہولچی جو ذرا ذرا سی بات پر شور مچائے۔
المُثِیرُ لِلْإِنْشِقَاق: افتراق انگیز۔
مُثِیرُ الدَّهْشَة: تعجب انگیز۔
مثیر لِلسُّخْر: مضحکہ خیز
مُثِیرٌ لِلْفِتَن: فتنہ انگیز۔
مُثِیرٌ لِلْقَلَاقِل: فساد انگیز، پریشان کن۔
مَثَارُ تَعْلِیْقَات: تبصروں کا سبب
مَثَارُ قَلَق: باعث تشویش۔
اِنْثِیَالُ المَعَانِی: مضامین کی آمد۔
ثَوَی المکانَ ـِـ ثَوَاءً و أَثْوٰی فیه و به: قیام کرنا، مقیم ہونا (۲) مرنا، موت آنا (۳) دفن کرنا، درگور کرنا۔
أَثْوٰی صَاحِبَهُ إِثْوَاءً: ضیافت کرنا، ٹھیرانا، مقیم بنانا۔
أَثْوٰی فیه و به: قیام کرنا، مقیم ہونا، مرنا، موت آنا، دفن کرنا، درگور کرنا۔
ثُوَّة ج: ثُوًی: وہ پتھر جو بطور علامت راستہ میں

نصب کیا جاتا ہے۔
المَثْوٰی ج: مَثَاوٍ: قیام گاہ، منزل، ٹھکانہ، ہاسٹل، بورڈنگ ہاؤس۔
المَثْوَی الأَخِیْرُ: قبر۔

ج

ج.....أ

جَأجَأَةٌ: اونٹ کو جئ جئ کہہ کر پکارنا، بلانا۔
تَجَأجَأَ عن: رُکنا، باز رہنا۔
جُؤجُؤُ السَّفِینَة ج: جَآجِئُ: کشتی پیش، جہاز یا کشتی کا اگلا حصہ۔
جَأَرَ ـــ جَأرًا و جُؤَاراً: گڑگڑانا، تضرع کرنا۔
جَأرَ الی: دستِ دعا بلند کرنا۔
جَأرَ الی: دست دعا بلند کرنا۔
جَأرَ الثَّوْرُ: ڈکارنا۔
جَأرَ: گرجنا، گرجدار آواز نکالنا۔
جَأشَ ـ جَأشاً: مضطرب ہونا۔
جَأشٌ ج: جُؤُوْش: (۱) دل (۲) سینہ۔
رَابِط الجَأش: بہادر، نڈر، بے خوف۔
جَالُوْت: دیو۔
جَالُوْن: گیلن، ارطل (مع)۔
جَالِیَة: (دیکھیے: جلو) جَام (دیکھیے: جوم)۔
جَامُوْس: (دیکھیے: جمس) جَاہ (دیکھیے: جوہ)۔
جَاوِیْشٌ: سارجنٹ، ایک فوجی عہدہ۔

ج.....ب

جَبَّ ـُ جَبّاً: کاٹنا، غالب ہونا۔
جُبٌّ ج: أجْبَابٌ، جِبَابٌ، جِبَبَةٌ: (۱) گڑھا (۲) گہرا کنواں۔
جَبَخَانَة، جَبْخَان: میگزین، اسلحہ خانہ۔
جَبَذَ ـِ جَبْذاً، و اجْتَبَذَ: کھینچنا۔
جَبَرَ العَظْمَ ـُ جَبْرًا و جُبُوْراً و جَبَّرَ تَجْبِیْراً: جوڑنا، ہڈی درست کرنا۔
___ المَکْسُوْرَ: ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا۔
___ الخاطِرَ: دلجمعی کرنا، راضی کرنا، خوش کرنا۔
___ القَلْبَ: غم خواری کرنا، تسلی دینا، دلاسا دینا۔
___ علیه، و أجْبَرَ: مجبور کرنا، جبر کرنا۔
إجْبَار: مجبور کرنا، لازم کرنا۔
الإجْبَارُ عَلَی الإسْتِسْلَام: گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرنا۔
إجْبَارِیّ: لازمی، کمپل سری، جبری۔
إدِّخَارٌ إجْبَارِیٌّ: جبری بچت۔
جَبْرٌ: (۱) علم ریاضی کی ایک قسم (۲) اللہ کا فیصلہ۔
جَبْراً و بالجَبْر: زبردستی، قہراً، مجبوراً۔
جَبْرِیٌّ: عَلم الجبر اسے متعلق (۲) غیر اختیاری۔

جَبَّارٌ: (۱) سرکش (۲) زبردست، عظیم۔
مَجْهُوْدٌ جَبَّارٌ: زبردست کوشش۔
جَبَّسَ الحَائِطَ تَجْبِيْساً: دیوار وغیرہ پر کھریا پھیرنا، لیپنا، پوتنا۔
جَبَّسَ العُضْوَ: حصۂ جسم پر پلاسٹر چڑھانا۔
جِبْسٌ: کھریا، مصالحہ جس کا پلاسٹر چڑھایا جائے۔
جَبَلَ ـُـ جَبْلاً: (۱) ڈھالنا، صورت بنانا (۲) پیدا کرنا، گوندھنا۔
جَبَلٌ ج: جِبَالٌ: پہاڑ۔
جَبَالُ نَارٍ: کوہِ آتش فشاں۔
جَبَلُ جَلِيْدٍ: برف کی چٹان، برف کا تودہ۔
جَبَلِيٌّ: پہاڑی، پہاڑ کا، وہ جگہ جہاں کثرت سے پہاڑ ہوں۔
جَبْلَةٌ، جِبِلَّةٌ: خلقت، فطرت۔
جَبُنَ ـُـ جُبْناً وَ جَبَانَةً: (۱) بزدل ہونا، کمزور ہونا (۲) کم ہمت ہونا۔
تَجْبِيْنٌ: بزدل بنانا (۲) پنیر بنانا۔
جُبْنٌ، جُبْنَةٌ: پنیر۔
جُبْن و جَبَانَة: بزدلی، ضعفِ ارادہ۔
مَاءُ الجُبْن: چھاچھ۔
جَبِيْنٌ و جَبَانٌ: بزدل، کمزور دل۔
جَبِيْن ج: أَجْبِنَة و أَجْبُنٌ: پیشانی۔
جَبَّان: پنیر فروش۔
جَبَّان و جَبَّانَة ج: جَبَابِيْنُ: قبرستان۔
جَبِيْن: فرنٹ، اگلہ حصہ۔
جَبَهَ ـَـ جَبْهاً: سامنے آنا، پیش آنا، منھ در منھ ہونا۔
مُجَابَهَة: مقابلہ، مقابلہ آرائی، محاذ آرائی۔
جَبْهَةٌ ج: جِبَاهٌ و جَبَهَاتٌ: پیشانی (۲) محاذ۔
جَبْهَةُ الإِسْتِفْتَاء: محاذِ استصواب۔
الجَبْهَةُ الدَّاخِلِيَّة: اندرونی محاذ۔
جَبْهَةُ القِتَال: محاذِ جنگ۔
جَبْهَةُ المُتَشَدِّدِيْنَ: تشدد پسندوں کا محاذ۔
جَبْهَةٌ مُعَارِضَةٌ: مخالف محاذ۔
جَبْهَةٌ مُوَسَّعَة: وسیع تر محاذ۔
الجَبْهَةُ الوَطَنِيَّةُ: نیشنل فرنٹ۔
الجَبْهَوِيُّ: محاذ کا، محاذ سے متعلق۔
جَبَا ـُـ جَبْاً و جَبْواً و جِبَاوَة، جَبَى ـِـ جِبَايَةً: جمع کرنا، وصول کرنا۔
جِبَايَةُ الأَمْوَال و الضَّرَائِب: ٹیکس وصول کرنا، وصولیٔ مال۔
جَابٍ ج: جُبَاة: محصل، وصول کنندہ، کلکٹ۔
جَابِي الضَّرَائِب: ٹیکس افسر۔
مَجْبًى: ٹیکس، خراج۔

ج.....ث

جَثَّ ـُـ جَثّاً و اجْتَثَّ إِجْتِثَاثاً: جڑ سے اکھاڑنا، دور کرنا، ہٹا دینا، مٹا دینا۔
جُثَّةٌ ج جُثَثٌ: (۱) جسم (۲) مردہ جسم، لاش، باڈی۔
جَثَمَ ـُـ جَثْماً و جُثُوْماً: (۱) زمین سے چمٹنا (۲) زمین سے سینہ لگانا۔
جَاثِمٌ فَوْقَ الصَّدْر: سینہ پر سوار۔
جُثَامٌ، جَاثُوْم: کابوس، بھیانک خواب۔
جُثْمَان: جسم، بدن، نعش، جنازہ۔
جُثْمَانُ المَيِّت: لاش، بے روح جسم۔
مَجْثَمُ الطَّائِر: پرندہ کا آشیانہ۔
جَثَا ـُـ جُثُوّاً، جَثَى ـِـ جَثْياً: گھٹنوں کے بل

بیٹھنا، زانو پر بیٹھنا، انگلیوں کے بل کھڑا ہونا (۲) جھکنا۔

جُثُوَة ج: جُثًی: (۱) مٹی کا ڈھیر (۲) قبر۔

ج.....ح

جَحَدَ ـَـ جَحْداً و جُحُوْداً: انکار کرنا، جھٹلانا، تکذیب کرنا، کفر کرنا، ناشکری کرنا۔

جَحَرَ ـَـ جَحْراً، تَجَحَّرَ و انْجَحَرَ: جانور کا اپنے بل میں گھسنا۔

جُحْرٌ ج: أَجْحَارٌ و جِحَرَة و أَجْحِرَةٌ: بل، وہ جگہ جس میں حشرات الارض رہتے ہوں۔

جَحْشٌ ج: جِحَاش: گدھے کا بچہ، بچوں کے کھیلنے کا لکڑی کا گھوڑا۔

جَحَظَتْ عَيْنُه ـُـ جُحُوْظاً: آنکھ ابھرنا، آنکھ کے ڈھیلے کا ابھرنا۔

جَاحِظُ العَيْنَيْن: ابھری ہوئی آنکھوں والا۔

جَحَفَ ـَـ جَحْفاً: (۱) چھیلنا (۲) بہالے جانا۔

جَحَفَ الفَرَسُ بِرِجْلِه: لات مارنا۔

جَحَفَ معه و له: مائل ہونا، جانب دار ہونا۔

إِجْحَاف: بے جا طرفداری، حمایت۔

الإِجْحَافُ بِه: ظلم وستم کرنا، ناقابل برداشت ذمہ داری ڈالنا، حق مارنا۔

أُجْحِفَ بِه: ظلم کیا گیا (۲) ناقابل برداشت بوجھ یا ذمہ داری ڈالی گئی۔

أَجْحَفَ السَّيْلُ به إِجْحَافاً: بہالے جانا۔

جَحْفَلٌ ج: جَحَافِلُ: بڑا لشکر۔

رَجُلٌ جَحْفَلٌ: بلند مرتبہ آدمی۔

جَحَمَ النَّارَ ـَـ جَحْماً: آگ بھڑکانا، جلانا۔

جَحَمَ العَيْنَ: آنکھ کھولنا۔

جَحَمَ عن الأَمْر: باز رکھنا، روکنا۔

جَحَّمَ فُلاناً بعَيْنِه: گھورنا، تیز نظر سے دیکھنا۔

جَحِيْمٌ: دوزخ، آگ۔

ج.....و

جَدَبَ المكانُ ـُـ جَدْباً و جَدُبَ ـُـ جُدُوْبَةً، تَجَدَّبَ: قحط زدہ ہونا، بارش نہ ہونے سے خشک ہو جانا۔

إِجْدَابٌ: قحط زدہ ہونا، سختی وتنگی میں مبتلا ہونا۔

جَدْبٌ: قحط، سختی، خشک سالی۔

جَدِيْبٌ و مُجْدِبٌ: قحط زدہ۔

جَدَثٌ ج: أَجْدَاث: قبر۔

جُدْجُدٌ ج: جَدَاجِدُ: جھینگر، ٹڈی کے مانند ایک سیاہ کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔

جَدْجَد: سخت زمین، سنگ لاخ زمین۔

جَدَّدَ تَجْدِيْداً: کسی چیز کو نیا کرنا، از سر نو کرنا، دوبارہ کرنا، تازہ کرنا۔

___ الشَّبَابَ: جوانی کا اعادہ کرنا۔

___ القَلْبَ: ہدایت دینا، اصلاح کرنا۔

___ القُوَى: نئی توانائی عطا کرنا، قوت بحال کرنا۔

تَجْدِيْد: رینیول، تجدید۔

تَجْدِيْدُ الإِتِّصَال بفُلان: کسی سے دوبارہ تعلق قائم کرنا۔

تَجْدِيْدُ الإِقَامَة: اقامہ کی تجدید کرانا۔

تَجْدِيْدُ صَلَاحِيَّةِ الجَوَاز: پاسپورٹ

کی مدت بڑھوانا، تجدید کرانا۔
تَجْدِیْدُ عَمَلِیَّةِ المُفَاوَضَات: بات چیت کا نیا دور چلانا۔
تَجَدُّد: ماڈرن ہونا۔
تَجَدُّدُ أَعْمَالِ العُنْف فی کذا: تشدد کی کارروائیوں کا مکرر ہونا۔
جَدَّ ـِ جَدّاً: بڑے رتبہ والا ہونا۔
ـــ ـِ جِدَّةً: نیا ہونا، تازہ ہونا۔
ـــ ـُ جَدّاً: کاٹنا۔
ـــ ـُ جِدّاً: کوشش کرنا، محنت کرنا۔
جَدَّ فی الأَمْر: تحقیق وجستجو کرنا۔
جَدٌّ: (۱) قسمت، نصیب (۲) سلف، اکابر (۳) دادا ج: أَجْدَاد۔
جِدٌّ: (۱) محنت، کوشش (۲) سنجیدگی۔
جِدِّیّ: ٹھوس، سنجیدگی۔
الجِدِّیَّةُ فی شیء: سنجیدگی۔
مِن جِدٍّ: سنجیدگی سے، واقعیت کے ساتھ۔
جَدِیْد: نیا، تازہ۔
مِن جَدِیْدٍ: از سرِ نو، دوبارہ، پھر سے۔
جَادٌّ: سنجیدہ، بردبار، واقعیت آمیز۔
جَادَّةُ الطَّرِیْق: (۱) وسط راہ (۲) راہ راست۔
مَجْدُوْد: قسمت والا، خوش نصیب، اقبال مند۔
جَدَرَ ـُ جَدْراً و جُدِرَ و جُدِّرَ تَجْدِیْراً: چیچک نکلنا، چیچک زدہ ہونا۔
جَدَّرَ بہ ـُ جَدْراً: اہل بنانا، لائق بنانا۔
جَدُرَ بہ ـُ جَدَارَةً: لائق ہونا، اہل ہونا۔
جُدَرِیٌّ: چیچک۔
مَجْدُوْر: چیچک زدہ۔
جَدِیْر: باصلاحیت، لائق۔
جَدِیْرٌ بکذا: اہل، لائق، قابل۔
جَدِیْرٌ بالذِّکْر: قابل ذکر۔
جَدَارَة: لیاقت، اہلیت، صلاحیت۔
الجَدَارَةُ الإِدَارِیَّة: انتظامی صلاحیت۔
الجَدَارَةُ الجَوِّیَّة: فضائی صلاحیت۔
مِجْدَار: وہ چیز جو چڑیوں وغیرہ کو بھگانے کے لئے کھیت میں کھڑی کی جائے۔
جِدْرٌ ج: جُدْرَان، جِدَار ج: جُدُر: دیوار۔
جِدَارٌ حَدِیْدِیّ: آہنی دیوار۔
جِدَارٌ دَاخِلِیّ فَاصِل: پارٹیشن۔
جِدَارٌ مَنِیْع: آہنی دیوار۔
جَدَعَ الأَنْفَ ـَ جَدْعاً: ناک کاٹنا۔
أَجْدَع، مَجْدُوْع: مقطوع العضو۔
جَدَفَ الطَّائِرُ ـِ جُدُوْفاً: پرندہ کا (چھوٹے ہونے کے باعث) پر ہلا کر رہ جانا، نہ اڑنا۔
جَدَّفَ السَّفِیْنَةُ تَجْدِیْفاً: چپو سے کشتی چلانا۔
جَدَّفَ (عَلَی اللّٰہِ): کفر کرنا، گستاخانہ بات کہنا۔
مَرْکَبُ التَّجْدِیْف: چپو سے چلائی جانے والی کشتی۔
تَجْدِیْفِیّ: کفر آمیز (۲) چپودار۔
مِجْدَاف ج: مَجَادِیْف: چپو۔
مِجْدَافُ الطَّیْر: پرندہ کا بازو۔
جَدَلٌ: بحث ومباحثہ، لڑائی، جھگڑا، بحث۔

مُجَادَلَة: مباحثہ، بحث۔
مُجَادِلٌ فی المُنَاقَشَة: ماہر بحث۔
مُجَادَلَاتٌ سَفْسَطَائِيَّة: مغالطہ آمیز مباحثے، سوفسطائی مناظرے۔
مُجَادَلَاتٌ عَقِيمَة: بے نتیجہ مباحثے۔
جَدَلَ الحَبْلَ ـُ جَدْلاً: رسی بٹنا۔
جَدَلَ و جَدَّلَ الشَّعْرَ: بال گھوندھنا۔
يَقْبَلُ الجَدَلَ: قابل نزاع، متنازع فیہ۔
لا يَقْبَلُ الجَدَلَ: ناقابل نزاع، غیر متنازع فیہ۔
جَدْوَلٌ ج: جَدَاوِلُ: (۱) چھوٹی نہر (۲) فہرست، لسٹ (۳) کالم (۴) چارٹ، نقشہ، اسکیل، شیڈول۔
جَدْوَلُ أَعْمَالٍ: ایجنڈا۔
جَدْوَلُ التَّحْوِيل: تبدیلی روپیہ کا چارٹ۔
الجَدْوَلُ الزَّمَنِيُّ: نقشۂ اوقات، ٹائم ٹیبل۔
جَدْوَلُ صَحِيفَة: اخبار کا کالم ج: جَدَاوِلُ۔
جَدْوَلُ الطَّلَب: ڈیمانڈ چارٹ، تفصیل فرمائش۔
جَدْوَلُ النَّاخِبِين: ووٹر لسٹ۔
جَدْوَلُ مَوَاعِيدِ (القُطُر او الطَّائِرَات): ریل یا جہاز کا ٹائم ٹیبل۔
جَدْوَلٌ حِسَابِيٌّ: گوشوارۂ حساب۔
جَدْوَلُ الضَّرْب: پہاڑا۔
___ تَحْوِيلٍ: شرح مبادلہ کی لسٹ۔
___ القَضَايَا: فہرست مقدمات۔
الجَدَاوِلُ الزَّمَنِيَّة: نظام الاوقات۔
جَدْوَلَةُ شَيْءٍ: کسی کام کے اوقات کا نقشہ بنانا، ٹائم ٹیبل بنانا۔
جَدْوَلَةُ الدُّيُون: قرضوں کی ادائیگی کے اوقات مقرر کرنا۔
قَلَمُ جَدْوَل: ڈرائینگ پین۔
جَدِيلَة ج: جَدَائِلُ: (۱) زلف، گیسو، (خصوصاً عورت یا لڑکی کے) (۲) چوٹی۔
جِدَال: جھگڑا، بحث، نزاع، قتل وقتال، قیل و قال۔
جَدَّال: بہت جھگڑالو۔
مَجْدُول: بٹی ہوئی رسی، لپٹے ہوئے بال۔
جِدْوَن الدَّرَّاجَة: (مع) سائیکل کا ہینڈل۔
جَدْوَى: (۱) فائدہ (۲) عطیہ، تحفہ۔
بِلَا جَدْوَى: بے فائدہ، غیر مفید، بے سود۔
جَدَا عليه ـُ جَدْواً: تحفہ پیش کرنا۔
إِجْتِدَاء و اسْتِجْدَاء: مانگنا، طلب کرنا، بھیک مانگنا۔
إِجْدَاء: نفع پہنچانا، فائدہ دینا۔
أَجْدَى: زیادہ نفع بخش، زیادہ سودمند۔
لا يُجْدِي: بے فائدہ، غیر نفع بخش۔
هٰذَا لا يُجْدِيكَ: یہ تم کو نفع نہ دے گا، اس سے تم کو فائدہ نہ ہوگا۔
جَدْيٌ ج: جِدَاءٌ: بکری کا بچہ (پہلے سال کا)۔

ج.....ذ

جَذَبَ ـِ جَذْباً و اجْتَذَبَ: کھینچنا، مائل کرنا۔

جَذَبَ القَلْبَ: دل موہ لینا، فریفتہ بنالینا۔
جَذْبٌ، جَاذِبِیَّة: (۱) کشش (۲) قوت جاذبہ۔
جَاذِبِیَّة: (۱) نیچے کی طرف یا مرکز کی طرف مائل ہونے کی قوت (۲) کسی چیز کی طرف کشش ثقل کی وجہ سے مائل ہونے کی قوت۔
جَاذِبِیَّةُ الثِّقَل: کششِ زمین۔
جَاذِبِیَّةٌ مَغْنَطِیسِیَّة: مقناطیسی کشش۔
جَاذِبِیَّةٌ جِنسِیَّة: جنسی میلان۔
جَاذِبٌ، جَذَّاب: کشش والا، پرکشش، دلفریب، دلکش، جاذب نظر۔
شَخْصِیَّةٌ جَذَّابَة: پرکشش شخصیت۔
مَجْذُوب ج: مَجَاذِیبُ: کھنچا ہوا (۲) مجنوں، دیوانہ۔
مُسْتَشْفَى المَجَاذِیب: گل خانہ، دیوانوں کا ہسپتال۔
جَذَّ ـُ جَذّاً: کاٹنا، توڑنا۔
جُذَاذَة: لیبل، چٹ، چٹھی، ریزہ۔
جَذَرَ ـُ جَذْراً و جَذَّر: کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا۔
جَذْرٌ ج: جُذُور: اصل، جڑ، بن وبیخ۔
جِذْرِیٌّ: بنیادی۔
جَذَعٌ ج: جِذَاع: نوجوان، کمسن، نوعمر۔
جِذْعٌ ج: جُذُوع: (۱) تنہ (۲) دھڑ، سر، پیر اور ہاتھ کے علاوہ بقیہ جسم۔
جِذْعِیّ: تنہ سے متعلق (شَجَرَةٌ جِذْعِیَّةٌ) تناور درخت۔
جَذَّفَ تَجْذِیفاً: کشتی کھینا، کشتی چلانا۔
مِجْذَافٌ ج: مَجَاذِیفُ: چپو۔

جَذِلَ ـَ جَذَلاً و اجْتَذَل: خوش ہونا۔
إِجْذَال: خوش کرنا۔
جَذِلٌ، جَذْلَان ج: جُذْلَانٌ: خوش۔
جَذَمَ ـِ جَذْماً و جَذَّم: کاٹنا (۲) تیزی سے کاٹنا۔
جُذِمَ: مرض جذام (کوڑھ) میں گرفتار ہونا۔
جِذْمَةُ الشَّجَرَة: کٹے ہوئے درخت کا باقی ماندہ تنہ۔
أَجْذَمُ: ٹنڈا، کوڑھی۔
مَجْذُوم: کوڑھی۔
جُذْوَة ج: جُذًى: دہکتا ہوا انگارہ۔
جَذْوَةُ النِّضَال: جذبۂ جہاد۔

ج.....ر

جَرُؤَ ـُ جَرَاءَةً و جُرْأَةً و اجْتَرَءَ: دلیر ہونا، جسارت کرنا۔
جُرْأَة، جَرَاءَة: دلیری، بہادری، بے باکی، بے حیائی۔
جُرْأَةٌ نادِرَة: بے مثال بہادری۔
جَرِیٌّ ج: أَجْرِیَاءُ: دلیر، بیباک، بے حیا۔
جِرَام: گرام (مع)۔
جِرَامُفُون: (مع) گرامفون۔
جِرَانِیت: (مع) گرانیٹ، ایک قسم کا پتھر جو عمارت میں کام آتا ہے۔
جَرِبَ ـَ جَرَباً: (۱) خارش زدہ ہونا (۲) رنگ اڑ جانا یا بدل جانا۔
جَرَّبَه تَجْرِیباً: (۱) آزمانا، آزمائش کرنا (۲) اکسانا، ورغلانا (۳) کوشش کرنا، کسی کام کو کرکے دیکھنا۔
مُجَرَّب: آزمودہ۔

جَرَبٌ: خارش، کھجلی۔
جَرْبَان: خارش زدہ (۲) بدلے ہوئے رنگ کا۔
جِرَابٌ ج: أَجْرِبَة و جُرُبٌ: غلاف، کیس، چمڑے کا تھیلا۔
جِرَابُ السَّيْف: تلوار کی میان۔
جِرَابُ الفَرْد: پستول دان، ہولسٹر۔
جَوْرَبٌ قَصِيْرٌ ج: جَوَارِبُ: موزہ، پائتابہ۔
جَوْرَبٌ طَوِيْل: لمبا موزہ (پنڈلی تک کا)۔
مُجَرِّبٌ: تجربہ کار، آزمودہ کار۔
تَجْرِبَة: آزمائش، ریہرسل۔
تَجْرِبَةُ الثَّوْب عَلَى مَقَايِيْسِ الجِسْم: جسم پر کپڑے کو فٹ کر کے دیکھنا۔
تَجْرِبَةٌ ذَرِّيَّةٌ: ایٹمی تجربہ۔
تَجْرِبَةٌ رَائِدَةٌ: مفید تجربہ، رہنما تجربہ۔
تَجْرِبَةٌ قَاسِيَة: تلخ تجربہ۔
تَجْرِبَةٌ مَرِيْرَةٌ: تلخ تجربہ۔
تَجْرِيْبِيّ: تجرباتی، آزمائشی۔
جُرْثُومَة ج: جَرَاثِيْمُ: بیج، تخم جس سے کسی چیز کا آغاز ہو۔
جَرَّجَ الأُنْبُوْبَ تَجْرِيْجاً: کار کو گیرج میں رکھنا۔
جَرَّاجٌ: (مع) گیرج (موٹر کار کا)۔
جَرْجَرَةُ الرَّعْد: گرج کی آواز ہونا۔
جَرْجَرَةُ المَاءِ فِي الحَلْق: منہ میں پانی لے کر غرغرہ کرنا۔
الجَرْجَارُ، الجَرْجِيْرُ: (صَارُوْخ): راکٹ۔
جَرَحَ ـَ جَرْحاً: (۱) زخمی کرنا (۲) کاٹنا۔
ـــ الإِحْسَاسَ: احساس کو ٹھیس لگانا، جذبات کو مجروح کرنا۔
ـــ بِلِسَانِه: عیب لگانا، توہین کرنا۔
ـــ الشَّهَادَةَ أو الوَصِيَّةَ: سند یا وصیت کو بے ضابطہ یا ناجائز قرار دینا۔
ـــ فِي الكِبْرِيَاء: وقار کو نقصان پہنچانا۔
ـــ كِبْرِيَاءَ أَحَدٍ: بڑائی کو ٹھیس پہنچانا۔
ـــ كِبْرِيَاءَ الوَطَن: وطن کا وقار مجروح کرنا۔
جُرْحٌ مُمِيْتٌ: مہلک زخم۔
اِجْتِرَاحُ الإِثْم: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جُرْحٌ ج: جُرُوْحٌ: زخم۔
جَرَّاح، جِرَاحِيٌّ: سرجری کا طبیب، سرجن، آپریشنر۔
جِرَاحٌ خَطِيْرَةٌ: خطرناک زخم۔
جِرَاحَة: سرجری، سرجری آپریشن، فن جراحی۔
الجِرَاحَةُ التَّعْوِيْضِيَّةُ: پلاسٹک سرجری۔
الجِرَاحَةُ التَّقْوِيْمِيَّةُ: پلاسٹک سرجری۔
جِرَاحِيٌّ: جراح یا جراحی کے متعلق، آپریشن سے متعلق۔
جِرَاحِيَّة: سرجری آپریشن۔
عَمَلِيَّةٌ جِرَاحِيَّة: سرجری آپریشن۔
غُرْفَةُ العَمَلِيَّةِ الجِرَاحِيَّةِ: آپریشن روم۔
جَارِحٌ، يَجْرَحُ: آزاردہ، تکلیف دہ۔
حَيَوَانٌ جَارِحٌ: درندہ۔
اِنْتِقَادٌ جَارِح: سخت تنقید، تعریض، طنزیہ تنقید۔

جَارِحَة ج: جَوَارِحُ: (۱) عضو انسانی (۲) شکاری پرندہ، درندہ۔

جَرَدَ العُودَ ـُ جَرْداً و جَرَّد: چھیلنا، برہنہ کرنا، خول اتارنا۔

جَرَدَ البَضَائِعَ: (دا) اسٹاک کرنا۔

جَرَّدَ السَّيْفَ تَجْرِيداً: تلوار میان سے نکالنا۔

جَرَّدَهُ مِنَ الرُّتَبِ: تنزل کرنا، برطرف کرنا۔

جَرَّدَ الرَّجُلَ من سُلْطَتِهِ تَجْرِيداً: اختیار چھین لینا۔

جَرَّدَهُ من السِّلَاح: اسلحہ چھین لینا، اسلحہ ضبط کرنا، نہتا کردینا۔

جَرَّدَه من المُعَدَّات الحَرْبِيَّة: سامان جنگ سے محروم کردینا، چھین لینا۔

جَرَّدَه من المُلْكِ: (۱) بادشاہت واقتدار سے ہٹانا، معزول کرنا، برطرف کرنا۔

تَجَرَّدَ من كذا: دست بردار ہونا، بے تعلق ہونا، نہتا ہونا، برہنہ ہونا۔

جَرْدٌ، جَرِدٌ: بے گیاہ زمین، تپڑ زمین۔

جَرْدُ (الأَشْيَاءِ والبَضَائِع: (دا) دوکان کے اسٹاک کا جائزہ، چٹھا تجارتی۔

جَرْدُ النَّقْدِيَّة: کیش اکاؤنٹنگ۔

جَرِيْدَة ج: جَرَائِدُ: (صَحِيْفَة) اخبار، پیپر، نیوز پیپر (۲) گوشوارہ، فہرست۔

الجَرِيْدَةُ الرَّسْمِيَّة: سرکاری گزٹ۔

جَرِيْدَةُ السِّيْنَمَا: نیوز ریل۔

جَرِيْدَةٌ غَرَّاءُ: مؤقر جریدہ۔

جَرِيْدَةٌ وَاسِعَةُ الانْتِشَار: کثیر الاشاعت اخبار۔

جَرِيْدَةٌ يَوْمِيَّة: (۱) روزنامہ (۲) روزنامچہ۔

جَرِيْدَةُ النَّخْل: کھجور کی ڈنڈی، شاخ۔

بَائِعُ الجَرَائِد: اخبار فروش۔

لِعْبُ الجَرِيْد: (۱) نیزہ بازی کا مقابلہ (۲) ٹورنامنٹ، ورزشی اور مجلسی کھیلوں کا عام مقابلہ۔

أَجْرَدُ: گنجا، بے بالوں کا، سر منڈا۔

أَرْضٌ جَرْدَاءُ: چٹیل زمین، بے آب و گیاہ زمین۔

تَجَرَّدَ عن الإِنْسَانِيَّة: آدمیت سے دور ہونا۔

تَجَرَّدَ من القُيُوْد: آزاد ہونا۔

تَجْرِيْد: کھال اتارنا، بال اتارنا، برہنہ کرنا (۲) علیحدگی، برطرفی، برہنگی، تخفیف۔

التَّجْرِيْدُ من الجِنْسِيَّة: وطنیت سے محروم کرنا۔

تَجْرِيْدُ مِنْطَقَةٍ من السِّلَاح: کسی علاقہ کو ہتھیاروں سے الگ کرنا۔

تَجْرِيْدَة: فوجی دستہ (۲) فوجی حملہ۔

مِجْرَدُ الأَسْنَان: دانتوں کا برش۔

مُجَرَّد: (۱) مزید کی ضد (۲) مرکب کا مقابل (۳) عریاں، برہنہ (۳) غیر مسلح، نہتا (۴) علیحدہ، برطرف (۵) محض، خالص۔

بِمُجَرَّدِ.....: محض، جونہی، محض اس وجہ سے۔

جُرَذٌ ج: جُرْذَان: بڑا چوہا، چوہے کی ایک قسم۔

جَرَّ ـُ جَرّاً: (۱) کھینچنا (۲) سبب بننا۔
جَرَّ العَالَمَ الی الحَرْب: ساری دنیا کو جنگ میں دھکیلنا۔
جَرَّ عَلٰی نَفْسِہ جَرِیْرَۃً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
ھَلُمَّ جَرّاً: علی ہذا القیاس، اسی طرح، اسی پر دوسروں کو بھی قیاس کرو۔
جَرَّار: (۱) بڑا، عظیم الشان (۲) بہت کھینچنے والا (۳) گھڑا بیچنے والا۔
جَرَّارَۃ: (۱) کھینچنے کا آلہ، مشین، ٹریکٹر (۲) زرد رنگ کا بچھو۔
جَرَّارَۃُ العَرَبَۃ: رسا، جس سے گھوڑا گاڑی کو کھینچتا ہے۔
جَرَّارَۃُ لِرَفْعِ الانْقَاضِ: بلڈوزر۔
جَرَسٌ ج: أَجْرَاس: گھنٹی، گھنٹا۔
جَرَسُ الانْذَار: خطرے کی گھنٹی۔
جَرَسُ الخَطَر: خطرہ کی گھنٹی۔
جَرَسُ المَوْت: ماتمی گھنٹی جس کے ذریعہ موت یا دفن کا اعلان کیا جاتا ہے۔
جَرَسٌ کَھْرَبِیٌّ: بجلی کی گھنٹی۔
الجُرْسِیّ: جرسی۔
جَارُوْشَۃ: چکی۔
جَرَضَ ـُ جَرْضاً: گلا گھونٹنا۔
جَرِضَ ـَ جَرَضاً: گلا گھٹ جانا۔
جَرَّعَ ـَ جَرْعاً و اجْتَرَع: (۱) گھونٹ بھرنا (۲) نگلنا (۳) پینا۔
جُرْعَۃ ج: جُرَعٌ: گھونٹ۔
جَرَفَ ـُ جَرْفاً و جَرَّفَ و اجْتَرَفَ: کھرچنا، صاف کرنا، پانی کا کسی چیز کو بہا لے جانا، لے اڑنا۔
جُرُف: ڈرنگ، ڈھلواں چٹان۔
جُرُفُ النَّھْر او الحُفْرَۃ: مینڈھ، نہر یا تالاب وغیرہ کا کنارہ۔
جَرَّافَۃ: کدال، بیلچہ، پھاوڑا، سراون۔
جَرُوْف و مِجْرَفَۃ: پلی، کفچہ، ڈوئی۔
جَرَمَ ـِ جَرِیْمَۃً و اَجْرَمَ و اِجْتَرَمَ: جرم کرنا، گناہ کرنا۔
إِجْرَام مُنَظَّم: منظم جرم۔
أَتَی الجُرْمَ: ارتکاب جرم کرنا۔
مُجْرِم: مجرمانہ (فِعْلٌ مُجْرِمٌ)
(۲) جرائم پیشہ۔
مُجْرِمُ حَرْبٍ: جنگی مجرم۔
تَجْرِیْم: مجرم بنانا، مجرم ثابت کرنا۔
جَرِیْمَۃ: گرائم، جرم ج: جَرَائِمُ۔
جَرِیْمَۃٌ کُبْرٰی: بڑا جرم۔
جَرِیْمَۃٌ لا تُغْتَفَرُ: ناقابل معافی جرم۔
الجَرَائِمُ البَشِعَۃُ: گھناؤنے جرائم۔
جَرْمٌ: (۱) چھوٹی کشتی (۲) سائز (۳) حجم۔
جِرْمٌ ج: أَجْرَام: جسم، باڈی، دَل۔
جَرِیْم: بڑے سائز کا، بڑے جسم والا۔
الجِرَام: گرام۔
جِرَامَات: گرام (جمع)۔
جُرْمُوْق: موزہ، ساق پوش جو ایڑی سے ٹخنے تک ہو۔
جُرْنٌ: (۱) پانی کا حوض (۲) غلہ کا ڈھیر، کھلیان (۳) کھرل (۴) ہاون دستہ۔
جُرْنُ القَمْحِ: گیہوں کا کھلیان۔
جَرَّنَ الحَصِیْدَ تَجْرِیْناً: غلہ کا ڈھیر لگانا۔

جَرْوٌ ج: جِرَاء: کتے یا درندے کا بچہ۔
جَرَى ـِ جَرْياً: دوڑنا، بہنا۔
جَرَى الإنْتِخَابُ هٰذَا الأُسْبُوْعَ ـِ جَرَيَاناً: الیکشن ہونا۔
جَرَى تَكْرِيْمُ الفَائِزِيْنَ فِي القَاعَة: ہال میں کامیاب ہونے والوں کا اعزاز ہوا۔
جَرَيَانُ الاتِّصَالِ مَعَ فُلَان: کسی سے رابطہ قائم ہونا۔
جَرَيَانُ الاِحْتِفَال بِمُنَاسَبَة كذا: کسی موقعہ پر تقریب ہونا۔
جَرَيَانُ الإسْتِقْبَال لِفُلَان فِي كذا: کسی کا استقبال ہونا۔
جَرَيَانُ الإنْتِخَاب بَيْنَ المُرَشَّحِيْنَ: نمائندوں کا الیکشن ہونا۔
جَرَيَانُ التَّحَرِّيَاتِ فِي شَأنِ كذا: کسی سلسلہ میں تحقیقات ہونا۔
جَرَيَانُ مُبَاحَثَاتٍ: بات چیت ہونا۔
جَرَيَانُ بَحْثِ إمْكَانِ تَعْزِيْزِ العَلَاقَات: تعلقات کے استحکام کے امکانات پر غور و فکر کرنا۔
جَرَتِ العَادَةُ كذا: یہ رواج پڑ گیا ہے۔
جَرَتْ مُنَاقَشَةٌ مَعَ رِجَال الشُّرْطَة: پولیس کے ساتھ تو تو میں میں ہوئی۔
إجْرَاء و تَجْرِئَة: دوڑانا، بہانا، جاری کرنا۔
أجْرَى عليه الرِّزْقَ إجْرَاءً: الاؤنس دینا، روزینہ دینا۔
إجْرَاء: نافذ کرنا (۲) کارروائی، اقدام ج: إجْرَاءَات۔
إجْرَاءُ أبْحَاث: تحقیقات کرنا۔
إجْرَاءٌ إحْتِرَازِيّ: احتیاطی کارروائی۔
إجْرَاءُ إخْتِبَار: تجربہ کرنا، ٹیسٹ کرنا۔
الإجْرَاءُ الإسْتِثْنَائِيُّ: غیر معمولی کارروائی۔
إجْرَاءُ التَّحْقِيْق مع أحَد: کسی سے تفتیش کرنا۔
إجْرَاءٌ حَازِمٌ: زبردست کارروائی۔
إجْرَاءٌ حُكُوْمِيٌّ: سرکاری کارروائی۔
إجْرَاءُ حِوَارٍ مع أحَد: انٹرویو لینا، گفتگو کرنا۔
إجْرَاءٌ رَسْمِيٌّ: باضابطہ کارروائی۔
إجْرَاءٌ قَانُوْنِيٌّ: قانونی کارروائی، قانونی اقدام، ضابطہ کی کارروائی۔
إجْرَاءٌ قَضَائِيٌّ: عدالتی کارروائی۔
إجْرَاءُ اللِّقَاء: ملاقات کرنا۔
إجْرَاءُ المُحَادَثَات: بات چیت کرنا، انٹرویو لینا۔
إجْرَاءُ مَسْح شيء: سروے کرانا۔
إجْرَاءٌ مُضَادٌّ: جوابی کارروائی۔
إجْرَاءُ المُفَاوَضَات: بات چیت کرنا۔
إجْرَاءُ المُقَابَلَة مع أحَد: انٹرویو لینا، ملاقات کرنا۔
إجْرَاءُ المُكَالَمَةِ التِّلِيْفُوْنِيَّة: ٹیلی فون کال کرنا۔
إجْرَاءٌ نِهَائِيٌّ: آخری کارروائی۔
إجْرَاءَات: کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ إدَارِيَّة: انتظامی کارروائی۔
إجْرَاءَاتٌ إسْتِفْزَازِيَّة: دہشت انگیز

کارروائی۔
إجراءات الأمن: حفاظتی انتظامات۔
إجراءات أمنیة: حفاظتی انتظامات، امن سے متعلق انتظامات۔
إجراءات تعسفیة: ظالمانہ کارروائی۔
إجراءات تمهیدیة: ابتدائی کارروائی۔
إجراءات طارئة او إجراءات الطوارئ: ہنگامی کارروائی، ایمرجنسی اقدامات۔
إجراءات عاجلة: فوری کارروائی۔
إجراءات مشددة: سخت اقدامات، سخت کارروائی۔
إجراءات مکتبیة: دفتری کارروائی۔
إجرائی: کارروائی سے متعلق۔
مجری: دوڑ، رفتار، دھارا، گزرگاہ، راستہ۔
مجری البول: پیشاب کی نالی۔
مجری الحیاة: رفتار زندگی، زندگی کا رخ۔
مجری الماء: پانی کا دھارا، بہاؤ۔
مجری الهواء: ہوا کا رخ، سمت۔
مجری الأحوال: حالات کا رخ، رفتار۔
مجری الأحداث: واقعات کا رخ۔
مجری التفکیر: سوچنے کی لائن۔
مجری الحوادث: حوادث کی رفتار۔
مجری الحیاة: رفتار زندگی۔
مجری القناة: نہر کا راستہ۔
مجری الهواء: ہوا کا رخ۔
مجریات المعرکة: لڑائی کے احوال۔
ماجریات: (دا) واقعات، حوادث۔

ج.....ز

جزأ تجزئة: تقسیم کرنا، تجزیہ کرنا، حصے بخرے کرنا۔
جزء ج: أجزاء: (۱) حصہ (۲) پرزہ (۳) ٹکڑا (۴) پیس (۵) پارٹ۔
جزء من برنامج: پروگرام کا حصہ۔
جزئی: مرحلہ وار، جزوی، کلی کی ضد، معمولی، سطحی، فرعی۔
أجزاء بدیلة: فالتو پرزے۔
أجزاخانة: فارمیسی دواخانہ۔
أجزائی: کیمسٹ، انگریزی دوافروش۔
أجزائیة: فارمیسی، دواخانہ۔
أجزائی: (دا) کیمسٹ، انگریزی دوا فروش۔
جزدان: (مع) بٹوا، تھیلی، پرس (ترکی)۔
جزر ـُ جزراً و جزوراً: ذبح کرنا، سمندر میں جزر ہونا، پانی کا کم ہونا، پیچھے ہٹنا۔
جزر و: جزرة: گاجر۔
جزرة: ٹینٹو پیسے وغیرہ میں لگی ہوئی۔
جزار: قصاب، گوشت کاٹنے یا فروخت کرنے والا۔
جزارة: گوشت فروشی یا ذبح کا پیشہ۔
مجزر: مذبح، ذبح خانہ ج: مجازر۔
مجزرة: قتل وغارت گری، فساد، خون خرابہ۔
مجزرة بشریة: انسانی خون خرابہ۔

جَزَّ۔ جَزاً: اون وغیرہ کترنا، کاٹنا۔
جِزَّةُ الغَنَم: بھیڑ کی کتری ہوئی اون۔
جَزَّاز: اون کترنے والا۔
جُزَازَة: کترن، تراشہ، ٹکڑا۔
مِجَزّ: اون کترنے کی قینچی۔
مَجْزُوْز: تراشا ہوا، کترا ہوا، بے اون کا۔
جَزِعَ ـــ جَزَعاً و جُزُوْعاً: بے برداشت ہونا، گھبرانا، مایوس ہونا، پریشان ہونا، بیتاب ہونا۔
جَزَعٌ: بے صبری، گھبراہٹ، بے چینی۔
جَزِعٌ و جَازِعٌ و جَزُوْعٌ: (ضد صَبُوْر) بیتاب، پریشان، بے چین۔
جَزْعٌ: سنگ سلیمانی، سلیمانی پتھر۔
جَزَّعَ بالرُّخام تَجْزِیْعاً: ماربل لگانا۔
تَجَزَّع بالرُّخام: ماربلنگ، ماربل والا ہونا۔
تَجْزِیْع بالرُّخام: ماربل لگانا، سنگِ مرمر لگانا۔
مُجَزَّع: مرمریں، سنگِ مرمر جیسا چکنا، ماربل دار۔
وَرَقٌ مُجَزَّع: ابری، وہ کاغذ جس پر ابری بنائی گئی ہو۔
جزَفَ ـُ جَزْفاً و جَازَفَ: اٹکل واندازہ سے کام کرنا (۲) خطرہ میں پڑنا۔
ـــ بنَفْسِهِ مُجَازَفَةً: رسک مول لینا، جان خطرہ میں ڈالنا۔
جُزَافٌ: بے تک، بے ترتیب، اٹکل پچو۔
جُزَافاً: بے تک پن سے، بے سوچے سمجھے۔
تَكَلَّمَ جُزَافاً: اوٹ پٹانگ بات کرنا، بے سوچے بات کرنا۔
مُجَازِف: ناعاقبت اندیش، مَن چلا۔
مُجَازَفَة: جانبازی، آزمائش، خطرناک کھیل، ناعاقبت اندیشی، خطرہ کا کام، خطرہ مول لینا۔
جَزُلَ ـُـ جَزَالَةً: کثرت سے ہونا، بہت ہونا۔
جَزُلَ المَنْطِقُ: گفتگو کا فصیح ہونا، سلیس ہونا۔
أَجْزَلَ لـه العَطَاءَ: خوب دینا، بخشش کرنا، دل کھول کر دینا۔
جَزْلٌ و جَزِیْل: (۱) بہت (۲) زبردست (۳) سلیس، فصیح۔
جَزِیْلُ الإحْتِرَام: زبردست احترام۔
شُكْرٌ جَزِیْلٌ: زبردست شکریہ۔
جَزْلَة: ٹکڑا، پیس، سلائس۔
جَزَالَة: کثرت، فصاحت۔
جَزَالَةُ المَنْطِق: خوش بیانی، فصاحتِ کلام۔
جَوْزَلُ الحَمَام: کبوتر کا بچہ ج: جَوَازِل۔
جُزْلَان: بٹوا، پرس۔
جَزَمَ ـِ جَزْماً: (۱) کاٹنا (۲) کسی کام کا قطعی فیصلہ کرنا، تہیہ کرنا، عزم کرنا۔
جَزَمَ علیه الأمْرَ: لازم کرنا۔
جَزْمٌ: قطعیت، یقین، عزم۔
جَازِمٌ: قطعی، یقینی، لازم۔
جَزْمَة: بوٹ، جوتا (دا)۔
ـــ بِرِبَاطٍ: تسمہ دار جوتا، فیتے دار جوتا۔
ـــ بِأَزْرَارٍ: بٹنوں دار جوتا، بٹن بوٹ۔
ـــ لَمَّاعَة: پالش دار چمڑے کا جوتا۔

__ مَکْشُوفَة: جوتا جس میں ٹخنا کھلا رہے۔
رِبَاطُ الجَزْمَة: فیتا، تسمہ۔
جَزْمَاتِی: (دا) جوتا بنانے والا، مرمت کرنے والا۔
جَزُوْن: کسی باغ کے لان کی گھاس۔
جَزَاء: بدلہ (مُجَازَاة) بدلہ دینا۔
جَزَاءٌ نَقْدِیّ: جُرمانہ۔
جَزَاءٌ مَالِیّ: جرمانہ۔
جَزَائِیّ: تعزیری، قابل سزا، سزا کا۔
جِزْیَة: (ا) لگان (۲) باج، مال کی مقررہ مقدار جو ایک ریاست یا حکمراں دوسرے کو ادا کرے۔

ج.....س

جَسَأَ ـُ جَسْأً و جُسُوْءاً، و جُسَاءَةً: کام کے باعث ہاتھوں کا سخت ہو جانا، کھردرا ہو جانا۔
جَاسِئٌ: کھردرا، سخت موٹا۔
جَسَدٌ: باڈی ج: أجْسَادٌ۔
مِجْسَاد (مِشْبَاح): اسٹیر سکوپ، حجم بیں (ایک آلہ جس سے کسی جسم کے دو مختلف منظر ایک ہی تصویر میں اتار لئے جاتے ہیں اور تصویر ٹھوس معلوم ہوتی ہے)۔
جَسَّدَ تَجْسِیْداً: مشخص کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
تَجْسِیْد: نمایاں کرنا، عملی جامہ پہنانا، مشخص کرنا، منطبق کرنا۔
تَجْسِیْدُ الإِرَادَة: خواہش کو پورا کرنا۔
تَجْسِیْدُ التَّطَلُّعَات الجَمَاهِیْرِیَّة: عوام کی توقعات پوری کرنا۔
تَجْسِیْدُ التَّطَلُّعَات القَوْمِیَّة: قومی امنگیں پوری کرنا۔
تَجَسُّدٌ: جسم بن جانا، مجسم ہونا۔
تَجَسُّدُ الصِّدَام بِشَکْلِهِ المُبَاشِر: براہ راست ٹکراؤ ہو جانا۔
مُتَجَسِّد: ذی جسم۔
جَسَّرَ تَجْسِیْراً: ہمت دلانا، دلیر بنانا۔
جَسَّرَ و جَسَرَ ـُ جَسْراً: پل بنانا، پل پار کرنا۔
جَسَرَ ـُ جَسَارَةً و جُسُوْراً: اقدام کرنا، ہمت کرنا، جسارت کرنا۔
جِسْرٌ ج: جُسُوْر و أجْسُرٌ: پُل، برج۔
جِسْرٌ جَوِّیٌّ: فضائی پل، فضا میں کسی چیز کا سلسلہ۔
جِسْرٌ ذُوْ عَوَارِضَ: گارڈر برج۔
__ مُتَحَرِّکٌ: اٹھاؤ پل، وہ پل جو بوقتِ ضرورت ہٹایا جا سکے۔
__ عَائِمٌ: پل تختہ، کشتیوں کا بنایا ہوا پل۔
__ مُعَلَّقٌ: جھولا پل، بے ستون پل جو لٹکا رہے۔
جِسْرُ البَنَّاء: مچان جس پر کھڑے ہو کر معمار تعمیر کرتا ہے۔
جِسْرُ البِنَاء: گارڈر، شہتیر، چھت کی ڈاٹ۔
جَسَارَة: بیباکی، نڈر پن، شوخی، بے ادبی۔
جَسُوْرٌ: بیباک، نڈر، شوخ، بے ادب۔
الجُسُوْرُ الإِسْتِرَاتِیْجِیَّة: جنگی اہمیت کے پل۔
جَسَّ: (ن) ہاتھ لگا کر دیکھنا، ٹٹولنا، سراغ لگانا، جانچنا، تفتیش کرنا۔

جَسَّ الطَّبِیْبُ النَّبْضَ ـُ جَسّاً: نبض دیکھنا۔
جَسَّ النَّبْضَ ـُ: نبض دیکھنا، نبض پر ہاتھ رکھنا۔
التَّجَسُّسُ: جاسوسی، جاسوسی کرنا۔
تَجَسَّسَ علی: سراغ لگانا، تفتیش کرنا۔
جَاسُوْسِیَّة: جاسوسی۔
مِجَسٌّ: کسوٹی۔
جَسَّمَ الشَّیْءَ تَجْسِیْماً: بڑا بنانا، کسی چیز یا بات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا، بڑا بنا کر دکھانا۔
تَجَسَّمَ: بڑا بننا، تناور ہونا، زبردست ہونا۔
جَسُمَ ـُ جَسَامَةً: ڈیل ڈول کا ہونا، بھاری بھرکم ہونا، زبردست ہونا، تناور ہونا۔
جِسْمٌ ج: أَجْسَامٌ و جُسُوْمٌ: بدن، ڈھانچہ، باڈی۔
جَسِیْم: بھاری بھرکم، زبردست، بڑے جسم کا۔

ج.....ش

جَشَأَ تَجْشِئَةً: ڈکار لینا۔
جُشَأَة و جُشَاءَة: ڈکار۔
جَشَّ ـُ جَشّاً و جَشِیْشاً: کوٹنا، دلنا۔
جَشِیْش: موٹا پسا ہوا آٹا، دلیا۔
أَجَشُّ: گلوگرفتہ، بیٹھی ہوئی آواز والا۔
إِجْشَاش: آواز بیٹھ جانا، کرخت ہو جانا۔
جُشَّةُ الصَّوْت: گلوگرفتگی، خرابی آواز۔
جَشِعٌ: (س) انتہائی حریص ولالچی ہونا۔
جَشِعٌ: لالچی، حریص، طمّاع۔
جَشِمَ ـَ جَشْماً و تَجَشَّمَ: مشقت اٹھانا، تکلیف برداشت کرنا۔

ج.....ص

جَصَّصَ تَجْصِیْصاً: پلاسٹر کرنا، چونے کا پلاسٹر کرنا۔
جَصٌّ: چونا، گچ، پلاسٹر۔
جَصَاصَة: چونے کی بھٹی۔

ج.....ع

جَعْبَة: تھیلا، تیروں کا تھیلا ج: جِعَابٌ۔
جَعْجَعَة: شور، چکی کی آواز، گھر گھراہٹ۔
جَعْجَعَةٌ بلا طِحْنٍ: باتیں ہی باتیں عمل کچھ نہیں۔
جَعْجَاع: شوروغل کرنے والا۔
جَعَدَ ـُ جَعَادَةً و جُعُوْدَةً: بالوں کا مڑنا، گھنگریالا ہونا، کپڑے یا کاغذ میں سلوٹ پڑنا۔
جَعْدَةُ شَعْرٍ: گھونگھریالے بالوں کی لٹ۔
جَعْدَةٌ فی جِلْدٍ او ثَوْبٍ: کھال کی جھری، کپڑے کی سلوٹ۔
جَعَرَ السَّبُعُ ـَ جَعْراً: درندہ کا پاخانہ کرنا۔
جَعَلَ ـَ جَعْلاً: (۱) بنانا (۲) پیدا کرنا (۳) صفت تبدیل کرنا (۴) رکھنا، ڈالنا (۵) گمان کرنا (۶) مقرر کرنا۔
جَعَلَ له نَعْلاً: سول لگانا۔
جَعَلَه آلَةً لِمَآرِبِه: کسی کو اپنے مقاصد کا ذریعہ بنانا۔
جَعَلَه مُثْلَةً: آنکھ ناک بگاڑنا۔
جَعَلَه مُنْسَجِماً مَعَ: فٹ کرنا، مطابق کرنا۔
جَعَلَه مُنْطَبِقاً عَلَی: فٹ کرنا۔

جَعَلَ الشیٔ سِتاراً للأغراض: آڑ بنانا۔
جَعَلَ الشیٔ عَصْرِیاً: ماڈرن بنانا۔
جَعَلَ العَلاقاتِ الدِّبلُومَاسِیَّة طَبِیعِیَّةً: سفارتی تعلقات معمول پر لانا۔
جُعْلٌ و جِعَالَة: مزدوری، حق محنت، فیس، انعام، کمیشن، محنتانہ۔

ج.....ف

جَفْرَة و جَفْرٌ: خفیہ رسم الخط، خفیہ رسم الخط میں لکھنا۔
جَفَّ ـِ جَفّاً و جَفافاً: خشک ہونا۔
تَجْفِیف: خشک کرنا، سکھانا۔
جَفاف: خشکی، روکھا پن، بے مروّتی، خشک مزاجی، سوکھا، قحط۔
جافّ: خشک روکھا، خشک مزاج، بے مروت
الجفاف و المجاعة: خشک سالی، فاقہ کشی
جَفَلَ ـُ جُفُولاً: گھوڑے وغیرہ کا بدکنا، شرارت کرنا۔
تَجْفِیل و إجْفال: بدکانا، بھگانا۔
جَفْوٌ و جَفاءَة: (ن) بے رُخی، ناالتفاتی، سنگ دلی، بے دردی، سختی، کشیدگی، بُعد۔
جَافٍ: بے رحم، سنگدل، بے درد، سخت مزاج، کرخت۔
الأُمُّ الجَافِیَة: دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی۔
جَفِیَّة: آلۂ مدافعت، روک جو تصادم سے بچاؤ کے لئے لگائی جائے۔
جَافِی الطَّبِیعَة: روکھا، خشک مزاج۔
مُجَافَاةُ الحَقِیقَة: حقیقت کا انکار۔

ج.....ل

جَلْبٌ: (ن،ض)(۱) لانا، حاصل کرنا (۲) شور کرنا (۳) کسبِ معاش کرنا (۴) کھینچنا (۵) جاذب نظر ہونا (۶) خون منجمد ہونا (۷) زخم اچھا ہونا۔
جَلْبُ الإنتِبَاه الی کذا: توجہ مبذول کرانا۔
جَلْبُ البَضَائع من الخَارِج: باہر سے مال منگانا۔
جَلَبَ علیه جَلْباً: سبب بننا۔
جَلْبٌ و اِستِجْلاب: باہر سے مال منگانا، امپورٹ (IMPORT) کرنا۔
جَلَبٌ و جَلَبَة: شور، غل۔
جُلْبَة: زخم کا بکل، کھرنڈ۔
جِلْبَةٌ: (عَزَقَة) واشر، (سوراخ دار یا چپٹا چھلا جوڑ بھری وغیرہ کے ساتھ مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں۔
جِلْبَاب: لمبا کرتا ج: جَلابِیبُ۔
جَلّابٌ و جَالِبٌ: تاجر، امپورٹر، باہر سے مال منگانے والا۔
مَجْلَبَة: سبب، ذریعہ ج: مَجَالِبُ۔
جَلْجَلَة: گرجدار آواز ہونا۔
جُلْجُلٌ: گھونگرو ج: جَلاجِلُ۔
جَلْجَلَة: گونج، گرج۔
جُلْجُلان: تل، ہرا دھنیا۔
مُجَلْجِل: گونجدار، جھنکار دار آواز والا۔
جَلِحَ الرَّجُلُ ـَ جَلَحاً: سر کے بال اڑ جانا۔
أجْلَحَ إجْلاحاً: گنجے سر والا ہونا۔
جَلْخٌ: (ف) استرے وغیرہ کو پتھر یا چمڑے پر تیز کرنا۔
جِلْخٌ: استرے وغیرہ تیز کرنے کی پتھری، سان۔

جَلُدَ ـُ جَلَادَة و جُلُوْدَة: مضبوط وطاقتور ہونا۔
جَلَدَ ـِ جَلْداً: کوڑا مارنا۔
جَلِدَ ـِ جَلَداً و أَجْلَدَ: سردی کی وجہ سے منجمد ہونا۔
جَلَّدَ تَجْلِيْداً: (۱) بُرودت کے ذریعہ جمانا (۲) جلد بنانا۔
جَلَّدَ الكِتَابَ تَجْلِيْداً: کتاب کی جلد بنانا۔
مُجَلِّدُ الكُتُب: بک بائنڈر، جلد ساز۔
تَجَلَّدَ: ہمت سے کام لینا، سختی برداشت کرنا، ہمت کرنا۔
جَلَدٌ: قوت، برداشت، تحمل، طاقت، ہمت، دلیری۔
جَلْدٌ: باہمت ج: اجلادٌ و جِلَادٌ۔
جِلْدٌ ج: جُلُوْد: چمڑا، کھال۔
جِلْدَة: چمڑے کا ٹکڑا، پیس۔
جَلْدٌ و جَلُوْدٌ: باہمت، متحمل، طاقتور۔
جَلْدَة: کوڑا، کوڑے کی ایک ضرب۔
جَلَّاد: (۱) جلاّد، پھانسی دینے والا (۲) تاجرِ چرم۔
جَلِيْد: برف، منجمد پانی۔
جَلَسَ ـِ جُلُوْساً: بیٹھنا۔
جَلَسَ عَلَى العَرْش: تخت نشین ہونا۔
أَجْلَسَهُ عَلَى العَرْشِ إِجْلَاساً: تخت پر بٹھانا۔
جَلْسَة: نشست (۲) نشست گاہ، میٹنگ۔
جَلْسَةٌ خَاصَّة: پرائیویٹ میٹنگ۔
الجَلْسَةُ الخِتَامِيَّةُ: اختتامی میٹنگ، اختتامی جلسہ۔
جَلْسَةٌ رَسْمِيَّة أو قَضَائِيَّة: سیشن۔
جَلْسَةٌ عَاجِلَة: ہنگامی میٹنگ۔
جَلْسَةٌ عَلَنِيَّة: جلسۂ عام، عمومی اجلاس۔
الجَلْسَةُ المَشْحُوْنَةُ ضِدَّ أَحَد: دھماکہ خیز اجلاس۔
جَلْسَةٌ مُغْلَقَة: بند میٹنگ۔
جَلْسَةُ المَحْكَمَة: اجلاسِ عدالت۔
جَلْسَةٌ مُؤَجَّلَة: ملتوی شدہ میٹنگ یا اجلاس۔
مَجْلِسٌ: نشست، نشست گاہ، سیٹ، عدالت، ٹریبونل، کچہری، اسمبلی، کمیٹی، کونسل، بورڈ، کمرہ، چیمبر، مجلس، انجمن، محفل خانہ ج: مَجَالِسُ۔
مَجْلِسُ الإِدَارَة: مجلس انتظامیہ کورٹ بورڈ آف ڈائرکٹرس۔
مَجْلِسُ الأَعْيَان: (انگلستان کا) دارالامرا، ہاؤس آف لارڈس۔
مَجْلِسٌ إِقْلِيْمِيٌّ: صوبائی کونسل، صوبائی اسمبلی، علاقائی کونسل۔
مَجْلِسُ الأُمَّة: قومی اسمبلی۔
مَجْلِسٌ بَلَدِيٌّ: میونسپل کمیٹی۔
مَجْلِسٌ تَشْرِيْعِيٌّ: قانون ساز اسمبلی، آئین ساز اسمبلی، مجلس مُقَنِّنہ، لیجسلیٹو کونسل۔
مَجْلِسٌ تَنْفِيْذِيٌّ: ورکنگ کمیٹی، مجلس عاملہ، گورننگ باڈی، مجلسِ منتظمہ۔
المَجْلِسُ التَّنْفِيْذِيُّ لِلإِتِّحَاد: وفاقی مجلسِ منتظمہ۔
مَجْلِسُ الثَّوْرَة: انقلابی کونسل۔
مَجْلِسُ الحُقُوْق: سول کورٹ۔

مَجْلِسُ الخِزَانَة: ٹریزری بورڈ۔
مَجْلِسُ الدَّائِنِيْن: قرض خواہوں کا بورڈ۔
مَجْلِسُ الدِّفَاعِ العَرَبِيّ: عرب دفاعی کونسل۔
مَجْلِسُ الدَّوْلَة: کونسل آف اسٹیٹ، ریاستی کونسل۔
المَجْلِسُ الدُّوْلِيُّ الإِسْتِشَارِيُّ: بین الاقوامی شورائی کونسل۔
مَجْلِسُ الرِّئَاسَة: صدارتی کونسل۔
مَجْلِسُ السُّلْطَان: دیوانِ سلطانی۔
مَجْلِسُ السِّيَادَة: فرماں روا مجلس۔
مَجْلِسُ الشَّعْب: عوامی اسمبلی، قومی اسمبلی۔
مَجْلِسٌ شَعْبِيٌّ: قومی کونسل، عوامی کونسل۔
مَجْلِسُ شُوْرىٰ: مشاورتی مجلس۔
مَجْلِسُ إِسْتِشَارِيّ. مجلس مشورہ، مجلسِ شوریٰ۔
المَجْلِسُ الإِسْتِشَارِيُّ للحَاكِم: کیبنٹ CABINET۔
المَجْلِسُ الإِسْتِشَارِيُّ الإِسْلَامِيُّ لِعُمُوْمِ الهِنْد: آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت۔
مَجْلِسٌ اَعْلىٰ: اپر ہاؤس۔
المَجْلِسُ الأَعْلىٰ للبَرْلَمَان: اپر ہاؤس، راجیہ سبھا۔
المَجْلِسُ الأَعْلىٰ للقُوَّات: فوجوں کی سپریم کونسل۔

مَجْلِسُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کی اسمبلی۔
مَجْلِسُ الأَمْن: سیکورٹی کونسل، سلامتی کونسل۔
مَجْلِسُ الأَمْن القَوْمِيّ: نیشنل امن کونسل۔
مَجْلِسُ الإِنْتَاج: پیداواری بورڈ۔
مَجْلِسٌ بَلَدِيّ: میونسپل کمیٹی، میونسپلٹی، کارپوریشن۔
مَجْلِسٌ تَأْدِيْبِيٌّ: تادیبی مجلس۔
المَجْلِسُ التَّأْسِيْسِيُّ: تاسیسی کمیٹی۔
مَجْلِسُ التَّحْقِيْق: بورڈ آف انکوائری، تحقیقاتی بورڈ۔
مَجْلِسُ التَّحْقِيْق العَسْكَرِيّ: کورٹ آف انکوائری۔
مَجْلِسُ تَسْوِيَةِ مُنَازَعَات: تصفیۂ نزاعات بورڈ۔
مَجْلِسُ تَسْوِيْق: مارکیٹ بورڈ۔
المَجْلِسُ التَّعْلِيْمِيُّ و الدِّيْنِيُّ: دینی تعلیمی بورڈ۔
مَجْلِسُ التَّنْسِيْق: تنظیمی کونسل۔
مَجْلِسُ الشُّؤُوْنِ الصِّحِّيَّة: بورڈ آف ہیلتھ۔
مَجْلِسُ الشُّيُوْخ: امریکی سینٹ، راجیہ سبھا، ایوان بالا۔
مَجْلِسٌ عَسْكَرِيٌّ: فوجی عدالت، کورٹ مارشل۔
مَجْلِسُ العُمُوْم: (برطانوی) دارالعوام، (برطانوی) پارلیمینٹ۔

مَجْلِسُ الفَاتِحَةِ عَلَى رُوْحِ اَحَد: مجلسِ فاتحہ خوانی۔
مَجْلِسُ قِيَادَةِ الثَّوْرَة: انقلابی رہنما کونسل۔
مَجْلِسُ اللُّوْرْدَات: (برطانوی) دارالامرا۔
مَجْلِسُ مُحَكِّمِيْن: مجلس فیصلہ کنندگان، عدالتی کونسل۔
مَجْلِسٌ مَحَلِّيٌّ: علاقائی کونسل۔
مَجْلِسُ المُدِيْرِيَّة: ڈسٹرکٹ بورڈ۔
مَجْلِسُ مُرَاقَبَة: نگراں بورڈ۔
مَجْلِسُ المُمْتَحِنِيْنَ: بورڈ آف ایگزامنرس، مجلس ممتحنین۔
مَجْلِسُ المُوَظَّفِيْنَ: اسٹاف کونسل۔
مَجْلِسُ النُّوَّاب: پارلیمنٹ، مجلس نمائندگان۔
مَجْلِسٌ نِيَابِيٌّ: پارلیمنٹ۔
مَجْلِسُ الوِرَاثَة: قائم مقام کونسل۔
اَلْمَجْلِسُ الوِزَارِيُّ: کیبنٹ، وزارت۔
مَجْلِسُ وِصَايَة: حفاظتی کونسل۔
مَجَالِسُ إِدَارِيَّة: انتظامی مجالس یا بورڈس۔
مَجَالِسُ التَّوْفِيْق: مصالحتی کمیٹیاں۔
تَجَلَّطَ الدَّمُ: خون بستہ ہونا۔
جُلْطَة: بستہ خون۔
جَلَعَ ـَ خُلُوْعاً: بیہودہ و بے ادب ہونا۔
جُلْفٌ: (جَحْفَة) گولف، ایک قسم کا کھیل (مع)۔

جَلَّلَ تَجْلِيْلاً: (۱) تعظیم کرنا (۲) بڑا بنا دینا (۳) ڈھانکنا۔
جَلَّلَ عن: منزہ قرار دینا۔
جَلَّ ـُ جَلَالَةً: عظیم المرتبہ ہونا، بڑا ہونا۔
جَلَالَة: عظمت۔
صَاحِبُ الجَلَالَة: ہز مجسٹی، بادشاہ کا اعزازی لقب۔
مَجَلَّة ج: مَجَلَّات: میگزین، ماہنامہ، رسالہ۔
مَجَلَّةٌ اُسْبُوْعِيَّة: ہفتہ وار رسالہ۔
مَجَلَّةٌ شَهْرِيَّة: ماہنامہ۔
مَجَلَّةٌ نِصْفُ شَهْرِيَّة: پندرہ روزہ پرچہ۔
جَلَمٌ: (ض) اون کترنا، کاٹنا۔
جلم. اون کاٹنے کی قینچی۔
جَلْمَدٌ، جُلْمُوْد: چٹان۔
جلنار. (مع) گل انار۔
جَلَا ـُ جَلْواً: (۱) پالش کرنا (۲) واضح کرنا۔
جَلَاهُ عن: نکالنا، بے دخل کرنا، روانہ کرنا، جلاوطن کرنا، دور کرنا۔
تَجْلِيَة: اُجاگر کرنا۔
الاِجْلَاءُ: دیس نکالا، انخلا کرنا۔
اِنْجِلَاء: (۱) روشن و واضح ہونا، چمکنا، (۲) انخلاء (۳) زائل ہونا۔
اِنْجِلَاء عن: منتج ہونا، نتیجہ برآمد ہونا۔
اِسْتِجْلَاء: تحقیق کرنا، تفتیش کرنا۔
جَلَاء: (۱) وضاحت، انکشاف (۲) انخلا، روانگی (۳) پالش۔
جَلَاءُ القُوَّات عن المِنْطَقَة: علاقہ سے

فوجوں کو ہٹانا۔
جَالِيَة: کالونی، کسی ملک میں رہائش پذیر غیر ملکی جماعت ج: جَالِيَات۔
جَالِيَةٌ أَجْنَبِيَّةٌ: غیر ملکی برادری، غیر ملکی طبقہ۔
جَلُوكُوز: (معرب) گلوکوز۔

ج.....م

جُمْجُمَة ج: جَمَاجِمُ: کھوپڑی۔
جَمَحَ الحِصَانُ ـَ جُمُوحاً و جَمْحاً و جِمَاحاً: گھوڑے کا شرارت کرنا، ہٹ کرنا، بدکنا، سرکشی کرنا۔
جَمَحَ الرَّجُلُ: سرکش ہونا، خودسر ہونا، بے لگام ہونا۔
جِمَاحٌ: سرکشی، خودسری، خواہش نفس۔
كَبَحَ جِمَاحَه: خواہش نفس پر قابو پانا، سرکشی کو ختم کرنا، ہٹ دور کرنا۔
جُمَّاح: پردار گیند۔
جَامِحٌ و جَمُوحٌ: سرکش، بے مہار، بے لگام، ہٹی، مَن چلا۔
جَمَّدَ تَجْمِيداً: جمانا، گاڑھا کرنا، خشک کرنا۔
تَجْمِيد: پابند کرنا، روکنا، منجمد کرنا۔
تَجْمِيدُ الأُجُوْر: اجرتوں کو منجمد کرنا، تنخواہیں روکنا۔
تَجْمِيدُ الأَرْصِدَة: سرمایہ منجمد کرنا۔
تَجْمِيدُ الاِسْتِيْرَاد: درآمد روکنا۔
تَجْمِيدُ الأَسْعَار: نرخوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا۔
تَجْمِيدُ أَسْعَارِ النِّفْط: پٹرول کی قیمتوں میں ٹھہراؤ پیدا کرنا۔
تَجْمِيدُ العَلَاقَات: تعلقات کو منجمد کرنا، ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ العَلَاقَات الدِّبْلُوْمَاسِيَّة: سفارتی تعلقات ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ القُرُوْض لِلبُنُوْك: قرضوں کی ادائیگی روکنا۔
تَجْمِيدُ القَضِيَّة: مسئلہ کو سرد خانے میں ڈالنا۔
تَجْمِيدُ المُشْكِلَات: مشکلات ختم کرنا۔
تَجْمِيدُ المَوْقِف: کردار کو روکنا۔
تَجْمِيدُ النَّشَاط: سرگرمی روکنا، بند کر دینا۔
تَجَمَّدُ العَلَاقَات: تعلقات میں جمود پیدا ہونا۔
مُتَجَمِّد: منجمد۔
المُجَمِّدُ: فریزر (FREEZER)۔
جَمَدَ ـُ جُمُوْداً و جَمْداً: جم جانا، خشک ہونا۔
جَمُدَتْ يَدُهُ: بخیل ہونا۔
جَمْدٌ: برف، مصنوعی یا آسمانی برف۔
جَمَادٌ: بے جان، بے حس چیز۔
جَامِدٌ: سخت (نرم کی ضد) منجمد (رقیق کی ضد) ٹھوس، بے حس و حرکت۔
جُمُوْد: بے حسی، کاہلی، تعطل۔
جَمْرٌ و و: جَمْرَةٌ: دہکتی ہوئی آگ، انگارہ۔
جَمَرَ ـُ جَمْراً: آگ جلانا۔
مِجْمَرَة ج: مَجَامِرُ و مَجَامِيْرُ: انگیٹھی، آتش دان۔

مِجْمَرَةُ البَخُوْر: عوددان، بخوردان۔
جُمْرُک ج: جَمارِک: (مع) چنگی خانہ، کسٹم ہاؤس (۲) کسٹم۔
جَمارِکُ علی الصَّادِرَات و الوَارِدَات: درآمدات وبرآمدات پر کسٹم۔
جُمْرُکِیّ: کسٹم سے متعلق۔
جُمْرُکِیَّة: کسٹم ہاؤس۔
رُسُوْمٌ جُمْرُکِیَّةٌ: کسٹم ڈیوٹی، چنگی محصول۔
(جمس) جَامُوْس ج. جَوَامِیْس: بھینس۔
جَمَشَ رَأْسَهُ ـُ جَمْشاً: سر مونڈنا۔
جَمْشَه تَجْمِیْشاً: گدگدی کرنا، گدگدانا۔
جَمِیْش: بال صاف کرنے، بال اڑانے کی دوا۔
جَمَعَ ـُ جَمْعاً: سمیٹنا، اکٹھا کرنا، ملانا، ایک کرنا، عام کرنا۔
جَمَعَ الأَرْقَامَ: حساب جوڑنا، حساب لگانا۔
___ الکِتَابَ: تالیف کرنا۔
___ الجَمْعِیَّةَ: میٹنگ بلانا۔
___ الحُرُوْفَ: کمپوز کرنا۔
جَمْعٌ: کمپوزنگ، ٹوٹل۔
جَمْعُ الاِحْصَاءَات: اعداد وشمار جمع کرنا۔
جَمْعُ بَیَانَات: معلومات یا تفصیلات جمع کرنا۔
جَمْعُ ثَرْوَةٍ: دولت کا انبار لگانا۔
جَمْعُ حَاشِدٌ: جم غفیر۔
جَمَعَ الحَقَائِبَ لِلْمُغَادَرَة: رختِ سفر باندھنا۔
جَمْعُ الخُیُوْط: تار ملانا۔
جَمْعُ الشَّمْل: شیرازہ بندی۔
جَمْعُ القُوَّات: فوجوں کا اجتماع، فوجوں کو اکٹھا کرنا۔
جَمْعُ المَجْلِس: کونسل کا اجلاس بلانا۔
جَمْعُ الوَثَائِق: دستاویزات فراہم کرنا۔
أَجْمَعُوا عَلَی إِجْمَاعاً: متفقہ فیصلہ کرنا۔
إِجْمَاعُ الآرَاء: اتفاق رائے۔
بِالإِجْمَاع: بالاتفاق۔
بِإِجْمَاعِ الأَصْوَات: باتفاقِ آراء۔
إِجْتَمَعَ إِلَی فُلَان: ملاقات کرنا، ملنا۔
إِجْتَمَعَ بِه: ملاقات کرنا، ملنا۔
إِجْتَمَعَ مَعَ فُلَان: ملاقات کرنا، ملنا۔
إِسْتِجْمَاعُ القُوَّة: طاقت یکجا کرنا۔
جَمْعِیَّة: ایسوسی ایشن، کمیٹی، تنظیم، انجمن، کونسل، کنونشن، کارپوریشن، محفل خانہ، سوسائٹی، اسمبلی ج: جَمْعِیَّات۔
جَمْعِیَّةُ البِنَاءِ التَّعَاوُنِیَّة: بلڈنگ کوآپریٹو سوسائٹی۔
جَمْعِیَّةٌ تَأْسِیْسِیَّة: کانسٹی ٹیوشن اسمبلی، مجلس وضع قوانین، وہ جماعت یا حکومت جسے آئین ملکی میں ردوبدل کا اختیار ہو۔
جَمْعِیَّةُ تِجَارَةِ الجُمْلَة: ہول سیل سوسائٹی۔
جَمْعِیَّةٌ تَسْوِیْقِیَّةٌ: مارکٹنگ ایسوسی ایشن۔
جَمْعِیَّةٌ تَشْرِیْعِیَّة: اسمبلی، قانون ساز اسمبلی۔
جَمْعِیَّةُ التَّعَاوُنِ الزِّرَاعِیَّة: زرعی کوآپریٹو سوسائٹی۔
الجَمْعِیَّةُ التَّعَاوُنِیَّة: انجمن امداد باہمی کوآپریٹو سوسائٹی۔
الجَمْعِیَّةُ النِّسَائِیَّةُ الخَیْرِیَّة: خواتین کی فلاحی انجمن۔

جَمْعِيَّةٌ تَعَاوُنِيَّةٌ اِسْتِهْلَاكِيَّةٌ: امدادباہمی انجمن صارفین۔
جَمْعِيَّةٌ خَيْرِيَّةٌ: ویلفیئر سوسائٹی، فلاحی انجمن۔
جَمْعِيَّةُ الرَّخَاءِ: ویلفیئر سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ رَفَاهِيَّةٌ: ویلفیئر سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ لِلْبِنَاءِ: بلڈنگ سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةُ الْمُحَامِيْنَ: انجمن وکلاء۔
جَمْعِيَّةٌ مَدَنِيَّةٌ: سول سوسائٹی۔
جَمْعِيَّةٌ عَامَّةٌ: جنرل اسمبلی۔
جَمْعِيَّةٌ عُمُوْمِيَّةٌ: جنرل اسمبلی۔
جَمْعِيَّةٌ وَطَنِيَّةٌ: قومی اسمبلی، نیشنل اسمبلی۔
جَمْعِيَّاتُ التَّسْلِيْفِ التَّعَاوُنِيَّةِ: قرضہ کوآپریٹو سوسائٹی۔
جَمْعِيَّاتُ الْإِنْتَاجِ التَّعَاوُنِيَّةُ: کوآپریٹو پیداواری سوسائٹی۔
جَمَاعَةٌ: گروپ۔
جَمَاعَةٌ فِدَائِيَّةٌ: جانباز جماعت، رضاکارانہ جماعت۔
جَمَاعَةُ الْمُحَامِيْنَ: بارایٹ لا، انجمن وکلاء۔
جَمَاعِيٌّ: مشترکہ، اجتماعی، جماعتی۔
جَمَّاعَةُ الْكَهْرَبَاءِ: خزانہ بجلی جس میں برقی قوت جمع کی جائے۔
جُمُوْعَاتٌ: گروپ۔
الْجُمُوْعَاتُ الْفِدَائِيَّةُ: جانباز گروپ۔
التَّجَمُّعُ: اتحاد، اجتماعیت، آبادی۔
تَجَمُّعُ الْقُوَّاتِ: فوجوں کا اجتماع۔
التَّجَمُّعُ لِعَمَلٍ: ریلی کرنا۔
التَّجَمُّعُ الْوَطَنِيُّ: قومی اتحاد۔
تَجَمُّعَاتٌ: اجتماعات۔
التَّجَمُّعَاتُ الْبَشَرِيَّةُ: انسانی آبادیاں۔
تَجَمُّعَاتٌ جَمَاهِيْرِيَّةٌ: عوامی اجتماعات۔
التَّجَمُّعَاتُ السُّكَانِيَّةُ: شہری آبادیاں۔
التَّجَمُّعَاتُ الْعُمَّالِيَّةُ: مزدوروں کی آبادیاں۔
التَّجَمُّعَاتُ الْمَدَنِيَّةُ: شہری ٹھکانے، آبادیاں۔
الْمُتَجَمِّعُ مِنَ الْاِجَازَاتِ: جمع شدہ رخصتیں۔
تَجْمِيْعٌ: فٹنگ، جڑائی۔
جَامِعٌ ج: جَوَامِعُ: (۱) بڑی مسجد (۲) وصول کنندہ (۳) وسیع، محیط۔
جَامِعُ الْكِتَابِ: مرتب، مؤلف۔
جَامِعُ الْحُرُوْفِ: کمپوزیٹر۔
الْجَامِعُ: کلکٹر۔
جَامِعَةٌ ج: جَامِعَاتٌ: (۱) یونیورسٹی (۲) لیگ، متحدہ جماعت۔
جَامِعَةُ الْأُمَمِ: انجمن اقوام مختلفہ۔
جَامِعَةُ دُوَلٍ: کامن ویلتھ۔
الْجَامِعَةُ الْعَرَبِيَّةُ: عرب لیگ۔
جَامِعِيٌّ: یونیورسٹی کا، یونیورسٹی پیمانہ کا۔
اِجْتِمَاعٌ ج: اِجْتِمَاعَاتٌ: ملاقات، اجلاس، میٹنگ، جلسہ، کنونشن۔
اِجْتِمَاعٌ اِسْتِثْنَائِيٌّ: خصوصی اجلاس، ہنگامی اجلاس۔
اِجْتِمَاعُ الْأَنْهُرِ: سنگم، دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔
اِجْتِمَاعُ الْجَمْعِيَّةِ: اسمبلی کا اجلاس۔

إجتِمَاعٌ حَاشِدٌ: زبردست اجتماع۔
إجتِمَاعٌ سِرِّيٌ: خفیہ اجلاس۔
إجتِمَاعُ الطُّرُق: چوراہا، دو راستوں کے ایک دوسرے کو قطع کرنے کی جگہ۔
إجتِمَاعٌ مُغْلَقٌ: بند اجلاس۔
إجتِمَاعٌ مُوَسَّع: بڑا اجتماع۔
عِلْمُ الإجْتِمَاع: عمرانیات، علم معاشرت۔
إجتِمَاعِيّاً: اجتماعی طور پر۔
إجْتِمَاعِيٌّ: معاشرتی، عمرانی، سوشل، اجتماعی، سماجی۔
الشُّؤُونُ الإجْتِمَاعِيَّة: معاشرتی معاملات۔
المُسَاوَاةُ الإجْتِمَاعِيَّةُ: معاشرتی برابری، سماجی مساوات۔
النِّظَامُ الإجْتِمَاعِيُّ: معاشرتی نظام، اصول معاشرت۔
الهَيْئَةُ الإجْتِمَاعِيَّةُ: انسانی سوسائٹی۔
مُجْتَمَعٌ ج: مُجْتَمَعَات: سوسائٹی، سماج، معاشرہ، میٹنگ، جلسہ گاہ، برادری۔
مُجْتَمَعٌ إشْتِرَاكِيٌّ: سوشلسٹ سوسائٹی۔
اَلْمُجْتَمَعُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی معاشرہ، برادری۔
مُجْتَمَعٌ دِيمُقْرَاطِيّ: ڈیموکریٹک سوسائٹی۔
مُجْتَمَعُ الرَّخَاء: خوشحال معاشرہ۔
المُجْتَمَعُ العَالَمِيُّ: عالمی برادری۔
مُجْتَمَعٌ مُنْحَلٌّ: گرا ہوا معاشرہ، زوال پذیر معاشرہ، زوال یافتہ معاشرہ۔
مُجْتَمَعٌ يَنْعَمُ بِرَخَاءٍ او بِرَفَاهِيَة: خوشحال معاشرہ۔
مَجْمَعٌ ج: مَجْمَعَات: کنونشن، مجلس۔
مَجْمَع ج: مَجَامِعُ: اکیڈمی، کونسل، انسٹی ٹیوٹ، تحقیقی ادارہ۔
مَجْمَعٌ عِلْمِيٌّ: اکیڈمی، لٹریری ادارہ۔
مَجْمَعُ البُحُوثِ الإسْلَامِيَّة: مجلس تحقیقات اسلام۔
مَجْمَعُ اللُّغَةِ العَرَبِيَّة: عربی زبان کی اکیڈمی۔
مَجْمَعِيّ: اکیڈمی کا یا اس سے متعلق۔
مُجَمِّعٌ: داعی، جلسہ بلانے والا، کنوینر۔
مُجَمَّعُ الحُرُوف: کمپوزیٹر۔
مَجْمُوعٌ: ٹوٹل، میزان، کل، حاصل۔
مَجْمُوعُ خَرَائِطِ جُغْرَافِيَّة: اٹلس۔
مَجْمُوعٌ فَرْعِيّ: ذیلی میزان، سب (SUB) ٹوٹل۔
المَجْمُوعُ الكُلِّيّ: میزان کل، کل میزان۔
مَجْمُوعَة: ٹیم، بلاک، پینل، گروپ، سیٹ (SET)۔
مَجْمُوعَةُ أوْرَاق: فائل۔
مَجْمُوعَةُ الحُرُوف (فِي الآلَةِ الكَاتِبَة): کی بورڈ۔
مَجْمُوعَةُ الدُّوَلِ غَيْرِ المُنْحَازَة: غیر جانبدارانہ ممالک کا گروپ۔
مَجْمُوعَةٌ صَغِيرَة: پیکٹ۔
مَجْمُوعَةٌ كَامِلَة: فل سیٹ، مکمل

سیٹ۔
مَجْمُوعَةُ مَنَازِل: کمپاؤنڈ۔
مَجْمُوعَةٌ مِنَ الرَّسَائِل: پیکٹ۔
جَمْكِيَة: (مع) تنخواہیں، الاؤنس۔
جُمْلَة: پیراگراف، ٹوٹل، کُل، تھوک، سب رقم، مقدار۔
جُمْلَةٌ تَامَّة: پیریڈ، فقرہ یا مکمل بات۔
جُمْلَةً: سب کا سب۔
بِجُمْلَةٍ: سب کا سب، کل۔
بِالجُمْلَة: خلاصہ یہ کہ (۲) تھوک، ہول سیل (۳) ایک دفعہ، اکٹھا۔
تَاجِرُ الجُمْلَة: تھوک فروش، ہول سیلر۔
جَمَالٌ: حسن۔
جَمَّال: شتربان، اونٹ والا۔
جَمِيل: حسین (۲) حسنِ سلوک (۳) احسان (۴) عمدہ، خوب۔
مَعْرِفَةُ الجَمِيل: احسان شناسی۔
نُكْرَانُ الجَمِيل: احسان فراموش۔
نَاكِرُ الجَمِيل: احسان فراموشی۔
إِجْمَال: خلاصہ، کل، اجمال۔
إِجْمَالاً: مختصر طور پر، خلاصہ کے طور پر۔
إِجْمَالِيُّ النَّاتِج: کُل پیداوار۔
بِوَجْهِ الإِجْمَال: عمومی طور پر۔
مُجْمَل: خلاصہ، مختصر۔
مُجْمَلُ الخَسَارة: کل نقصان، نقصان کا ٹوٹل۔
مُجْمَلاً: اجمالی طور سے۔
مُجَامَلَة: مزاج داری، رکھ رکھاؤ، تواضع، انکساری، خوش خلقی۔
المُجَامَلَةُ بَيْنَ الشُّعُوب: قوموں کا باہمی رکھ رکھاؤ۔
مُجَامَلَةٌ دِبْلُومَاسِيَّة: سفارتی رکھ رکھاؤ، سفارتی رعایت۔
جَمْلَكَة: (مع) لاکر، سنہری روغن جو چپڑ الاکھ حل کر کے تیار کیا اور پیتل وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔
جَمَلُون، جَمَل: (معرب) (۱) دورخی ڈھلوان چھت کا بالائی تکونا حصہ، (۲) ڈھلوان دیوار جس کا بالائی حصہ تکونا ہو (۳) کھڑکی یا دروازے کا چھجا۔
جُمَان و: جُمَانة: (۱) موتی (۲) دونو کی کیل۔
جَمْهَرَة: جمع کرنا۔
تَجَمْهُر: جمع ہونا۔
جُمْهُور ج: جَمَاهِير: پبلک، عوام، ہجوم، مجمع۔
جُمْهُورُ النَّاخِبِين: انتخاب کرنے والوں یا رائے دہندوں کی جماعت۔
الجُمْهُورِيَّةُ البَرْلَمَانِيَة: پارلیمنٹری جمہوریت۔
الجَمَاهِير: عوام۔
الجَمَاهِيرُ العُمَّالِيَة: مزدور عوام۔
الجَمَاهِيرُ الغَاضِبَة: مشتعل ہجوم، مشتعل عوام۔
جُمْهُورِيَة: ری پبلک۔
الجُمْهُورِيَةُ الرِّئَاسِيَّة: صدارتی جمہوریت۔

ج.....ن

جَنَبَ ـُ جَنْباً و جَنَّبَ: بچانا، علیحدہ رکھنا۔
اجْتِنَاب: دور رہنا، بچنا۔

تَجَانُب: پہلوتہی کرنا، گریز کرنا۔
تَجَنُّب: ایک طرف ہونا، پہلوتہی کرنا۔
تَجَنُّبُ البِلادِ دَمَاراً: ملک کا بربادی سے بچنا۔
تَجَنُّبُ الصِّدَام مَعَ اَحَدٍ: ٹکراؤ سے بچنا، تصادم سے بچنا۔
تَجَنُّبُ المَخَاطِر: خطرات سے بچنا۔
تَجَنُّبُ المَشَاكِل: مشکلات سے بچنا۔
تَجَنُّباً لِخَوْضِ المَعَارِك: لڑائیوں سے بچنے کے لئے۔
جُنَبَة: دوسروں سے بچنے والا، بہت پرہیز واحتیاط کرنے والا۔
جُنَاب، ذَاتُ الجَنْب: ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں پانی پڑ جاتا ہے، ذات الجنب۔
جَنْبٌ ج: أَجْنَاب و جُنُوب: پہلو، جانب، جہت، کنارہ، آغوش۔
جَنْباً لِجَنْب: پہلو بہ پہلو۔
عَلى جَنْبٍ: ایک طرف، علیحدہ۔
جَنُوب: ساؤتھ، جنوب۔
جَنُوبُ أَفْرِيقِيَا: جنوبی افریقہ۔
جَنُوبُ شَرْقِ آسِيَا: جنوب مشرقی ایشیا۔
جَنُوباً: جانبِ جنوب۔
جَنُوبِيّ: جنوب کا، جنوبی۔
جَانِبٌ ج: جَوَانِبُ: پہلو، جسم کا داہنا یا بایاں حصہ، عمارت کا حصہ، رخ، طرف، کنارہ، مقدار، حیثیت، سائڈ۔
جَانِبٌ عَظِيم: بڑی حیثیت، زبردست قدر ومنزلت۔
الجَوَانِبُ النَّظَرِيَّة: نظریاتی پہلو۔
جَانَبَ الشَّيْءَ مُجَانَبَةً: گریز کرنا، پہلو تہی کرنا۔
الجَانِبُ المُتَحَارِب: متحارب فریق۔
فِي هٰذَا الجَانِبِ: ادھر
فِي ذٰلِكَ الجَانِب: اُدھر، اُس پہلو پر۔
بِجَانِبِ شَيْءٍ: ساتھ ساتھ۔
رَقِيقُ الجَانِب: نرم مزاج، رحم دل۔
عَظِيمُ الجَانِب: بلند حیثیت، بلند مرتبہ۔
مُتَعَدِّدُ الجَوَانِب: متعدد گوشوں والا۔
جَانِبِيٌّ: یک طرفی، بغلی، پہلودار، سائڈ کا۔
جَنَاب: تعظیمی لقب جو ضمیر کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے۔
جَنَابُكُمْ: آنجناب، آپ، بڑوں سے خطاب کے لئے۔
جَنَابِيَة: کھاڑی جو راستہ کے دائیں بائیں ہوتی ہے۔
أَجْنَبِيٌّ ج: أَجَانِبُ: پردیسی، غیرملکی، فارن کا، نامانوس۔
اجْتِنَاب، تَجَنُّب، مُجَانَبَة: کنارہ کشی، پہلو تہی، گریز، احتراز (۲) دور رہنا، گریز کرنا۔
مُجَانِب: کنارہ کش، علیحدہ۔
مُجَنَّبَةُ الجَيْش: فوج کا دایاں یا بایاں بازو۔
مُجَنَّبَتَا الجَيْش: فوج کے دو بازو۔
جُنَّاز: ورزشِ بدن کا ماہر، جمناسٹک کا ماہر (فارسی "جانباز" کا معرب)۔

جَنَحَ الطَّائِرَ ـــ جَنْحاً: بازو کو زخمی کرنا۔
جَنَحَ الیہ ـــ جُنُوحاً و أَجْنَحَ: مائل ہونا۔
جَنَحَتِ السَّفِیْنَةُ: کشتی کا زمین سے لگ جانا۔
جُنُوحُ السَّفِیْنَة: کشتی کا ڈانواڈول ہونا۔
جَنَّحَ الشیٔ تَجْنِیْحاً: بازو لگانا۔
جَنَّحَ الرجُلَ: الزام لگانا، گناہ کی طرف نسبت کرنا۔
جَنَاحٌ: کسی بڑی عمارت کا حصہ، بازو، وارڈ، حصہ ج: أَجْنِحَة۔
جَنَاحُ الشَّباب: یوتھ ونگ، نوجوان طبقہ۔
جَنَاح و جِنْح: حفاظت، حمایت، پناہ۔
جِنْحٌ: جانب، طرف، کنارہ، حصہ۔
جِنْحٌ مِنَ اللَّیْل: رات کا ایک حصہ۔
تَحْتَ جِنْحِ الظَّلام: سخت اندھیرے میں۔
مُفَصَّلَةٌ بِجَنَاح: لمبا قبضہ جو کواڑ میں لگایا جاتا ہے۔
جُنَاح: جُرم، گناہ۔
جُنْحَةٌ: مجرمانہ فعل، خفیف جرم۔
جَانِحٌ: پہلو، جانب، طرف، سائڈ۔
جَانِح و جَانِحَة: پسلی ج: جَوَانِح۔
مُجَنَّح: بازودار۔
جَنَّدَ تَجْنِیداً: فوج بھرتی کرنا، فوج جمع کرنا۔
تَجَنَّدَ: بھرتی ہونا، سپاہی بننا۔
جُنْدٌ و: جُنْدِیّ: فوجی سپاہی، فوج۔
جُنْدِیٌّ مُرْتَزِق: کرایہ کا سپاہی۔
جُنُود: افواج و: جُنْد۔
جُنُودُ الاِحْتِلال: قابض فوج۔
الجُنُودُ الاَشَاوِش: خوددار سپاہی، بہادر سپاہی۔
الجُنُودُ المُسَلَّحَة: مسلح افواج۔
جُنُودُ المِظَلَّات: چھاتہ بردار فوج۔
تَجْنِید: تیار کرنا، یکجا کرنا، سمیٹنا، جنگ کے لئے تیار کرنا، بھرتی کرنا۔
تَجْنِیدٌ إِجْبَارِیّ: لازمی بھرتی۔
تَجْنِیدٌ إِلزامِیٌّ: لازمی بھرتی۔
تَجْنِیدُ العُمَّال و الصُّنَّاع: کارکنوں اور صنعت کاروں کو تیار کرنا، بھرتی کرنا۔
تَجْنِیدُ الکَفَاءَات: صلاحیتوں سے کام لینا۔
جَنَّزَ المَیِّتَ تَجْنِیزاً: مردہ پر نماز پڑھنا، مردہ کو تابوت میں رکھنا۔
جَنَّازٌ: نماز جنازہ یا جنازہ کا جلوس۔
جَنَازَة: جنازہ، نعش۔
جَنَازَةٌ هِنْدُوکِیَّة: ارتھی۔
جَنَّسَه تَجْنِیساً: (۱) حقوقِ قومیت عطا کرنا، (۲) ملکی بنانا۔
جَانَسَه مُجَانَسَةً: ہم جنس ہونا، ہم قوم ہونا، ہم نشین ہونا، مشابہ ہونا۔
جِنْسٌ ج: أَجْنَاسٌ: نوع، قسم، قوم۔
جِنْسِیَّة: قومیت، نیشنلٹی، حقوقِ ملکی۔
جِنَاس: لفظی مشابہت، صنعتِ لفظی کی ایک قسم۔
تَجَنَّسَ بِجِنْسِیَّةٍ: قومیت اختیار کرنا۔
تَجَانُس: مشابہت، ہم قومیت، ہم جنس ہونا۔
مُتَجَانِس: ہم شکل، ایک نوع کا۔

جُنفاص، جُنفیص: (معرب) کرچ۔
جَنَّنَ و أجَنَّ إجْنَاناً: دیوانہ بنانا، برہم کرنا، برہمی پیدا کرنا۔
جَنَّ ـُ جَنًّا و جُنُوناً و أجَنَّ: چھپانا۔
جَنَّ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
جُنَّ ـَ جُنُوناً و تَجَنَّنَ: پاگل ہونا، دیوانہ بننا، آپے سے باہر ہونا۔
اسْتَجَنَّ: پاگل سمجھنا، پوشیدہ کرنا۔
جُنَانٌ و جُنَانَة و جُنَّة ج: جُنَنٌ: ڈھال، زرہ۔
جَنَان ج: أجْنَان: دل۔
جِنَّة: مصدر بمعنی: دیوانگی، پاگل پن، آسیب کا اثر (بہ جِنَّة) اسے جنون ہے یا اس پر آسیب کا اثر ہے۔
جُنُون: بے وقوفی، دیوانگی، جوش۔
جُنُونٌ فی أمْرٍ وَاحِدٍ: کسی ایک کام کی لگن، دُھن۔
جُنُونِیّ: دیوانہ وار۔
جُنَیْنَة ج: جُنَیْنَات: باغیچہ۔
جُنَیْنَةُ الحَیَوَانَات: چڑیا گھر۔
جَنٰی ـِ جَنْیاً: پھل توڑنا، حاصل کرنا، خوشہ چینی کرنا، نتیجہ پانا۔
جَنٰی ـِ جِنَایَةً: ارتکابِ جُرم کرنا۔
تَجَنَّی علیه: اس پر الزام لگایا، اُسے مُجرم گردانا۔
جَنَایَة ج: جِنَایَاتٌ: ارتکابِ جرم، قصور، خطا، گناہ، بدعنوانی، جُرم، کرائم۔
جِنَایَةٌ عَظِیْمَة: سنگین جُرم۔
الجِنَایَةُ علی أحَدٍ: کسی کو نقصان پہونچانا۔
جِنَایَةٌ کُبْریٰ: بھاری جرم۔
القَانُونُ الجِنَائِیّ: قانونِ تعزیرات، قانونِ سزا۔
جَانٍ ج: جُنَاة: مجرم، گنہگار، حاصل کنندہ۔
مَجْنِیٌّ عَلَیْه: مظلوم، نقصان رسیدہ، گرفتارِ مصیبت۔
جُنَیْه ج: جُنَیْهَات: (مع) گنی مُساوی ۱۱ شلنگ، تقریباً بیس روپے، اشرفی، پونڈ، ڈالر۔
جُنَیْهٌ أمْرِیکِیّ: ڈالر مساوی تقریباً ۱۲ روپے۔
جُنَیْهٌ اِسْتَرْلِیْنِیّ: اسٹرلنگ پونڈ۔
جُنَیْهٌ اِنْجِلِیْزِیّ: انگلش پونڈ، مساوی تقریباً ۱۸ روپے۔
جُنَیْهٌ مِصْرِیّ: مصری پونڈ، مساوی تقریباً دس روپے۔

ج ہ

جَهَدَه ـَ جَهْداً و أجْهَدَ: لاغر و کمزور بنا دینا، تھکا دینا۔
جَهَدَ فی الأمْرِ ـِ جُهْداً و اجْتَهَدَ: کوشش کرنا، محنت کرنا، طاقت لگانا۔
مُجْهَد: تھکا ہوا۔
إجْهَادٌ بَدَنِیّ: جسمانی مشقت۔
إجْهَادٌ نَفْسِیّ: ذہنی تکلیف۔
جَهْدٌ و جُهْدٌ: محنت، مشقت، کوشش۔
ج: جُهُود۔
الجُهْدُ الذِهْنِیّ: دماغی کوشش۔
الجُهْدُ المُکَثَّف: زبردست و انتھک کوشش۔
الجُهْدُ المُنَسَّق: منظم جدوجہد۔

الجُهُودُ الخَيرَة: مبارک کوششیں۔
جُهُودٌ غَيرُ عَادِيَّة: غیر معمولی کوششیں۔
جُهُودٌ فَعَّالَة: زبردست کوششیں۔
جُهُودٌ جَبَّارَة: غیر معمولی کوششیں۔
الجُهُودُ اليَائِسَة: ناکام کوششیں، مایوسانہ کوششیں۔
مَجْهُودٌ ج: مَجْهُودَات: طاقت، محنت، قوت، کوشش۔
مَجْهُودٌ خَارِقٌ: غیر معمولی کوشش۔
مَجْهُودٌ فَرْدِيّ: شخصی کوشش۔
جُهْدَ طَاقَتِه: بقدرِ طاقت، بقدرِ امکان، مقدور بھر۔
جُهْدٌ جَهِيدٌ و جَاهِدٌ: زبردست کوشش، انتھک کوشش۔
جِهَادٌ: لڑائی، جدوجہد۔
جِهَادِيّ: جنگی، فوجی: جِهَادِيَة: (دا) فوجی ملازمت ملٹری سروس
مُجَاهِدٌ: فوجی سپاہی۔
مُجتَهِد: محنتی، جفاکش۔
جَهَرَ الأَمرَ و بِه ـُ جَهْراً: ظاہر کرنا، اعلان کرنا۔
جَهَرَ الصَّوتَ و بِه: آواز بلند کرنا۔
مُجَاهَرَة: اظہار۔
جَاهَرَ بِالحَقِّ مُجَاهَرَةً: اعلان حق کرنا۔
جَهُرَ الصَّوتُ ـُ جُهُورَةً و جَهَارَةً: آواز بلند ہونا۔
جَهْرِيٌّ: (۱) عام (۲) کھلا ہوا، ظاہر۔
جَهْرِيّاً: اعلانیہ، علی الاعلان۔

جَهْوَرِيّ: بلند آواز شخص۔
جَوْهَر: (۱) قائم بالذات ہستی (۲) ماہیت (۳) ست، روح (۴) جزء ترکیبی (۵) اصول، بنیاد، مبدأ۔
جَوْهَرُ أو لُبُّ المَسْأَلَة: مسئلہ کا لب لباب، مسئلہ کا خلاصہ، نچوڑ۔
الجَوْهَرُ الفَرْد: آئٹم، ذرہ، جزء، لاتجزی، غیر منقسم چیز، وجود کی اکائی، اکائی۔
جَوْهَرَة: قیمتی پتھر، ہیرا، نگ۔
جَوْهَرِيّ: (۱) اصلی، بنیادی (۲) ضروری (۳) زیورات بیچنے والا، جیولر، زیورات کا تاجر۔
جَوَاهِر و: جَوْهَر: زیورات۔
جَوَاهِرْجِيّ: جوہری، زیورات فروخت کرنے والا، جیولر۔
مُجَوْهَرَات و: مُجَوْهَرَة: زیورات۔
أَجْهَرُ: دن کا اندھا، جسے دن میں نظر نہ آئے۔
تَجَوْهُر: تحلیل ہو جانا، ریزہ ریزہ ہو جانا، جوہر بن جانا۔
مِجْهَرٌ، مِجْهَارٌ: بلند آواز، آواز رساں، بھونپو۔
مِجْهَارٌ ج: مَجَاهِير: لاؤڈ اسپیکر، میکروفون، بھونپو (۲) بلند آواز آدمی۔
مِجْهَارٌ كَهْرَبِيّ: میکروفون۔
مُجْهِرٌ ج: مُجْهِرَات: میکرسکوپ، خوردبین۔
مُجْهِرٌ كَهْرَبِيّ: الیکٹرک خوردبین جس

میں چھوٹی سے چھوٹی چیز بجلی کے کرنٹ کے ذریعہ ایک لاکھ گنا سے زیادہ نظر آتی ہے۔

التَّشْرِيحُ المُجْهرِيّ: خوردبینی تجزیہ۔

جَهَزَ ـ جَهْزاً و أجْهَزَ على الجَرِيح: مار ڈالنا۔

تَجْهِيز: تیار کرنا، زادِراہ دینا، سامان سے لیس کرنا، ساز و سامان کرنا، سامان تیار کرنا، فٹنگ۔

تَجْهِيزُ الجَيْش بِمُخْتَلِفِ الأسْلِحَة: فوج کو مختلف قسم کے ہتھیاروں سے لیس کرنا۔

تَجْهِيزُ الدِّفَاعِ عَن: دفاع کی تیاری کرنا۔

تَجْهِيزُ الرَّدِّ على: جواب تیار کرنا۔

تَجْهِيزُ السِّلاحِ إلَى: ہتھیار سپلائی کرنا۔

تَجْهِيزٌ للانْتِخابَات: الیکشن کی تیاری کرنا۔

التَّجْهِيزُ النِّهائِيّ: فنیشنگ، تکمیل کار۔

تَجْهِيزاتٌ ضَخْمَة: زبردست ساز و سامان، تیاریاں۔

تَجْهِيزاتُ الهُجُوم: حملہ کی تیاریاں۔

تَجَهَّزَ: تیار ہونا۔

جِهَاز ج. أجْهِزَة: سامانِ سفر (۲) جہیز جو دولہن کو دیا جاتا ہے (۳) مشین، نظام، سسٹم، نظام ترکیبی، ترکیب۔

أجْهِزَةُ الإعْلام: پروپیگنڈہ مشینری، ذرائع ابلاغ۔

أجْهِزَةُ الأمْن: امن مشینری۔

الأجْهِزَةُ التَّنْفِيذِيَّة: انتظامی ادارے۔

الأجْهِزَةُ الرَّسْمِيَّة: سرکاری ادارے۔

أجْهِزَةُ المُخابَرات: ذرائع سراغ رسانی، خفیہ معلومات کے ادارے۔

الجِهَازُ الإدَارِيّ: انتظامی مشینری، انتظامی عملہ۔

جِهَازُ إرْسَال: ٹرانسمیٹر۔

الجِهَازُ الائْتِمَانِيّ: کریڈٹ سسٹم۔

جِهَازُ التَّدْرِيب: مشقی مشین، آلۂ مشق۔

جِهَازُ التَّدْفِئَة: ہیٹنگ، آپریٹس، گرم کرنے کا آلہ۔

جِهَازُ التَّدْفِئَةِ الكَهْرَبَائِيَّة: ہیٹر، برقی ہیٹنگ مشین۔

جِهَازُ تَسْجِيلِ الصَّوْتِ عَلَى شَرِيط: ٹیپ ریکارڈر۔

جِهَازُ تَعْشِيقِ التُّرُوس: موٹر وغیرہ کے انجن کا گیر (GEAR)۔

جِهَازُ التِّلِفُون: ٹیلیفون سیٹ۔

جِهَازٌ جَدِيدٌ: نئی مشین، نیا سسٹم۔

الجِهَازُ الدَّاخِلِيّ: اندرونی مشین، اندرونی ڈھانچہ۔

جِهَازٌ صِحِّيّ: نظام تندرستی۔

جِهَازُ ضَغْطِ الدَّم: بلڈ پریشر دیکھنے کا آلہ۔

جِهَازُ العَدِّ: کاؤنٹر۔

جِهَازُ قِيَاس: میٹر۔

جِهَازٌ لِلتَّدَاوِي: آلۂ علاج، مشین۔

جِهَازٌ لِلطَّبْخ: کوکر۔

جِهَازٌ مَرْئِيّ: ٹیلیویژن سیٹ۔
جِهَازُ المَعْلُومَات: معلوماتی ذرائع۔
جِهَازُ الهَضْم: نظام ہضم۔
جَاهِزٌ و مُجَهَّز: تیار، آراستہ، لیس، ریڈی میڈ۔
مَلَابِسُ جَاهِزَة: تیار شدہ، (سلے ہوئے) کپڑے۔
تَجْهِيزِيّ: تیاری والا، اعدادی۔
مَدْرَسَةٌ تَجْهِيزِيَّة: تیاری کا اسکول، وہ اسکول جو لڑکوں کو کسی بڑے اسکول کے لئے تیار کرے۔
جَهَشَ ـَ جَهْشاً و جَهَشَاناً و جُهُوشاً و أَجْهَشَ بِالْبُكَاء: رونے کے قریب ہونا، رونے کے لئے تیار ہوجانا، رونے کے آثار نمایاں ہونا۔
جِهْضٌ و جَهِيض: نامکمل بچہ، اسقاط شدہ۔
جَهِضَتِ المَرْأَةُ ـَ جَهْضاً و أَجْهَضَتْ: عورت کا حمل ساقط ہوجانا۔
إِجْهَاض: ناکام بنانا، بے اثر بنانا۔
مُجْهِض: مسقطِ حمل، موجبِ اسقاطِ حمل، حمل گرانے والا۔
جَهِلَ ـَ جَهَالَةً: ناواقف ہونا۔
جَاهِل: اُجڈ۔
مَجْهَل ج: مَجَاهِل: نامعلوم مقام، گمنام جگہ۔
مَجْهُول: نامعلوم۔
مَجْهُولٌ لَيْسَ بِهِ تَوْقِيعٌ: گمنام۔
جَهُمَ ـُ جَهَامَةً و جُهُومَةً: منہ چڑھنا، ناگواری سے شکن پڑ جانا، ترش رو ہونا، ناک بھوں چڑھانا۔
جَهَامَة، و جُهُومَة: ترش روئی، بدمزاجی۔
جَهْمٌ و مُتَجَهِّمٌ: ترش رو، بدمزاج۔
جَهَنَّمِيٌّ: (۱) مہلک (۲) شیطانی، دھماکہ دار۔

ج و

جُوَانِتِيّ: (دا) دستانہ۔
ـــ جِلْدٍ: چمڑے کا دستانہ۔
ـــ صُوفٍ: اونی دستانہ۔
جَوْبٌ: تحقیق و تفتیش، کھوج، تلاش۔
جَابَ البِلَادَ ـُ جَوْباً: سیر و سیاحت کرنا۔
جَوَّاب: سیاح، گشت لگانے والا۔
جَوَابٌ ج: أَجْوِبَة: جواب۔
جَوَابٌ: (دا) (۱) خط (۲) پیغام۔
جَوَابٌ مُرَاوِغٌ: چکر میں ڈالنے والا جواب۔
جَابَ الشيءَ ـُ جَوْباً: قطع کرنا، کاٹنا۔
جَاوَبَ و أَجَابَ عَلَى و عَنْ: جواب دینا۔
اِسْتَجَابَ: لبیک کہا، قبول کیا۔
اِسْتَجْوَبَهُ: جواب طلب کیا (عدالت میں ملزم یا گواہ کا بیان لیا، پارلیمینٹ میں کسی وزیر سے جواب طلب کیا)۔
الاسْتِجْوَاب: جواب طلبی، ایگزامینیشن: جواب طلب کرنا۔
اِنْجِيَاب: پھٹنا، ختم ہونا، بادل پھٹنا۔
إِجَابَةٌ ج: إِجَابَات: جواب، جواب دہی۔
إِجَابَة و اسْتِجَابَة: منظوری، قبولیت، آمادگی، پذیرائی۔
الاسْتِجَابَةُ لِلْأَمْر: تعمیل حکم کرنا۔

اسْتِجَابَةٌ لِشَیْءٍ: ماننا، تسلیم کرنا، منظور کرنا، لبیک کہنا۔
اِسْتِجَابَةً لِکَذا: اس کے نتیجے میں، اسے لبیک کہتے ہوئے، کسی چیز کے تحت۔
الاِجَابَةُ عَلَی و عَنْ: جواب دینا۔
إِجَابَةً عَلَی شَیْءٍ أو إِلَی شَیْءٍ: کسی چیز کے جواب میں۔
إِجَابَةً لِطَلَبِکُمْ: آپ کی فرمائش کے جواب میں، آپ کی درخواست قبول کرتے ہوئے۔
تَجَاوُبُ الصَّدیٰ فِی الفَضَاءِ: آواز گونجنا۔
تَجَاوُبُ الصَّوْتِ فِی الفَضَاءِ: آواز، گونجنا۔
التَّجَاوُبُ الکَامِلُ مَعَ شَیْءٍ: مکمل ہم آہنگی۔
التجاوبُ لِشَیْءٍ: مقبولیت، منظوری، آمادگی۔
التَّجَاوُبُ لِلنِّدَاءِ: اپیل ماننا، منظور کرنا۔
التَّجَاوُبُ مَعَ فُلَانٍ: ہم آہنگ ہونا۔
جَوْبَة ج: جُوَبٌ: گڑھا، دو مکانوں کے بیچ کا فاصلہ۔
مِجْوَب ج: مَجَاوِب: (خَرَّامَة): سوراخ کرنے یا چھیدنے کا آلہ، پنچ، برما۔
جُوْتٌ: پٹ سن، سنی جس کی رسیاں، بوریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں (قِنَّبٌ هِنْدِیٌّ)۔
جَوْحٌ (ن) و اجْتِیَاحٌ: ہلاک کرنا، بیخ کنی کرنا، اصل مٹا دینا، استیصال کرنا، صفایا کرنا، تباہی مچانا، لپیٹ میں لانا۔
اجْتَاحَتِ البِلادَ مَوْجَةٌ مِنْ کذا: ملک میں کسی چیز کی لہر آنا، لہر کا لپیٹ میں لینا۔
جَائِحَة ج: جَائِحَات: حادثہ، مصیبت، آفت، ہلاکت۔
جُوْخٌ ج: أَجْوَاخٌ: سیاہ رنگ کی نفیس بانات۔
جَوْدَة: (ن) عمدہ ہونا، بہتر ہونا، عمدگی، اچھائی۔
جَوْدَةٌ قِیَاسِیَّة: اسٹینڈرڈ کوالٹی۔
جَادَ بِالشَّیْءِ ـُ جُوْداً: سخاوت کرنا۔
جَادَ عَلَیْهِ: کرم کرنا، مہربانی کرنا۔
جَادَ بِنَفْسِهِ: جان دینا، جان کی بازی لگانا۔
جَادَتِ العَیْنُ: آنسوؤں کی بارش ہونا، آنسو جاری ہونا۔
جَادَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا، خوب پانی برسنا۔
اِجَادَة: عمدہ اور بہتر بنانا۔
جُوْد: احسان، سخاوت۔
جَوْدٌ: موسلا دھار بارش۔
جُوْدَة: (۱) عمدگی، خوبی (۲) صلاحیت۔
جَوَاد: ج: جِیَاد: گھوڑا۔
جَوَاد و جَوَّاد و جَیِّد: سخی، فراخ دل۔
الجِیَادُ الأَصِیْلَة: اصیل گھوڑے۔
جَیِّدٌ: عمدہ، بہتر، افضل، خوشگوار۔
جَیِّداً: اچھی طرح، بہتر طور پر۔
تَجْوِیْد: بہتر بنانا۔
(جور) جَارَ عَلَیْهِ ـُ جَوْراً: ظلم کرنا، ستانا، ناحق پریشان کرنا۔
جَارَ عَنْ: ہٹنا، کنارہ کش ہونا۔
جَارَ عَلَی حَقِّ: حق تلفی کرنا۔

جَاوَرَہ مُجَاوَرَۃً: قریب ہونا، پڑوسی ہونا، لگ بھگ ہونا، مشابہ ہونا۔
جَاوَرَ رَبَّہ: اپنے خدا سے جاملا، وفات پا گیا۔
اَجَارَہُ إِجَارَۃً: مدد کرنا، نجات دلانا، پناہ دینا۔
اِسْتَجَارَ رَبَّہُ: مدد چاہی، پناہ چاہی۔
اِسْتَجَارَ مِنْہُ: کسی کے خلاف فریاد کرنا، کسی سے بچنے کے لئے پناہ چاہنا۔
جِوَار: پڑوس، قُرب (۲) مدد۔
جَائِر: (۱) ظالم (۲) بے اصول، من مانی کرنے والا (۳) قانون شکن، غیر منصفانہ۔
مُجَاوِر: چپکا ہوا، لگا ہوا، پڑوسی، قریب، متصل، یونیورسٹی کا طالب علم۔
مُجِیر: (۱) مُحافظ (۲) مددگار (۳) نجات دہندہ۔
جَوْرَبٌ ج: جَوَارِب: موزہ، پائتابہ۔
جَوْرَبٌ قَصِیر: ہاف موزہ، جراب۔
حَمَّالَۃُ الجَوْرَب: موزہ بند، جراب کا تسمہ۔
(جوز) جَازَ المَکَانَ و بہ ـُ جَوْزاً و اجْتَازَ: گزرنا، پاس کرنا، عبور کرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الامْتِحَانَ: امتحان پاس کیا۔
جَازَ و اجْتَازَ الطَّرِیْقَ: کراس کرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الدَّوْرَ: دور سے گزرنا۔
جَازَ و اجْتَازَ الشِّدَّۃَ: سختی و مصیبت سے گزرنا۔
اِسْتَجَازَہُ: اجازت طلب کرنا (۲) رخصت چاہنا، سند مانگنا (۳) جائز سمجھنا۔
جَاوَزَ و تَجَاوَزَ عَنْ: درگزر کرنا (۲) ترک کرنا۔
جَوَّزَ تَجْوِیْزاً: اجازت دینا (۲) مُباح کرنا، جائز قرار دینا۔
جَوْزٌ: اخروٹ و: جَوْزَۃ۔
جَوْزُ القَزّ: ابریشم کا کویا، کرم خانہ۔
جَوْزُ الشَّیْءِ: کسی چیز کا اہم حصہ، درمیانی حصہ۔
جَوْزَۃُ التَّدْخِیْن: حُقّہ، تمباکو پائپ۔
جَوْزِیّ: اخروٹ نما، اخروٹ کے رنگ کا۔
جَوَاز ج: أَجْوِزَۃ و جَوَازَات: (۱) اجازت، جواز (۲) پروانگی، اجازت نامہ (۳) پرمٹ، لائسنس۔
جَوَازُ السَّفَرِ: پاسپورٹ، پروانہ، راہداری، سفر کا پاس۔
جَوَازُ سَفَرٍ دِبْلُومَاسِیّ: ڈپلومیٹک پاسپورٹ۔
جَوَازُ مُرُوْر: پاس۔
جَوَازَات: پاسپورٹ و: جَوَاز۔
إِجَازَۃ: پرمٹ، لائسنس، پاس، ڈگری، رخصت، پرمیشن، سند ج: إِجَازَات۔
إِجَازَۃٌ دِرَاسِیَّۃ: تعلیمی چھٹی۔
إِجَازَۃٌ رَسْمِیَّۃ: سرکاری چھٹی (۲) لائسنس۔
إِجَازَۃٌ عِلْمِیَّۃ: سند، ڈپلوما، اسکول، سارٹیفکٹ۔
إِجَازَۃُ غِیَاب: رخصت، چھٹی، کسی کام سے غیر حاضر رہنے کی اجازت، رخصتِ اتفاقی۔
إِجَازَۃٌ مَرَضِیَّۃ: رخصتِ بیماری۔
إِجَازَۃُ مُرُوْرٍ: پاسپورٹ۔

غَائِبٌ بِالإِجَازَة: رخصت پر۔
جَازٌ ج: جَازَات: (مع) گیس، مٹی کا تیل، گیس کا تیل۔
لَمْبَةُ جَازٍ: گیس کی لالٹین۔
جَائِز: (ا) مباح، اجازت شدہ (۲) پار کنندہ (۳) قابل برداشت۔
جَائِزَة: پرائز، انعام ج: جَوَائِزُ۔
جَائِزَةُ نُوبِل: نوبل پرائز۔
الجَوَائِز: انعامات و: جَائِزَة۔
الجَوَائِزُ الرَّمْزِيَّة: علامتی انعامات۔
تَجَاوُزُ و مُجَاوَزَةُ الحُدُود: بے جا عمل، قانونی خلاف ورزی۔
تَجَاوُزُ التَّعْلِيمَات: ہدایات یا احکامات سے تجاوز کرنا۔
تَجَاوُزُ الحُدُود: بے جا عمل، قانونی خلاف ورزی۔
تَجَاوُزُ حُدُودِ السُّلْطَة: اختیارات سے تجاوز کرنا۔
تَجَاوُزُ الطَّرِيق: راستہ پاس کرنا۔
تَجَاوُزُ العَثَرات: رکاوٹوں پر قابو پانا۔
مَجَاز: گزرگاہ۔
مُجَازٌ: فاضل، فارغ التحصیل، سند یافتہ، ڈگری والا۔
مُجَازٌ فِي الأَدَب: فاضلِ ادب (مثلاً)۔
مُجَاوَزَةُ التَّقْدِير: تخمینہ سے بڑھنا۔
جَوْسٌ: (ن) کھوج لگانا، چھان مارنا۔
جَاعَ ـُ جَوْعاً و جَوْعَةً و مَجَاعَةً: بھوک لگنا، بھوکا ہونا، بھوکوں مرنا، فاقہ، مست ہونا، فاقے گزرنا۔
تَجْوِيع و إِجَاعَةٌ: بھوکا رکھنا، فاقوں میں مبتلا کرنا۔
مَجَاعَة: فاقہ، بھوک، قحط۔
جُوع: بھوک، فاقہ۔
___ قَاتِل: جان لیوا بھوک۔
___ كَلْبِيٌّ: جُوع البقر، ایک بیماری۔
___ و مَجَاعَة: قحط۔
جَوْعَان و جَائِع: بھوکا، فاقہ مست، (ضد شَبْعَان) ج: جِيَاعٌ و جُوَّعٌ۔
جَوِفَ ـَ جَوَفاً و تَجَوَّفَ: کھوکھلا ہونا۔
تَجْوِيف: کھوکھلا کرنا، خول دار بنانا، جوف دار بنانا۔
تَجْوِيف ج: تَجَاوِيف: گڑھا، سوراخ، زمین دوز گڑھا۔
جُوَافَة: امرود، جام، امرود کا درخت۔
جُوق ج: أَجْوَاق: جماعت۔
(جَوْل) جَالَ ـُ جَوَلَاناً و تِجْوَالاً: گھومنا، پھرنا، گشت لگانا، چکر لگانا، دورہ کرنا۔
جَالَ فِي خَاطِرِهِ ـُ جَوَلَاناً: دل میں آنا۔
جَوْلَة: گشت، سفر، دورہ، پھیرا، پھیری، ٹور، دور، چکر، راؤنڈ ج: جَوْلَات۔
جَوْلَةٌ تَفْتِيشِيَّة: تحقیقاتی دورہ۔
جَوْلَةٌ تَنْظِيمِيَّة: تنظیمی دورہ۔
جَوْلَةٌ مِنَ المُبَاحَثَات: بات چیت کا دور، مرحلہ، راؤنڈ۔
جَوْلَةٌ مِنَ المُفَاوَضَات: گفتگو کا دور۔
تَجْوِيل و تَجَوُّل: گشت لگانا، پھیری لگانا۔

تَجَوُّلٌ فی: گشت کرنا، چکر لگانا۔
تَجَوُّلٌ فِی اَجْنِحَةِ المَعْرِض: نمائش گاہ کے مختلف حصوں میں گھومنا۔
جَوَّال، مُجَوِّل: سیاح، کثیر الاسفار، دورہ کرنے والا، ٹور کرنے والا، پھیری والا، شہر در شہر پھرنے والا، ٹور پر رہنے والا۔
جَوَالٌ (غِرَارَةٌ): بڑا تھیلا، بوری (دا)۔
بَائِعٌ مُتَجَوِّل: پھیری لگا کر بیچنے والا، پھیری والا۔
جَوَّالَة: موٹر سائیکل۔
جَوَلَانٌ و تِجْوَال: نقل و حرکت، گشت۔
حَظْرُ التِّجْوَالِ: کرفیو۔
مَجَالٌ ج: مَجَالَات: (۱) میدانِ کار (۲) گنجائش، دائرۂ کار (۳) موقع، فیلڈ۔
مَجَالُ الحَرَكَة و العَمَل: دائرۂ عمل، سرگرمیوں کا میدان۔
مَجَالُ التَّطْبِيق: میدانِ عمل۔
المَجَالُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی میدان۔
المَجَالُ الصَّحَفِيّ: صحافتی میدان۔
مَجَالُ العَمَل: دائرۂ کار۔
حَادَ عن کذا ـِ حَیْدًا و حَیَدَانًا: علیحدہ ہونا، کنارہ کش ہونا، غیر جانبدار ہونا۔
حَایَدَه مُحَایَدَةً و حِیَادًا: بچنا، الگ رہنا۔
حَیْدٌ، حَیَدَان، مَحِید: علیحدگی، اجتناب۔
لَا مَحِیدَ عَنْه: اس سے مفر نہیں۔
عَلٰی حَیْدَةٍ: علیحدہ، الگ، غیر جانبدار۔
حِیَاد، مُحَایَدَة: غیر جانبداری، کنارہ کشی، ناوابستگی، علیحدگی۔
الحِیَادُ الإِیْجَابِیّ: مثبت ناوابستگی۔
شُقَّةُ حِیَادٍ: غیر جانبدار علاقہ جو دو ملکوں کے درمیان ہوتا ہے۔
مُحَایِد: غیر جانبدار۔
مُحَایِدٌ، علی الحِیَاد: کنارہ کش، غیر جانبدار۔
حَیَّرَ تَحْیِیرًا: حیران کرنا، پریشان کرنا، شک میں ڈالنا۔
حَیَّرَ بِالْأَسْئِلَة: سوالات کے ذریعہ پریشان کرنا، لاجواب کرنا۔

حَارَ حَیَرَانًا و حَیْرَةً: تردد میں پڑنا، شک میں پڑنا (۲) حیران ہونا۔
احْتِیَار: پریشان و حیران ہونا۔
مُتَحَیِّر، فی حَیْرَة: حیران، حیران زدہ۔
مُحَیِّر: پریشان کن، حیرت انگیز۔
حَائِر: آشفتہ حال، پریشان حال۔
حَیِّز: (دیکھئے حوز)۔
تَحَیُّز: بے جا طرفداری، جانبداری۔
مُتَحَیِّز من جَانِبٍ وَاحِدٍ: یک طرفہ، حمایت کنندہ۔
حَازَ ـِ حَیْزًا: ہانکنا، اونٹ کو چلانا۔
مُحَایِز إِلٰی: جانبدار۔
حَیْزَ بُون: بڈھی عورت۔
حَیْضٌ: (ض) الگ ہونا، فرار ہونا۔
مَحِیْضٌ: مفر، جائے فرار، چھٹکارا۔
حَیْفٌ: ظلم و ستم۔
حَافَ عَلَیْه ـِ حَیْفًا: ظلم و زیادتی کرنا۔
حَیْق: انجام، انجام بد۔
حَاقَ ـِ حَیْقًا و حُیُوْقًا، و حَیَقَانًا و أَحَاقَ به إِحَاقَةً: احاطہ کرنا۔
حَیْک: (دیکھئے حوک)۔
حَیَّنَ الأَمْرَ تَحْیِینًا: کسی کام کا وقت مقرر کرنا۔
تَحَیَّنَ سَاعَةَ العَمَل: کام کا موقع ہاتھ لگنا۔
تَحَیُّن الفُرْصَة لکذا: موقع کی تلاش، موقع کی تاک میں رہنا، موقع تلاشنا۔
حَانَ الوَقْتُ ـِ حَیْنًا و حَیْنُونَةً: وقت آنا۔
حَانَتِ السَّاعَةُ ـِ حَیْنًا: موقع لگنا۔

حَانَاتُ الفِسْقِ و الفُجُور: بدکاریوں کے اڈے۔
حَانَتِ الفُرْصَةُ: موقع ملنا۔
حِيْنٌ ج: أَحْيَانٌ: وقت، زمانہ، موقع۔
إِلَى حِيْنٍ: کچھ عرصہ کیلئے، کچھ عرصہ تک۔
فِي حِيْنٍ: بروقت۔
حِيْنًا بَعْدَ حِيْنٍ: موقع بہ موقع۔
أَحْيَانًا: کبھی کبھی۔
حِيْنَمَا: جب۔
حِيْنَئِذٍ: اس وقت۔
حَانٌ، حَانَةٌ: شراب خانہ۔
حَيِيَ ـَ حَيَاةً: زندہ رہنا۔
ـــ منه: شرمانا، شرم کرنا۔
حَيَّاه تَحِيَّةً: خراج تحسین ادا کرنا، سلام کرنا۔
حَيَّاهُ تَحِيَّةَ إِكْرَام: آداب بجالانا۔
أَحْيَاهُ إِحْيَاءً: زندگی عطا کرنا، زندہ کرنا، جان ڈالنا (۲) تازہ کرنا (۳) متحرک و فعال بنانا۔
إِحْيَاءُ حَفْلَةٍ: پارٹی دینا۔
إِحْيَاءُ الذِّكْرِ: یادمنانا۔
إِحْيَاءُ اللَّيْلِ: شب بیداری کرنا۔
حَيٌّ ج: أَحْيَاءٌ: (۱) زندہ (۲) زندہ دل (۳) باقی (۴) فعال، مستعد و متحرک (۵) تازہ۔
حَيٌّ (من مَدِيْنَةٍ) ج: أَحْيَاء: وارڈ، محلہ۔
أَحْيَاءٌ سَكَنِيَّة: رہائشی علاقے، کالونیاں۔
حَيَاة: زندگی، لائف، تازگی۔
عِلْمُ الحَيَاةِ أو الأَحْيَاء: بیالوجی۔
عِلْمُ الحَيَاةِ الاجْتِمَاعِيَّة: سوشل بیالوجی۔
أَحْيَائِيّ: بیالوجیکل۔
أَحْيَائِيّ: ماہر بیالوجی ج: أَحْيَائِيُّون۔
حَيَاةٌ جَامِعِيَّة: یونیورسٹی لائف۔
حَيَاةٌ زَوْجِيَّة: ازدواجی زندگی۔
حَيَاةٌ صَاخِبَة: گھما گھمی کی زندگی۔
الحَيَاةُ العَائِلِيَّة: ازدواجی زندگی۔
حَيَاةٌ فِي السِّلْكِ الدِبْلُوْمَاسِيّ: سفارتی لائن کی زندگی۔
حَيَاةٌ قَاسِيَة: کٹھن زندگی۔
حَيَوَانٌ ج: حَيَوَانَات: جانور۔
حَدِيْقَةُ الحَيَوَانَات: زو، چڑیا گھر۔
حَيَوِيّ: حیاتی، زندگی کا، زندگی کیلئے ناگزیر، زندگی کے متعلق، صحتمند، حیات بخش۔
حَيَوِيَّة: بالیدگی، زندگی، نشوونما، توانائی، طاقت، تازگی، مستعدی، فعالیت، قوتِ حیات، حیاتی قوت۔
الأَعْضَاءُ الحَيَوِيَّة: وہ اعضاء جو زندگی کے لئے ناگزیر ہوں۔
حَيِيٌّ: شرمیلا۔
تَحِيَّة ج: تَحِيَّات: سلام، خراج عقیدت، خراجِ تحسین، خراجِ عقیدت پیش کرنا۔
تَحِيَّةُ إِكْبَار: خراجِ عقیدت۔
تَحِيَّةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی سلام۔
تَحِيَّةُ القُرَّاءِ إِلَى المَجَلَّة: خراج تحسین، قارئین کا رسالہ کو خراجِ عقیدت۔
تَحِيَّةُ تَقْدِيْر: خراجِ عقیدت۔
مُحَيَّا: چہرہ۔
مُسْتَحْيٍ: شرمیلا۔

خ

خ.....ب

خَبَأَ۔ خَبْئاً: چھپانا۔
اخْتَبَی، تَخَبَّی: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
إِخْبَاءُ الْمُسْتَقْبَلِ لِأَحَدٍ: مستقبل کو تاریک بنانا۔
خَبْءٌ، خَبِيئَةٌ: پوشیدہ چیز، راز۔
خَابِيَةٌ ج: خَوَابٍ: بڑا مٹکا۔
مَخْبَأٌ ج: مَخَابِئُ: پناہ گاہ۔
مَخَابِئُ الْأَسْلِحَةِ: اسلحہ کے ناجائز ذخیرے۔
خَبَبٌ و خَبِيبُ الْحِصَانِ: گھوڑے کی چال۔
خَبَّ۔ خَبّاً و خَبَباً، و خَبِيباً و اخْتَبَّ الْحِصَانُ: دوگامہ چلنا، گھوڑے کا ایک طرف کے دو پیر ساتھ اٹھا کر چلنا۔
خَبُثَ۔ خُبْثاً و خَبَاثَةً و خَبَاثِيَةً: بدباطن ہونا، بدطینت ہونا۔
خُبْثٌ: بدباطنی، کمینہ پن۔
خَبِيثٌ: بدباطن، کمینہ، بدطینت، برا، اذیت رساں۔
خَبِيثُ الرَّائِحَةِ: بدبودار۔

خَبَّرَ و أَخْبَرَ: بتانا، خبر دینا۔
خَبَرَ الْأَمْرَ۔ خُبْراً و خِبْراً: تجربہ سے جاننا، تجربہ کرنا، آزمانا۔
خَبُرَ۔ خُبْراً: تجربہ کار ہونا، تجربہ حاصل کرنا، واقف کار ہونا۔
خَابَرَهُ مُخَابَرَةً: مراسلت کرنا، رابطہ قائم رکھنا، اطلاع بہم پہنچانا، خفیہ اطلاع دینا۔
خَابَرَ و تَخَابَرَ مع: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔
اخْتَبَرَ الْأَمْرَ: جانچنا، آزمانا۔
اخْتِبَارٌ: آزمائش، جانچ، تحقیق، کھوج، امتحان، ٹیسٹ (۲) جانچ پڑتال کرنا ج: اخْتِبَارَاتٌ۔
اخْتِبَارُ الطَّائِرَةِ: ہوائی جہاز کی چیکنگ۔
اخْتِبَارِيٌّ: آزمائشی، تجرباتی، امتحان سے متعلق۔
اخْتَبَرَ الرَّجُلَ: امتحان لینا، ٹیسٹ کرنا۔
اسْتَخْبَرَهُ و تَخَبَّرَهُ: معلومات کرنا، دریافت کرنا۔
اسْتَخْبَرَ عَنْ: سوال کرنا، تحقیق کرنا۔
اسْتِخْبَارٌ: خبر رسانی، سراغ رسانی۔

اِسْتِخْبَارَات: اطلاعات۔
خَبَرٌ ج: اَخْبَارٌ: خبر، حادثہ۔
اَخْبَارٌ: انفارمیشن۔
اَخْبَارٌ مَحَلِّيَّة: لوکل خبریں۔
وِكَالَةُ الأَخْبَار: نیوز ایجنسی۔
خُبْرَةٌ و خِبْرَةٌ: تجربہ، مہارت، واقفیت۔
مُخْبِر: باطن، لیبارٹری۔
مُخْبِر: رپورٹر، خبر رساں۔
مُخْبِرُ الشُّرْطَة: پولیس رپورٹر۔
مُخَابِر: جاسوس، سی آئی ڈی۔
اَلْمُخَابَرَة: سراغرسانی، جاسوسی، انٹیلی جنس ج: مُخَابَرَات۔
مُخَابَرَةٌ تِلِيفُونِيَّة: بذریعہ ٹیلیفون اطلاع رسانی۔
اَلْمُخَابَرَةُ العَسْكَرِيَّة: فوجی محکمہ سراغرسانی۔
اَلْمُخَابَرَةُ المَرْكَزِيَّة: مرکزی انٹیلی جنس۔
اَلْمُخَابَرَاتُ الاَمْرِيكِيَّة: امریکی سراغرسانی۔
اَلْمُخَابَرَاتُ الحَرْبِيَّة: جنگی محکمۂ سراغرسانی۔
اَلْمُخَابَرَاتُ العَامَّة: جنرل سراغرسانی۔
خِبْرَاتٌ فَنِّيَّة: ٹیکنیکل تجربات یا صلاحیتیں۔
خِبْرَةٌ قِتَالِيَّة: جنگی تجربہ، جنگی مہارت۔
اَلْمُخَابَرَاتِ الحَرْبِيَّة: محکمۂ اطلاعاتِ جنگ۔
مُخْتَبِر: تجربہ کار، ماہر، جانچنے والا، ٹیسٹ کرنے والا۔
مُخْتَبَر: تجربہ خانہ، لیبارٹری ج: مُخْتَبَرَاتٌ۔
خَبِيرٌ (قَادِرٌ عَلَى تَقْدِيمِ المَشُورَة): ماہر، اکسپرٹ باصلاحیت، آزمودہ کار، تجربہ کار، واقف کار، ماہر فن (۲) بصیرت رکھنے والا ج: خُبَرَاءُ۔
خَبِيرٌ إِدَارِيّ: انتظامی امور کا ماہر۔
خَبِيرُ اسْتِثْمَارَات: سرمایہ کاری کا ماہر۔
خَبِيرٌ فِي شُئُونٍ كَذَا: معاملات کا ماہر۔
خَبِيرٌ مُثَمِّنٌ بِالمَزَاد: نیلامی کا ماہر۔
خَبِيرٌ مُحَاسِب: ماہر حسابات، اکاؤنٹنٹ۔
خَبِيرٌ مُعَايِن: سرویر، سروے کرنے والا۔
خَبَزَ العَجِينَ ـِ خَبْزاً و اخْتَبَزَ: روٹی پکانا۔
خُبْزٌ ج: اَخْبَازٌ: روٹی، چپاتی، بریڈ۔
خَبَّازٌ: نان بائی، تنور والا۔
مَخْبَزٌ، مَخْبَزَةٌ ج: مَخَابِزُ: روٹی کی دکان، روٹی کا تنور، بیکری، بسکٹوں کا تنور۔
خُبْزٌ إِفْرَنْجِيّ: ڈبل روٹی۔
خُبْزٌ مُضَاعَف: ڈبل روٹی۔
خَبَصَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ ـِ خَبْصاً: ملانا، مخلوط کرنا۔
خَبَطَ ـِ خَبْطاً: زور سے مارنا، دھکے کھانا، بے ہدایت و بصیرت کام کرنا۔
خَبَطَ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
خَبْطَة: ایک ضرب، ایک جھپک۔
خَبَلَ ـُ خَبْلاً و خَبَّلَ تَخْبِيلاً: (۱) پریشان کرنا، دیوانہ بنا دینا (۲) پیچیدگی پیدا کرنا، رکاوٹ ڈالنا، الجھا دینا۔

خَبِلَ ـَ خَبَلاً: عقل زائل ہونا، دیوانہ ہونا، دماغ میں خرابی آنا۔
خَبَلٌ و خَبَلٌ: (۱) جنون (۲) پریشانی۔
مُخَبَّلٌ: پریشان، پیچیدہ، الجھا ہوا (دھاگا وغیرہ الجھا ہوا)۔
خَبُوَ: (ن) آگ کا ٹھنڈا ہونا، بجھنا۔
خَبَّاہ تَخْبِئَةً: آگ کو ٹھنڈا کرنا، بجھانا۔
خِبَاءٌ ج: أَخْبِيَةٌ: خیمہ۔
خِبَاءُ القَمْحَةِ و الشَّعِيْر: بھوسی، گیہوں کی بالوں کا چھلکا۔

ح.....ت

خَتَرَہ ـِ خَتْراً: بے وفائی کرنا، دغا کرنا۔
خَتْرٌ: بے وفائی، بدعہدی، غداری۔
خَتَّار: بڑا بے وفا، بدعہد، غدار۔
خَتَلَ ـُ خَتْلاً وَ خَتْلاناً و خَاتَلَ مُخَاتَلَةً: فریب دینا۔
خَتْلٌ و مُخَاتَلَة: دھوکہ دہی، دھوکہ بازی۔
مُخَاتِل: دھوکہ باز۔
خَتَمَ الشئی و علیہ ـِ خَتْماً و خِتَاماً: مہر لگانا۔
خَتَمَ الإِنَاءَ: برتن کو بند کرنا۔
خَتَمَ العَمَلَ: مکمل کرنا۔
خَتْمٌ: (۱) مہر لگانا (۲) مہر کا نشان، سیل، اسٹامپ۔
خَتْمٌ و خَاتِمٌ ج: خَوَاتِمُ: مہر، مہر کرنے کا آلہ۔
خَتْمُ الاِلْغَاء: منسوخ کرنے کی مہر۔
خَتْمٌ بِالتَّارِيْخ: ڈیٹر، ڈیٹ اسٹامپ۔
خَتْمُ بَرِيْدٍ: ڈاک خانہ کی مہر۔
خَتْمٌ بالشَّمْع: لاک کی مہر۔
خَتْمُ التَّارِيْخ: ڈیٹر، ڈیٹ کی مہر، تاریخ کی مہر۔
خَتْمُ مَطَّاطٍ: ربڑ اسٹامپ۔
خَتْمٌ مَطَّاطِيٌّ: ربڑ اسٹامپ۔
خَتْمُ الوَقْت: ٹائم اسٹامپ۔
خِتَامٌ: انتہاء، اخیر، خاتمہ، پچھلا حصہ، اختتام، لاسٹ۔
فِي الخِتَام، خِتَامًا: اخیر میں۔
خِتَامِيٌّ: آخری، انتہائی، اختتامی، فائنل۔
خَتَّامَة، خَبَّارَةُ الخَتْم: اسٹامپ پیڈ، مہر کی سیاہی کی ڈبیہ۔
مَخْتُوم: (۱) مہر لگا ہوا (۲) سربمہر، سیل بند۔
مَخْتُومٌ بِخَتْمِ فُلَانٍ: فلاں کی مہر لگی ہوئی چیز۔
خَتَنَ ـُ خَتْناً و خِتَاناً و خِتَانَةً: (۱) کاٹنا (۲) ختنہ کرنا۔
خَتْنٌ و خِتَانٌ و خِتَانَة: ختنہ کا پیشہ۔
خَتَنٌ ج: أَخْتَانٌ: داماد۔
خَتِيْنٌ و مَخْتُونٌ: ختنہ شدہ۔
خَاتُوْن: (ف) ج: خَوَاتِيْن: عورت، بیگم، لیڈی۔

ح.....ث

خَثَرَ ـُ الدَّمُ وغَيْرُہ خَثْراً و خَثْراً و خُثُوراً و خَثَراناً و تَخَثَّر: گاڑھا ہونا، جم جانا، غاظت آجانا۔
خَثُرَ اللَّبَنُ: دہی بن جانا۔
خَثَّرَ و أَخْثَرَ: جمانا، گاڑھا کرنا، دہی جمانا۔
خُثَارَةُ الشَّئی: تلچھٹ، کسی چیز کا باقی ماندہ گاڑھا

حصہ۔
خاثِر، مُخَثَّر: منجمد، دہی بنا ہوا۔
خاثِرَة: خون کا تھیکا۔

ح.....ج

خَجِلَ ـ خَجَلاً و خَجْلَةً: شرمانا، شرم آنا، شرمندہ ہونا۔
خَجَّلَه و أخْجَلَه: (۱) شرم دلانا (۲) رسوا کرنا، بدنام کرنا۔
خَجَلٌ: (۱) شرم (۲) رسوائی، جھجک۔
خَجِلٌ، خَجْلان، مَخْجُوْل: شرمیلا، شرمندہ۔
خَجُوْلٌ: شرمیلا، ڈرپوک۔
مُخْجِلٌ: رُسوا کن۔

خ.....و

خَدَّ الأرْضَ ـُ خَدّاً: زمین کو ہل کے ذریعہ کھودنا۔
خَدَّ و تَخَدَّدَ الجِلْدُ وغَيْرُه: (تکرّش) سکڑ جانا، سمٹ جانا، جھرّی پڑ جانا۔
خَدٌّ ج: خُدُوْدٌ: رخسار۔
خَدٌّ، خُدَّة، أخْدُوْدٌ ج: أخادِيْدُ و خُدَد: گڑھا، لمبا گڑھا۔
مِخَدَّة: (۱) تکیہ (۲) گدّا۔
خَدِرَ ـَ خَدَراً: (بدن کے حصہ کا) سن ہونا۔
خَدَّرَه تَخْدِيْراً: سن کر دینا۔
خَدَّرَه و أخْدَرَ: (۱) بے ہوش کر دینا، مدہوش کرنا (۲) پردہ میں بٹھانا، پردہ نشین بنانا۔
خِدْرٌ ج: أخْدار و خُدُوْر: پردہ، خاتون کی خلوت گاہ۔
خَدَرٌ، خُدْرَة: بے حسی، بے ہوشی۔
خَدِرٌ، مُخَدَّرٌ: سن، بے ہوش۔
مُخَدِّر: نشہ آور، سن کرنے والا۔
مُخَدِّرات: نشہ آور اشیاء۔
مُخَدَّرٌ: نشہ والا (معمولی درجہ کا)۔
مُخَدَّرَة: پردہ نشیں عورت، خلوت نشین عورت۔
خَدَشَ ـِ خَدْشاً و خَدَّشَ: خراش لگانا، کھسوٹنا، نوچنا، پارہ پارہ کرنا، مجروح کرنا۔
خَدَشَ السُّمْعَةَ: شہرت کو مجروح کرنا۔
خَدَعَ ـَ خَدْعاً: دھوکہ دینا، فریب دینا، چال چلنا۔
اِنْخِدَاع: دھوکہ کھانا، فریب میں آنا۔
خُدْعَةٌ ج: خُدَعٌ: چال، دھوکہ۔
خُدْعَةٌ لَطِيْفَة: عمدہ چال۔
خَدِيْعَةٌ و خِدَاعٌ: دھوکہ دہی، نفاق۔
خِدَاعُ البَصَر: فریبِ نظر۔
خَدَّاع، مُخَادِع: دھوکہ باز، فریب کار۔
خِدَاعِيّ: پُرفریب۔
خَيْدَعٌ: سراب۔
مَخْدَعٌ ج: مَخَادِع: کمرہ، چیمبر۔
مَخْدُوْع: فریب خوردہ۔
خَدِلَ ـَ خَدَلاً: سُن ہو جانا۔
خَدَمَه ـُ خِدْمَة: خدمت کرنا، کسی کا کام کرنا۔
خَدَمَ الأرْضَ: زمین کو قابل کاشت بنانا۔
اِسْتِخْدَام: (۱) خدمتگار بنانا (۲) استعمال کرنا (۳) کام لینا، خدمت لینا (۴) نوکر رکھنا (۵) کسی کا نوکر ہو جانا، خدمت پر مامور ہو جانا۔

اِسْتِخْدَامُ حَقِّ الفِیْتُو: ویٹو استعمال کرنا۔
اِسْتِخْدَامُ السُّلُطَات: اختیارات سے کام لینا۔
اِسْتِخْدَامُ قَنَابِلِ الغَازِ المُسِیْلِ لِلدُّمُوْعِ: آنسو گیس کے گولے استعمال کرنا۔
اِسْتِخْدَامُ القُوَّة: طاقت استعمال کرنا، طاقت کا استعمال۔
اِسْتِخْدَامُ النُّفُوْذ: اثر ورسوخ استعمال کرنا۔
اِسْتِخْدَامُ الهِرَاوَات: لاٹھی چارج کرنا۔
خَدَمٌ، خُدَّام: خدمتگاران۔
خِدْمَة: کام، مدد، نوکری، استعمال۔
الخَدَمُ المَنْزِلِیُّوْنَ فی السِّفَارَة: سفارت خانہ کا لوکل اسٹاف، مقامی اسٹاف۔
خِدْمَة: کارکردگی، صلاحیت، سروس۔
خِدْمَةٌ تَعْوِیْضِیَّة: معاوضہ کا کام۔
خِدْمَةٌ جَوِّیَّة: فضائی سروس۔
الخِدْمَةُ الذَّتِیَّة: سیلف سروس۔
خِدْمَةٌ عَسْکَرِیَّة: فوجی سروس، ڈیوٹی۔
الخِدْمَةُ فی الفَنَادِقِ و المَطَاعِمِ: ہوٹلوں یا ریسٹورنٹوں کی سروس۔
خِدْمَةٌ مَدَنِیَّة: سول سروس۔
خِدْمَةُ المَصْلَحَة: مفاد کے لئے کام کرنا۔
خِدْمَةٌ مَنْزِلِیَّة: گھریلو کام کاج۔
خِدْمَةُ النَّفْس: سیلف سروس۔
خِدْمَةٌ وَطَنِیَّة: نیشنل سروس۔
خَدَمَاتٌ اجْتِمَاعِیَّة: سوشل سروس۔
خَدَمَاتُ البَرِیْد: میل سروس۔
خَدَمَاتٌ تَعْلِیْمِیَّة: ایجوکیشنل سروس۔
الخَدَمَاتُ الجَوِّیَّةُ الخَاصَّة: پرائیویٹ فضائی سروس۔
خَدَمَاتُ الدِّفَاع: ڈیفنس سروس۔
خَدَمَاتٌ سِیَاحِیَّة: ٹورسٹ سروس۔
خَدَمَاتٌ صِحِّیَّة: ہیلتھ سروس۔
خَدَمَاتٌ عَامَّة: پبلک سروس۔
فِی خِدْمَتِکُمْ: آپ کے تابع۔
خَدَّام، خَادِم: خدمتگار، نوکر، کاریگر، م: خَادِمَة، خَدَّامَة۔
مُسْتَخْدَمٌ: (۱) ملازم، نوکر، کارکن (۲) مستعمل۔
خَادِمِیَّة: ملازمت، نوکری۔
اِسْتِخْدَام: استعمال۔
مُسْتَخْدَمُوْن: اسٹاف۔
مُخَدَّم: ہموار۔
فی الخِدْمَة: اون ڈیوٹی۔
خِدْنٌ ج: اَخْدَان: دوست، ساتھی۔
خَادَنَهُ مُخَادَنَةً: دوستی کرنا۔
الخِدِیو: (ترکی) وائسرائے، مصر کے سابقہ فرماں رواؤں کا لقب جو سلطان ترکی کے تابع ہوتے تھے۔

خ ذ

خُذْرُوْف ج: خَذَارِیْف: پھرکی، لٹو۔
خَذَفَ ـِ خَذْفًا: کنکریاں یا پتھر وغیرہ پھینکنا۔
خَذَلَ ـُ خَذْلًا و خُذْلًا: (۱) چھوڑنا، دست بردار ہونا، دست کش ہونا (۲) غالب ہونا۔

خَذَلَہ ـُ خِذْلاناً: بھانڈا پھوڑنا، بے نقاب کرنا، بھرم کھولنا، بے یارو مددگار چھوڑنا، فیل کرنا۔
خُذْلانُ مَساعِی اَحَدٍ: کوششوں کو ناکام بنانا۔
اِنْخِذال: بے یارومددگار رہ جانا، تنہا رہ جانا۔
تَخاذُل: پیچھے ہٹنا۔
مُتَخاذِل: شکست پسند۔

خ.....ر

خِراءٌ، خُرْءٌ: پرندہ کی بیٹ۔
خَرِئَ ـَ خَرْأً و خَراءَةً: بیٹ کرنا، پاخانہ کرنا۔
خَرَبَ ـِ خَرْباً و خَرَّبَ: ویران کرنا، اُجاڑنا، برباد کرنا۔
خَرِبَ ـَ خَرْباً و خَرابا: ویران ہونا، اجڑنا، برباد ہونا۔
تَخَرَّبَ: ویران ہونا، منہدم ہونا، اجڑنا۔
خُرْبُ الإبْرَة: سوئی کا سوراخ۔
خَرِبٌ، مُتَخَرِّبٌ: منہدم۔
خَرِبٌ و خَرْبانٌ: (دا) مرمت طلب، اصلاح طلب۔
خَرْبٌ و خَرابٌ: (۱) ویران، غیر آباد (۲) بربادی، تباہی۔
خَرابٌ: ویران، تباہ شدہ، اُجاڑ، آدم نہ آدم زاد۔
خِرْبَة، خَرِبَة (دا) خَرابَة: ویران جگہ، ویرانہ، کھنڈر ج: خَرائِبُ۔
خَرُّوبَة: گیہوں کے دانے کا چوبیسواں حصہ۔
خارِبٌ، مُخَرِّبٌ: تباہ کن، تخریبی، اجاڑنے والا، تباہ کرنے والا۔
خَرابٌ شامِلٌ: مکمل بربادی۔
التَخْرِیبُ و التَّدْمِیرُ: تباہی و بربادی۔
خَرْبَشَة: خراب کرنا، فاسد کرنا، بگاڑنا، بے پروائی سے لکھنا۔
خَرْبَقَة: خراب کرنا، بگاڑنا۔
خَرَتَ ـُ خَرْتاً: سوراخ کرنا۔
خَرْتٌ ج: أخْراتٌ: سوئی وغیرہ کا ناکہ، سوراخ۔
خَرْتِیتٌ: (دا) گینڈا، ایک سمندری جانور۔
خَرَجَ ـُ خُرُوجاً: (۱) نکلنا، باہر ہونا (۲) نمودار ہونا، ضد غَابَ (۳) ابھرنا۔
خَرَجَ بہ: نکالنا، ابھارنا۔
___ علیہ: سامنے آنا۔
___ علی الحَاکِم أو الحُکُومَة: بغاوت کرنا۔
___ عنہم: الگ ہونا، مخالف ہونا۔
إخْراج: پھینکنا، بھیجنا، وجود میں لانا، منظر عام پر لانا، تیار کرنا، باہر نکلنا، حذف کرنا، مستثنیٰ کرنا (۲) برطرفی، تیاری۔
إخْراجُ المجلَّة: رسالہ تیار کرنا۔
تَخَرَّجَ: سند فراغ حاصل کرنا، علم حاصل کرنا، تعلیم پانا، گریجویٹ ہونا۔
تَخَرَّجَ فی مَدْرَسَةٍ: کسی مدرسہ کا فاضل یا سند یافتہ ہونا۔
اسْتِخْراج: نکالنا، مسئلہ حل کرنا، اخذ کرنا۔
مُتَخَرِّجٌ، خِرِّیجٌ: سند یافتہ، فاضل،

فارغ التحصیل، گریجویٹ۔
تَخْرِیْج: گریجویٹ بنانا، فاضل بنانا، نکالنا، دھتکارنا، حذف کرنا، مستثنیٰ کرنا، ٹریننگ دینا، سندِ فضیلت عطا کرنا، گریجویشن۔
تَخْرِیْجُ دَفْعَةٍ: کھیپ تیار کرنا۔
تَخَارَجَ عَنْ حَقٍّ: دست بردار ہونا، کسی حق کو چھوڑ دینا۔
تَخَارُج: دست برداری، دست کشی۔
خُرُجّ ج: اَخْرَاجّ: تھیلی۔
خَرْجّ (ضد دَخْل): خرچ۔
خَرْجُ الجُنْدِیّ: سپاہی کا راشن۔
خَرْجّ و خَرَاجّ: ٹیکس، مال کی ایک مقررہ مقدار جو زمین کے ٹیکس کے طور پر لی جاتی ہے۔
خَرْجَة: ابھار۔
خَرْجَةٌ فی بِنَاءٍ: عمارت کا ابھار یا پھولن۔
خُرَاجّ: (دُمَّل) پھنسی، پھوڑا۔
خَارِجّ: باہر۔
خَارِجَ الخِدْمَة: آف ڈیوٹی، بلا ڈیوٹی، ڈیوٹی پر نہیں۔
خَارِجَ دَائِرَةِ الاِخْتِصَاص: دائرۂ اختیار سے باہر۔
خَارِجٌ عَلَی الحِزْب: پارٹی کا باغی۔
خَارِجٌ عَنِ المَوْضُوْع: خارج از بحث۔
خَارِجَ المُنْشَأة: آؤٹ ڈور۔
خَارِجَ نِطَاقٍ: وِداؤٹ، دائرہ سے باہر۔
خَارِجًا: باہر، باہر کی جانب۔
خَارِجِیّ: بیرونی، پردیسی، غیر ملکی۔
وِزَارَةُ الخَارِجِیَّة: وزارت خارجہ۔
خَرِّیْجُ جَامِعَةٍ: گریجویٹ، یونیورسٹی کا فاضل۔
خَرِّیْجُ کُلِّیَّةٍ: گریجویٹ، کالج کا ڈگری یافتہ۔
مَخْرَجّ ج: مَخَارِج: گزرگاہ، باہر نکلنے کا دروازہ (ضد مَدْخَل) روشن دان، کھڑکی، راہِ فرار۔
مُخْرِجّ سِیْنَمَائِیّ: فلم تیار کرنیوالا۔
خُرُوْج: ایگزٹ EXIT (باہر جانے کا راستہ)۔
خُرُوْجّ الی جَانِبِ العَدُوّ: دشمن سے ملنا۔
الخُرُوْجُ علی (حِزْبٍ مَثَلاً): بغاوت کرنا۔
الخُرُوْجُ علی شَیْءٍ: خلاف ورزی کرنا۔
الخُرُوْجُ عَنْ إِطَارِ المُهِمَّة: دائرۂ کار سے تجاوز کرنا۔
الخُرُوْجُ مِنَ المَخْرَجِ الطَّبِیْعِیّ: اصل راستہ سے نکلنا۔
خَرْخَرَة: خراٹے لینا۔
خَرِدَتِ البِنْتُ ـَخْرَدًا: باکرہ ہونا۔
خَرِیْدّ و خَرُوْدّ: باکرہ ج: خَرَائِدُ و خُرُد۔
خُرْدَوَات: (۱) سامان، خردہ، متفرق سامان۔
خُرْدَوَات: (۲) عورتوں کا ضروری سامان (دا)۔
خُرْدَجِیّ: خُردہ فروش۔
خَرْدَلّ: رائی۔
خَرْدَلَة: رائی کا دانہ۔

خَرَّ ـُ خَرّاً و خُرُوراً: نیچے گرنا، زمین پر گرنا (۲) سجدہ میں گرنا (۳) خراٹے لینا۔
خَرَّ الماءُ ـِ خَرِيرًا: پانی بہنے کی آواز ہونا۔
خَرِيرُ المَاء: پانی بہنے کی آواز۔
خَرَزَ ـُ خَرْزاً: سوراخ کرنا، سینے کے لئے سوراخ کرنا۔
خَرَزٌ و: خَرَزَة: تسبیح کا دانہ، مہرہ، سوراخ دار دانہ۔
خَرَزَةُ البِئْر: کنویں کی مینڈ۔
مِخْرَزٌ ج: مَخَارِز: ستاری، آر۔
خَرِسَ ـَ خَرَساً: گونگا ہونا، خاموش ہونا، سکوت اختیار کرنا، زبان بند ہونا۔
إخْرَاس: گونگا بنانا، خاموش کرنا۔
أَخْرَسُ ج: خُرْسٌ: گونگا، بے آواز۔
خَرَسٌ: گونگا پن، خاموشی۔
خَرَسَان، خَرَسَانَة: کنکریٹ۔
خَرَسَانٌ مُسَلَّح: لوہا ملی ہوئی کنکریٹ۔
خَرَشَ ـِ خَرْشاً: خراش لگانا، مکھی کا کاٹنا۔
خَرَصَ ـُ خَرْصاً: جھوٹ بولنا، تخمینہ کرنا، اندازہ لگانا، اٹکل و اندازہ سے بات کہنا۔
تَخَرَّصَ علی: الزام لگانا، تہمت لگانا، افترا پردازی کرنا۔
خَرَّاص: جھوٹا، افترا پرداز، اٹکل اور اندازہ سے بات کہنے والا۔
خَارِصِين: توتیا، جست۔
خَرَطَ الخَشَبَ أو المَعْدِنَ بِالمِخْرَطَةِ ـُ خَرْطاً: (۱) خراد پر چڑھانا (۲) کسی کام پر لگانا (۳) جھوٹ بولنا۔
اسْتَخْرَطَ فی البُکاء: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
انْخِرَاط: منسلک ہونا، لڑی میں پرو جانا۔
انْخِرَاطٌ فِی العَمَل: منہمک ہو جانا۔
خَرْطٌ وَ خِرَاطَة: خراد کا کام یا پیشہ۔
خَرَّاطُ الخَشَبِ أو المَعْدِن: خراد کرنے والا۔
مِخْرَطَةٌ: خراد کی مشین ج: مَخَارِط۔
خَرِيطَةٌ، خَارِطَة ج: خَرَائِط: (۱) جغرافیائی نقشہ (۲) نقشہ، میپ، چارٹ (۳) سیاہی کا تھیلا، بیگ۔
مَخْرُوط: مخروطی شکل کا۔
خَارِطَةٌ تَنْظِيمِيَّة: تنظیمی چارٹ۔
خَرِيطَةٌ لِمَدِينَة: شہر کا نقشہ۔
خَرْطُوش و: خَرْطُوشَة: کارتوس۔
خُرْطُوم ج: خَرَاطِيم: سونڈ۔
خُرْطُومُ المَاء: پانی کا پمپ۔
خَرِعَ ـَ خَرَعاً و انْخَرَعَ: کمزور ہونا، ٹوٹنا، پھٹنا، ست ہو جانا۔
خَرَعَ ـَ خَرْعاً: پھاڑنا۔
خَرُعَ ـُ خَرَاعَةً: ڈھیلے جسم کا ہونا، بدن کا ڈھیلا ہونا، ست ہو جانا۔
خَرِيعٌ، خَرِعٌ: ڈھیلا، کمزور، ست۔
اخْتِرَاع: ایجاد کرنا، نئی چیز بنانا۔
مُخْتَرِع: موجد، بانی۔
خَرِفَ ـُ خَرَفاً و خَرَافَةً: بڑھاپے یا بیماری سے سٹھیا جانا (۲) کم عقل ہونا، مخبوط الحواس ہونا۔
خَرَف: سٹھیاپا، بے عقلی، مخبوط الحواسی۔
خَرِف: سٹھیایا ہوا، کم عقل، مخبوط الحواس۔

خُرَافَة: (۱) کم عقلی کی بات (۲) غلط اعتقادی (۳) افسانہ جو لوگوں میں مشہور ہو (۴) بے سروپا بات، جھوٹ و دروغ، وہمی اور خیالی چیز ج: خُرَافَات۔

خُرَافِیّ: من گھڑت، بے حقیقت، بے سروپا، مبنی بر اوہام (۲) لغو و بیہودہ، لایعنی (۳) ناقابل اعتبار۔

خَرُوْف ج: خِرْفَان و أَخْرِفَة: (۱) مینڈھا، دُنبہ (۲) بکری کا بچہ (بڑا)۔

خَرِیْف: خزاں، پت جھڑ، ماہ اگست سے اکتوبر تک۔

خَرِیْفِیّ: خزاں کا، فصلِ خریف کا۔

خَرِقَ ـَـ خَرَقَةً و خُرْقاً: بیوقوف ہونا۔

خَرَقَ ـُـ خَرْقاً و خَرَّقَ: پھاڑنا (۱) روشن دان کھولنا، کھڑکی کھولنا، سوراخ کرنا۔

خَرَقَ العَادَةَ: فوق العادت کام کرنا۔

خَرَقَ و اخْتَرَقَ الشیٔ: کسی چیز کو پار کرنا، پاس کرنا، مجمع کو چیر کر نکلنا۔

خُرْق: بیوقوفی۔

خَرْق: سوراخ، پھٹن، پنکچر (۲) خلل اندازی، خلاف ورزی۔

خِرْقَة ج: خِرَق: چیتھڑا، دھجی، چندی، پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔

خَارِق: آر پار، پھاڑنے والا۔

خَارِقُ الطَّبِیْعَة: مخالفِ فطرت۔

خَارِقُ العَادَة: فوق العادت۔

خَرْقُ الاتِّفَاقِیَّة: معاہدہ کی خلاف ورزی۔

خَرْقُ امْتِیَازَاتِ بَرْلَمَانِیَّة: پارلیمنٹری مراعات شکنی۔

خَرْقُ حُرْمَةٍ: وقار کو مجروح کرنا، بے حرمتی۔

خَرْقُ قَانُوْنِ الحُکُوْمَة: سرکاری قانون کی خلاف ورزی۔

خَرْقٌ لِحُقُوْقِ الأُنْسَان: انسانی حقوق کی خلاف ورزی۔

خَرْقاً لِلْمَادَّة: (س): دفعہ (س) کی خلاف ورزی کرتے ہوئے (مثلاً)۔

إخْرَاق: بے وقوف بنانا۔

اخْتِرَاق: آر پار ہونا، پھٹنا، سوراخ ہونا (۲) پھاڑنا، چیرنا، پار کرنا (۳) خلاف ورزی۔

اخْتِرَاقُ الحُرْمَة: بے عزتی کرنا۔

خَارِق: غیر معمولی۔

خَرَمَ ـُـ خَرْمًا و خَرَّم: سوراخ کرنا۔

خَرَمَ: (وا) راستہ کو مختصر کرنا، کسی کام کے لئے مختصر راستہ اختیار کرنا (۲) حساب غلط ہونا، حساب میں غلطی ہونا۔

خَرْم: پنچ، پنچنگ، سوراخ کرنا۔

اخْتِرَام: ہلاک کرنا۔

اُخْتُرِمَ: ہلاک کرنا۔

خُرْم: سوراخ۔

خُرْمُ الإبْرَة: سوئی کا ناکہ۔

خَرَّامَة: برما، چھید نے یا سوراخ کرنے کا اوزار۔

تَخْرِیْمَة: مختصر راستہ۔

مُخَرَّم: سوراخ دار۔

خِرْنِق: چھوٹا خرگوش۔

خُرُوْشُوف: خراشیف، خروشچیف، روسی نام۔

خ.....ز

خَزَرَ ـَـ و خَزَرَ ـُـ خَزْراً: کنکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا (۲) آنکھ کا

چھوٹا ہونا۔
اَخْزَرُ: چھوٹی آنکھ والا۔
خَیْزُرَان: بانس، نرسل۔
خَیْزُرَانَة: (بانس کی) لاٹھی۔
خَزَّ ـُ خَزّاً و اخْتَزَّ: چوکا مارنا۔
خَزٌّ: اَخْزَاز: ریشم، ریشم اور اون کا بنا ہوا کپڑا۔
خُزَعْبَلٌ، خُزَعْبَلَة: افسانہ جو عام طور پر مشہور ہو، داستان، بے حقیقت بات۔
خُزَعْبَلِیٌّ: افسانوی، من گھڑت، مذاقی۔
خَزَفٌ: ٹھیکرا، پکی ہوئی مٹی۔
خَزَفِیٌّ: پختہ مٹی کا بنا ہوا۔
آنِیَةٌ خَزَفِیَّة: مٹی کے برتن۔
خَزَّافٌ: کمہار، مٹی کے برتن فروخت کرنے والا۔
خَزَقَ الشَّیْءَ و فیه ـِ خَزْقاً: گاڑنا، نیزہ مارنا، تیر مارنا۔
خَازِقٌ: نیزہ زن۔
خَزَلَ ـِ خَزْلاً: کاٹنا۔
اخْتَزَلَ الکَلَامَ: کلام کو مختصر کرنا، شاٹ کرنا، اشاروں میں کلام کرنا۔
اخْتَزَلَ بِرَأْیِه: خود رائے ہونا، اپنی رائے میں منفرد ہونا۔
اخْتِزَال: اختصار، مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
کِتَابَةُ الاخْتِزَال: فنِ مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
کَاتِبُ الاخْتِزَال: مختصر نویس، اسٹینو گرافر، شارٹ ہینڈ کلرک۔
المُخْتَزِل (کَاتِبُ الاخْتِزَال): اسٹینوگرافر۔
مُخْتَزِل و کَاتِبٌ علی الآلَةِ الکَاتِبَة: شارٹ ہینڈ ٹائپسٹ۔
اخْتِزَالِیّ: مختصر نویسانہ۔
خَزَمَ الأنْفَ ـِ خَزْماً: ناک میں نکیل ڈالنا، تابع بنالینا۔
خِزَامُ الأنْفِ: ناک کا چھلا، نتھ، نکیل۔
خَزَنَ ـُ خَزْناً و خَزَّنَ و اخْتَزَنَ: (۱) جمع کرنا (۲) ذخیرہ کرنا، اسٹاک کرنا، گودام میں رکھنا۔
خَزَنَ و اخْتَزَنَ الطَّرِیْقَ: راستہ کو مختصر کرنا۔
خَزَنَ وَ اخْتَزَنَ السِّرَّ: راز کو محفوظ رکھنا۔
اخْتِزَان: اسٹاک، ذخیرہ کرنا، محفوظ کرنا۔
خَزَّنَ القِطَارَ الحَدِیْدِیَّ: ریل گاڑی کو بند کرنا، روکنا۔
خَزْنٌ و تَخْزِیْنٌ: ذخیرہ اندوزی۔
خَزْنَةٌ، خِزَانَة: گنجینہ، نعمت خانہ، برتن وغیرہ کی الماری۔
خِزَانَة: ٹریزری، لاکر، الماری، تجوری۔
خِزَانَةُ الاحْتِرَاق (فی مِرْجَلٍ او قَاطِرَةٍ): فائر بکس۔
خِزَانَةٌ حَدِیْدِیَّة: لوہے کی الماری، سیف۔
خِزَانَةٌ حَدِیْدِیَّةٌ للحِفْظ: سیف ڈپازٹ بکس۔
خَزَانَةُ الثِّیَاب: کپڑوں کی الماری یا کپڑوں کا کمرہ۔
خِزَانَةُ الکُتُب: کتابوں کی الماری۔
خَزِیْنَةُ حَدِیْدٍ: تجوری، روپیہ وغیرہ رکھنے کی لوہے کی الماری۔

خَزِیْنَة ج: خَزَائِنُ: خزانہ، بیت المال۔
خَزَّانُ الْمِیَاہ: (۱) بند، ڈیم (۲) حوض، تالاب۔
خَازِنٌ: خزانچی۔
مَخْزَنْجِیْ (أَمِیْنُ الْمَخْزَن): اسٹور کیپر، منتظم گودام (دا)۔
مَخْزُوْن: ذخیرہ، اسٹاک۔
الْمَخْزُوْنُ الْعَازِل: محفوظ اسٹاک۔
مُخْزُوْنٌ نَفِدٌ: ختم ہونے والا اسٹاک۔
مَخْزُوْنَات: ذخیرے، اسٹاک۔
مُخْتَزِن: ذخیرہ اندوز۔
مُخْتَزَن: اسٹاک۔
مُخْزَن: گودام، اسٹور، مکان، مال خانہ، شیڈ، شاپ، دوکان، اسٹور روم، اسٹور ہاؤس، ڈپو، اسٹاک روم ج: مَخَازِنُ۔
مَخْزَنُ اَدْوِیَة: فارمیسی، میڈیکل اسٹور، دواخانہ۔
مَخْزَنُ الْاِیْدَاع: امانت گودام۔
مَخْزَنُ تَبْرِید: کولڈ اسٹور۔
مَخْزَنُ فَحْم: کوئلہ کا اسٹاک۔
مَخْزَنُ کُتُب: کتب خانہ، بک اسٹور۔
مَخْزَنٌ لِلْبَضَائِع: میگزین، سامان خانہ، مال گودام۔
مَخْزَنٌ لِلْغَلَال: غلہ کا گودام۔
مَخَازِنُ التَّمْوِیْن: سپلائی کے گودام۔
مَخَازِنُ الْجَیْش: فوج کا اسلحہ خانہ۔
مَخَازِنُ الطَّرِیْق: مختصر اور قریب ترین راستے۔
خَزِیَ ـَ خَزًی و خِزْیاً و خَزَایَةً: رسوا ہونا، ذلیل ہونا، شرمندہ ہونا۔
خَزَی ـِ خَزْیاً و أَخْزَی: بدنام کرنا، شرمندہ کرنا۔
خِزْیٌ: رسوائی، بدنامی، شرمندگی، عار۔
خَزْیَانٌ، مَخْزِیٌّ: بدنام، رسوا، شرمندہ۔
الْمَخْزِیُ: شیطان۔
مُخْزٍ: رسوا کن، بدنام کن۔

خ س

خَسَأَ ـَ خَسْأً: کتے کو دھتکارنا، تنہائی میں ظلم کرنا (۲) دور کرنا۔
خَسِیَ ـَ خَسَأً: دور ہونا، دھتکارا جانا۔
خَسِرَ ـَ خُسْراً و خَسَارَةً: (۱) نقصان اٹھانا (۲) گمراہ ہونا (۳) ضائع ہونا (۴) ہلاک ہونا۔
خَسَّرَ ـِ خَسْراً: ضائع کرنا، نقصان کرانا، خسارہ میں مبتلا کرنا۔
خُسْرٌ، خَسَارَةٌ، خُسْرَانٌ: نقصان، ضرر، ہلاکت۔
خَسَارَةٌ جُزْئِیَّة: جزوی نقصان۔
خَسَارَةٌ صُوْرِیَّة: ظاہری نقصان۔
خَسَارَةٌ فَادِحَة: زبردست نقصان۔
خَسَارَةٌ فِی الْاَرْوَاح: جانی نقصان۔
خَسَارَةٌ مَادِّیَّة: مالی نقصان۔
خَسَائِرُ بَشَرِیَّة: افرادی نقصان۔
خُسْرَانُ الانْتِخَاب: الیکشن ہارنا۔
خُسْرَانُ الْحَرْب: جنگ ہارنا۔
خُسْرَانُ الدَّوْلَةِ مَلْیُوْنَ رُوْبِیَة: ملک کو دس لاکھ روپے کا نقصان ہوا (مثلاً)۔
خُسْرَانُ الرِّهَان: بازی ہارنا۔
خُسْرَانُ الْمَعْرَکَة: جنگ ہارنا۔

خُسْرَانُ المَعْرَکَةِ بالشَّرَف: باعزت طور پر لڑائی ہارنا۔
خَاسِرٌ: نقصان اٹھانے والا۔
خَاسِرُ المَعْرَکَةِ: جنگ کا ہارا ہوا۔
مُخْسِرٌ: ضرر رساں، موجب خسارہ، خلافِ مفاد۔
خَسَّسَ و خَسَّ ـُ خَسّاً: کم کرنا۔
خَسَّ ـَ خَسَاسَةً: ذلیل ہونا۔
خَسَّة، خَسَاسَة: دناءت۔
خَسِیسٌ: کمینہ، رذیل۔
خَسَفَ ـِ خُسُوفاً و انْخَسَفَ: دھنس جانا، نیچے اتر جانا، چاند کو گہن لگنا۔
خَسَفَ الأَرْضَ: دھنسا دینا۔
خَسْفٌ: ذلت۔

خ.....ش

خَشَّ ـُ خَشّاً: داخل ہونا۔
خَشَّبَ و تَخَشَّبَ و اخْشَوْشَبَ: لکڑی بن جانا، لکڑی کی طرح سخت ہو جانا۔
خَشَبٌ ج: اَخْشَاب: لکڑی۔
خَشَبُ البِنَاءِ: عمارتی لکڑی۔
خَشَبِیٌّ: لکڑی کا۔
خَشَبَةٌ ج: خَشَبَات: لکڑی کا تختہ۔
خَشَبَةُ المَسْرَح: ڈرامہ اسٹیج، ڈرامہ ہال کا اسٹیج۔
خَشَّاب: لکڑی فروش۔
خَشِیبٌ: بغیر پالش کا۔
مُتَخَشِّب: خشک، لکڑی کے مانند۔
خَشْخَشَة: ہتھیار یا زیور وغیرہ کی آواز، جھنکار (۲) دھماکہ ہونا۔
خَشْخَاش: پوست، پوست کا پودا۔
خَشَعَ ـَ خُشُوعاً: گڑگڑانا، اظہار عجز کرنا۔
خَشَعَ بِبَصَرِہ: نگاہ نیچی کرنا۔
خَشَفَ الماءُ ـُ خُشُوفاً: (پانی کا) جم جانا۔
خَشَّفَ تَخْشِیفاً: راہ نمائی کرنا۔
خُشْفٌ: ہرنی کا بچہ۔
خَشُنَ ـُ خُشُونَةً و خُشْناً و خَشَانَةً: کھردرا ہونا سخت ہونا۔
تَخْشِین: کھردرا بنانا، سخت بنانا۔
خَشِنٌ: سخت، کھردرا، موٹا، معمولی، سادہ، خشک۔
خَشِنُ الأَخْلَاق: بدمزاج، سخت مزاج، بداخلاق۔
خُشُونَةٌ و خَشَانَة: کھردرا پن، سختی، سادگی۔
خَشِیَ ـَ خَشْیَةً: ڈرتے رہنا، ڈرنا۔
خَشْیَة و خَشِیٌّ: خوف، ڈر۔
خَشْیَةَ أَنْ: اس خوف سے، اس ڈر سے کہ۔
خَاشٍ و خَشْیَانٌ: ڈر رکھنے والا، خائف رہنے والا۔

خ.....ص

خَصِبَ المَکَانُ ـَ خِصْباً و أَخْصَبَ: سرسبز ہونا، زرخیز ہونا۔
خِصْبٌ: خوشحالی، شادابی، زرخیزی۔
خُصُوبَةٌ: پیداواری صلاحیت۔
اخْتَصَرَ و تَخَصَّرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔
اخْتَصَرَ الکَلَامَ: بات کو مختصر کرنا۔
اخْتَصَرَ الطَّرِیقَ: راستہ کو مختصر کرنا، قریب کا راستہ چلنا۔
الخَاصِرَة: پہلو (۲) پہلو کا درد۔
مُخْتَصَر: سمری، خلاصہ۔
خَصَّصَ تَخْصِیصاً: محدود کرنا، خاص مقصد

کے لئے متعین کرنا، منفرد کرنا، مخصوص کرنا۔

خَصَّ الشیٔ ـُ خَصاً و خُصُوصاً و خُصُوصِیَّۃً: مخصوص کرنا، خاص کرنا۔

خَصَّ و اختَصَّ بہ: متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا۔

خَصَّہٗ ـُ خَصاً: متعلق ہونا، حق ہونا، حصہ ہونا (ألا یَخُصُّکَ أنْ تَجلِسَ المَجلِسَ)۔

تَخَصَّصَ و اختَصَّ بکذا: منفرد ہونا، امتیاز حاصل کرنا، مہارت حاصل کرنا۔

تَخَصُّصٌ بفَرعٍ مِنَ العِلمِ: کسی علمی شعبہ کا ماہر ہونا، منفرد ہونا، امتیاز حاصل کرنا۔

تَخَصُّصات: امتیازات، خصوصیتیں۔

تَخصِیصُ الجَوائِزِ لفُلانٍ: کسی کے لئے انعامات کو خاص کرنا۔

تَخصِیصُ الصَّحِیفَۃِ لکَذا: اخبار کا کسی مضمون کے لئے کوئی صفحہ مخصوص کرنا۔

مُختَصّ: بااختیار۔

مُختَصٌّ بکذا: متعلق، ماہر، اسپیشلسٹ۔

تَخصِیصُ فُصُولٍ ثابِتَۃٍ لِکُلِّ مادَّۃٍ: ہر مضمون کی مستقل کلاسیں قائم کرنا۔

تَخصِیصِیّ: ریزرو۔

مُخَصَّصات: اختیارات، فنڈ، مخصوص سرمایہ، کوٹہ۔

مُخَصَّصاتٌ مِنَ الاِسمِنت: سیمنٹ کا کوٹہ۔

خُصٌّ: گھونسلا۔

خَصاصٌ و: خَصاصَۃٌ: ریخ، جھری۔

خُصُوص (صَدَد): تعلق، نسبت، سلسلہ۔

مِنْ خُصُوص و بِخُصُوص کذا: فلاں چیز کے بارہ میں، سلسلہ میں، فلاں چیز سے متعلق۔

مِنْ ھٰذَا الخُصُوص: اس نسبت سے، اس تعلق سے۔

خُصُوصاً: خاص طور پر۔

خُصُوصِیٌّ: (۱) مخصوص، محدود (ضد عُمُومِیّ) (۲) ذاتی، شخصی، پرائیویٹ۔

خَاصَّۃ: مخصوص صفت جو دوسرے سے ممتاز بنائے، صفتِ مُمیزہ، خاصیت ج: خَوَاصّ۔

خَوَاصّ: جوہر، خلاصہ۔

خَاصّ: اسپیشل۔

خَاصٌّ لِلرُّسُومِ الجُمرُکِیَّۃ: کسٹم فیس کے دائرہ میں۔

خَصَائِص و: خَصِیصَۃ: کمالات، فوائد، امتیازات۔

خَاصَّۃً: خصوصی طور پر، خاص کر۔

الخَاصَّۃ: اونچے درجے کے لوگ۔

اختِصَاص ج: اختِصَاصات: (۱) دائرۂ اختیار (۲) اختیارات۔

اختِصَاصٌ بـ: خصوصیت، کمال، مہارت، امتیاز۔

الاختِصَاصُ بکذا: متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا، مہارت حاصل

ہونا۔
اِختِصَاصِیّ، إِخصَائِیّ ج: اخْتِصَاصِیُّونَ و إِخصَائِیُّون: ماہر، ایکسپرٹ، اسپیشلسٹ، کسی فن کا ماہر۔
تَخصِیص: تحدید، تعیین (ضد تعمیم)۔
مَخصُوصٌ: خاص، اسپیشل، پرائیویٹ۔
قِطَارٌ مَخصُوص: اسپیشل ٹرین۔
مُتَخَصِّصٌ فِی کذا: کسی علم کا ماہر، فاضل (مُتَخَصِّصٌ فی الأدب مثلاً: فاضلِ ادب)۔
أَلَا اِختِصَاصِیّ: جنرل اسٹ (عمومی)۔
خُصلَةٌ: چھوٹی گٹھڑی، گچھا، بالوں کی لٹ۔
خَصلَة ج: خِصَال: عادت۔
خَصَمَه ـِ خَصْمًا: غالب ہونا، زیر کرنا۔
خَصَمَه: (دا) قیمت میں دوسرے کے مقابلہ کے لئے کمی کر دینا، مقابلہ کرنا۔
خَاصَمَهُ مُخَاصَمَةً و تَخَاصَمَه و اخْتَصَمَه: جھگڑا کرنا۔
خَصْمٌ ج: خُصُوم، خَصِیم ج: خُصَمَاءُ: مقابل، مخالف، حریف، فریق۔
خِصَام، خُصُومَة: نزاع، جھگڑا، دشمنی، مقابلہ، کمپیٹیشن۔
خَصْمٌ: کٹوتی، قیمت وغیرہ میں کمی، کمیشن، ڈسکاؤنٹ (۲) مقابل، حریف۔
خَصْمٌ تِجَارِیّ: تجارتی کمیشن۔
خَصْمٌ سِیَاسِیّ: سیاسی حریف۔
خَصْمُ القِیمَة: قیمت میں کمی کرنا۔
خَصْمُ (المَصرِفِ الکَمْبِیَالة): ڈسکاؤنٹ کرنا۔
خُصُومُ فُلان: مخالفین۔
خُصُومَةٌ اَدَبِیَّة: ادبی لڑائی۔
خُصُومَةٌ سِیَاسِیَّة: سیاسی لڑائی۔
مُخَاصِم: مُقابل۔
خَصَی ـِ خَصْیاً و خِصَاءً: جانور کو خصی کرنا۔
خَصِیٌّ و مَخْصِیّ: خصی کیا ہوا۔

خ ض

خَضَبَ ـِ خَضْباً و خَضَّبَ: رنگنا، خضاب کرنا۔
خَضِبَ ـَ خُضُوباً و تَخَضَّبَ: سرسبز ہونا، رنگین ہونا۔
خَضْخَضَة: ہلانا، حرکت کرنا (۲) جنبش۔
خَضَدَ ـِ خَضْداً: توڑنا۔
خَضِرَ ـَ خَضَراً و خُضْرَةً و اخْضَرَّ: سبز ہونا، سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَّرَه تَخْضِیراً: سبز بنانا
خَضِرٌ، مُخْضَرٌّ: سبز، ہرا۔
خُضْرَة، خَضَارَةٌ: سبزی، شادابی۔
خَضَارٌ: ترکاری۔
خَضَّارٌ، خُضَرِیٌّ: سبزی فروش۔
اَخْضَرُ: ہرا، سبز، گرین م: خَضْرَاءُ ہری۔
مَخْضَرَة: سرسبز مقام۔
خَضَّضَ: آراستہ کرنا۔
خَضَّاضَة: نوشادر۔
خَضَعَ ـَ خُضُوعاً و خَضْعاً، و خُضُعَاناً: مطیع ہونا، تابع ہونا، پابند احکام ہونا، عاجز

ہونا، ماتحت ہونا۔
إِخْضَاعٌ و تَخْضِيعٌ: تابع بنانا، پابند احکام بنانا، ماتحت بنانا، زیر کرنا، نیچا دکھانا۔
إِخْضَاعُ اَحَدٍ لِإِرَادَتِهِ: اپنی خواہش کا تابع بنانا۔
خَاضِعٌ: تابع، فرمانبردار، پابند احکام، ماتحت، عاجز۔
الخُضُوعُ لِأَحَدٍ: سامنے جھکنا۔
الخُضُوعُ لِإِرَادَةِ فُلَانٍ: کسی کی خواہش پر چلنا۔
الخُضُوعُ لِلرَّأْيِ: رائے ماننا۔
الخُضُوعُ لِرَأْيِ الأَغْلَبِيَّةِ: اکثریت کی رائے کے سامنے جھکنا۔
الخُضُوعُ لِلضَّغْطِ: دباؤ میں آنا۔
الخُضُوعُ لِلْفِكْرِ: رائے ماننا۔
الخُضُوعُ لِلْقَانُونِ: قانون کے سامنے جھکنا۔
خَضَّلَ و أَخْضَلَ: تر کرنا، بھگونا، عمدہ اور خوشگوار بنانا۔
خَضِلَ ـَ خَضَلاً: تر ہونا، خوشگوار ہونا۔
خِضَمٌّ: بڑا دریا، بڑا سمندر۔
خَضَمَ ـِ خَضْماً: قطع کرنا، کھانا۔
خَضْمٌ: ہجوم کار وغیرہ، کثرت کار۔

خ ط

خَطَّ: (در خطط)۔
خَطَّأَ تَخْطِئَةً: غلط قرار دینا۔
خَطِئَ ـَ خَطَأً و خَطْئاً و أَخْطَأَ: غلطی کرنا (۲) غلطی پر ہونا (۳) گناہ کرنا، جرم کرنا۔
أَخْطَأَ التَّقْدِيرَ أو الحِسَابَ: اندازہ یا حساب غلط لگانا۔
إِخْطَاءُ المَرْمَى: مس ہونا، نشانہ چوکنا۔
أَخْطَأَ فی الاسْتِنْتَاجِ: غلط نتیجہ برآمد کرنا۔
أَخْطَأَ فی التَّسْمِيَةِ: غلط نام لینا۔
أَخْطَأَ فی التَّلَفُّظِ: غلط تلفظ کرنا۔
أَخْطَأَ فی الفَهْمِ: غلط فہمی ہونا، غلط سمجھنا۔
أَخْطَأَ فی النَّقْلِ: غلط بیانی کرنا، غلط ترجمانی کرنا۔
خَطَأٌ ج: أَخْطَاء: غلطی، گناہ، جرم۔
خَطَأٌ فَادِحٌ: زبردست غلطی۔
خَطَأٌ فی التَّسْلِيمِ: غلط ڈلیوری، غلط تقسیم۔
خَطَأٌ فی التَّفْسِيرِ: بیان کی غلطی، غلط تشریح۔
خَطَأٌ مَصْلَحِيٌّ: محکمہ جاتی غلطی۔
خَطَأٌ مَطْبَعِيٌّ: چھپائی کی غلطی، طباعتی غلطی، پریس کی غلطی۔
الخَطَأُ المِعْيَارِيُّ: بڑی غلطی۔
أَخْطَاءٌ إِرْتِكَابِيَّةٌ: واقعی غلطیاں۔
أَخْطَاءٌ كِتَابِيَّةٌ: لکھائی کی غلطیاں۔
خَطِيئَةٌ ج: خَطِيئَات: گناہ، جرم۔
خَاطِئٌ: غلط، غلط کار، گنہگار۔
مُخْطِئٌ: غلطی پر، غلط کار۔
خَطُبَ ـُ خَطَابَةً: مقرر ہونا۔
خَطَبَ ـُ خُطْبَةً و خِطَابَةً: تقریر کرنا، لیکچر دینا، وعظ کہنا، خطبہ دینا۔
خَطَبَ الفَتَاةَ ـُ خِطْبَةً: پیغام نکاح دینا۔
خَاطَبَ و تَخَاطَبَ مَعَهُ: بات چیت

کرنا (۲) خط و کتابت کرنا، مراسلت کرنا۔
خَاطَبَهُ تِلْفُونِيّاً: ٹیلیفون کرنا۔
خَطْبٌ ج: خُطُوب: (۱) حال (۲) پریشانی (۳) مصیبت۔
خُطْبَة: خطبہ، تقریر، وعظ، ایڈریس۔
خُطْبَةٌ اخْتِتَامِيَة: اختتامی تقریر۔
خُطْبَةٌ دِينِيَة: وعظ۔
خُطْبَةٌ عِلْمِيَة: لیکچر، علمی تقریر۔
خِطَابِيّ: تقریری، تقریر کا، تقریر سے متعلق۔
خِطْبَة، خُطُوبَة: منگنی، پیغام شادی۔
خِطَابٌ ج: خِطَابَات: (۱) خط (۲) پیغام (۳) تقریر (۴) ایڈریس۔
خِطَابٌ إِذَاعِيّ: ریڈیائی تقریر، نشری تقریر۔
خِطَابُ اعْتِمَادٍ: مختارنامہ، تصدیق نامہ، اتھارٹی لیٹر۔
خِطَابُ اعْتِمَادٍ غَيْرُ قَابِلٍ لِلْإِلْغَاءِ: ناقابلِ انکار تصدیق نامہ۔
خِطَابٌ افْتِتَاحِيّ: افتتاحی تقریر۔
خِطَابٌ انْتِخَابِيّ: انتخابی تقریر۔
خِطَابُ تَعْرِيفٍ: تعارف نامہ۔
خِطَابُ التَّعْيِين: اپائنٹ منٹ لیٹر، تقرر نامہ۔
خِطَابُ تَفْوِيضٍ و تَوْكِيل: مختارنامہ، وکالت نامہ۔
خِطَابٌ جَوِّيّ: ایر لیٹر۔
خِطَابٌ دَوْرِيٌّ: سرکلر، گشتی مراسلہ۔
خِطَابُ ضَمَان: ضمانت نامہ، ضمانتی خط۔
خِطَابٌ مَجْهُولٌ (لَيْسَ بِهِ تَوْقِيعٌ): گمنام خط۔
خِطَابٌ مُرَفَّقٌ: کورنگ لیٹر، ہمرشتہ تحریر۔
خِطَابٌ مُوَفَّقٌ لِمُسْتَنَدَاتٍ: مراسلہ ہمرشتۂ کاغذات۔
خِطَابٌ مُسْتَعْجَل: اکسپریس لیٹر۔
خِطَابٌ مُؤَمَّنٌ عَلَيْه: انشورڈ لیٹر۔
خِطَابَاتٌ تِجَارِيَة: تجارتی خطوط۔
خِطَابَاتٌ صَادِرَة: جانے والے خطوط، جانے والی ڈاک۔
خِطَابَة: تقریر، فنِ تقریر۔
خَطِيب ج: خُطَبَاء: مقرر، لیکچر۔
خَطِيبٌ مُحْتَرِف: پیشہ ور مقرر۔
خَطِيب و خَاطِب: منگیتر، رشتہ کرانے والا۔
خَاطِبَة: رشتہ کرانے والی عورت یا پیغام نکاح دینے والی۔
خَطَرَ ـِ خَطْراً و خَطَرَاناً: (۱) ڈانواڈول ہونا، جھومنا۔
خَطَرَ بِسَيْفِه: تلوار کو غرور سے چلانا۔
خَطَرَ فِي مِشْيَتِه: اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا، ہاتھوں کو ہلا کر چلنا۔
خَطَرَ لَه الأَمْرُ ـُ خُطُوراً: سامنے آنا۔
خَطَر علی و فی و ببالِه: دل میں آنا۔
خَطُرَ ـُ خُطُورَةً: عظیم المرتبہ ہونا، مہتم بالشان ہونا، اہم ہونا۔
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً: بازی لگانا، شرط بدنا۔
خَاطَرَ بِكَذَا مُخَاطَرَةً: خطرہ میں پڑنا، اپنی جان کو خطرہ میں ڈالنا، خطرہ مول لینا۔
إِخْطَار: متنبہ کرنا، باخبر کرنا، اطلاع دینا، نوٹس دینا، آگاہ کرنا (۲) نوٹس، اعلان، آگاہی۔

إخطارٌ بالاستئناف: اپیل نوٹس۔
إخطارٌ بکذا: تنبیہ کرنا، باخبر کرنا، اطلاع دینا، نوٹس دینا۔
إخطارٌ خاطئٌ: غلط نوٹس۔
إخطارٌ نهائیٌ: فائنل نوٹس، آخری اطلاع۔
تخاطروا علی کذا تخاطراً: کسی چیز کی باہم شرط بدنا، بازی لگانا۔
خطرٌ ج: أخطار: بازی جس کی شرط لگائی جائے۔
خِطرٌ ج: أخطار: رتبہ، شان، حیثیت۔
خَطِرٌ، مُخطِرٌ: خطرناک۔
خَطِر: سنگین، خطرناک، ڈینجر، ایمرجنسی۔
خَطَرُ التَّلف: نقصان کا خطرہ۔
خَطَرٌ مُحدِقٌ: زبردست خطرہ۔
خَطَران: تذبذب۔
خَطَّارُ السَّاعة: گھڑی کا پنڈولم۔
خُطُورة: اہمیت، عظمت۔
خُطُورَة: سنگینی، نزاکت۔
خُطُورَةُ الموقف: صورتحال کی نزاکت۔
خُطُورَةُ الوَضع: نزاکتِ حال۔
خطِیر: اہم، مہتم بالشان، زبردست۔
خاطِر ج: خَوَاطِر: خیال، رجحان۔
مُراعَاةُ الخاطِر: پاسِ خاطر رکھنا، لحاظ کرنا۔
لأجلِ خاطِرِہ: اس کی دلداری کے لئے۔
کَسَرَ خاطِرَہٗ: دل شکنی کرنا، مغموم کرنا۔
تَبادُلُ الخَواطِر: ہم خیال ہونا، اتفاقاً ایک خیال پر ہونا۔

عَنْ طِیبِ خاطِرٍ: بطیبِ خاطر۔
أخذَ الشَّیْءُ عَلٰی خاطِرِہٖ: (وا) مکدر کرنا۔
أخَذَ بِخاطِرِہٖ: (وا) تسلی دینا، دل جمعی کرنا۔
مَحفُوفٌ بالمَخاطِر: خطرات سے پُر۔
إخطار: دھمکی، نوٹس۔
مُخطِرٌ: خطرناک۔
مُخاطِرٌ: بازی لگانے والا، خطرہ مول لینے والا۔
مُخاطَرة: جاں بازی۔
خَطَّطَ: لائن ڈالنا، سطریں بنانا (۲) منصوبہ تیار کرنا، پلاننگ کرنا۔
خَطَّطَ الأرضَ: سروے کرنا، حد بندی کرنا، چک بندی کرنا (۲) کھیت میں اُبھری ہوئی لائنیں ڈالنا (کیاریاں بنانا)۔
خَطَّطَ القُماشَ: کپڑے پر دھاری ڈالنا۔
خَطَّ علی الشَّیْءِ ـُ خَطّاً: لائن ڈالنا، خط کھینچنا، لکیر کھینچنا، خط لگانا۔
خَطَّ واختَطَّ خُطَّةً: منصوبہ بنانا، اسکیم بنانا، لائحہ عمل بنانا۔
خَطَّ واختَطَّ الشَّارِبُ: موچھیں نکل آنا۔
خَطٌّ ج: خُطُوط: لائن، سطر (۲) کتابت، لکھائی، فنِ خوشنویسی، رسم الخط، ہینڈ رائٹنگ۔
الخَطُّ الأُمُّ: مین لائن۔
خَطُّ إمْدادِ الجَیْش: سپلائی لائن۔
خَطُّ الأنابیب: پائپ لائن۔
خَطُّ بارلیف: بارلیو لائن۔

خَطٌّ بَرِّیّ: بری راستہ، بری لائن، خشکی کا راستہ۔
خَطٌّ تَحْتَ عِبَارَةٍ: انڈر لائن (وَضَعَ خَطًّا تَحْتَ عِبَارَةٍ)۔
خَطُّ تَحْوِیْلٍ: کراس اُور، لائن بدلنے والی پٹری۔
خَطُّ التِّرَام: ٹراموے۔
خَطُّ التِّلِیْفُوْن: ٹیلیفون لائن۔
خَطُّ التَّمْوِیْن: سپلائی لائن۔
خَطٌّ جَوِّیّ: ایر لائن۔
خَطٌّ حَارٌّ: ہاٹ لائن۔
خَطٌّ حَدِیْدِیّ: ریلوے لائن۔
خَطٌّ حَدِیْدِیٌّ ضَیِّقٌ: ریلوے چھوٹی لائن، چھوٹے گیج کی لائن۔
خَطٌّ دِفَاعِیٌّ: دفاعی لائن۔
خَطٌّ رَئِیسِیٌّ: مین لائن۔
خَطٌّ سَاخِنٌ: ہاٹ لائن، گرم لائن (سربراہانِ امریکہ وروس کے بات کرنے کی لائن)۔
خَطُّ السِّکَّةِ الحَدِیْدِیَّة: ریلوے لائن۔
خَطٌّ سَلِیْمٌ: صحیح راستہ۔
خَطُّ السَّیْر: عام راستہ، طریقہ۔
خَطُّ العَمَل: طریقۂ کار۔
خَطٌّ غَیْرُ مُبَاشِر: بالواسطہ لائن، اِن ڈائرکٹ لائن، ذیلی لائن۔
خَطٌّ غَیْرُ مَنْزُوْعِ السِّلَاح: غیر ہتھیار بند لائن۔
الخَطُّ الفَاصِل: خطِ فاصل۔
خَطٌّ فَرْعِیّ: برانچ لائن۔
خَطُّ القِتَال: جنگی لائن۔

خَطٌّ مُبَاشِر: ڈائریکٹ لائن، سیدھی لائن۔
خَطٌّ مُسْتَقِیْم: سیدھا راستہ۔
خَطٌّ مُشَبَّک: گھسیٹواں، شکستہ خط۔
خَطٌّ مِنَ الأَنَابِیْب: پائپ لائن۔
خَطٌّ المُوَاجَهَة: سامنے کی لائن، مقابلہ کی لائن، فرنٹ لائن۔
خَطُّ المُؤَلِّف: آٹوگراف، مصنف کے دستخط۔
خَطُّ النَّار: فائرنگ لائن۔
الخَطُّ النَّسْخِیّ: خطِ نسخ۔
خَطُّ وَقْفِ إِطْلَاقِ النَّار: جنگ بندی لائن۔
خَطٌّ هَاتِفِیٌّ: ٹیلیفون لائن۔
خَطُّ الهُدْنَة: جنگ بندی لائن۔
عَلَى خَطِّ تِلِیْفُوْن: ٹیلیفون پر بولنے والا۔
(مَنْ عَلَى خَطِّ): کون بول رہا ہے۔
فِی خَطٍّ مُسْتَقِیْم: سامنے، سیدھے۔
عَلَى خَطٍّ مُسْتَقِیْم: سیدھی جانب، سامنے کی طرف، سیدھ میں۔
خُطٌّ: محلّہ۔
خُطَّة ج: خُطَط: اسکیم، لائحۂ عمل، پروگرام، نقشہ، ڈیزائن، خاکہ، پلان، آئیڈیا، پروجیکٹ، منصوبہ، طریقۂ کار۔
خُطَّةٌ إِصْلَاحِیَة: اصلاحی پروگرام، اسکیم۔
خُطَّةُ التَّدْرِیْس: اسباق کا تعلیمی نقشہ۔
خُطَّةُ التَّنْمِیَةِ الشَّامِلَة: ہمہ گیر ترقیاتی منصوبہ۔
خُطَّةُ الخَمْسِ سَنَوَات: پنج سالہ منصوبہ۔
خُطَّةٌ خَمْسِیَّة: پنج سالہ منصوبہ۔

خُطَّةُ الدِّفاع: دفاعی پلان۔
خُطَّةٌ رَئِيسِيَة: ماسٹر پلان۔
خُطَّةُ السَّلام: امن پلان۔
خُطَّةُ السِّيَاسَة (لِحِزْبٍ او مُرَشَّح): پلیٹ فارم، سیاسی پروگرام۔
خُطَّةٌ شَامِلَة: جامع منصوبہ۔
خُطَّةُ عَمَلٍ: پروگرام، لائحۂ عمل، عملی خاکہ۔
خُطَّةُ العَمَلِيَّات: کارروائی کا نقشہ۔
خَطَّةٌ قَوْمِيَّة: نیشنل پلان۔
خُطَّةٌ مُتَوَسِّطَةُ الأَجَل: متوسط المیعاد منصوبہ۔
خُطَّةٌ مُدَبَّرة: سوچی سمجھی اسکیم۔
خُطَّةٌ مُفَصَّلَة: تفصیلی پروگرام۔
خُطَّةٌ مِنْ خَمْسِ نِقَاطٍ: پانچ نکاتی فارمولا۔
خُطَطٌ إنْمَائِيَّة: ترقیاتی منصوبے۔
خَطَّاطٌ: کاتب، خوشخط۔
تَخْطِيط: چارٹ بنانا، خاکہ بنانا، منصوبہ بنانا، تنظیم، پلاننگ، ڈیزائننگ، منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطٌ اجْتِمَاعِيّ: سوشل پلاننگ۔
تَخْطِيطُ الأَرَاضِي: پیمائش زمینات، سروے، چک بندی۔
التَّخْطِيطِ الاِسْتِراتِيجِيّ: حکمت آمیز پلاننگ (جنگی) حکمت عملی پر مشتمل پلاننگ۔
تَخْطِيطُ الاُسْرَة: فیملی پلاننگ، خاندانی منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطُ الاِقْتِصَاد: اقتصادی منصوبہ بندی، اقتصادی پلاننگ۔
تَخْطِيطُ البُلْدَان: جغرافیہ، شہروں کی منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطُ التَنْمِيَة: ترقیاتی پلاننگ، منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطُ الحُدُود: سرحدوں کی نشان بندی، حد بندی کرنا۔
تَخْطِيطٌ زِرَاعِيٌّ: زرعی پلاننگ۔
تَخْطِيطٌ شَامِل: ہمہ گیر پلاننگ۔
تَخْطِيطٌ شَدِيدُ التَّدْقِيق: انتہائی پختہ منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطٌ عِلْمِيّ: علمی منصوبہ بندی۔
التَّخْطِيطُ العِلْمِيّ الدَّقِيق: مکمل علمی منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطٌ لِشَيْءٍ: اسکیم بنانا، منصوبہ بنانا۔
تَخْطِيطٌ مَرْكَزِيّ: مرکزی منصوبہ بندی، مرکزی پلاننگ۔
تَخْطِيطُ المُسْتَقْبَل: مستقبل کا منصوبہ۔
تَخْطِيطُ النَّسْل: خاندانی منصوبہ بندی، برتھ کنٹرول۔
مُخَطَّط: دھاری دار، نشاندار (۲) سروے کیا ہوا۔
مُخَطَّط: منصوبہ، اسکیم، پلان، ڈیزائن، لائن ج: مُخَطَّطَات۔
مُخَطِّط: پلانر، منصوبہ ساز۔
المُخَطَّطُ الأَصْلِيّ: اصلی منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّخْرِيب: تخریبی منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّسْوِيَة: امن منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّوْسِعَة: توسیع پسندانہ منصوبہ۔

المُخَطَّطُ المُصَمَّمُ: ڈرافٹ مین۔
مُخَطَّطَاتٌ استِسلامِیَّة: شکست خوردانہ منصوبے۔
خَطِفَ ـَ خَطَفاً و اختَطَفَ: اچکنا، غضب کرنا، چھین لینا، اغوا کرنا، ہائی جیک (۲) نگاہ کو خیرہ کرنا۔
تَخَطَّفَ: زبردستی لینا، چھین لینا۔
مُختَطِفٌ و خَطَّاف: اُچکا، اغوا کنندہ، اغوا کار، ہائی جیکر۔
مِخطَاف: کانٹا، آنکڑا جس کے ذریعہ کنویں سے ڈول وغیرہ نکالا جاتا ہے۔
خَطِلَ ـَ خَطَلاً و اَخطَلَ فی کلامه: مہمل باتیں کرنا، لغو باتیں کرنا۔
خَطِلَ و تَخَطَّلَ: اکڑنا، اترانا۔
خَطَلٌ: لغوبات، مہمل کلام، بے وقوفی، دماغی خلل۔
خَطَمَ ـِ خَطماً: جانور کے منہ پر چھینکا چڑھانا، منہ بند چڑھانا، لگام ڈالنا، نکیل ڈالنا۔
خَطَمَ بالکَلام: خاموش کرنا۔
خَطْمٌ، مُخطِمٌ: منہ بند (جانوروں کا)، چھینکا۔
خِطَامٌ: لگام، نکیل۔
خَطْوَةٌ: ایک قدم، ڈگ، قدم کی ایک حرکت ج: خَطَوَات۔
خَطوةً خَطوةً: قدم بقدم، مرحلہ بمرحلہ۔
خَطوةٌ رَائِدَة: رہنما اقدام۔
خَطَوَاتٌ اِیجَابِیَّة: مثبت اقدامات۔
خُطْوَةٌ ج: خُطُوَات و خُطیً: دو قدموں کا درمیانی فاصلہ، تقریباً ۳۰ انچ۔

خَطَا ـُ خَطواً و اختَطَی: قدم اٹھانا، چلنا، ڈگ بھرنا۔
خَطَا نَحوَ الأَمَام: بڑھنا، ترقی کرنا، آگے قدم بڑھانا۔
خَطَا خُطُواتٍ قَصِیرَةً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا، چھوٹے ڈگ بھرنا۔
تَخَطَّی: پار کرنا۔
خَطِیَّة ج: خَطِیَّات: گناہ۔

خ ف

خَفَّ: (در خفف)۔
خَفَتَ ـُ خُفُوتاً و خَفْتاً، و خُفَاتاً: (۱) آواز پست ہونا (۲) آواز بند ہو جانا۔
إِخفَات: پست کرنا۔
خَافِتٌ: پست، ہلکی آواز۔
خَفَرَ ـُ خَفْراً و خَفَّر: حفاظت کرنا، پہرہ دینا۔
خَفِرَ ـِ خَفَراً و تَخَفَّرَ: شرمانا۔
خَفَرٌ: حیا، شرم۔
خَفِرٌ: شرمیلا، حیادار۔
خِفَارَة: پہرہ داری، چوکیداری، پہرہ داری کا پیشہ، اجرت پہرہ۔
خَفِیرٌ ج: خُفَرَاء: چوکیدار، محافظ، پہرہ دار۔
مَخفَرٌ ج: مَخَافِر: چوکی جہاں محافظ رہتا ہو، پہرہ کی چوکی، پولیس چوکی۔
مَخفَرُ الاِطفَاء: فائر اسٹیشن۔
مَخفَرُ شُرطَة: پولیس چوکی، تھانہ۔
خَفَسَ ـُ خَفساً: (۱) منہدم کرنا، (۲) مذاق کرنا، مذاق اُڑانا۔
خَفَشٌ: شب کوری، رتوندا، دنوندا۔

خَفِشَ ـَ خَفَشاً: دن کو کم نظر آنا، رتوندا ہونا، شب کور ہونا۔
خَفَّاش ج: خَفَافِیش: چمگادڑ۔
اَخْفَشُ: دن کا اندھا، دن کو کم دیکھنے والا۔
خَفَضَ ـُ خَفْضاً و خَفَّضَ: کم کرنا، نیچا کرنا، کمی کرنا، پست کرنا، اُتارنا، گھٹانا۔
خَفُضَ عَیْشُہ ـُ خَفْضاً: آسودہ حال ہونا، خوش حال ہونا۔
إِخْفَاضٌ: پست کرنا، کم کرنا، نیچے اترنا۔
اِنْخِفَاض و تَخَفُّض: کم ہونا، نیچا ہونا، پست ہونا۔
خَفْضٌ، تَخْفِیض: پستی، کمی۔
خَفْضُ العَیْش: آسودہ حالی۔
خَفْضُ التَّکَالِیفِ إِلٰی مَلْیُون: دس لاکھ تک کمی کرنا (مثلاً)۔
خَفْضُ الدَّرَجَة: ڈگری کم کرنا، درجہ گھٹانا، درجہ گرانا۔
خَفْضُ رَأْسِ المَال: سرمایہ کم کرنا۔
خَفْضُ القُوَّات: فوجوں میں کمی کرنا۔
خَفْضُ کَمِّیَّاتِ الأَسْلِحَة: ہتھیاروں کی مقدار میں کمی۔
خَفْضُ المَصْرُوفَات: اخراجات میں کمی۔
خَفْضُ مِقْدَارِ التَّکْلِفَة: لاگت کی مقدار میں کمی کرنا۔
خَفْضٌ وَرَفْعٌ: اتار چڑھاؤ۔
خَفْضُ المَعُونَات: امداد میں کمی کرنا۔
تَخْفِیض: کمیشن، قیمت میں خاص کمی، رعایت ج: تَخْفِیضَات۔
تَخْفِیضُ الأَسْعَار: نرخوں میں کمی، بھاؤ گرانا۔
تَخْفِیضُ التَّکْلِفَة: لاگت میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ الثَّمَن: قیمت میں رعایت، کمیشن۔
تَخْفِیضُ حِدَّةِ التَّوَتُّر: کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِیضُ الدَّرَجَة: ڈگری کم کرنا، درجہ گرانا۔
تَخْفِیضُ رَأْسِ المَال: سرمایہ میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ الرُّسُوم: فیس میں کمی، چنگی کم کرنا۔
تَخْفِیضُ الضَّرَائِب: ٹیکسوں میں کمی۔
تَخْفِیضُ القُوَّات: فوجوں میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ القِیمَة: قیمت کم کرنا۔
تَخْفِیضُ الکَمِّیَّة: مقدار گھٹانا۔
تَخْفِیضُ المُسَاعَدَاتِ إِلٰی فُلَان: کسی کی امداد میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ المَصَارِیف: اخراجات کم کرنا۔
تَخْفِیضُ النَّفَقَات: اخراجات کم کرنا۔
اِنْخِفَاضُ الأَسْعَار: نرخوں میں کمی ہونا۔
اِنْخِفَاضُ أَسْعَار الإِنْتَاجَات: پیداوار کی قیمتوں میں کمی ہونا۔
اِنْخِفَاضُ الإِنْتَاجِیَّة: پیداواری صلاحیت کم ہوجانا۔
اِنْخِفَاضُ الصَّادِرَات: برآمدات میں کمی ہوجانا۔

اِنْخِفَاضُ العُمْلَة: سکہ کم ہوجانا، سکہ کا گرجانا۔
اِنْخِفَاضُ القُدْرَةِ الشِّرَائِيَّة: قوت خرید کم ہوجانا۔
مُنْخَفِضٌ: پست، نیچا۔
مَخْفُوضٌ (ضد مَرْفُوْع): پست۔
أثْمَانٌ مُخَفَّضَة: کم قیمتیں۔
مُخْفَضُ الثَّمن: کم قیمت۔
خَفَّفَ تَخْفِيفاً: (۱) ہلکا کرنا (۲) کمی کرنا، سکون بخشنا (۳) ملائم بنانا (۴) معتدل بنانا۔
خَفَّفَ كَثَافَةَ المَزِيْج: گاڑھی چیز میں پانی ملا کر ہلکا یا پتلا کرنا۔
خَفَّفَ عَنْ: آرام پہنچانا۔
خَفَّفَ العُقُوبَة: سزا میں تخفیف کرنا۔
خَفَّ ـُ خِفَّةً و خَفَاً: ہلکا ہونا۔
خَفَّ إلیه خُفُوْفاً: لپکنا، اڑ کر جانا، دوڑ کر جانا۔
اسْتَخَفَّ بالأمْر: ذلیل سمجھنا۔
اسْتَخَفَّ الشيءَ: ہلکا سمجھنا۔
خُفٌّ ج: أخْفَاف: (۱) چرمی عوزہ (۲) ہاف بوٹ، سلیپر (۳) اونٹ یا شتر مرغ کی ٹاپ، قدم۔
خِفَّة: ہلکا پن۔
خِفَّةُ الأَلَم: افاقہ ہونا، درد میں کمی ہونا۔
خِفَّةُ حِدَّةِ التَوَتُّر: کشیدگی کم ہونا۔
خِفَّةُ حَمْلَةِ الشَّائِعَات: افواہوں کا زور کم ہونا۔
خِفَّةُ اليَد: ہاتھ کی صفائی، شعبدہ، نظر بندی، مداری کا کھیل۔
أَلْعَابُ خِفَّةِ اليَد: شعبدہ بازی، بازی گری۔
خِفَّةُ سُقُوْطِ القَذَائِف: گولہ باری میں کمی۔
خِفَّةُ وَطْأَةِ المَرَض: بیماری کی شدت میں کمی۔
تَخْفِيف: کمی۔
تَخْفِيفُ الإنْتَاج: پیداوار میں کمی۔
تَخْفِيفُ حَدِّ التَوَتُّر: کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيفُ حِدَّةِ التَوَتُّر بَيْنَ القُوَّتَيْنِ الأعْظَم: دونوں بڑی طاقتوں کے درمیان کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيفُ حَدَّةِ التَّوَتُّر الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيفُ الصَّدْمَة على أحَدٍ: کسی کی تکلیف کو کم کرنا۔
تَخْفِيفُ الضَّغْطِ علي: دباؤ کم کرنا۔
التَّخْفِيفُ عَنْ أحَدٍ: تخفیف کرنا، بوجھ ہلکا کرنا۔
التَّخْفِيفُ عَنْ أزْمَةِ السَّكَن: رہائشی مشکلات کو کم کرنا۔
خَفِيف: ہلکا۔
شَايٌ خَفِيفٌ: ہلکی چائے۔
دُخَانٌ خَفِيفٌ: ہلکا تمباکو۔
خَفَقَ ـُ خَفَقَاناً: دل دھڑکنا، متحرک ہونا، لہلہانا، پرچم ہلنا، بجلی کوندنا۔
خَفَقَ خَفْقاً: ہلانا، پھینٹنا، انڈے کی زردی کو سفیدی میں ملانا۔
خَفَقَ و أخْفَقَ الطَّائِرُ أو العَلَمُ: لہلہانا۔
خَفَقَ و أخْفَقَ النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔

إخْفَاق: پرندہ کا پھڑ پھڑانا (۲) پرچم کا لہلہانا (۳) ستارہ غروب ہونا (۴) ناکام ہونا (۵) ناکامی، زوال۔

إخْفَاقُ السَّعْی: کوشش ناکام ہونا۔

خَفَقٌ و خَفَقَانُ القَلْب: دل کی دھڑکن۔

الْخَافِقَان: شمس وقمر۔

خَافِقَات: پرچم، جھنڈے۔

مِخْفَقَةُ البَیْض: انڈا پھینٹنے کا آلہ۔

خَفِیَ ـَـ خَفَاءً و خِفْیَةً و خُفْیَةً و اخْتَفَی: پوشیدہ ہونا۔

خَفَی ـِـ خَفْیاً و اَخْفَی و خَفَّی: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔

تَخَفَّی: پوشیدہ ہونا، روپوش ہونا۔

اخْتِفَاء: روپوش ہونا، روپوشی۔

اخْتِفَاءُ آثَارِ الشَّیْ: آثار مٹنا۔

إخْفَاءُ المُسْتَنَدَات: کاغذات چھپانا۔

خَفِیّ، خَافٍ: پوشیدہ، رازدارانہ۔

خَافِیَة: راز، پوشیدہ بات۔

خُفْیَةً: پوشیدہ طور پر، خفیہ طور پر۔

خَفَاء: راز، پوشیدگی۔

بَرَحَ الخَفَاءُ: بات کھل گئی۔

خ.....ل

خَلَبَ ـُـ خَلْباً: دامِ فریب میں پھنسانا، گرویدہ بنانا، دل موہ لینا، کلام کے ذریعہ متاثر کرنا (۲) پنجہ مارنا، پرندہ کا ناخن مارنا۔

خَالَبَ و اخْتَلَبَ: دھوکہ دینا۔

خَالِبٌ، خَلَّابٌ: دلکش، جاذبِ نظر، پرفریب۔

مِخْلَبٌ ج: مَخَالِب: پنجہ، پرندہ کا ناخن۔

خَلَجَ ـُـ خَلْجاً: (۱) کھینچنا، چھین لینا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا، آنکھ کا حرکت کرنا (۳) دل میں کسی بات کا کھٹکنا۔

خَلَجَ و خَالَجَ و اخْتَلَجَ الفِکْرُ: خیال آنا۔

خَالَجَه شَکٌّ: شک پیدا ہونا۔

اخْتَلَجَ القَلْبُ: اختلاجِ قلب ہونا، مضطرب ہونا۔

اخْتَلَجَ الأمْرُ فی الصَّدْر: دل میں کوئی بات آنا۔

تَخَلَّجَ: مضطرب ہونا، متحرک ہونا۔

خِلاَج، خَالِجٌ، خَالِجَة: خیال ج: خَوَالِج۔

خَلْخَلَة: حرکت دینا، پازیب پہنانا۔

خَلْخَال، خَلْخَل: پازیب۔

خَلَدَ ـُـ خُلُوْداً و خُلْداً: ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔

خَلَّدَه و أخْلَدَه: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، دوام عطا کرنا، حیاتِ ابدی بخشنا۔

خَلَّدَ الذِّکْرَ: یادگار بنا دینا، یاد قائم رکھنا۔

أخْلَدَ: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، حیات ابدی بخشنا۔

أخْلَدَ إلی: مائل ہونا، جھکنا۔

تَخْلِید: دوام عطا کرنا۔

تَخْلِیدُ الذِّکْرَی: یادگار باقی رکھنا۔

خُلْد، خُلُوْد: دوام، ہمیشگی۔

خَلَدٌ: دل۔

خَالِدٌ و خَالِدٌ: دوامی، لازوال، ناقابلِ فراموش، ابدی۔

خَالِدُ الذِّکر: زندۂ جاوید۔
الخَوَالِد: پہاڑ۔
خَلَسَ ـِ خَلْساً و اخْتَلَسَ: جھپٹنا لوٹنا، غبن کرنا، خرد برد کرنا، اُچکنا، معمولی چیز چُرانا۔
خُلْسَة: موقع۔
خُلْسَةً: خفیہ طور پر۔
اخْتِلاس: لوٹ، غبن، چھین جھپٹ (۲) اغوا کرنا۔
مُخْتَلِس: اُچکا، غبن کرنے والا۔
خَلَصَ ـُ خُلُوْصاً و خَلاَصاً: خالص ہونا، صاف ہونا۔
إخْلاَص: وفا۔
إخْلاَصٌ فی أدَاءِ الوَاجِبَات: ادائیگی، فرائض میں بے لوث ہونا۔
خَلَصَ و تَخَلَّصَ مِنْه: نجات پانا، چھٹکارا پانا، رہائی پانا، آزاد ہونا۔
تَخَلُّصُ البِلادِ من کذا: ملک کا چھٹکارا پانا۔
التَّخَلُّصُ من اَحَدٍ: بے تعلق ہونا۔
التَّخَلُّصُ من الاسْتِعْمَار: سامراجیت سے چھٹکارا۔
خَلَّصَ تَخْلِیْصاً: نجات دلانا، جان بچانا، آزاد کرانا، خالص بنانا، صاف بنانا۔
التَّخْلِیْصُ علی البِضَاعَة: کسٹم دے کر مال چھڑانا، مال کا کسٹم دینا۔
تَخْلِیْصُ المُعَامَلات: معاملات صاف رکھنا۔
اسْتِخْلاص: نتیجہ نکالنا، خلاصہ اور جوہر نکالنا، مخلص و خالص سمجھنا، مال چھڑانا۔
خَالَصَه مُخَالَصَةً: خالص دوستی رکھنا۔
خَلاَص: چھٹکارا، نجات۔
خُلُوْص: صفائی، صراحت۔
خَالِصٌ: خالص، صاف، آزاد، پیور۔
خَالِصُ الأُجْرَة: محصول، فیس۔
خَالِصُ أُجْرَةِ البَرِیْد: محصول ڈاک۔
خَالِصُ الطَّوِیَّة: صاف دل، فراخ دل۔
مُخْلِص: سچا، وفادار، صاف دل۔
مُسْتَخْلِصُ البَضَائِع من الجُمْرُک: چنگی سے مال چھڑانے والا ایجنٹ۔
خُلاَصَة: سمری، خلاصہ، نچوڑ۔
مُخَالَصَة: ڈسچارج کرنا۔
خَلَطَ ـِ خَلْطاً و خَلَّطَ: آمیزش کرنا، ملانا۔
خَلَطَ فی الکَلام: لغو و بیہودہ کلام کرنا۔
خَلَطَ وَرَقَ اللَّعِب (وغیرہ): تاش کے پتوں کو پھینٹنا، ملانا، گڈمڈ کرنا۔
خَلَّطَ المَرِیْضُ: بدپرہیزی کرنا۔
خَالَطَهُ مُخَالَطَةً: مل جل کر رہنا، ساتھ رہنا۔
خُوْلِطَ فی عَقْلِه و اخْتَلَطَ عَقْلُهُ: دماغ میں خرابی ہونا۔
اخْتِلاط: مل جانا، گڈمڈ ہونا، مخلوط ہونا، آمیزش ہونا، مکس ہونا (۲) امتزاج۔
خَلْطٌ: آمیزش۔
خِلْطٌ، خَلِیْط: مکسچر، ملی ہوئی سیال چیز۔
خَلِیْط: مختلف چیزوں کا مجموعہ۔
أخْلاَطُ الجَسَدِ: اخلاطِ اربعہ (۱) خون (۲) بلغم (۳) صفرا (۴) سودا۔

أَخْلاطُ النَّاسِ: عوام، ادنی لوگ (۲) لوگوں کا مجمع۔
خَلَعَ ـَ خَلْعاً: کپڑا یا جوتا اتارنا۔
خَلَعَ ثِيَابَه: برہنہ ہونا۔
خَلَعَ سِنّاً: دانت نکالنا۔
خَلْعَهُ: معزول کرنا۔
خَلَعَهُ عَنِ العَرْشِ: تخت سے اتارنا۔
خَلْعُ المِفْصَلِ: (مَلَخ): قبضہ کھولنا (کواڑوں کو جوڑنے کا)۔
خَلَعَ عليه ثَوْباً ـَ خَلْعاً: خلعت یا لباس عطا کرنا۔
خَلُعَ ـُ خَلاعَةً: آوارہ ہونا، بداخلاق ہونا۔
خَلْعٌ: معزولی، علیحدگی۔
خَلْعُ صَلاحِيَّةِ التَّفاوُضِ على فلان: کسی کو بات چیت کا اختیار دینا۔
خَلْعُ اللَّقَبِ على أَحَدٍ: لقب دینا (نام)۔
خَلْعُ الإِنْسانِيَّةِ عن: آدمیت سے دور ہونا یا کرنا۔
خَلْعٌ من العَرْشِ: تخت سے اتارنا۔
خَلْعٌ من المَنْصِبِ: منصب سے ہٹانا، عہدہ سے ہٹانا۔
تَخَلَّع: ڈھیلا ہونا۔
تَخْلِيع: ڈھیلا کرنا۔
خِلْعَة: لباس، خلعت۔
خَلاعَة: آوارگی۔
خَلِيعٌ: آوارہ، بدمعاش ج: خُلَعاء۔
خَلِيعٌ و مَخْلُوع: معزول، علیحدہ کیا ہوا۔
خَلَفَهُ ـُ خِلافَةً: (۱) جانشین ہونا، (۲) قائم مقام ہونا (۳) باقی رہنا۔

خَلَفَ له و عليه: معاوضہ دینا۔
خَلَفَ عن أَصْحابه ـُ خُلْفاً: پیچھے رہنا۔
خَلَّفَ الشيءَ: پیچھے چھوڑنا، وراثت چھوڑنا۔
خالَفَه مُخالَفَةً: مخالفت کرنا، خلاف ہونا، عہد شکنی کرنا، نافرمانی کرنا۔
مُخالِف: مخالف، برعکس۔
مُخالَفَةٌ قانُونِيَّةٌ: قانون کی خلاف ورزی کرنا۔
المُخالَفَةُ المالِيَّة: مالی خلاف ورزی۔
اِخْتَلَفَ إلى: آمد و رفت رکھنا۔
أَخْلَفَ وَعْدَه و به: وعدہ خلافی کرنا۔
أَخْلَفَ عليه: معاوضہ دینا۔
تَخَلَّفَ: پیچھے رہنا، دوسرے کے مرنے کے بعد باقی رہنا۔
مُتَخَلِّف: آخری، پسماندہ۔
المُتَخَلِّفُون عَنِ الدِّراسَة: تعلیم میں پیچھے۔
خَلَفٌ: (ضد سَلَفٌ) پسماندگان (۲) بدل (۳) نسل ج: أَخْلاف۔
خَلَفٌ لِأَحَدٍ: جانشین، قائم مقام۔
خَلْفٌ: پیچھے، پیٹھ۔
خَلْفِيّ: پچھلا۔
خَلْفِيَّة: بیک گراونڈ، پس منظر، پچھلا حصہ۔
خَلْفِيَّةُ الصُّوْرَة: بیک گراؤنڈ، پس منظر۔
خَلْفِيَّةُ القُماش: بیک گراؤنڈ، کپڑے کا نچلا حصہ۔
خِلْفَة: کپڑے کا ٹکڑا۔
خَلْفَهُ بِخَطَواتٍ كذا: اس سے اتنے قدم پیچھے۔

الخِلافَة: نیابت، امامت، قائم مقامی۔
مُخَلَّف: باقی ماندہ، متروکہ چیز۔
مُخَلَّفات: متروکہ سامان یا اشیاء۔
مُخالَفَةٌ: نافرمانی، خلاف ورزی، عہد شکنی، جرم۔
خِلاف ج: خِلافات: قیل وقال، اختلاف۔
خِلافاتٌ حادَّة: زبردست اختلاف۔
خِلافاتٌ فِئَوِيَّة: گروہی اختلافات۔
خِلافاتٌ فَرْعِيَّة: فروعی اختلافات۔
خِلافِيّ: اختلافی۔
خَلَقَ ـُ خَلْقًا: پیدا کرنا۔
خُلُق ج: أخلاق: اخلاق، کیرکٹر، موڈ۔
خَلْقُ التَّعاطُف: ہمدردی پیدا کرنا۔
خَلْقُ التَّعْقِيدات: پیچیدگیاں پیدا کرنا۔
خَلْقُ حالَةِ التَّفَكُّك: انتشار کی حالت پیدا کرنا۔
خَلْقُ الحَساسِيَّة: نزاکت پیدا کرنا۔
خَلْقُ الجَوّ: فضا پیدا کرنا۔
خَلْقُ فَراغ: خلا پیدا کرنا۔
خَلْقُ مُناخِ الحُرِّيَّة: آزادی کی فضا پیدا کرنا۔
خَلْقُ واقِعٍ جَدِيْد: نئی صورتحال پیدا کرنا۔
خَلَقَ واخْتَلَقَ: اخذ کرنا۔
خَلَقَ واخْتَلَقَ كِذْبًا: جھوٹ گھڑنا۔
خَلُقَ الثَّوبُ ـُ خَلَقًا وخَلاقَةً و خُلُوقَةً: پرانا ہونا
خُلُوقَةٌ: پرانا ہونا۔
خَلُقَ بكذا: لائق ہونا
أخْلَقَ الثَّوبَ: پرانا کرنا۔
تَخَلَّقَ بِخُلُقِ غَيْرِه: دوسرے کے اخلاق وعادات اختیار کرنا۔
سَيِّئُ الخُلُقِ: بداخلاق۔
أخْلاق: آداب، اخلاق وعادات۔
خُلُق: عادت۔
خَلْقٌ، خِلْقَةٌ: فطرت، پیدائش، مخلوق، ایجاد۔
خِلْقَة: پیدائشی ہیئت۔
خِلْقِيّ: پیدائشی، طبعی، فطری۔
خَلَقٌ: پرانا۔
خَلَقَة: پرانا چیتھڑا۔
خُلَقانِيّ: پرانے کپڑے فروخت کرنے والا۔
خَلِيق: لائق، مناسب۔
خَلِيقَةٌ ج: خَلائق: مخلوق خدا، خلق خدا۔
خِلْقِين: بائیلر، گرم پانی کا ظرف جو چولہے کے ساتھ لگا ہوتا ہے۔
مُخْتَلَق: من گھڑت، ساختہ، جعلی، بناوٹی، بے حقیقت۔
مُخْتَلِق: موجد، اختراع کنندہ۔
خَلَّلَ تَخْلِيلاً: سرکہ بنانا (۲) خلال کرنا۔
خالَّه مُخالَّةً: دوستی کرنا۔
أخَلَّ بالأمْرِ إخْلالاً: کسی کام میں کوتاہی کرنا، خلل ڈالنا۔
أخَلَّ بالأمْن: امن شکنی کرنا۔
أخَلَّ بالعَهْد: عہد شکنی کرنا۔
أخَلَّ بالقانُون: قانون شکنی کرنا۔
دَهْرُ الإِنْسَان: مدت عمر
بَنَاتُ الدَّهْر: شدائد و مصائب زمانہ۔
تَصَارِیْفُ الدَّهْر: انقلابات زمانہ
دَهْرِیُّ المَذْهَب: طبیعی، دہریہ، خدا کا منکر، زمانہ کو ہر چیز کا موثر اور مسبب ماننے والا۔
دَهْرِیّ: (۲) زمانہ کا، وقت کا، وقتی، زمانہ ساز، وقت شناس۔
دَهِشَ ـَ دَهَشاً و دُهِشَ من: حیران ہونا، پریشان ہونا، ہوش اڑنا۔
أَدْهَشَهُ و دَهَّشَ: حیران کرنا، ہوش اڑانا، خوف زدہ کرنا۔
دَهْشَةٌ: حیرت، خوف، تعجب۔
مُدْهِشٌ: حیران کن، تعجب خیز، دہشت انگیز۔
دَهِشٌ و دَهْشَانٌ و مَدْهُوشٌ: حیران و پریشان، حواس باختہ۔
دَهَقَ ـَ دَهْقاً و دِهَاقاً: پانی بہانا، گلاس یا جام کو چھلکانا۔
دَهَقَ و أَدْهَقَ الکَأْسَ: لبالب بھرنا، لبالب کرنا، لبریز کرنا۔
کَأْسٌ دِهَاقٌ: چھلکتا ہوا جام۔
دَهَکَ ـَ دَهْکاً: پینا، توڑنا۔

دِهْلِيز: ڈیوڑھی ج: دَهَالِيز:
دَهِمَ الأَمْرُ ـَ دَهَماً و دَهَمَهُ الأَمْرُ ـُ دَهْماً: اچانک کوئی مسئلہ درپیش ہونا۔
دَاهَمَه مُدَاهَمَةً: دھاوا بولنا۔
دَاهَمَتِ الشُّرْطَةُ المَبْنٰى: پولیس کا بلڈنگ پر دھاوا بولنا، چھاپہ مارنا۔
مُدَاهَمة: چھاپہ (۲) گھسنا، اچانک پہنچنا۔
دُهْمَة: سیاہی۔
اِدْهِيْمَامٌ: سیاہ ہونا۔
دَهْمَاءُ: جماعت، بازاری لوگ۔
أَدْهَمُ: سیاہ فام۔
دَهَنَ ـُ دَهْناً: روغن کرنا، تیل ملنا، مالش کرنا، پینٹ کرنا۔
دَاهَنَه مُدَاهَنَةً: چکنا کرنا تیل ملنا (۲) چاپلوسی کرنا۔
دُهْن ج: أَدْهَانٌ: تیل، پالش، روغن، گریس، پینٹنگ۔
دُهُونٌ لِلْأَكْل: کھانے کے تیل۔
دَهِيْن: تیل لگائے ہوئے۔
دُهْنُ اللَّحْم: چربی۔
دُهْنِيٌّ: چکنا، تیل کا، چربی کا۔
دِهَان: روغن، تیل، وارنش، پینٹ، تیل یا کریم وغیرہ جو چہرہ یا بالوں کی خوبصورتی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
دَهَّانٌ: (۱) روغن گر، رنگ ساز (۲) روغن کرنے والا، پینٹر۔
مُدْهِنٌ: روغن دار چربی دار۔
مُدَاهِن: چاپلوس۔
دَهْوَرَة: گرانا، گڑھے میں دھکیلنا۔
تَدَهْوُر: گڑھے میں گرنا (۲) انحطاط، کمی، خرابی، زوال، بگاڑ، کمزوری، گراوٹ۔
تَدَهْوُرُ الأَزْمَة: بحران کا شدت اختیار کرنا۔
تَدَهْوُرُ الاقْتِصَاد: معاشی حالت خراب ہونا۔
تَدَهْوُرُ العَلَاقَات: تعلقات بگڑنا۔
تَدَهْوُرُ العَلَاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِيَّة: سفارتی تعلقات خراب ہونا، ختم ہونا۔
تَدَهْوُرُ القِيْمَة: قیمت گرنا۔
تَدَهْوُرُ المَوقِف: صورت حال خراب ہونا، صورت حال ابتر ہونا۔
تَدَهْوُرُ الوَضْع: صورت حال بگڑنا، پوزیشن کمزور ہونا۔
دَهَاه ـَ دَهْياً و دَاهَاه: مصیبت میں ڈالنا۔
دَهَتِ الدَّاهِيَةُ: آفت و مصیبت نازل ہونا۔
دَهِيَ ـَ دَهَاءً: چالاکی سے کام لینا۔
دَهَاءٌ: ہوشیاری، چالاکی۔
دَهَاءٌ سِيَاسِيّ: سیاسی چالاکی، پالیسی
دَاهِيَة، ذُو دَهَاءٍ: چالاک، مکار، حیلہ ساز۔
دَاهِيَةٌ فِي الفَنّ: ماہر فن۔

و.....

دَوْبٌ: (ن) کوشش کرنا۔
دَوْث: (ن) توڑنا۔
دَوْج: (ن) حرکت کرنا۔
دَوْح: (ن) پیٹ پھولنا، پھول کر لٹکنا۔
دَوْحَة: بڑا اور پھیلا ہوا درخت۔
دَوَّخَ البِلَادَ: شہروں میں گھومنا۔
دَوَّخَ الرَّجُلَ: زیر کرنا، مغلوب کرنا۔
دَوَّخَ الرَّأْسَ: سر میں چکر پیدا کرنا، چکرانا۔
دَاخَ ـُ دَوْخاً: (۱) ذلیل ہونا (۲) زیر و

مغلوب ہونا(۳) سر میں چکر آنا (۴) بے ہوش ہونا۔

دَوْخة: چکر، گھمیر۔

دَائِخ: وہ شخص جس کے سر میں چکر آ رہا ہو۔

دَوَّدَ الشئی تَدْوِیداً: کیڑے پڑنا، کیڑا پیدا ہونا، کیڑا لگنا۔

دَوْدَة ج: دُوْدٌ و دِیْدَانٌ: کیڑا۔

دُوْدَةُ القَزّ: ریشم کا کیڑا۔

دُوْدِیّ: کیڑے دار، کیڑے نما، کیڑے کا

الزَّائِدَةُ الدُّوْدِیَّة: اپینڈیکس، زائد آنت۔

اِلْتِهَابُ الزَّائِدَةِ الدُّوْدِیَّة: زائد آنت میں درد وسوزش پیدا ہونا۔

دَوَاءٌ طَارِدٌ لِلدِّیْدَانِ: کیڑا مار دوا۔

مَدْوُدٌ، مُدَوَّدٌ: کرم خوردہ، کیڑا لگا۔

دَوَّرَ تَدْوِیراً: گول بنانا۔

دَوَّرَ و أَدَارَ: گھمانا، گردش دینا۔

دَوَّرَ و أَدَارَ العَمَلَ: کام چلانا، انجام دینا، کام جاری رکھنا، انتظام کرنا۔

دَوَّرَ وأَدَارَ السَّاعَة: گھڑی میں چابی بھرنا۔

دَوَّرَ وأَدَارَ الآلَة: مشین چالو کرنا۔

دَوَّر و أَدَارَ الحَرَكَة: تحریک چلانا۔

دَارَ دَوْرًا و دَوَرَاناً: گھومنا، چکر لگانا، محور پر گھومنا(۳) رخ پھرنا(۳) منتقل ہونا (۴) ادل بدل ہونا۔ (۵) گشت لگانا(۶) سرایت کرنا(۷) مکرر ہونا(۸) لوٹنا، رخ پھیرنا۔

دَارَ عَلَیْهِ الشئی: الٹنا، پلٹنا، لوٹ کر آنا۔

دَارَ الرَّأْسُ: سر میں چکر آنا۔

دَارَمَعَ الزَّمَنِ: زمانہ کے ساتھ چلنا۔

دَارَ عَلَی القَوْمِ بِالشَّئ: پیش کرنا، جام وغیرہ کا دور چلانا۔

دَاوَرَهُ مُدَاوَرَةً: کسی کے ساتھ گھومنا۔

اِسْتَدَارَ و تَدَوَّرَ: گھومنا، گول ہونا

اِسْتَدَارَ العَطْفَ علی نَفْسِه: اپنے لیے ہمدردی حاصل کرنا۔

دَارٌ ج: دُوْرٌ و دِیَارٌ: گھر

دَارُ الآثَار: میوزیم۔

دَارُ التَّمْثِیْل: تھیٹر، تماشہ گاہ، سینما گھر۔

دَارُ السَّلَام: دارالامن۔

دَارُ الاَسْلِحَة: اسلحہ خانہ۔

دَارُ البَلَدِیَة: ٹاؤن ہال۔

دَارُ السِّفَارَة: سفارت خانہ۔

دار السَّک: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال۔

دَارُ الضَّرْب: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال

دَارُ ضَرْبِ النُّقُوْد: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال۔

دَارُ الضِّیَافَة: مہمان خانہ

دَارُ العُلَمَاء: اکیڈمی۔

دَارُ العَدْل: کورٹ ہاؤس، عدالت

دَارُ القَضَاء: کورٹ ہاؤس، عدالت، کچہری، ٹریبونل۔

دَارُ الکُتُب: لائبریری، کتب خانہ۔

دَارُ المَجْلِس: اسمبلی ہاؤس۔

دَارُ المَحْفُوظَاتِ الأَهْلِیَة: قومی محافظ خانہ۔

دَارُ المَحْکَمة: کچہری۔

دَارُ القُنْصُلِيَّة: کونسل خانہ۔
دَائِـرٌ: (۱) گردش کرنے والا (۲) دائرہ میں گھومنے والا (۳) متحرک (۴) گول (۵) رائج (۶) متداول (۷) لوٹ کر آنے والا (۸)، چالو، مصروف کار۔
دَائِرَةٌ: حلقہ، علاقہ (۲) آفس، دفتر (۳) محکمہ، سرکل (۴) آسمانی یا جغرافیائی تقسیم کا علاقہ، زون ج: دَوَائِرُ
دَائِرَةٌ انْتِخَابِيَّة: الیکشن کا حلقہ، حلقۂ انتخاب۔
دَائِرَةُ البُولِيس: کوتوالی، تھانہ۔
دَائِرَةٌ حُكُومِيَّة: سرکاری دفتر۔
دَائِرَةُ الخِدْمَةِ الوَطَنِيَّة: محکمۂ شہری خدمات۔
دَائِرَةُ الشُّرْطَة: پولیس آفس، کوتوالی۔
دَائِـرَةُ الطُّرُوْدِ البَرِيْدِيَّة: محکمہ پارسل پوسٹ۔
دَائِرَةٌ مَالِيَّة: محکمہ مالیات۔
دَائِـرَةُ مَعَارِفٍ: انسائیکلوپیڈیا، مختلف علمی معلومات کا ذخیرہ۔
دَائِرَةٌ (مِنْ مَدِيْنَةٍ): وارڈ (ward)
دَائِرَةُ النَّشَاط: دائرۂ عمل۔
دَائِرَةٌ هَنْدَسِيَّة: گول حلقہ، سرکل
دَوَائِرُ الانْتِخَاب: انتخابی حلقے۔
دَوَائِرُ الحُكُوْمَة: سرکاری حلقے۔
الدَّوَائِرُ دِيْنِيَّة: مذہبی حلقے۔
دَوَائِرُ رَسْمِيَّة: سرکاری حلقے۔
دَوَائِرُ سِيَاسِيَّة: سیاسی حلقے۔
الدَّوَائِرُ المَسْئُولَة: ذمہ دار حلقے۔
دَوَائِرُ المُعَارَضَة: اپوزیشن حلقے۔

دَائِرِيٌّ: دائرہ نما۔
دَوْرٌ ج: أَدْوَارٌ: (۱) نمبر (۲) باری (۳) فرصت، وقت (۴) بیماری کا حملہ یا مقررہ وقت (۵) آب پاشی کی باری (۶) درجہ، منزل (۷) حالت (۸) پارٹ، کردار، رول (۹) کاموں کا سلسلہ
دَوْرٌ مِنْ مَنْزِلٍ: عمارت کا ایک حصہ، ایک منزل، اسٹوری۔
الدَّوْرُ الأَرْضِيّ (مِنْ مَبْنًى): گراؤنڈ فلور، نچلی منزل۔
دَوْرٌ إِيْجَابِيّ: مثبت رول۔
الدَّوْرُ البُطُولِيّ: بہادرانہ کردار۔
دَوْرُ التَّجْرِبَة: تجرباتی دور۔
دَوْرٌ حَاسِمٌ: اہم پارٹ، زبردست پارٹ
الدَّوْرُ الطَّلِيْعِيّ: رہنمایانہ کردار، قائدانہ کردار۔
الدَّوْرُ العَلَوِيّ: بالائی منزل
اَدْوَرٌ قِيَادِيّ: قائدانہ رول۔
الدَّوْرُ المُتَعَاظِم: زبردست کردار، پارٹ۔
الدَّوْرُ النَّشِيْط: موثر کردار۔
بَـالـدَّوْر: نمبر سے، باری سے، باری باری
دَوَرَانُ الأَيَّام: دن پھر جانا، انقلابِ زمانہ۔
دَوَرَانُ الحَدِيْثِ حَوْلَ المَسَائِل: مسائل کے بارہ میں بات چیت ہونا۔
دَوَرَانُ الأَحَادِيْثِ الوُدِّيَّة: دوستانہ گفتگو ہونا۔
دَوَرَانُ الشَّيْءِ بِالمُخَيِّلَة: دماغ میں گھومنا۔
دَوَرَانُ المَعْرَكَةِ عَلَى مَقْرَبَةٍ مِنَ الطَّائِرَة:

ہوائی جہاز کے قریب لڑائی ہونا۔

دَوَرَانُ المُفاوَضات حَوْلَ الاِفْرَاج عَنْ فُلانٍ: کسی کی رہائی کے سلسلہ میں بات چیت ہونا۔

دَوْرَة: اجلاس، سیشن، سیزن، مقررہ وقتی کمیٹی کا اجلاس (۲) ایک چکر، ایک گشت، ایک پھیرا عمامے وغیرہ کا۔

دَوْرَةُ الاُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا اجلاس۔

دَوْرَةُ انعقاد الجلسات: میٹنگوں کا سیزن۔

دَوْرَةُ انْعِقَادِ مَجْلِسِ النُّوَّاب: پارلیمنٹ سیزن۔

دَوْرَةُ البَرْلَمان: پارلیمنٹ کا اجلاس۔

دَوْرَةٌ تَدْرِيبِيَّة: تربیتی کورس۔

دَوْرَةٌ طَارِئَة: ہنگامی اجلاس۔

دَوْرَةٌ مِنَ الطَّلَبةِ المُتَخَرِّجين: کھیپ۔

دَوْرَةُ المِيَاه: لیٹرین، بیت الخلاء طہارت خانہ

دَوْرِيّ: گشتی دستہ، وقفہ متعینہ کا، وقفہ جاتی۔

دَوْرِيّاً: وقفہ والا، وقفہ کے ساتھ۔

دَوْرِيَّة: گشتی دستہ، گشتی پارٹی ج: دَوْرِيَّات:

رِيحٌ دَوْرِيَّة: مون سون۔

نَشْرَةٌ أومَطْبُوعَةٌ دَوْرِيَّة: میعادی اشاعت، کتاب وغیرہ جو مقررہ وقت پر شائع ہو۔

دُوَارُ الرَّأس: سر کا چکر، گھمیر۔

دَوَّارٌ: گشت لگانے والا، برابر حرکت میں رہنے والا، متحرک، چلتا پھرتا۔

بَائِعٌ دَوَّارٌ: پھیری لگا کر بیچنے والا۔

دَوَّارَةُ الهَوَاء: ہوا کا رخ بتانے والا پنکھا۔

دَيْرٌ ج: أدْيِرَة و أدْيَارٌ: عیسائی خانقاہ۔

دَيَّارٌ: راہب۔

إدَارَة: گھمانا، پھرانا، چلانا (۲) گردش (۳) انتظام کرنا (۴) انتظام، نظم ونسق، مینجمنٹ (۵) سروس (۶) ڈیپارٹمنٹ (۷) حکومت، ایڈمنسٹریشن، انتظامیہ (۸) دفتر، محکمہ، ڈائرکشن۔

إدَارَةُ الآلَة: مشین چلانا۔

إدَارَةُ إبْرَة الرَّادْيُو لِلاسْتِمَاع إلى بَرْنَامَج: کوئی پروگرام سننے کے لیے سوئی گھمانا۔

إدَارَةُ أعْمَال: کاروبار چلانا، انتظام کرنا۔

إدَارَةُ تَخْدِيم: امپلائمنٹ آفس، کام دینے کا محکمہ۔

إدَارَةُ الحَرْب: جنگ لڑانا۔

إدَارَةُ الحَرَكَة: تحریک چلانا۔

إدَارَةُ الحُكْم: حکومت چلانا۔

إدَارَةُ شُئُونِ المَنْزِل: گھر کا کاروبار چلانا۔

إدَارَةُ العَمَل: کام چلانا، انجام دینا۔ کام جاری رکھنا، انتظام کرنا۔

إدَارَةُ قُرْصِ التِّلِيفُون: ڈائل کرنا۔

إدَارَةُ المَاكِينَات: مشینیں چلانا۔

إدَارَةُ المَعْرَكَة: جنگ کو چلانا، جنگ لڑانا۔

إدَارَةُ المُفَاوَضَات: بات چیت کرنا۔

إدَارَةُ المَكَاتِب: دفاتر کو چلانا۔

إدَارَةُ المُنَاقَشَة: مباحثہ کرنا، زیر بحث لانا۔

إدَارِيّ: انتظامی، انتظام سے متعلق، ڈپارٹمنٹل۔

الإدَارِيُّون: ملازمین۔

رَئِيسُ الإدَارَة: منتظم، افسر انتظامیہ

مَجْلِسُ الإدَارَة: مجلس انتظامیہ،

انتظامی بورڈ۔
مَرْكَزُ الإدَارَة: ہیڈکوارٹر انتظامیہ، افسر انتظامیہ کا صدر مقام۔
اِسْتِدَارَةٌ: گولائی۔
مَدَارٌ: محور، قطب۔
مَدَارُ الأرْض: زمین کا مدار۔
مَدَارُ البَحْث: موضوع بحث، ٹاپک
مُدَارَاة: آؤ بھگت، خاطر تواضع
مُدَارَاةُ المَوْقِف: اپنی بات نبھانا۔
مَدَارٌ و مُسْتَدَارٌ: فلک۔
مَدَارُ الحَدِيْث: موضوع گفتگو، نقطہ کلام۔
عَلىٰ مَدَارِ السَّنَة: تمام سال، سال بھر۔
مُدَاوِرٌ: زمانہ ساز، وقت شناس، زمانہ کے ساتھ چلنے والا۔
مُدِيْر: منیجر، ڈائریکٹر، ایڈمنسٹریٹر۔
مُدِيْرُ الإحْصَاء: افسر اعداد وشمار۔
مُدِيْرُ إدَارَة المَرَائِيْم: صدر محکمہ استقبالیہ، چیف آف پروٹوکول۔
مُدِيْرُ الإعْلَانَات: منیجر اشتہارات
مُدِيْرُ الأمْن: سپرنٹنڈنٹ پولیس
مُدِيْرُ البُرُوْتُوكُول: صدر محکمہ استقبالیہ، چیف آف پروٹوکول۔
مُدِيْرُ التَّحْرِير: اڈیٹر۔
مُدِيْرُ التَّصْدِير: ایکسپورٹ منیجر
مُدِيْرُ الجَمَاعَة: ناظم۔
مُدِيْرُ الحَرَكَة: ٹریفک افسر۔
مُدِيْرُ الضَّرَائِب: ٹیکس ڈائریکٹر
المُدِيْرُ العَامّ: ڈائریکٹر جنرل، جنرل منیجر۔
مُدِيْرُ عَامّ الحِسَابَات: اکاؤنٹنٹ جنرل۔
المُدِيْرُ العَامُّ لِقُوىَ الأمْنِ: حفاظتی پولیس کا جنرل انسپکٹر، آئی جی۔
مُدِيْرُ عَمَلٍ: منیجر، منتظم، ڈائریکٹر۔
مُدِيْرُ العَمَلِيَات الحَرْبِيَّة: جنگی کارروائی کا انچارج۔
مُدِيْرُ الفُرُوْع: برانچ منیجر۔
مُدِيْرٌ لإحْدَى الإدَارَاتِ الحُكُوْمِيَة: کمشنر۔
مُدِيْرُ المَبَاحِثِ الجِنَائِيَة: افسر فوجداری تحقیقات۔
مُدِيْرُ المَبِيْعَات: سیلز منیجر۔
مُدِيْرُ المَحَطَّة: اسٹیشن ماسٹر۔
مُدِيْرُ المَحَلّ: اسٹور منیجر۔
مُدِيْرُ المَدْرَسَة: پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، ناظم، مہتمم۔
مُدِيْرُ المَرَاسِيْم: پروٹوکول افسر۔
مُدِيْرُ مُسَاعِد: اسسٹنٹ منیجر۔
مُدِيْرُ المُسْتَخْدَمِيْن: اسٹاف منیجر۔
مُدِيْرُ مَعْهَد الدِّفَاعِ المَدَنِيّ: سول ڈیفنس ادارہ کا منیجر۔
مُدِيْرُ مَكْتَبِ البَرِيْد: پوسٹ ماسٹر۔
مُدِيْرُ مُؤَسَّسَةٍ تِجَارِيَة: تجارتی ادارہ کا منیجر۔
مُدِيْرُ مُؤَسَّسَةٍ صِنَاعِيَة: آپریٹر، صنعتی ادارہ کا منیجر۔
مُدِيْرُو الأقْسَام: نظماء شعبہ جات۔

مُدِیْرِیَة: (۱) ضلع (۲) مصری صوبہ
دَوْسٌ: (ن) پیر رکھنا، پیروں سے روندنا، غلہ گاہنا۔ مسلنا۔
دُوسِیه، دُوسِییه: فائل۔
دَوّاسَة ج: دَوّاسَات: بائیسکل یا کسی انجن مشین وغیرہ کا پیڈل۔
مِدْوَسٌ ج: مَدَاوِس: پیڈل
دَاسَ الْقِطَارُ أو العَرَبةُ فُلاناً: ریل یا گاڑی نے فلاں کو کچل دیا، یا فلاں کے اوپر سے اتر گئی، فلاں شخص ریل یا گاڑی کے نیچے آ گیا۔
مَدْوُسٌ، مُدَاسٌ: قدموں سے روندا ہوا، مسلا ہوا۔
دُوسِنْطَارِیَا، دُوسِنْتَارِیَا: (معرب) ڈی سنٹری، شدید پیچش۔
دَوْف: (ن) دوا وغیرہ کو پانی میں ملانا (۲) انڈے پھینٹنا۔
دَوْق: (ن) کھانا، چکھنا۔
دَوْک: (ن) لوگوں کا مضطرب ہونا۔
دَوْکَة: بے چینی، اضطراب ہنگامہ، شور وغل۔
دُوکَار: ٹم ٹم۔
دَوْلَة: (۱) زمانہ کا دور (۲) انقلاب (۳) گردشِ زمانہ۔
دَوْلَة (۲) ج: دُوَلٌ: حکومت، ریاست، بادشاہت، مملکت، ملک، کنٹری، اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ اِتِّحَادِیَة: وفاقی ریاست۔
دَوْلَةٌ اِسْتِبْدَادِیَة: جابر حکومت۔
دَوْلَةٌ اسْتِعْمَارِیة: سامراجی حکومت۔
اَلدَّوْلَةُ البُولِیسِیَّة: پولیس اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ دَاعِیَة: میزبان ملک۔
دَوْلَةٌ دِیمُقْرَاطِیَّة: ڈیموکریٹک ملک، جمہوری ملک۔
دَوْلَةُ الرَّخَاء و الرِّعَایَةِ الاجْتِمَاعِیَّة: سوشل ویلفیئر اسٹیٹ، عام رفاہی ریاست
دَوْلَةٌ رَفَاهِیَة: ویلفیئر اسٹیٹ، فلاحی ریاست۔
دَوْلَةٌ عَازِلَةٌ (دَوْلَةٌ حَاجِزَة: بفر اسٹیٹ۔ دو حکومتوں کے درمیان فاصل حکومت
دَوْلَةٌ عِمْلَاقَة: دیوقامت سلطنت، دیو قامت ریاست۔
دَوْلَةٌ عَمِیلَة: آلہ کار حکومت۔
دَوْلَةٌ مُتَخَلِّفَة: پسماندہ ملک
دَوْلَةٌ مُعَادِیَة: دشمن ملک، دشمن اسٹیٹ، دشمن سلطنت۔
اَلدَّوْلَةُ المُعْتَدِیَة: حملہ آور ملک، حملہ آور اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ مُتَقَدِّمَة: ترقی یافتہ ملک۔
دَوْلَةٌ نَامِیَة: ترقی پذیر ملک۔
صَاحِبُ الدَّوْلَة: وزیر اعظم کا لقب۔
الدُّوَلُ الأعْضَاءُ: ممبر ممالک۔
دُوَلُ الخَلِیجِ العَرَبِیّ: خلیج عرب کے ممالک۔
الدُّوَلُ الشَّقِیقَة: پڑوسی ممالک۔
الدُّوَلُ الصَّدِیقَة: دوست ممالک۔
الدُّوَلُ الصِّنَاعِیَة: صنعتی ممالک۔
دُوَلُ عَدَمِ الانْحِیَاز: غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ العُظْمَی: بڑے ممالک، بڑی طاقیں، بڑی حکومتیں۔
الدُّوَلُ الغَیْرُ المُنْحَازَة: غیر جانبدار ممالک۔

الدُّوَلُ الفَقِیرَة: غریب ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَأَخِّرة: پسماندہ ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَحَارِبَة: برسرپیکار ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَحَالِفَة: حلیف ممالک، متحدہ حکومتیں۔
الدُّوَلُ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ۔
الدُّوَلُ المُتَضَرِّرَةُ اقْتِصَادِیًّا: اقتصادی طور پر نقصان رسیدہ ممالک۔
الدُّوَلُ المُحَایِدَة: غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ المِحْوَر: بنیادی حکومتیں، بنیادی اہمیت کے ممالک۔
دُوَلُ المُشَارِکَة: حصہ دار حکومتیں۔
دُوَلٌ مُصَدِّرَة: برآمد کرنے والے ممالک۔
الدُّوَلُ المُصْنِعَة: صنعتی ممالک۔
الدُّوَلُ المُنْتِجَة: پیداوار والے ممالک۔
الدُّرَلُ المُنْحَازَة: جانبدار ممالک۔
دُوَلُ المُوَاجَهَة: براہ راست مقابل ممالک۔
دُوَلِیٌّ: بین الاقوامی، انٹرنیشنل، عالمی۔
دُوَلِیّ: قومی، ملکی، ریاستی۔
دُوَلِیًّا: بین الاقوامی سطح پر۔
دُوَیْلَة ج: دُوَیْلات: چھوٹی سی ریاست، حکومت۔
دَوَالَیْکَ: یکے بعد دیگرے، نمبردار۔
وهٰکَذَا دَوَالَیْکَ: (إلی آخِرِهٖ): (اسی طرح اور)
دَالَ ـُ دَوْلَةً و دَوْلاً: زمانہ بدلنا، ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا۔
دَالَتْ عَلَیْهِ الدَّوْلَة: اس پر مصیبت آئی، اس کے خلاف تبدیلی آئی۔
دَالَتْ لَهُ الدَّوْلَة: اس کے حق میں تبدیلی آئی۔
دَوَالَهُ مُدَاوَلَةً وأَدَالَهُ: مروج بنانا، دائر سائر کرنا۔
تَدَاوُل: باہم لین دین کرنا (۲) باہم مشورہ کرنا (۳) باہم بات چیت کرنا (۴) تبادلہ خیال کرنا (۵) رواج، سرکلیش، اٹھاؤ، چلن، گفتگو، بات چیت۔
تَدَاوُلُ رِسَالَةٍ: ایک دوسرے کو پیغام دینا۔
تَدَاوُلُ العُمْلَةِ: سکہ چلنا، سکہ کا چلن
تَدَاوُلُ النَّاسِ الشَّیْءَ: زیر بحث لانا، استعمال میں لانا۔
تَدَاوَلَتْه الأَلْسُنُ: کسی بات کا چرچا ہونا۔
تَدَاوَلَتْهُ الأَیْدِی: کسی چیز کا کام میں آنا، کسی چیز کا استعمال میں آنا۔
تَدْوِیل: رواج دینا، عام کرنا۔
تَدْوِیل: (۲) بین الاقوامی بنانا یا قرار دینا
مُدَاوَلَةٌ ج: مُدَاوَلات: مخصوص بات چیت، بحث، ڈبیٹ، گفتگو، بات چیت۔
مُتَدَاوَل: رائج، مستعمل، مسلسل، مروجہ، دست گرداں، دائر سائر، رائج الوقت۔
دُوْلاب: (۱) مشین (۲) آلہ (۳) پہیہ (۴) الماری ج: دَوَالِیب
دُوْلاَبُ الحِفْظ: فائلنگ الماری۔
دُوْلار: ڈالر۔
الدُّوْلا رَاتُ النِّفْطِیَّة: پٹرو ڈالر۔
دَوَّمَ الطَّائِرُ: فضا میں پرندہ کا چکر لگانا۔
دَامَ ـُ دَوْماً و دَوَاماً: گھومنا، چکر

لگانا (۲) ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔
دَاوَمَ عَلیٰ مُدَاوَمَةٍ: پابندی کرنا، کوئی فعل مسلسل کرنا، ہمیشہ کرنا۔
أَدَامَ إِدَامَةً: دوام عطا کرنا۔
اسْتَدَامَ: برقرار رہنا، مسلسل رہنا،
دَوْمٌ، دَوَامٌ: ہمیشگی، تسلسل، بقاء، ابدیت، لاقانیت۔
دَوْماً، عَلَی الدَّوَام: ہمیشہ۔
دُوَّامَة: لٹو، پھرکی (۲) چکر، سلسلہ۔
دُوَامٌ: سرکا چکر۔
دُوَامٌ رَسْمِیّ: سرکاری اوقات کار۔
دِوَام، اسْتِدَامَة: بقاء۔
دَائِمٌ: دائمی، مستقل، پرمانٹ، برقرار، لازوال (ضدِ مُوَقَّت)
دَائِماً، دَوَاماً: ہمیشہ، آئے دن،
مَادَامَ: جب تک۔
مُدَامٌ وَمُدَامَةٌ: شراب۔
مُدَاوَمَة: پابندی۔
دُوَمین: سرکاری مقبوضات۔
دَوَّنَ تَدْوِیناً: لکھنا، مدون کرنا، قلمبند کرنا، نوٹ کرنا۔
دَوَّنَ التَّارِیخَ: تاریخ مرتب کرنا۔
تَدْوِین: اندراج، رجسٹریشن، نوٹ کرنا، ریکارڈ کرنا۔
تَدْوِینُ الشَّیْءِ فِي الیَوْمِیَّات: ڈائری میں نوٹ کرنا، لکھنا۔
تَدْوِینُ القَوَانِین: قانون سازی
دُوْنَ: کم، کم درجہ (۲) سامنے (۳) درے۔
دُوْنَ أَن، مِنْ دُونِ أَنْ: بغیر، اس کے بغیر، بغیر اس کے کہ۔
دُوْنَ إِخْطَارٍ: بلا اطلاع۔
دُوْنَ اِرْتِبَاطٍ: بے جوڑ، بے ربط۔
دُوْنَ تَحَفُّظٍ: بلا احتیاط۔
دُوْنَ سَابِقِ عِلْمٍ عَنْ: پہلے سے کسی اطلاع کے بغیر۔
دُوْنَ مُنَازِعٍ: بلا اختلاف۔
بِدُوْنِ: بے، بلا، بغیر۔
بِدُوْنِ أَسَاسٍ: بے بنیاد۔
بِدُوْنِ سَفْكِ دِمَاءٍ: بلا خونریزی۔
بِدُوْنِ ضَرِیْبَةٍ: بلا ٹیکس۔
بِدُوْنِ فَوَائِدَ: بلا سود۔
بِدُوْنِ قَیْدٍ أَوْ شَرْطٍ: بلا قید و شرط۔
بِدُوْنِ مَصْرُوفَاتٍ: بلا خرچ۔
بِدُوْنِ مُقَابِلٍ: مفت۔
بِدُوْنِ مُقَدَّمَاتٍ: بلا تمہید۔
دُوْنَكَ: لے۔
الدِّیْوَان: دیوان، کمپارٹمنٹ، دفتر، امورِ انتظامیہ کا مرکز (۲) عدالت، کچہری
دِیْوَانُ المُحَاسَبَة: محکمہ حسابات
الدِّیْوَانُ المَلَكِیّ: شاہی کیبنٹ، شاہی دفتر، شاہی سکریٹریٹ۔
دِیْوَانُ شِعْرٍ: کتاب اشعار: دَوَاوِینُ
دِیْوَانٌ فِی قِطَارٍ حَدِیْدِیّ: ریلوے کمپارٹمنٹ۔
دَوَّی و دَوَیٰ ـِـ دَوِیًا: گرج ہونا، گونج دار آواز ہونا۔
دَوِیَ ـَـ دَوًی: بیمار ہونا۔
دَاوَی المَرِیضَ مُدَاوَاةً: علاج کرنا، دوادارو

کرنا، دوا دینا۔
دَوَاءٌ ج: اَدْوِیَة: علاج، دوا، میڈیسن۔
دَوَاءٌ مُقَوٍّ: ٹانک۔
الأَدْوِیَة المُخَدِّرَة: نشہ آور دوائیں۔
دَوِیَ: تہلکہ، گونج (۲) گونج دار۔
دَوِیُّ المِدْفَع: توپ کی گرج۔
دَوَاةٌ ج: دُوِیٌّ: دوات۔

د.....ی

دَیْدُبَان: سنتری، پہریدار۔
دِیْزِل: ڈیزل۔
دَیْزَلَة (تَزْوِیْدٌ بِدِیْزِل): ڈیزل ڈالنا۔
دِیْسِیْجِرَام: (مع) ڈیسی گرام۔
دِیْسِیْمِتْر: (مع) ڈیسی میٹر۔
دِیْسَمْبَر: (مع) ماہ دسمبر۔
دِیکْرِیتو: (مع) فرمان عالی، فرمان حکومت، حکم، فیصلہ۔
دِیْکٌ ج: دُیُوک: مرغا۔
دِیْمُقْرَاطِیّ: جمہوری، عوامی، ڈیمو کریٹک (مع)
دِیْمُقْرَاطِیَّة: جمہوریت، ڈیموکریسی، عوامیت (مع)۔
دِیْمُوْطِیْقِیّ: جمہوری۔
دَیْنٌ ج: دُیُوْن: قرض (۲) حق (۳) عہد۔
دَیْنٌ هَالِکٌ: ناقابل وصول قرض۔
الدَّیْنُ الأَهْلِیّ: قومی قرضہ۔
دَیْنٌ مُؤَجَّلُ الدَّفْع: میعادی قرضہ۔
دُیُوْنٌ خَارِجِیَّة: بیرونی قرضے۔
دُیُوْنٌ دَاخِلِیَّة: گھریلو قرضے۔
دُیُوْنٌ سَائِرَة: چالو قرضے، مختصر المیعاد قرضے۔
دُیُوْنٌ عَادِیَّة: عمومی قرضے، معمولی قرضے۔
دُیُوْنٌ عَامَّة: عوامی قرضے۔
دُیُوْنٌ مُجَمَّدَة: منجمد قرضے۔
دُیُوْنٌ مَضْمُوْنَة: ضمانت پر دیئے ہوئے قرضے۔
دُیُوْنٌ مُمْتَازَة: خصوصی قرضے۔
الدُّیُوْنُ المَمْنُوحَة: دیئے ہوئے قرضے۔
بِالدَّیْنِ: علی الحساب۔
مَدِیْن: قرض دار
مَدِیْنٌ: احسان مند۔
قَضٰی دَیْنَه: قرض ادا کیا (۲) مر گیا۔
دِیْنٌ ج: أَدْیَانٌ: (۱) مذہب (۲) عقیدہ (۳) پرہیز گاری (۴) عبادت (۵) جزا، بدلہ۔
دَیِّنٌ: دیندار، مذہبی، عبادت گزار۔
دَانَه ـِ دَیْناً: (۱) قرض دینا (۲) محکوم بنانا، ذلیل بنانا۔
دَانَ له ـِ دَیْنًا: کسی کے سامنے اظہار عجز کرنا، فرمانبرداری ہونا۔
دَانَ لَه بکذا ـِ دَیْناً: ممنون ہونا۔
دَانَ بِدِیْنٍ ـِ دِیْناً و دِیَانَةً: مذہب اختیار کرنا۔
تَدَیَّنَ بِکَذَا: مذہب اختیار کرنا۔
تَدَیَّنَ وَاسْتَدَانَ: قرض لینا، لون لینا۔
إِدَانَة: قرض لینا، قرض دینا، مذمت کرنا، ذلیل کرنا، مجرم قرار دینا، الزام لگانا۔
دَائِنٌ: قرض دار، قرض خواہ
دَیَانَة: مذہب ج: دِیَانَات
دِیْنَامِیْت: (معرب) ڈائنامیٹ، ایک پھٹنے والا مادہ۔

دِیْنَمُو: (معرب) ڈائمو، برقی رَو پیدا کرنے	والی مشین۔

ذ

ذ.....ا

ذَا، هٰذَا: یہ اسم اشارہ واحد۔
مذکر قریب کے لیے ج: اُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ
ذَاکَ، ذٰلِکَ: وہ، اسم اشارہ واحد۔
مذکر بعید کے لیے ج: اُولٰئِکَ
اِذْذَاکَ: تب، اس وقت۔
مَاذَا: کیا؟
لِمَاذَا: کیوں، کس لیے؟
ذَأَبَ ـَ ذَأْباً و ذَأَّبَ: خوف دلانا۔
ذِئْبٌ ج: ذِئَابٌ و أَذْؤُبٌ، و ذُؤْبَانٌ: بھیڑیا۔
ذِئْبَة: بھیڑیے کی مادہ۔
ذُؤَابَة ج: ذَوَائِبُ: گیسو، بالوں کی لٹ۔

ذ.....ب

ذَبَّ عَنْهُ ـُ ذَبّاً: دفاع کرنا، بچاؤ کرنا، نقصان رفع کرنا۔
ذُبَابَةٌ ج: ذُبَابٌ: مکھی۔
مِذَبَّةٌ: (۱) مکھیاں اڑانے کا پنکھا (۲) ذریعہ دفع مضرت۔
ذَبَحَ ـَ ذَبْحاً: ذبح کرنا، کاٹنا، قربانی کرنا، مار ڈالنا۔
ذَبَّاح: قصاب۔
ذَبِیْحٌ، ذَبِیْحَة ج: ذَبَائِح: قربانی، قربانی کا جانور، ذبح شدہ جانور۔
مَذْبَحَةٌ: فساد، قتل وغارت گری، خونریزی، ذبح خانہ، خون خرابہ ج: مذابح ذَبْذَبَة: ہلانا (۲) ہلنا (۳) تردد میں پڑنا۔
تَذَبْذُب: ہلنا (۲) تردد میں پڑنا۔
ذَبْذَبَة: (۲): تردد۔
ذَبْذَبَةُ السُّوْق: بازار کا اتار چڑھاؤ۔
مُذَبْذَبٌ: متردد، ڈانواڈول۔
ذَبُلَ ـُ ذُبُولاً و ذَبَلاً: مرجھانا، پژمردہ ہونا۔
ذُبُول: افسردگی۔
ذُبَالَةُ المِصْبَاح: چراغ کی بتی ج: ذُبَال
ذَابِلٌ: پژمردہ، افسردہ، مضمحل۔
ذَابِلُ الوَجْه: افسردہ۔
عَیْنٌ ذَابِلَة: چشم نیم باز، مخمور نگاہ۔

ذ.....خ

ذَخَرَ ـَ ذَخْراً و ذُخْراً: ذخیرہ کرنا، جمع کرنا، اسٹاک کرنا، کسی چیز کو وقت ضرورت کے لیے محفوظ رکھنا۔
ذَخِیْرَة ج ذَخَائِر: جمع کردہ مال، سامان، اسٹاک گولہ بارود، امونیشن (۲) فنڈ،

اسٹور (۳) سرمایہ۔
ذَخِيرَةٌ حَرْبِيَّة: جنگی ساز وسامان۔
ذَخَائِرُ حَرْبِيَّة: میگزین، اسلحہ خانے
ذَخِيرَةٌ مُقَدَّسَة: پاک سرمایہ۔
ذَاخِر: اسٹاکسٹ۔
اِدِّخَار، اِدِّخَار: چھپا کر رکھنا، جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، (۲) روپیہ بچانا، سیونگ، بچت، بچت کرنا۔
اِدِّخَارٌ إِجْبَارِيّ: جبری بچت۔
ذ.....ر
ذَرَبَ ـُـ ذَرْباً: تلوار تیز کرنا۔
ذَرِبَ ـَـ ذَرَباً: پیٹ یا معدہ خراب ہونا (۲) تیز زبان ہونا۔
ذَرَبُ البَطْنِ: اسہال، دستوں کی بیماری۔
ذَرِبٌ: بیمار، دستوں کا مریض۔
رَجُلٌ ذَرِبٌ: بدزبان آدمی، تیز زبان۔
ذَرَّ ـُـ ذَرّاً: بکھیرنا، پھیلانا، چھڑکنا۔
ذَرٌّ، ذَرَّة: چھوٹی چیونٹی۔
ذَرَّة ج: ذَرَّات: (مِقْدَارٌ بَالِغُ الصِّغَر): آئٹم، مادہ کا وہ سب سے چھوٹا جز جس کی مزید تقسیم نہ ہو سکے، جوہر فرد (۲) خاک کا ذرہ، ریزہ۔
ذَرَّةٌ كَهْرَبِيَّة: برق پارہ۔
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ: ذرہ برابر۔
ذَرِّيّ: ایٹمی، جوہری، جزلاتجزی کا، ایٹومک، نیوکلیائی۔
النَّظَرِيَّة الذَّرِّيَّة: نظریہ جوہر، یہ نظریہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزاء مادہ پر مشتمل ہیں جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ہیں اور مختلف اشیاء کے جوہر جب ترکیب پاتے ہیں تو ایک خاص تناسب کے ساتھ ملتے ہیں اور ان کا یہ تناسب وہی ہوتا ہے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیائی ترکیب پاتے ہیں (انگلش اسٹینڈرڈ ڈکشنری)۔
قُنْبُلَةٌ ذَرِّيَّة: آئٹم بم۔
ذَرُور: پاؤڈر، سفوف، برادہ، مٹی۔
ذَرُورُ الأَسْنَان: ٹوتھ پاؤڈر۔
ذَرُورٌ مَعْدِنِيّ: ابرق (ایک قسم کی چمکیلی دھات)
ذَرُورِيّ: پاؤڈر جیسا ملائم۔
ذُرِّيَّةٌ ج: ذُرِّيَّات: نسل۔
ذَرَعَ إِلَيْهِ وَ عِنْدَهُ ـَـ ذَرْعاً: سفارش کرنا۔
تَذَرُّعٌ بِالحَزْم: احتیاط سے کام لینا۔
تَذَرُّعٌ بِذَرِيعَةٍ: وسیلہ بنانا، ذریعہ بنانا، واسطہ بنانا۔
تَذَرُّعٌ بِكَذَا: آڑ لینا۔
ضَاقَ ذَرْعاً بِالأَمْرِ: تنگ ہو گیا، پریشان ہو گیا۔
ذِرَاعٌ ج: أَذْرُعٌ: بازو، ہاتھ، کہنی سے بیچ کی انگلی تک (۲) طاقت۔
ذِرَاع: (۲) قدیم لولی پیمانہ ۱۸ سے ۲۲ انچ تک کا، درعہ، نیم گز۔
ذِرَاعُ التُّرُوس أَو المُسَنَّنَات: گیر لیور
ذَرِيعٌ: (۱) سفارش کرنے والا (۲) تیز رفتار۔
قَتْلٌ ذَرِيعٌ: بدترین قتل۔
فَشَلٌ ذَرِيعٌ: بدترین ناکامی۔
ذَرِيعَةٌ ج: ذَرَائِع: وسیلہ۔

ذَرَفَ الدَّمْعُ ـِ ذَرْفاً و ذُرُوفاً و ذَرَفَاناً: آنسو بہنا۔
ذَرَفَتِ العَیْنُ دَمْعَهَا: آنکھ نے آنسو بہایا، آنکھ سے آنسو ٹپکا۔
ذَرَقَ ـُ ذَرْقاً: بیٹ کرنا۔
ذَرْقٌ: پرندوں کی بیٹ۔
ذَرَّی تَذْرِیَةً و ذَرَی الحِنْطَةَ ـِ ذَرْیاً و ذَرَاـُ ذَرْواً و أَذْرٰی: غلہ ہوا میں اڑانا۔
ذَرَّتِ الرِّیْحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
ذَرَّی فُلاناً: تعریف کرنا۔
أَذْرٰی إِذْرَاءً: گرانا، پھینکنا۔
أَذْرَتِ العَیْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
تَذَرَّی الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَذَرَّی بکذا: آڑ لینا۔
اسْتَذْرٰی به: پناہ لینا۔
ذُرَةٌ: مکئی۔
ذُرْوَةٌ ج: ذُرًی: بلندی، چوٹی، منتہا، بلند ترین مقام (۲) زمین کا سورج سے بعید ترین فاصلہ۔
ذَرْیٌ: حفاظت۔
مِذْرًی، مِذْرَاةٌ ج: مَذَارٍ: سہ شاخہ یا دو شاخہ لکڑی جس سے غلہ ہوا میں اڑاتے ہیں یا کریدتے ہیں۔

ذ.....ع

ذَعَرَ ـَ ذَعْراً و أَذْعَرَ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
ذَعِرَ ـَ ذَعَراً و ذُعِرَ: ڈرنا، سہمنا۔
انْذَعَرَ: ڈرنا، سہمنا۔
ذُعْرٌ، ذَعْرٌ: خوف، سراسیمگی، دہشت۔
ذُعَرَةٌ: ایک پرندہ جو ہر وقت دُم ہلاتا ہے۔
ذَعَفَ ـَ ذَعْفاً: کھانے میں زہر ملانا۔
ذَعِفَ ـَ ذَعَفَاناً: مرنا۔
ذُعَاف: سمِ قاتل، زہر ہلاہل۔
مَوْتٌ ذُعَاف: فوری موت، جلد آنے والی موت۔
ذَعَقَ ـَ ذَعْقاً: چیخنا، زور سے پکارنا (۲) گھبرا دینا۔
ذَعِنَ لَه ـَ ذَعَناً و أَذْعَنَ لَهُ: معترف ہونا، مطیع و فرمانبردار ہونا، اظہار عجز و انکساری کرنا، تسلیم کرنا۔
إِذْعَان: انقیاد و تذلل، اطاعت۔
مُذْعِنٌ: مطیع، فرمانبردار، معترف۔
مِذْعَان: بڑا اطاعت گزار، جلد بات مان لینے والا۔

ذ.....ف

ذَفَرٌ: بدبو۔
ذَفِرَ ـَ ذَفَراً: بدبودار ہونا، بو آنا۔

ذ.....ق

ذَقَنٌ ج: أَذْقَان: ٹھوڑی، مجازاً: ڈاڑھی۔

ذ.....ک

ذَکَرَ ـُ ذِکْراً و ذُکْراً، و ذِکْرٰی، وتَذْکَاراً: ذکر کرنا، بات بتانا، نام لینا۔ واقعہ بیان کرنا، دل اور زبان سے یاد کرنا۔
ذَکَرَ و تَذَکَّرَ و اسْتَذْکَرَ: یاد کرنا، محفوظ کرنا، سمجھنا، غور کرنا۔
تَذَکَّرَ الشَّیْءَ: بھولنے کے بعد یاد کرنا، یاد آنا، ذہن میں آنا۔
تَذْکِیر: یاد دلانا، نصیحت کرنا۔
ذَاکَرَه مُذَاکَرَةً: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

ذَاکَرَ دَرْسَہ: یاد کرنا، مطالعہ کرنا۔
ذَکَرٌ: ذُکُور: نر۔
اِمْرَأَۃٌ ذَکِرَۃٌ: مرد نما عورت۔
ذِکْرٌ، ذِکْرَۃ: شہرت، تذکرہ، یاد۔
ذِکْرٌ و ذِکْریٰ: یاد، یادگار۔
إحْیَاءُ الذِّکْر: یاد تازہ کرنا۔
سَالِفُ الذِّکْر: مذکورہ بالا۔
ذِکْریٰ: یادگار ج: ذِکْرَیَات
ذِکْریٰ خَالِدَۃ: لافانی یادگار۔
یُذْکَرُ: قابل ذکر۔
مَذْکُورٌ أعْلَاہُ: مذکورہ بالا۔
المَذْکُوْرُ عَالِیْہِ: مذکورہ بالا۔
ذَاکِرَۃ: حافظہ، ذہن، دماغ۔
تَذْکَار، تَذْکِرَہ: یادگار ٹرافی۔
تَذْکَاراً لِکَذَا: فلاں چیز کی یاد میں۔
تَذْکَارِیّ: میموریل، یادگاری۔
تَذْکِرَۃ: یادگار، ٹکٹ، کارڈ، پاس ج: تَذَاکِرُ
تَذْکِرَۃ إیَاب: ریٹرن (واپسی) ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃُ بَرِیْد: پوسٹ کارڈ۔
تَذْکِرَۃُ سَفَر: ٹکٹ (یکطرفہ)۔
تَذْکِرَۃُ ذَھَابٍ و إیَابٍ: ٹکٹ آمدورفت۔
تَذْکِرَۃُ یَانَصِیْب: لاٹری ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃُ مُرُوْر: (۱) پاسپورٹ (۲) پاس۔
تَذْکِرَۃُ طِبِّیَّۃ: ڈاکٹری یا معالجاتی نسخہ۔
تَذْکِرَۃُ حَجْز: ریزرویشن ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃُ دُخُوْل: داخلہ ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃُ سِکَّۃِ حَدِیْد: ریلوے ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃٌ مَجَّانِیَّۃ: پاس۔
تَذْکِرَۃٌ مَفْتُوحَۃ: اوپن ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃُ نِصْفِ أُجْرَۃ: آدھی قیمت کا ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃُ ھُوِیَّۃ: شناختی کارڈ، ایڈنٹی کارڈ۔
تَذْکِرِیّ: ٹکٹ کلرک، ٹکٹ بابو۔
تَذْکَرْجِیّ: (عَامِلُ صَرْفِ التَّذَاکِر) بکنگ کلرک، ٹکٹ بابو۔
مَکَانُ صَرْفِ التَّذَاکِرِ: بکنگ آفس، ٹکٹ گھر۔
مُذَکِّر: یاد دلانے والا، ناصح۔
مُذَکِّرَۃ ج: مُذَکِّرَات: میمورنڈم، کسی معاملہ کی یادداشت، گشتی، نوٹ۔
مُذَکِّرَۃ: (مُفَکِّرَۃ): نوٹ بک۔
مُذَکِّرَۃٌ تَتَضَمَّنُ اللَّوْمَ: مذمتی میمورنڈم۔
مُذَکِّرَۃٌ شَدِیْدَۃُ اللَّھْجَۃ: سخت لب و لہجہ کا نوٹس۔
ذَکّیٰ تَذْکِیَۃً: قربانی دینا، ذبح کرنا (۲) پاک وصاف کرنا۔
ذَکّیٰ و أذْکیٰ: آگ روشن کرنا۔
ذَکَتِ النَّارُ ـُ ذُکُوّاً و ذَکاً، و ذَکَاءً و اسْتَذْکَتْ: آگ تیز ہونا، روشن ہونا، بھڑکنا۔
إذْکَاءُ الحَرَکَۃ: تحریک تیز کرنا۔
ذُکَاءٌ: ہوشیاری، ذہانت۔
ذَکِیٌّ: ہوشیار، ذہین، زود فہم ج: أذْکِیَاءُ
ذَکِیُّ الرَّائِحَۃِ: خوشبودار۔
ذَکِیُّ الطَّعْم: ذائقہ دار۔
ذُکَاءُ: آفتاب۔
اِبْنُ ذُکَاءَ: صبح۔

ذَلَّ ـِ ذُلًّا، وذِلَّةً، و مَذَلَّةً: ذلیل وحقیر ہونا۔
إذْلَالٌ، تَذْلِيلٌ: ذلیل کرنا۔
تَـذْلِيـل: (۲) قابو پانا، غالب آنا، مشکلات پر قابو پانا، تابع بنانا، آسان بنانا، گھوڑے کو سدھانا۔
تَذْلِيلُ الصِّعَاب: دشواریوں کو ختم کرنا۔
تَذْلِيلُ العَقَبات: دشواریوں پر قابو پانا۔
ذُلٌّ: بے عزتی، ذلت وخواری۔
ذَلِيلٌ ج: أذِلَّاءُ: حقیر۔
تَذَلُّل: عاجزی اختیار کرنا، ذلیل بننا۔
إذْلَالٌ و اسْتِـذْلَال: زیر کرنا، قابو میں کرنا۔
ذَلَقَ السِّكِّينَ ـُ ذَلْقاً و ذَلَاقَةً: تیز کرنا۔
ذَلِقَ اللِّسَانُ ـَ ذَلَقاً: زبان تیز ہونا، تیز زبان ہونا (۲) فصیح ہونا۔
ذَلَاقَةُ اللِّسَانِ: زور زبان، فصاحت، چرب زبانی۔
ذَوْلَقُ اللِّسَان: زبان کا کنارہ۔
ذٰلِكَ: وہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید کے لیے
مَعَ ذٰلِكَ: باوجود۔

ف.....م

ذمّ: (در: ذم)
ذَمَرَ الأسَدُ ـُ ذَمْراً: شیر کا چنگھاڑنا
تَذَمَّرَ: تنگ دل ہونا، دل برداشتہ ہونا۔
تَذَمُّر: غصہ، ناگواری۔
التَّذَمُّرُ السِّيَاسِيّ: سیاسی بے چینی
تَذَمُّرُ الشَّعْب: عوامی بے چینی۔
ذِمَار: شرف، اعزاز (۲) ناموس، عزت، حرم۔
ذَمَّمَ تَذْمِيماً: حد سے زیادہ مذمت کرنا۔
ذَمَّهُ ـُ ذَمّاً و مَذَمَّةً: برا کہنا، تنقید کرنا۔
ذَمٌّ: برائی، تنقید۔
ذِمَّة: (۱) ضمانت (۲) عہد (۳) حفاظت، امن (۴) قرض (۵) ضمیر ج: ذِمَـمٌ.
أهْـلُ الـذِّمَّةِ: (۱) معاہدین (۲) دارالاسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار۔
عَلى ذِمَّةِ التَّحْقِيق: تحقیق کے لیے۔
فِي ذِمَّتِه: اس پر واجب ہے۔
ذِمِّيٌّ: معاہد، جزیہ دے کر دارالاسلام میں رہنے والا کافر۔
ذَمِيمٌ، مَذْمُوم: برا، قابل مذمت۔

ف.....ن

ذَنْبٌ ج: ذُنُوب: گناہ، غلطی، جرم۔
ذَنَبٌ ج: أذْنَاب: دُم (۲) تابع۔
ذَنْبِيٌّ: گناہ کا، گناہ سے متعلق۔
ذَنَّبَ تَذْنِيباً: دُم لگانا، دمدار بنانا (۲) سزا دینا۔
إذْنَاب: جرم کرنا، گناہ کرنا غلطی کرنا۔
اسْتِذْنَاب: گنہگار سمجھنا۔
مُذْنِبٌ: گنہگار، مجرم، غلط کار۔
مُذَنَّبٌ: دم دار، دم دار ستارہ۔

ف.....ه

ذَهَبَ ـَ ذَهَاباً: جانا۔
ذَهَبَ به: لے جانا۔
ذَهَـبَ إلـى كـذا: خیال ہونا، مناسب سمجھنا (۲) اختیار کرنا۔
ذَهَبَ ضَحِيَّةَ كذا: شکار ہونا، نذر ہونا
ذَهَبَ أدْرَاجَ الرِّيَاح: فنا ہونا، ہوا بُرد ہونا۔
ذَهَّبَ تَذْهِيباً: سونے کا ملمع کرنا، سونا بنانا۔

إذْهَابٌ: لے جانا۔
تَـمَذْهَبَ بِمَذْهَبِ كذا: کوئی طریقہ یا مسلک اختیار کرنا۔
ذَهَبٌ: سونا۔
ذَهَبٌ أبْيَضُ: پلاٹینم، ایک قیمتی دھات۔
ذَهَبِيٌّ: سونے کا، گولڈن۔
ذَهَاب: روانگی، واپسی۔
ذَهَابُ الحَرَارَة: آنچ کم ہونا۔
ذَهَابُ الصُّرَاخ أدْرَاجَ الرِّيَاح: چیخ ہوا میں گم ہوگئی۔
ذَهَابُ المُحَاوَلَةِ فَاشِلَةً: ارادہ ناکام ہونا۔
الذَّهَابُ و الإيَابُ: آمدورفت۔
مَـذْهَبٌ ج: مَـذَاهِبُ: مسلک، اعتقاد، عقیدہ، مکتب فکر۔
المَذْهَبُ التَّقْلِيدِيّ: تقلیدی مکتب فکر۔
مَذْهَبُ الجَبْرِ أو الجَبْرِيَّة: عقیدہ جبر، جبریت۔
مَـذْهَـبُ الـحُكْمِ المُطْلَق: استبدادی حکومت کا عقیدہ، مطلق العنان حکومت کا نظریہ۔
مَـذْهَـبُ الـفَـوْضَـوِيَّة: لاقانونیت کا نظام۔
مَذْهَبِيّ: فرقہ وارانہ۔
مُذَهَّب: سونے کا ملمع کیا ہوا۔
ذَهَلَ عَـن الأمْـرِ ـَ ذَهْلاً و ذُهُولاً: غافل ہونا، بھول جانا، ذہن سے نکلنا۔
ذَهِلَ ـَ ذُهُولاً: ہوش اڑنا، عقل زائل ہونا، ہکا بکا رہ جانا۔
مُذْهِل: حیرت انگیز۔
ذُهُول: غفلت۔
ذَاهِـلٌ، مُنْذَهِلٌ: غافل، ششدر، حواس باختہ۔
ذِهْنٌ ج: أذْهَانٌ: عقل، ذہن۔
ذِهْنِيّ: آئیڈیل۔

ذ.....و

ذُوْ: والا، صاحب ج: ذَوُوْ.
ذُوْاتِّجَاهِ رَأْسُمَالِيّ: سرمایہ دارانہ ذہنیت کا۔
ذُوْاسْتِقْلالٍ ذَاتِيّ: خودمختار۔
ذُوسُلْطَةٍ: بااختیار۔
ذُوعَاهَةٍ: آفت رسیدہ۔
ذُومَعْنىً: بامقصد۔
ذَوُوْ دَخْلٍ مَحْدُوْدٍ: محدود آمدنی والے۔
ذَوُو الرَّجُلِ: رشتہ دار، متعلقین۔
ذَات: (مونث ذُوْ) والی (۲) جان، نفس
ذَاتَ مَرَّة: ایک دفعہ، کسی دفعہ۔
ذَاتَ يَوْمٍ: ایک دن، کسی دن۔
ذَاتُ الكَثَافَةِ السُّكَّانِيَّة: گھنی آبادی والی۔
احْتِرَامُ الذَّات: عزت نفس۔
الاعْتِمَادُ عَلَى الذَّات: خوداعتمادی۔
الإعْجَابُ بالذَّات: خودپسندی۔
الثِّقَةُ بالذَّات: خوداعتمادی۔
إنْـكَـارُ الذَّاتِ: نفس کشی، خودفراموشی، تواضع۔
مَدْحُ الذَّات: خودستائی۔
ذَاتِيّ: شخصی، پرسنل۔
ذَاتِيَّةٌ: شخصیت، اپنی ذات، ذات کا مسئلہ۔

ذَاتِيَّةُ الشَّيْءِ: حقیقت۔
ذَاتِيّاً: ذاتی طور پر، شخصی طور پر۔
ذوَاتُ البَلَد: سربرآوردہ، معززین شہر
ذوَاتُ الأَرْبَع: چوپائے۔
أَوْلادُ الذَّوَات: صاحبزادگان، بڑوں کی اولاد۔
ذَوَّبَ تَذْوِيباً و أَذَابَ: گھلانا، پگھلانا
تَذْوِيبُ الفَوَارِق: امتیازات ختم کرنا۔
إِذَابَةُ الذَّاتِ فی کذا: کسی میں خود کو ضم کردینا۔
ذَابَ ـُ ذَوْباً و ذَوَبَاناً: گھلنا، پگھلنا۔
ذَابَ أَسىً أَوهَمّاً: غم یارنج میں گھلنا۔
ذَابَ خَجَلاً: شرمندگی سے پانی پانی ہونا۔
ذَابَتْ مُنَظَّمَةٌ دَاخِلَ مُنَظَّمَةٍ: تنظیم کا تنظیم میں گم ہوجانا۔
ذَائِبٌ: گھلا ہوا، پگھلا ہوا۔
مُذِيبٌ: پگھلانے والا، حل کنندہ۔
ذَوْبُ سِلْكِ الصِّمَامَةِ الكَهْرَبَائِيَّة: فیوز اڑنا۔
ذَوْدٌ: (ن) دفاع کرنا، ہٹانا، بچانا۔
ذَوْقٌ: (ن) چکھنا، ذائقہ معلوم کرنا۔
إِذَاقَة: چکھانا۔
تَذَوَّقَ: ذائقہ لینا، مزہ لینا، تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
تَذَوُّق: ٹیسٹ، ذائقہ چکھنا۔
مَذَاق: ٹیسٹ، ذائقہ۔
مَذَاقٌ سَلِيمٌ: صاف ذائقہ۔
ذَوْق وذَوَاق: (۱) مذاق، خواہش (۲) لیاقت (۳) اصابت رائے، سلیقہ، ٹیسٹ۔
الذَّوْقُ الاجْتِمَاعِيّ: معاشرتی سلیقہ۔
قِلَّةُ ذَوْق: بدذوقی۔
قَلِيلُ الذَّوْق: بدذوق۔
ذَوَى ـِ ذَيّاً وذُوِيّاً و ذَوِيَ ـَ ذَوِيّاً: مرجھانا، کملانا۔
ذَاوٍ: مرجھایا ہوا، پژمردہ۔
ذَاعَ الخَبَرُ ـُ ذُيُوعاً: پھیلنا، عام ہونا، شائع ہونا، نشر ہونا۔
ذَاعَتْ شَائِعَةٌ ـِ حَوْلَ وعَنْ كذا: افواہ پھیلنا۔
إِذَاعَة: شائع کرنا، نشر کرنا، بیان، انکشاف کرنا، اناؤنس کرنا، اطلاع، اشتہار۔
إِذَاعَةُ بَيَان: بیان جاری کرنا۔
إِذَاعَةُ السِّرّ: راز کھولنا، راز فاش کرنا۔
إِذَاعَةُ عُمُوْمِ الهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔
إِذَاعَةٌ بِاللَّاسِلكِيّ: براڈ کاسٹ کرنا۔
ذَائِع: عام، شائع۔
ذَائِعُ الصِّيت: شہرت یافتہ۔
مَحَطَّةُ الإِذَاعَةِ اللَّاسِلْكِيَّة: ریڈیو اسٹیشن، نشرگاہ۔
إِذَاعَات: (۱) ریڈیو نشریات (۲) افواہیں، مشہور کردہ خبریں۔
مُذِيع: ناشر، اناؤنسر، پروگرام چلانے والا، اعلان کنندہ۔
مِذْيَاع: (۱) بھونپو، میکروفون (۲) راز افشاء کرنے والا، بھانڈا پھوڑ آدمی۔
مِذْيَاعٌ كَهْرَبِيّ: (۱) میکروفون (۲) ریڈیو۔

مُذَاعٌ بِالتِّلِفزْيُوْن: ٹیلیویژن پر نشر شدہ۔
مُذَاعٌ بالرَّادِيُو: ریڈیو سے نشر شدہ۔

ذ.....ی

ذَيَّلَ الكِتَابَ، تَذْيِيلاً: کتاب پر حاشیہ لکھنا، نوٹ لکھنا، ضمیمہ لگانا، اضافہ کرنا، فٹ نوٹ لکھنا۔
ذَيْلٌ ج: أذْيَالٌ: (۱) دُم (۲) کنارہ (۳) آخری حصہ، اضافہ، حاشیہ (۴) تابع۔
ذَيْلُ الثَّوبِ: دامن۔
ذَيْلُ الصَّفْحَة: صفحہ کا نچلا حصہ۔
ذَيْلٌ و تَذْيِيل: ضمیمہ۔
حَامِلُ الذَّيْل: دامن بردار۔
طَاهِرُ الذَّيْل: پاکدامن۔
قَصْرُ ذَيْلٍ: کوتاہ دامنی، یہ ایسے وقت استعمال کیا جاتا ہے جبکہ کوئی کام مکمل نہ ہو۔
مَقْطُوْعُ الذَّيْلِ: دُم بریدہ۔
ذَايِلٌ، مُذَيَّل: دُم دار۔

ر

رَأَبَ الصَّدْعَ ـَ رَأْباً: پھٹن کو جوڑنا، ریخ بند کرنا، مرمت کرنا۔

رَأْرَأَةٌ: پتلی پھرا کر دیکھنا۔

رَادِيكَالِيّ: (معرب) راڈیکل، انتہا پسند۔

رَادْيُو: (مع) ریڈیو، وائرلیس سیٹ۔

رَادْيُو كُلِّ الهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔

رَادْيُو عُمومِ الهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔

رَادْيُو غرَاف: (معرب) ریڈیوگراف۔

رَادْيُو فُون: (معرب) ریڈیوفون۔

رَادْيُوم: (مع) ریڈیم، ایک چمکیلا مادہ۔

رَأَسَ ـُ رِئَاسَةً ورِيَاسَةً و تَرَأَّسَ وارْتَأَسَ: بڑا بننا، راہنما بننا، سربراہ بننا۔

رَأَسَ العَمَلَ: نگرانی کرنا، انتظام کرنا۔

رَأَسَ الجَمْعِيَّةَ أو الاجْتِمَاعَ: جماعت یا جلسہ کی صدارت کرنا۔

رَؤُسَ ـُ رِئَاسَةً: صدر ہونا، لیڈر ہونا، سربراہ ہونا، افسر ہونا۔

تَرْئِيس: صدر بنانا، افسر بنانا۔

تَرْئِيسُ القَلَم: (دا) قلم کی نوک بنانا۔

تَرْئِيسُ الكِتَابِ أو المَقَالَة: کتاب یا مضمون پر عنوان لگانا۔

رَأْسٌ ج: رُؤُوسٌ: (۱) سر (۲) چوٹی (۳) اول، ہیڈ، سربراہ (۴) عقل (۵) بالائی حصہ (۶) اصل۔

رَأْسُ مَـــالٍ: سرمایہ، فنڈ، کیپیٹل، اصل رقم ج: رُؤُوسُ أَمْوَالٍ

رَأْسُ المَالِ للإِبْتِدَائِيُّ: ابتدائی سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الاجْتِمَاعِيُّ: سوشل سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الاحْتِيَاطِيُّ: ریزرو سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الثَّابِت: فکسڈ سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الحَقِيقِيُّ: واقعی سرمایہ۔

رَأْسُ الـمَالِ السَّنَدَات: کاغذی سرمایہ، کاغذات کے بموجب سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ العَاطِلُ: بیکار سرمایہ۔

رَأْسُ الـمَـالِ الـعَـامِلُ: دست گرداں سرمایہ، چلتا سرمایہ، مصروف سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُتَدَاوَل: کرنٹ سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المَحْبُوس: منجمد سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُسَجَّل: رجسٹرڈ سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُقْتَرَضُ: قرض سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُكْتَتَب: مشترکہ سرمایہ، چندہ

کا سرمایہ۔
رَأسُ المَالِ الوَطَنِیّ: قومی سرمایہ۔
الرَّأسُمَالِیّ: سرمایہ دار، سرمایہ دارانہ۔
الرَّأسُمَالِیَّة: سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّةُ الاِحتِکَارِیَّة: اجارہ دارانہ سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّة التِّجَارِیَّة: تجارتی سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّةُ الشَّعبِیَّة: عوامی سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّةُ المَحَلِّیَّة: لوکل سرمایہ داری۔
الرأسُمَالِیَّةُ الوَطَنِیَّة: نیشنل سرمایہ داری۔
رَأسُ العَمُود: کالم کا بالائی حصہ۔
رَأسُ القَومِ: لیڈر، سردار۔
رَأسٌ بِرَأسٍ: برابر، مساوی۔
رَأساً: براہ راست، ڈائریکٹ۔
رَأساً علی عَقِبٍ: الٹا، اوندھا۔
علی رَأسِ الحُکُومة: سربراہ حکومت
رَأسِیّ: عمودی شکل کا۔
رَئِیسٌ ج: رُؤَسَاء: صدر، لیڈر، افسر، سربراہ، چیف، نگراں، ہیڈ، پرنسپل، چیئرمین۔
___ إدَارَةٍ أو مَکتَبٍ: کسی محکمہ یا دفتر کا افسر، ذمہ دار، افسر انتظامیہ۔
___ اَرکَانِ الجَیشِ: کمانڈر انچیف۔
___ الأرکَانِ العَامَّة: چیف آف اسٹاف
الرئیسُ الأعلیٰ للجَامِعَات: یونیورسٹیوں کا سربراہ عام۔
رَئِیسُ البَلَدِیَّة: میونسپل چیئرمین، میئر۔
___ لِهَیئَةٍ تَشرِیعِیَّة: اسپیکر۔
___ بِالنِّیَابَة: قائم مقام صدر۔
___ بِالوِکَالَة: قائم مقام صدر۔
___ التَّحرِیر: چیف ایڈیٹر، مدیر اعلیٰ
___ جَامِعَة: چانسلر۔
___ الجَلسَة (فی مَجلِسِ النُّوَّاب): اسپیکر۔
___ جَلسَةٍ أو اجتِمَاعٍ أو مَجلِسٍ: صدر جلسہ، چیئرمین۔
___ الحِسَابَات: چیف اکاؤنٹنٹ
___ الدَّائِرَة: افسر۔
الرَّئِیسُ العَامّ: جنرل افسر۔
رَئِیسُ فِرقَةٍ: کیپٹن۔
___ عِصَابَةٍ: گروہ کا سردار۔
___ عُمَّال: اوورسیر، فورمین۔
___ اللَّجنَة: کمیٹی کا چیئرمین۔
___ للوِزَارَة بالنِّیَابَة: قائم مقام وزیر اعظم۔
___ لَیسَ لَه حَقٌّ: صدر بلا اختیار۔
___ مُبَاشِرٌ: ڈائریکٹ آفیسر۔
___ مَجلِسِ الإدَارَة: چیئرمین آف بورڈ
___ مَجلِس الدَّوْلَة: چیئرمین قومی اسمبلی۔
___ مَجلِس المَدِینَة: میئر۔
___ مَجلِس النُّوَّاب: اسپیکر پارلیمنٹ۔
___ المَحکَمَة: جج، حاکم عدالت۔
___ المَحکَمَة العُلیَا: چیف جسٹس
___ مَدرَسَةٍ: مہتمم۔
مُشَارِکٌ: مشترکہ صدر۔
المَکتَب: چیف کلرک، ہیڈ کلرک۔
___ مُوَقَّتٌ: عارضی صدر۔
___ مَعهَدٍ عِلمِیٍّ أو دِینِیٍّ: کسی علمی یا مذہبی ادارہ کا اعلیٰ ذمہ دار، یونیورسٹی کے کسی شعبہ کا صدر، ڈین۔

الوُزَرَاءِ: وزیراعظم۔
رَئِيسُ وَفْدٍ: وفد کا صدر، سربراہ وفد
___ الهَيْئَةِ المَرْكَزِيَّةِ لِلتَّخْطِيطِ: مرکزی پلاننگ بورڈ کا چیئرمین۔
رَئِيسَة: (مونث رئیس)
رَئِيسِيٌّ: اول، بنیادی، اہم، صدر، بڑا، چیف، ماسٹر، مین۔
رِئَاسَة: صدارت، سربراہی، لیڈری، افسری، سرداری، چیئرمین شپ۔
الرِّئَاسَةُ بِالاِشْتِرَاكِ: مشترکہ صدارت
رِئَاسَةُ التَّحْرِيرِ: ادارتِ اعلیٰ، مدیر اعلیٰ کا عہدہ۔
رِئَاسِيّ: صدارتی۔
مَرْؤُوسٌ: ماتحت (ضد رئیس)
رَأَفَ ـ رَأْفَةً و رَؤُفَ رَآفَةً و رَئِفَ ـــ رَأْفاً و تَرَأَّفَ به: مہربانی کرنا، شفقت کرنا، مہربان ہونا۔
رَأْفَة: مہربانی، رحم، شفقت۔
رَؤُوف: بے حد مہربان، مشفق۔
رَأَى ـ رُؤْيَةً: دیکھنا، ادراک کرنا، خیال کرنا، مناسب سمجھنا۔
تَرَاءَى لَهُ: سامنے آنا، نظر آنا (۲) اظہار کرنا، کسی چیز کا مظاہرہ کرنا۔
رَاءَاهُ مُرَاءَاةً و رِءَاءً و رِيَاءً: ریاکاری کرنا (۲) مشورہ کرنا۔
إِرَاءَة: دکھانا۔
اِرْتَأَى الأَمْرَ: غور کرنا، مناسب سمجھنا۔
يَا تُرَى، هَلْ تُرَى: تعجب ہے، حیرت ہے، دیکھئے صاحب، دیکھئے کیا ہوتا ہے۔
(حیرت اور تعجب کے وقت بولا جاتا ہے)۔
رَأْيٌ ج: آراءٌ: رائے، خیال، فکر، نظریہ، تجویز، مشورہ، نصیحت۔
رَأْيُ الأَغْلَبِيَّة: اکثریت کی رائے۔
الرَّأْيُ العَالَمِيّ: رائے عامہ، بین الاقوامی رائے۔
الرَّأْيُ المُبَلْبَل: مذبذب رائے۔
الرَّأْيُ العَامّ: رائے عامہ، عام رجحان
مِنْ رَأْيِهِ أَنْ: اس کا خیال ہے کہ۔
رُؤْيَا: خواب ج: رُؤًى
رویہ: دیکھو رُؤْيَة
رُؤْيَة العَيْنِ: ٹیلی ویژن، لاسلکی کے ذریعے آنکھوں سے اوجھل چیزوں کو دیکھنا، غائب بینی، مشاہدۂ غائب۔
رِئَاءٌ وِرِيَاءٌ: تصنع، نفاق، دکھاوا۔
رِئَة ج رِئَات، وِرِئُون: پھیپھڑا۔
مُرَاءٍ: ریاکار، منافق۔
مِرْآة ج: مَرَايَا و مَرَاءٍ: آئینہ۔
مِرْآةٌ مُعَدِّنِيَّة: ایک آلہ جراحی (۲) دوربین جو سرجری میں استعمال کی جاتی ہے۔
مَرْآى: منظر۔
مَرْئِيّ: دکھائی دینے والا۔
رَايَةٌ: جھنڈا، پرچم، نشان، علم، فلیگ، بینر ج: رَايَات
الرَّايَةُ البَيْضَاءُ: صلح کا جھنڈا۔
رَايَةُ الثَّوْرَة: نشانِ انقلاب۔
الرَّايَةُ الحَمْرَاءُ: سرخ جھنڈا۔

ر ب

رَبَأَ ـ رَبْأً عَلَيْهِ: نگرانی کرنا۔

رَبَأَ بِنَفْسِہ عَنْ عَمَل کَذا: اس نے فلاں فعل سے اپنے کو باز رکھا۔

رَبَّبَ و رَبَّ ـُ رَبّاً و تَرَبَّبَ الوَلَدَا: پرورش کرنا، پالنا۔

رَبٌّ: پروردگار، پرورش کنندہ، مالک، سردار، صاحب ج، أَرْبَاب و رُبُوب م: رَبَّة ج: رَبَّاتٌ

رَبُّ البَیْت: صاحب خانہ، مالک مکان۔

رَبُّ العَمَل: مالک کاروبار۔

رُبَّ: مُرَبَّا

رُبَّ، رُبَّمَا: شاید، بعض اوقات، بسا اوقات، ممکن ہے۔

رَبَابٌ: ایک قسم کا باجہ۔

رِبَابَة، رُبُوبَة، رُبُوبِیَّة: پرورش۔

رُبَّانٌ: جہاز کا کپتان، کشتی بان، ملاح ج: رَبَابِیْنُ

رُبَّانُ الاخْتِبَار: نیسٹ پائلٹ۔

رُبَّانُ الطَّائِرَة: پائلٹ۔

رَابٌّ: سوتیلا باپ۔

رَابَّة: سوتیلی ماں۔

رَبِیْبٌ: (۱) سوتیلا لڑکا (۲) سوتیلا باپ ج: أَرِبَّة

رَبِیْبَة: (۱) سوتیلی لڑکی (۲) سوتیلی ماں ج: رَبَائِبُ

رَبِیْبَةُ الاسْتِعْمَار: سامراجیت کا پروردہ۔

رَبَتَ الصَّبِیَّ ـَ رَبْتاً و رَبَّتَ: بچہ کو تھپکی دینا۔

رَبِحَ ـَ رِبْحاً و رَبَحاً، و رَبَاحاً: تجارت میں نفع اٹھانا۔

تَرْبِیْح: نفع پہنچانا، نفع بخش بنانا۔

رِبْحٌ ج: أَرْبَاحٌ: فائدہ، بیاج، پرافٹ۔

رِبْحٌ صَافٍ: خالص منافع جو انتظامی اخراجات کے بعد حاصل ہو۔

رِبْحٌ صُوْرِی: ظاہری نفع۔

الرِّبْحُ و الخَسَارَةُ: نفع و نقصان۔

أَرْبَاحٌ قِیَاسِیَّة: مقررہ منافع۔

رِبْحُ المَال: کسی رقم کا مقررہ منافع۔

رِبْحٌ بَسِیْطٌ: سودِ مفرد۔

رِبْحٌ مُرَکَّبٌ: سودِ مرکب۔

رَابِحٌ، مُرْبِحٌ: فائدہ اٹھانے والا، نفع حاصل کرنے والا (۲) نفع بخش۔

رَبَدَ ـُ رَبْداً و رُبُوْداً بِالمَکَان: اقامت گزیں ہونا، قیام کرنا۔

رَبَدَهُ ـُ رَبْداً: منع کرنا، روکنا، روکے رکھنا۔

أَرْبَدُ: بھورا، خاکستری رنگ کا۔ مٹیالا

رَبَصَ ـُ رَبْصاً و تَرَبَّصَ بِأَحَدٍ: کسی کے لیے خیر یا شر کا منتظر رہنا، گھات میں لگنا۔

التَّرَبُّصُ بِأَحَدٍ: کسی کی فکر میں رہنا، تاک میں لگنا۔

ربص ـِ ربصاً و رُبُوصاً. جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔

رَبَضٌ، مَرْبَض: بکریوں کا باڑہ ج: أَرْبَاضٌ و مَرَابِضُ۔

رَبَضُ المَدِیْنَة: شہر کی ملحقہ عمارتیں۔

رَبَطَ ـُ رَبْطاً باندھنا، ملانا، جوڑنا۔

رَبْطُ الأَلْغَامِ فِی شَیْءٍ: آتش گیر مادہ کسی چیز میں رکھنا۔

اَلرَّبْطُ بِأَحَدٍ: جوڑ، تعلق۔

رَبَطَ بَیْنَ الشَّعْبَیْن: دو ملکوں کے عوام کو جوڑنا۔

رَبَطَ عَلَی قَلْبِہ: مضبوط کرنا، صبر عطا کرنا۔

رَبَطَ الجُرحَ: زخم کو پٹی باندھنا۔
رَبَطَ اللِّسَانَ: زبان بند کرنا، گونگا کرنا۔
رَابَطَ الجَیشُ مُرَابَطَةً: لشکر کا مقیم ہونا، پڑاؤ ڈالنا۔
رَابِطُ الجَأشِ: بہادر، نڈر
اِرتِبَاطٌ بِشَیءٍ: بندھنا، ملنا جڑنا، نتھی ہونا۔(۲) وابستگی، کنکشن، تعلق، جوڑ، ربط۔
الاِرتِبَاطُ عَاطِفِیًّا: جذباتی لگاؤ۔
رَبْطٌ: جوڑ، بندش، (ضد، حَلّ)
رَبْطُ الطَّائِرَاتِ فِی اَعْمِدَةٍ حَظِیرَةٍ: ہوائی جہازوں کو شیڈ کے ستونوں سے باندھنا۔
رَبْطُ العَلاَقَةِ مَعَ الشَّعْبِ: عوام سے تعلق قائم کرنا۔
رِبَاط: رسی، پٹی، ڈوری، جوتے کا تسمہ ج: رُبُط
رِبَاطُ الجَوَارِبِ: گیٹس۔
رِبَاطُ الرَّقَبَةِ: ٹائی ج: رُبُط
رِبَاطُ العُنُقِ: ٹائی ج: رُبُط
رَبطَة: پیکٹ: گٹھڑی، بستہ ج: رَبَطَاتٌ:
رَبْطَةُ السَّاقِ: گیٹس، موزہ بند۔
رَبْطَةُ العُنُقِ: نکٹائی۔
رَابِط: قیام پذیر، بندھا ہوا۔
رَابِطُ الجَأشِ: متحمل مزاج، حواس درست رکھنے والا، مستقل مزاج۔
رَابِطَة: تعلق، کنکشن، ایسوسی ایشن، رابطہ ج: رَوَابِط
رَابِطَةُ شُعُوبٍ: کامن ویلتھ۔
رَابِطَةُ المُوَظَّفِینَ: اسٹاف ایسوسی ایشن۔
رَوَابِط: تال میل، تعلقات و: رَابِطَة
الرَّوَابِطُ الاِقتِصَادِیَّة: اقتصادی روابط۔

مَرْبَط ج: مَرَابِط: اصطبل، گھوڑوں اور چوپاؤں کو باندھنے کی جگہ
مَرْبُوط: مرتبط، بندھا ہوا، وابستہ
مُرْتَبِطٌ بِمَوعِدٍ أَوْعَهْدٍ: کسی پروگرام یا عہد کا پابند۔
رَبَعَ ـَ رَبْعًا: توقف کرنا، انتظار کرنا
تَرْبِیع: چار گنا کرنا۔
تَرَبَّعَ وَاسْتَرْبَعَ فِی الجُلُوسِ: چار زانو بیٹھنا۔
رُبْع: چوتھائی حصہ ج: أَرْبَاع.
رَبْع: (۱) مکان (۲) حویلی جس میں بہت سے چھوٹے مکانات ہوں (۳) کوارٹر، جگہ، مقام، اقامت گاہ ج: رُبُوع۔
رَبِیع: موسم بہار ج: أَرْبِعَة۔
رَبِیعُ الحَیَاةِ: زندگی کی بہار۔
رُبَاعِیّ: چہار اجزائی۔
رُبَاعِیّ الأَحْرُف: چار حرفی۔
رُبَاعِیُّ الأَضْلاَع: چہار پہلو والا۔
رُبَاعِیُّ الأَرْجُل: چار پیروں والا۔
رَابِع: چوتھا م: رَابِعَة۔
رَابِع عَشَر: چودھواں۔
أَرْبَعَةٌ، أَرْبَعٌ: چار (۴)
أَرْبَعَةُ أَضْعَافٍ: چار گنا۔
أَرْبَعَةُ مَفَارِق: چوراہا۔
أَرْبِعَاء، یَوْمُ الأَرْبِعَاء: بدھ کا دن، چہار شنبہ۔
تَرْبِیعَةٌ ج: تَرْبِیعَات، مُرَبَّع ج: مُرَبَّعَات: خانہ۔
مَرْبَعُ الصَّیْدِ ج: مَرَابِع: شکارگاہ۔

مُرَبَّعٌ: چہارگناہ: چوکانہ، چہار پہلو۔
رِبقة: پھندا، طوق ج: رِبَق
رِبقةُ الاستِعباد: طوق غلامی۔
رَبَکَ ـُ رَبکاً: رکاوٹ ڈالنا، مشکل میں مبتلا کرنا، پریشان کرنا۔
رَبِکَ ـِ رَبکاً و ارتَبَکَ: مشکل میں پھنسنا، پریشان ہونا۔
أرْبَکَ: الجھانا۔
رَبکٌ، اِرتِباک: پریشانی، الجھن۔
اِرتِباکُ المَوقِف: صورتحال پیچیدہ ہونا۔
رَبِکٌ، مُرتَبِکٌ: پریشان، مبتلائے مصیبت والجھن۔
مُرْبِکٌ: پریشان کن۔
مُرتَبَک: پیچیدہ۔
رَبِلٌ: فربہ، چربی دار، گوشت سے بھرپور۔
رَبالَةٌ: فربہی۔
رَبیل: موٹے جسم کا، موٹا۔
رَبْوَة ج: رُبیً: ٹیلہ، اونچی زمین ___ (۲) دس لاکھ۔
رِبْوَة: دس ہزار۔
رِبا، رِباءٌ: سود، بیاج، ناجائز سود، ناجائز نفع مال۔
رِبَوِیّ: سودی۔
مُرابِی: سودی کاروبار کرنے والا۔
رَبا ـُ رَبْواً و رُبُوّاً: بڑھنا، زیادہ ہونا، نشوونما پانا۔
رَبّی الوَلَدَ تَربِیَةً: پرورش کرنا، پالنا، تعلیم و تربیت دینا، نگہداشت کرنا۔
رَبّی الثَّمَرَ بِالسُّکَّر: پھلوکا مربا بنانا۔
رَابَاهُ مُرَابَاةً: سودی معاملہ کرنا، سود پر روپیہ دینا۔
إرْبَاء: بڑھانا، اضافہ کرنا۔
تَرَبّی: بڑھنا، نشوونما پانا، پرورش پانا، مہذب ہونا، تعلیم پانا۔
تَرْبَوِیّ: تربیتی۔

ر.....ت

رَتَّبَ تَرتِیباً: مرتب کرنا، سلیقہ سے لگانا، رکھنا (۲) تدبیر کرنا، تیار کرنا، انتظام کرنا۔
رَتَّبَ تَرتِیباً أبجَدِیّاً: حروف تہجی پر ترتیب دینا۔
تَرَتَّبَ: سلیقہ سے لگنا، مرتب ہونا۔
تَرَتَّبَ عَلیٰ: نتیجہ برآمد ہونا۔
تَرَتُّبُ النَّتِیجَةِ عَلیٰ شَیءٍ: کسی چیز کا نتیجہ نکلنا۔
رُتْبَةٌ ج: رُتَبٌ: درجہ، حیثیت، ڈگری، عہدہ، منصب، گریڈ۔
رَتِیب: روٹین، ترتیب وار۔
رَتِیبِیّ: روٹینی۔
مَرْتَبَة ج: مَرَاتِب: (بمعنی: رُتْبَة)
مَرَاتِبُ الخِدْمَةِ المَدَنِیَة: سول سروس کے گریڈ، درجات۔
رَاتِبٌ ج: رَوَاتِب: مالی یافت، تنخواہ، وظیفہ۔
رَاتِبٌ جُزئِیٌّ: جزوی تنخواہ۔
رَاتِبٌ زَهِید: معمولی تنخواہ۔
رَاتِبٌ شَهرِیّ: مشاہرہ۔
رَاتِبٌ مُؤَجَّل: معین المیعاد وظیفہ۔

رَاتِبٌ دَائِمٌ، ثابت: مستقل تنخواہ۔
رَاتِبٌ و رَتِيب: منظم، مرتب۔
رَوَاتِبُ مُنْتَظِمَة: باضابطہ وظائف۔
مُرَتَّب: گریڈ یافتہ۔
مُرَتَّب: گریڈ، وظیفہ، تنخواہ۔
مُرَتَّبٌ تَرْتِيباً هِجَائِيّاً: الف با کے حساب سے مرتب۔
مُرَتَّبُ التَّقَاعُد: ریٹائرمنٹ پنشن۔
مُرَتَّبٌ سَنَوِيّ مَدَى الحَيَاة: تاعمر سالانہ وظیفہ۔
مُرَتَّبٌ كَامِل: پوری تنخواہ۔
مُرَتَّبٌ لِمَدَى الحَيَاة: وظیفہ تاحیات، تاحیات وظیفہ۔
المَرْتَبَةُ الثَّانِيَة: سکینڈ کلاس۔
مَرْتَبَةٌ سَفِير: اعلیٰ درجہ، اعلیٰ گریڈ۔
مُرَتَّبَاتٌ إِضَافِيَة: الاؤنس۔
تَرْتِيب: نظام، تدبیر، تیاری، ترتیب، انتظام، پوزیشن، ارینجمنٹ، سلیقہ۔
تَرْتِيبُ اجْتِمَاعٍ أَحَدٍ مَعَ أَحَدٍ: ملاقات کا انتظام کرنا۔
تَرْتِيبُ اجْتِمَاعَات: جلسوں کا انتظام کرنا۔
تَرْتِيبُ رَوَاتِبَ شَهْرِيَّة: تنخواہیں مقرر کرنا۔
تَرْتِيبُ فُرْصَةٍ لِكَذا: کسی چیز کا موقع نکالنا۔
تَرْتِيبُ الفِئَات: اقسام متعین کرنا کیٹگری متعین کرنا۔
تَرْتِيبُ مَقَاعِدَ (فِي مَبْنًى): سیٹنگ، نشستوں کی ترتیب قائم کرنا۔
تَرْتِيبُ الوَظَائِف: درجہ بندی، گریڈ بندی۔
تَرْتِيبَات: انتظامات، تیاریاں، پروگرام۔
تَرْتِيبَاتٌ خَاصَّةٌ بِالمِيزَانِيَة: بجٹ تیاری۔
تَرْتِيبَاتٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی انتظامات۔
رَتَجَ ـُ رَتْجاً: بند کرنا، دروازہ بند کرنا۔
رِتَاجٌ ج: أَرْتِجَة: پھاٹک، بڑا دروازہ جس کے اندر کھڑکی ہوتی ہے۔
رَتَعَ ـَ رَتْعاً: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَتَعَ المَاشِيَةَ: مویشی کو چرانا۔
مَرْتَعٌ ج: مَرَاتِع: چراگاہ، سرسبز و شاداب چراگاہ۔
رَتَقَ ـُ رَتْقاً: کپڑے کو جوڑنا، پیوند لگانا، ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا، جوڑ سے جوڑ ملانا (ضد فَتْق)
رَتَكَ ـُ رَتْكاً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا، دُلکی لگانا۔
رَتَّلَ الكَلَامَ تَرْتِيلاً: بہتر ترتیب دینا، کلام کو بہتر اور عمدہ طریقہ سے ادا کرنا، خوش الحانی سے پڑھنا، ترنم سے کلام کرنا، پڑھنا۔
تَرْتِيلَة: ترنم، گنگناہٹ۔
رَتِلَ ـَ رَتَلاً: مرتب و منظم ہونا۔
رَتَمَ ـِ رَتْماً بِكَلِمَةٍ: بولنا، منہ سے بات نکالنا۔
رَتِينَة: (۱) لالٹین (۲) گیس کی لالٹین۔

ر ث

رَثَّ ـُ رَثَاثَةً و رُثُوثَةً: پرانا و بوسیدہ ہونا،

خستہ ہونا، شکستہ حال ہونا۔
رَثَاثَة: پراگندگی، شکستہ حالی، بوسیدگی
رَثّ: خستہ حال، بوسیدہ، پرانا۔
رَثَی المَیّتَ ـِ رَثْیاً ورِثَاءً و مَرْثِیَةً: مردہ کے محاسن بیان کر کے رونا۔
رَثَی له: اظہار غم کرنا، رحم کرنا۔
یُرْثیٰ لَهُ: قابل رحم۔
رَثْیٌ ورِثَاء: نوحہ، مردہ پر اظہار غم۔
رَثْیَة: جوڑوں کا درد۔

ر.....ج

إرْجَاء: ملتوی کرنا، موخر کرنا، ٹال مٹول، التواء۔
إرْجَاءُ الاجْتِمَاع: جلسہ ملتوی کرنا۔
إرْجَاءٌ إلیٰ أجَلٍ غَیْرِ مُسَمّیً: مدت غیر معینہ کے لیے ملتوی کرنا۔
إرْجَاءُ جَلْسَةٍ: میٹنگ ملتوی کرنا۔
رَجَّ ـُ رَجّاً ورَجَّةً: ہلانا، حرکت دینا۔
رُجَّ وارْتَجَّ: ہلنا، سمندر کا متلاطم ہونا۔
الصَّوْتُ: آواز کا کانپنا۔
رَجٌّ وارْتِجَاج: حرکت، جنبش، کپکپی، لرزہ، اضطراب۔
ارْتِجَاجُ الأوْصَالِ (مِنَ البَرْد): سردی سے تھرتھرانا۔
مُرْتَجٌّ: متحرک، لرزاں۔
صَوْتٌ مُرْتَجّ: کپکپاتی آواز۔
رَجَحَ ـِ رُجُوحاً و رُجْحَاناً: غالب ہونا۔
رَجَحَ الشَّیْءَ بیدِه: تولنا، وزن کرنا۔
رَجَحَتْ كِفَّةُ المِیْزَانِ لَهُ: فلاں کے حق میں ترازو کا پلڑا بھاری ہو گیا۔
رَجَّحَ و أرْجَحَ: غالب کرنا، راجح کرنا۔
رَجَّحَ علیٰ.....: فوقیت دینا۔
رُجْحَان، أرْجَحِیَّة: فضیلت، فوقیت، غلبہ۔
أرْجُوحَة ج: أرَاجِیحُ: (۱) جھولا (۲) جھولنے یا پھسلنے کا تختہ۔
أرْجُوحَةُ الطِّفْلِ: بچہ کا جھولا۔
رَاجِحٌ: غالب، محتمل
رُجْز: گندگی، عذاب، بتوں کی پرستش
رَجَز: اوزان شعر میں سے ایک وزن۔
أرْجُوزَة: بحر رجز پر قصیدہ۔
رَجَسٌ، رِجْسٌ: (۱) گندگی، نجاست (۲) برا عمل، گناہ۔
رَجِسٌ: گندا۔
رَجَعَ ـِ رُجُوعاً: لوٹنا۔
رَجَعَ إلی الأمْر: کسی معاملہ پر توجہ دینا، دوبارہ شروع کرنا، دوبارہ اختیار کرنا۔
رَجَعَ إلیه فی الأمْر: کسی معاملہ میں کسی سے مشورہ لینا، رجوع کرنا۔
رَجَعَ عَنْ كذا: باز آنا، ترک کرنا۔
رَجَعَ فی كلامِه: کلام کے سابقہ حصہ کو دوبارہ زیر بحث لانا۔
رَجَعَ علیه: مطالبہ کرنا۔
رَجَعَهُ عَنِ الشَّیْءِ و عَنْهُ رَجْعاً، و رُجْعَاناً: لوٹانا، پھیرنا۔
الرُّجُوعُ فی القَرار: قرار داد واپس لینا۔
رَجَّعَ و أرْجَعَ: لوٹانا، واپس کرنا۔
كَرَجْعِ البَصَر: چشم زدن میں، پلک جھپکتے۔
رَاجَعَ: جانچنا، کسی مضمون وغیرہ کو اصل

سے ملا کر دیکھنا، معائنہ کرنا۔
رَاجَعَ الطَّبِیْبَ وغَیْرَہ فی أمْرٍ: مشورہ لینا۔
رَاجَعَ الحِسَابَاتِ: حسابات کی جانچ کرنا۔
تَرَاجَعَ: لوٹنا، پیچھے ہٹنا (ضد تَقَدَّم)
التَّرَاجُعُ عَنِ الرَّأی: رائے بدلنا۔
التَّرَاجُعُ فی شَیْءٍ: رد کرنا۔
التَّرَاجُعُ فِی القَرَار: فیصلہ واپس لینا، فیصلہ سے ہٹنا۔
اسْتِرْجَاع: واپس لینا، گاڑی کو پیچھے ہٹانا، گم شدہ کو حاصل کرنا، بازیابی کا مطالبہ کرنا، (۲) واگذاری۔
اسْتِرْجَاعُ الأمْر: منسوخ کرنا۔
اسْتِرْجَاعُ العَافِیَة: صحت حاصل کرنا۔
اِرْتِجَاعِیّ: بیک ورڈ، پس ماندہ۔
رَجْعٌ، رُجُوْع: واپسی۔
رَجْعُ البَصَر: لحہ، جھپک۔
رَجْعَة: واپسی، قدامت۔
رَجْعِیُّوْن: قدامت پسند۔
مَرْجِع ج: مَرَاجِع: جائے واپسی (۲) ماخذ، کتاب مراجعت، حوالہ (۳) پناہ گاہ، ملجا وماویٰ۔
مُرَاجِعٌ: جانچ کنندہ، مراجعت کنندہ۔
مُرَاجِعُ الحِسَاب: آڈیٹر حسابات
مُرَاجَعَة: جائزہ، تکرار، نظر ثانی، مشورہ، چیکنگ، چیک کرنا، جانچ
المُرَاجَعَةُ الجُزْئِیَّة: جزوی جانچ۔
مُرَاجَعَةُ الجَوَازَات: پاسپورٹ چیک کرنا۔
مُرَاجَعَةُ الحِسَابَات: حسابات کی جانچ، چیکنگ۔
مُرَاجَعَةٌ دَوْرِیَّة: سیزنل جانچ۔
المُرَاجَعَةُ السَّنَوِیَّة: سالانہ جانچ۔
المُرَاجَعَةُ الفَصْلِیَة: موسمی جانچ۔
المُرَاجَعَةُ الكَامِلَة: مکمل جانچ۔
المُرَاجَعَةُ المُسْتَمِرَّة: مسلسل جانچ
مُرَاجَعَةُ النَّفْس: اپنا جائزہ لینا، محاسبہ نفس۔
المُرَاجَعَةُ النِّهَائِیَّة: آخری جانچ، فائنل جانچ۔
رَجَفَ ـُ رَجْفاً ورُجُوْفاً، ورَجِیْفاً: ہلانا، جھنجھوڑنا، زور سے حرکت دینا۔
ارْتِجَاف: ہلنا، لرزنا، کانپنا۔
إرْجَاف: افواہ پھیلانا، سنسنی خیز خبریں پھیلانا۔
رَجْفَة: جھٹکا، لرزہ، کپکپی، رعشہ۔
رَجْفَةٌ تَشْنِیْجِیَّة: تشنج کا دورہ۔
رَاجِفَة: قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔
أرَاجِیْف: افواہیں، جھوٹی خبریں۔و: إرْجَاف
رَجَلَ ـُ رَجْلاً: پیدل چلنا۔
تَرَجَّلَ: (۱) سواری سے اتر کر پیدل چلنا (۲) عورت کا مرد بن جانا۔
تَرْجِیْل: کنگھی کرنا۔
ارْتَجَلَ الكَلَامَ: فی البدیہ اور بے ساختہ کلام کرنا، برجستہ کلام کرنا۔
ارْتِجَالاً: بلا توقف، بلا تفکیر، بیساختہ، برجستہ۔

رَجُلُ أعْمَال: بزنس مین، کاروباری آدمی۔
رَجُلٌ ج: رِجَال: مرد، انسان۔
الرَّجُلُ الأوَّلُ: نمبرایک آدمی، شخصیت نمبر ایک۔
رَجُلُ الحِفْظ: سکیورٹی مین۔
رَجُلُ دَوْلَةٍ: حکمراں۔
رَجُلُ سِيَاسَةٍ: پولیٹیشن، سیاست دان۔
رَجُلُ الشَّارِع: عام آدمی۔
رَجُلٌ عَادِيّ: معمولی آدمی، عام آدمی۔
الرَّجُل النِظَامِيّ: اصولی آدمی۔
الرَّجُلُ الخَاضِعُ للقوانِيْن: قوانین کا پابند آدمی۔
رَجُلٌ وَدِيْعٌ: مسکین آدمی۔
رِجَالُ الاسْتِخْبَارات: سی، آئی، ڈی۔
رِجَالُ البُوْلِيس: پولیس۔
رِجَالُ التَّرْبِيَة: ماہرین تربیت۔
رِجَالُ الجَيْش: ملٹری۔
رِجَالُ الحَرَس: باڈی گارڈ۔
رِجَالُ الحَرَسِ الوَطَنِيّ: نیشنل گارڈ کے سپاہی۔
رِجَالُ الدِّيْن: مذہبی لوگ، علمائے دین۔
رِجَالُ الدِّيْنِ المُحَافِظُوْن: روایت پسند علمائے دین۔
رِجَالُ الشُّرْطَة: پولیس مین۔
رِجَالُ الصِّحَافَة: صحافتی عملہ۔
رِجَالُ العِصَابَات: گوریلا سپاہی۔
رِجَالُ القَلَم: اصحاب قلم۔
رِجَالُ المَالُ: مالدار لوگ۔
رِجَالِيّ: مردانہ (قُمْصَانٌ رِجَالِيَّة): مردانہ قمیص، کرتے۔
رِجَال، رِجَالَات: شخصیات، ممتاز لوگ
رَاجِلٌ ج: رَجْلٌ ورَجَّالَةٌ و رِجَالٌ: ضد (رَاكِبٌ): پیادہ پا
رِجْلٌ ج: أرْجُل: پیر، ٹانگ۔
مِنْفَاخُ الرِّجْل: فوٹ پمپ
رِجْلَة: خرفہ کا ساگ ج: رِجَلٌ
رُجُوْلَة، رُجُوْلِيَّة: مردانگی، قوت مردانہ، بہادری۔
ارْتِجَالِيّ: فی البدیہہ، برجستہ، بدیہی
مُرْتَجَلٌ: برجستہ کلام، فی البدیہہ کلام
مِرْجَل: بائلر (Boiler)۔
رَجَمَ ـُ رَجْماً: سنگسار کرنا، پتھر مارنا۔
رَجْمٌ بِالغَيْب: اندازہ لگانا، گمان کرنا۔
رَجْماً بالغَيْب: اٹکل سے، اٹکل پچو۔
رَجِيْم: ملعون۔
رَجْمَة: پتھر جو قبر پر نصب کیا جاتا ہے۔
تَرْجَمَة: ترجمہ کرنا، تشریح کرنا۔
تَرْجَمَةٌ حَرْفِيَّة: لفظی ترجمہ، لفظ بہ لفظ ترجمہ۔
تَرْجَمَةٌ تَفْسِيْرِيَّة: مفہومی ترجمہ، آزاد ترجمہ، وضاحتی ترجمہ۔
تَرْجَمَةُ إنْسَان: سوانح حیات
تُرْجُمَانٌ مُتَرْجِمٌ: ترجمان، مترجم۔
(رجو) رَجَا ـُ رَجَاءً و رَجْواً، و رُجُوّاً: امید کرنا، امید رکھنا، توقع رکھنا، پر امید ہونا، آس لگانا، درخواست کرنا۔
رَجَاء: آس، امید، اپیل، درخواست۔
رَجَاءٌ حَارٌّ: پرزور اپیل۔

تَرَجّی و اِرْتِجاء: توقع رکھنا، امید قائم کرنا۔ (۲) ڈرنا۔
اِرْجاء: موخر کرنا۔
رَجا، رَجاء ج: أَرْجاء: گوشہ، کونہ۔
رَاج: پرامید، امیدوار، درخواست کنندہ
مَرْجُوٌّ: متوقع۔
المَرْجُوُّ الرَّدُّ: جواب کی درخواست ہے۔

ر.....ح

رَحُبَ المَكانُ ـُ رَحابَة: وسیع ہونا، فراخ و کشادہ ہونا۔
رَحَّبَ و تَرَحَّبَ بِه: خیر مقدم کرنا، خوش آمدید کہنا، مرحبا کہنا۔
رَحَّبَ بِه أَجْمَلَ تَرْحِيبٍ: شاندار استقبال کرنا۔
رَحَّبَ بِه بِحَرارَةٍ بالِغَةٍ: پرجوش خیر مقدم کرنا، شاندار استقبال کرنا۔
تَرْحِيب: آؤ بھگت، خیر مقدم۔
رَحْبٌ و رَحِيبٌ: کشادہ، فراخ۔
شُغْلٌ ج: أَشْغَال: مشغلہ، کام، روک، مصروفیت، حالت، پیشہ۔
شُغْلُ الإِبْرَة: ایمبرائڈری، پھول نکالنے کا کام، کشیدہ کاری۔
شُغْلُ البَال: دل کو مشغول کرنا۔
الشُّغْلُ الشَّاغِل: اہم مشغلہ۔
شُغْلٌ شَاقٌّ: محنت کا کام۔
شُغْلُ یَدٍ: دست کاری، ہاتھ کا بنا ہوا۔
شَغْلَة: کام، مشغلہ۔
الشَّغِیْل: ورکر۔
شَغَّال: مزدور، کارکن، قلی، کاریگر، بڑی، مشغول، بے حد مصروف۔
مَشْغُول: انگیج، بڑی، مصروف۔
مَشْغَل: ورک شاپ (۲) محتاج خانہ

ش.....ف

الشِّفْرَةُ: خفیہ تحریر، خفیہ تحریر لکھنے کا قاعدہ (۲) بلیڈ ج شَفْرَةُ الحِلَاقَة بلیڈ ج شَفْرٌ و شِفَار
شَفَعَ ـَ شَفْعاً و شَفَاعَةً و تَشَفَّعَ له أو فیه إلی فُلَان: سفارش کرنا۔
شَفَعَ الشَّیْءَ: ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔
شَفْعٌ: جوڑ، دو کا مجموعہ۔
شَفْعِیٌّ: (خلاف وِتْرِیٌّ) جفت عدد۔
شَفَاعَة: سفارش۔
شَفَاعِیٌّ: سفارشی، سفارشانہ۔
شَفِیْعٌ: وکیل، سفارشی ج: شُفَعَاءُ شَفَّفَ تَشْفِیْفاً ـُ شَفّاً: پتلا کرنا (۲) نڈھال بنا

دینا، کمزور بنانا۔
شَفَّ ـــ شُفُوْفاً: پتلا اور باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے، صاف اور شفاف ہونا۔
اِشْتَفَّ الإِنَاءَ: برتن کا پورا پانی پینا۔
اِسْتَشَفَّ الشَّیْءَ: کسی چیز کا عیب جاننے کے لیے دیکھنا۔
شَفَّاف: باریک، پتلا، صاف شفاف۔
وَرَقٌ شَفَّاف: باریک کاغذ، ٹریسنگ پیپر۔
شَفِقَ ـــ شَفَقاً و اَشْفَقَ عَلَیْهِ: مہربانی کرنا، شفقت کرنا، ہمدردی کرنا، خیر خواہی کرنا، کسی کی طرف سے فکرمند ہونا۔
شَفِقَ مِنَ الأَمْرِ: ڈرنا۔
شَفَنَ إلیه ـــ شُفُوناً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔
شَفَهَ ـــ شَفْهاً: ہونٹ پر مارنا۔
شَفَهٌ ج: شِفَاهٌ: ہونٹ۔
شَفَةٌ و شَفَا: کنارہ۔
شَفَهِیٌّ و شَفَوِیٌّ: زبانی۔
اِمْتِحَانٌ شَفَوِیٌّ: تقریری امتحان۔
شَفَهِیّاً، شَفَوِیّاً: زبانی طور پر۔
شَافَهَهُ مُشَافَهَةً: منہ در منہ بات کرنا، بالمشافہ گفتگو کرنا۔
شَفَا: کنارہ ج: اَشْفَاء
شَفَاهُ من المَرَضِ ـــ شِفَاءً: تندرستی عطا کرنا، اچھا کرنا۔
شَفَی الجُرْحَ: زخم بھرنا۔
اَشْفَی علی کذا: سامنے آنا، قریب ہونا، متوجہ ہونا۔
اِشْتَفَی: مراد پانا۔
تَشَفَّی و اِسْتَشْفَی به: شفا پانا۔
تَشَفَّی من: انتقام لینا۔
شِفَاءُ الجُرْح: اندمالِ زخم، زخم بھرنا۔
شِفَاءٌ مِنَ المَرَض: آرام ہونا، اچھا ہونا، افاقہ ہونا۔
شَافٍ: اطمینان بخش، (۲) شفا دینے والا۔
مُسْتَشْفَی: ہسپتال، ہاسپٹل۔ ج: مُسْتَشْفَیَات
مُسْتَشْفَی أَمْرَاضٍ عَقْلِیَّةٍ: دماغی امراض کا ہسپتال۔
مُسْتَشْفَی المَجَاذِیْبِ: پاگل خانہ، دیوانوں کا ہسپتال۔

ش.....ق

شَقِرَ ـــ شَقَراً: سرخ و زردی مائل ہونا، بھورے رنگ کا ہونا۔
شَقْشَقَة: اونٹ کا بولنا۔
شَقْشَقَةُ لِسَان: فصاحت زبان۔
شَقْشَقَةُ جَمَلٍ: اونٹ کے منہ سے نکلے ہوئے جھاگ ج: شَقَاشِق
هَدَرَتْ شِقْشِقَتُه ـــ هَدْراً: فصیح اللسان کی آواز گونجنا۔
شَقَفٌ، شَقَافَة: ٹھیکرا، پکی مٹی کا ٹکڑا۔
شَقَّقَ و شَقَّ ـــ شَقّاً: پھاڑنا، چیرنا، چاک کرنا۔
شَقَّ بالمِنْشَارِ: آرہ چلانا۔
شَقَّ تُرْعَةً: نہر کھودنا۔
شَقَّ الطَّرِیْقَ إلَی: راستہ بنانا، سڑک نکالنا۔
شَقَّ الأَرْضَ: ہل چلانا۔

شَقَّ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔
شَقَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی کام کو دشوار سمجھنا۔
شَقَّ الزَّرْعُ: کھیتی اگ آنا۔
شَقَّتِ السِّنُّ: دانت نکل آنا۔
شَقَّ عَصَا الطَّاعَةِ: نافرمانی کرنا۔
___ عَصَا القَوْمِ: پھوٹ ڈالنا۔
___ عَصَا الشِّقَاقِ: اختلاف ختم کرانا۔
___ النَّهَارُ و انْشَقَّ: دن نکل آنا۔
شَاقَّهُ مُشَاقَّةً: مخالفت و دشمنی کرنا۔
اِنْشِقَاق: پھٹنا، کریک ہونا۔
اِنْشِقَاقٌ عَنْ: نکلنا، نمودار ہونا۔
الانْشِقَاقُ الدَّاخِلِيّ: اندرونی خلفشار، پھوٹ۔
اشْتِقَاق: ایک چیز کو دوسری میں سے نکالنا۔
تَشَقُّق: تیڑ آ جانا، پھٹ جانا۔
شَقٌّ ج: شُقُوق: پھٹن، ریخ، شگاف
شَقُّ القَلَمِ: قلم کا شگاف۔
شِقُّ الشَّيْءِ: آدھا حصہ۔
شَقٌّ (۲): جسمانی محنت، مشقت، (۲) جنس۔
شَقُّ الرَّجُلِ: شبیہ، ہم شکل۔
شِقَّة، مَشَقَّة: دشواری، دقت۔
شِقَّة: (۱) دشوار سفر (۲) منزل، فلیٹ (۳) گوشہ زمین، قطعہ زمین ج: شُقَق
شِقَّة (۲): مسافت، دشوار راستہ، سفر دراز۔
شُقَّةُ حِيَادٍ: غیر جانبدار علاقہ (دو ملکوں کے درمیان)۔
شُقَّةٌ سَكَنِيَّة: رہائشی فلیٹ۔
شُقَّةٌ مَفْرُوشَة: فرنیچر لگا ہوا فلیٹ۔
شَقَّة: مکان کا ایک حصہ، فلیٹ۔
شِقَاق: اختلاف، جھگڑا (ضد اِتِّحَاد)
أَلْقَى الشِّقَاقَ بَيْنَهُمْ: لڑائی کرانا۔
شَقِيق ج: أَشِقَّاء: سگا بھائی۔
شَقِيقُ الشَّيْءِ: آدھا حصہ
شَقِيقَة ج: شَقِيقَات: حقیقی بہن۔
شَقِيقَة (۲): آدھے سر کا درد۔
شَقِيقَة: پڑوسی (حکومت)
شَاقّ: دشوار، مشکل، تکلیف دہ، سخت، کٹھن
مُشْتَقَّاتُ البِتْرُوْل: پٹرول کی مختلف مصنوعات۔
مُشْتَقَّاتٌ نِفْطِيَّة: پٹرول سے بنی ہوئی چیزیں۔
شَقِيَ ـَـ شَقَاءً و شَقَاوَةً: (ضد سَعُدَ): بدبخت ہونا، نامراد ہونا، بدحال ہونا۔
شَقِيٌّ ج: أَشْقِيَاءُ: بدبخت، بدحال، نامراد، مجرم۔
شَقَاءٌ و شَقَاوَةٌ: بدبختی، نامرادی، زبوں حالی، جرم۔

ش.....ک

شَكَّ ـُـ شَكًّا: شک کرنا، چوکا مارنا، نیزہ مارنا۔
شَكَّكَ تَشْكِيكًا: شک میں ڈالنا۔
شَكَّكَ فِي القُوَّاتِ: فوجوں میں بے اعتمادی پیدا کرنا۔
شَاكَ: شک میں مبتلا۔
شَاكُ السِّلَاحِ: ہتھیاروں سے لیس، ہتھیار بند، آمادہ جنگ۔
مُتَشَكِّك: شکی مزاج۔
شَكَرَهُ وله على كذا ـُـ شُكْرًا: شکر ادا

کرنا، احسان کا اعتراف کرنا۔
تَشَکَّرَلہ: شکرگزار ہونا۔
شُکراً لَکَ: آپ کا شکریہ۔
یَوْمُ الشُّکر: ایک امریکن تہوار۔
شِکَارَۃ: (۱) نوٹس وغیرہ سینکنے کی جالی (۲) بیگ، تھیلا۔
شَکُسَ ـُ شَکَاسَۃً: بخیل ہونا۔
شَاکَسَہ مُشَاکَسَۃً: مخالفت کرنا، لڑنا، دشمنی کرنا۔
تَشَاکُس: باہم لڑنا۔
شَکِسّ: بداخلاق، بخیل۔
شَکَاسَۃ: بدخلقی، تیز مزاجی۔
شَکَلَ الاَمْرُ ـُ شُکُولاً و شَکَّل و اَشْکَلَ: پیچیدہ ہونا، مشکل وغیر واضح ہونا۔
شَکَّلَ و اَشْکَلَ: (۱) مقید کرنا (۲) کتاب پر اعراب لگانا (۳) مشکل بنا دینا۔
شَکَّلَ تَشْکِیلاً: (۱) مصوّر کرنا (۲) صورت بنانا، شکل دینا، نوعیت دینا (۳) ترتیب قائم کرنا، مرتب کرنا (۴) بنانا، پیدا کرنا۔
شَکَّلَ حُکُومَۃً جَدِیْدَۃً: نئی حکومت بنانا۔
شَکَّلَ اللَّجْنَۃ: کمیٹی بنانا، تشکیل دینا۔
شَکَّلَ لُحْمَۃً: تانا تیار کرنا۔
شَکَّلَ الوِزَارَۃَ: وزارت بنانا، ترتیب دینا۔
شَکَّلَ الشَّیْءَ خَطَراً: خطرہ بننا، خطرہ پیدا کرنا۔
شَاکَلَہ مُشَاکَلَۃً: ہم شکل ہونا۔
شَکْلٌ: تصویر، شکل (۲) نقشہ (۳) ہیئت، اسٹائل (۴) کیفیت (۵) فیشن (۶) اعراب۔

شَکْلٌ و شَاکِلَۃ: نوعیت، طرز، صورت۔
شَکْلاً: ظاہر میں، بظاہر، صورت میں۔
بِشَکْلٍ مُبَاشِرٍ: براہ راست۔
بِشَکْلٍ مُقْنِعٍ: اطمینان بخش طور پر۔
عَلی شَکْلِ دَفَعَاتٍ: قسطوں کی صورت میں۔
شَاکِلَۃ: (۲) کوکھ، پہلوج: شَوَاکِل
عَلی شَاکِلَتِہ: اسی جیسا، اسی کے طرز پر۔
شِکْلٌ: (دَلاَل) ناز نخرا۔
شَکْلِیَّات: دکھاوے کی چیزیں۔
شِکَال: قید، بیڑی جو جانور کے پاؤں میں ڈالی جائے۔
شُکُولاتَہ: چاکلیٹ۔
تَشْکِیْلٌ: ترتیب، انتظام۔
تَشْکِیْلٌ بَحْرِیّ: بحری دستہ۔
تَشْکِیْلُ تَهْدِیْدٍ لِلسِّلْم: امن کے لیے چیلنج کرنا۔
تَشْکِیلُ عَقَبَۃٍ: رکاوٹ کھڑی کرنا۔
تَشْکِیلُ وَحْدَۃٍ وَطَنِیَّۃ: قومی اتحاد قائم کرنا۔
تَشْکِیلُ الخَطَر: خطرہ پیدا کرنا۔
تَشْکِیلُ خَلِیَّۃٍ: جتھا بنانا۔
تَشْکِیلُ عُدْوَان: دشمنی پیدا کرنا۔
تَشْکِیلُ کَتَائِبَ فِدَائِیَّۃ: جانباز فوج تیار کرنا۔
تَشْکِیلُ لَجْنَۃٍ لِتَحَرِّی الحَقَائِق: حقائق جاننے کے لیے کمیٹی بنانا۔
تَشْکِیلُ اللَّجْنَۃِ لِلتَّحْقِیق: تحقیقاتی

کمیٹی بنانا۔
تَشْكِيلُ مَحْكَمَةٍ: عدالت قائم کرنا۔
تَشْكِيلُ الْمَصِيرِ: قسمت کا فیصلہ کرنا۔
تَشْكِيلٌ مِنَ الطَّائِرَاتِ: ہوائی جہازوں کی ٹکڑی۔
تَشْكِيلُ الوِزَارَةِ: وزارت بنانا، وزارت سازی۔
تَشْكِيلُ وِزَارَةٍ انْتِقَالِيَّةٍ: عبوری وزارت بنانا۔
تَشْكِيلُ وِزَارَةٍ ائْتِلَافِيَّةٍ مِنْ جَمِيعِ الأَحْزَابِ: وفاقی وزارت بنانا۔
تَشْكِيلُ الوَفْدِ: وفد کی تشکیل۔
تَشْكِيلَاتٌ: انتظامات، تیاریاں۔
تَشْكِيلَاتٌ مُقَاتِلَةٌ: لڑاکا دستے۔
تَشْكِيلَةٌ: مجموعہ، ٹکڑی، ماڈل، ڈیزائن، دستہ۔
تَشْكِيلَةٌ عَسْكَرِيَّةٌ: فوجی دستہ۔
مُشْكِلَةٌ: پیچیدہ مسئلہ، الجھن، دشواری، پیچیدگی، مسئلہ، پرابلم ج: مُشْكِلَاتٌ و مَشَاكِلُ
المُشْكِلَةُ الاقْتِصَادِيَّةُ: اقتصادی مسئلہ۔
المُشْكِلَةُ الرَّاهِنَةُ: موجودہ پریشانی
مُشْكِلَةٌ عَسِيرَةُ الحَلِّ: ناقابل حل مسئلہ۔
مُشْكِلَةٌ عَوِيصَةٌ تَسْتَعْصِي عَلَى الحَلِّ: پیچیدہ مسئلہ، گتھی، عقدہ لاینحل۔
مُشْكِلَةُ المَسَاكِنِ: ہاؤسنگ پرابلم۔
مُشْكِلَةٌ نَفْسِيَّةٌ: ذہنی الجھن۔
مُشْكِلَاتُ السَّاعَةِ: وقت کے مسائل۔
مَشَاكِلُ العُمَّالِ: مزدوروں کے مسائل۔
المَشَاكِلُ المُتَشَعِّبَةُ: طرح طرح کی مشکلات۔
المَشَاكِلُ المُلِحَّةُ: زبردست، مسائل، حل طلب مسائل۔
مُشَكَّلٌ: باترتیب، بااعراب۔
مشکول: بااعراب۔
مُشَكَّلَةٌ: مشابہت، یکسانیت۔
شَكَمَ ـُ شَكْماً: (۱) رشوت دینا (۲) منہ بند کرنا، منہ کو لگام دینا۔
شَكِيمَةٌ: خودداری، بڑائی۔
شَكِيمَةُ اللِّجَامِ: لگام کا لوہا۔
شَدِيدُ الشَّكِيمَةِ: انتہائی خوددار۔
شَكْوَةٌ و شَكْوَى (ج: شَكَاوَى) و شِكَايَةٌ و شَكِيَّةٌ: شکایت، کمپلینٹ۔
شَكْوَةٌ (۲): مشکیزہ، پانی کا ڈول ج: شُكَى
شَكَاهُ إِلَى فُلَانٍ بِكَذَا ـُ شِكَايَةً: شکایت کرنا۔
اشْتَكَى عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف شکایت کرنا۔
شَاكٍ: شکایت کرنے والا۔
شَاكِي السِّلَاحِ: ہتھیار بند۔
شَكَاةٌ: بیماری۔
مِشْكَاةٌ: دیواری انگیٹھی (۳) چراغ دان۔
مَشْكُوٌّ مِنْهُ: جس کی شکایت ہو۔
شَكُولَاتَه: چاکلیٹ۔

شَلَّحَ تَشْلِیحاً: برہنہ کرنا، کپڑے اتارنا (۲) لوٹنا۔
مُشَلَّح: لباس کا کمرہ، ڈریسنگ روم۔
شَلْشَلَة: پانی ٹپکنا، ٹپکانا۔
شَلَقَ ـُ شَلْقاً: پھاڑنا، چیرنا، لمبائی میں پھاڑنا، چاک کرنا (۲) کوڑا مارنا۔
شَلَلٌ: فالج، بے حرکتی، تعطل، خرابی۔
شَلَلٌ مُفاجِئٌ: ناگہانی خرابی۔
شَلَّلَ و شَلَّ ـُ شَلاًّ: بڑے بڑے ٹانکے لگانا، کشادہ سلائی کرنا۔
شَلَّ العُضوُ ـَ شَلَلاً: مفلوج ہونا، بے کار و بے حرکت ہونا۔
شَلَّ ـُ شَلاًّ: بے حرکت بنا دینا، معطل کرنا، منجمد کرنا۔
شَلَّ الاِرادَةَ: قوت ارادہ ختم کرنا۔
شَلَّ الحَرَکَةَ: چہل پہل ختم کرنا، نقل و حرکت مفلوج کرنا۔
شَلَّ فاعِلِیَّةَ اَحَدٍ: قوت عمل ختم کرنا۔
شَلَّ فاعِلِیَّةَ الشَّیءِ: غیر موثر بنانا۔
شَلَّ القُوَّةَ: طاقت ختم کرنا۔
شَلَّ نَشاطَ الحَیاةِ: زندگی کی نقل و حرکت معطل کرنا۔
شَلَّة: قصد۔
شَلاَّلٌ ج: شَلاَّلات: آبشار۔
شِلالَة: کچی عارضی سلائی، کشادہ سلائی۔
اَشَلُّ، مَشْلُولٌ: فالج زدہ، بیکار، معطل، بے حس۔
شِلِن: (مع) شلنگ (ایک انگریزی سکہ = ۱/۲۰ اسٹرلنگ پونڈ) ج: شِلِنات

شِلْوٌ ج: اَشْلاءٌ: عضو، حصہ جسم۔
شَلاَ ـُ شَلْواً: بلند کرنا۔

ش.....م

شَمِتَ ـَ شَماتاً و شَماتَةً: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔
شَماتَة: دشمن کی خوشی۔
شَمَخَ ـَ شُمُوخاً: بلند ہونا۔
شَمَخَ بِأَنْفِه: ناک چڑھانا، بڑائی میں آنا۔
شَمَخَ الشَّیءُ إلی عَنانِ السَّماءِ: آسمان سے باتیں کرنا۔
تَشامَخَ: تکبر کرنا۔
شُمُوخ: بلندی۔
شامِخ: بلند ج: شُمَّخٌ م: شامِخَة ج: شَوامِخُ
شامِخ و مُتَشامِخ: مغرور، متکبر،
شَمَّاخ: مغرور، نک چڑھا۔
شَمَرَ ـُ شَمْراً: تیزی سے گزرنا، اکڑ کر چلنا، پیچھے ہٹانا، سکڑ جانا، سکیڑنا۔
شَمَرَ و شَمَّرَ کُمَّهُ: آستین چڑھانا۔
شَمَرَ عَنْ ساقِه: پائچہ چڑھانا۔
شَمَرَ عَنْ ساعِدِه: تیار ہونا، آستین چڑھانا۔
شِمْرٌ و شَمَّرِیٌّ: آزمودہ کار، چالاک۔
شَمَزَتْ نَفْسُه منه ـُ شَمْزاً و اشْمَأَزَّتْ: نفرت کرنا، متنفر ہونا، ناگواری کا اظہار کرنا۔
اِشْمِئْزاز: نفرت، ناگواری۔
بِاشْمِئْزاز: ناگواری سے۔
تَشَمَّزَ وَجْهُه: چہرہ پر شکن پڑ جانا۔

شَمَسَ ـُ شُمُوساً و شِمَاساً: ہٹ کرنا، انکار کرنا۔
شَمِسَ ـَ الیَوْمُ شَمَساً: دن کا روشن ہونا، آفتاب نکلا ہوا ہونا۔
شَمَّسَ تَشْمِیْساً: دھوپ دینا، دھوپ میں رکھنا۔
تَشَمَّسَ: دھوپ لینا، دھوپ میں کھڑا ہونا، دھوپ میں ہونا۔
شَمْسٌ: آفتاب ج: شُمُوس
شَمْسٌ و شَمِسٌ: دھوپ نکلا ہوا دن۔
شَمْسِیٌّ: آفتابی۔
التَصْوِیْرُ الشَّمْسِیّ: فوٹوگرافی۔
صُوْرَةٌ شَمْسِیَّة: عکسی فوٹو۔
سَاعَةٌ شَمْسِیَّة: دھوپ گھڑی۔
شَمَّاس: خادم کنیسہ ج: شَمَامِسَة شَامِس،
شَمُوس: ضدی، ہٹی، ایک جگہ جم کر کھڑا ہونے والا۔
مَشْمَسَة: وہ جگہ جہاں دھوپ آئے یا دھوپ حاصل کی جائے۔
شَمِطَ شَعْرُہ ـَ شَمَطاً: سر کے بالوں کا سیاہ وسفیدی مائل ہونا۔
شَمَطَ ـُ شَمْطاً: خلط ملط کرنا، ملانا۔
شَمَّعَ تَشْمِیْعاً: موم چڑھانا، کپڑے پر پالش کرنا۔
شَمْعٌ ج: شُمُوع: موم
شَمْعٌ اَحْمَرُ: لاکھ جس سے مہر لگائی جائے۔
شَمْعَة: موم بتی۔
شَمَّاع: شمع فروش، شمع ساز۔
شَمَّاعَةُ المَلَابِس: کپڑے لٹکانے کا ہک یا اسٹینڈ۔
مُشَمَّع: موم دار، موم کی پالش کیا ہوا۔
مُشَمَّعُ الفَرش، قُمَاشٌ مُشَمَّعٌ: آئل کلاتھ، پالش کیا ہوا، چکنا کپڑا۔
مُشَمَّعٌ طِبِّیّ: کورٹ پلاسٹر۔
اِشْمِعْلَال: جوش پر آنا، جنگ کا تیز ہونا۔
شَمِلَ ـَ شَمْلاً و شُمُولاً: عام ہونا، عادی ہونا۔
شَمِلَ و اشْتَمَلَ علی: مشتمل وحاوی ہونا۔
شَمْلٌ: اتحاد (۲) مجتمع چیز (۳) متفرق چیز، شیرازہ۔
جَمْعُ الشَّمْل: شیرازہ بندی، متحد کرنا۔
تَشَتُّتُ الشَّمْل: شیرازہ بکھرنا۔
تَشْتِیْتُ الشَّمْل: شیراز بکھیرنا۔
شَمْلَة ج: شَمْلَات: چادر، عباء۔
شُمُول: عموم، جامعیت۔
شُمُولِیّ: ہمہ گیر۔
شَامِل: عام، جنرل، جامع، کامل، مکمل، ہمہ گیر، ہمہ جہتی، وسیع تر، وسیع پیمانہ پر۔
مَشْمُولٌ بِرِعَایَة: زیر سرپرستی۔
مُشْتَمَلَات: مندرجات۔
شِمِلَّة: تیز رفتار اونٹنی۔
شَمَّلَ الرَّجُلُ تَشْمِیْلاً: جلدی کرنا۔
شَمْلَلَة: جلدی کرنا۔
شَمَّمَهُ تَشْمِیْماً و اَشَمَّه: سونگھانا۔
شَمَّ ـُ شَمّاً و اشْتَمَّ: سونگھنا۔
شَمَّ ـُ شَمَماً: تکبر کرنا۔
تَشَمَّمَ الاَخْبَارَ: خبریں فراہم کرنا۔
شَمٌّ و شَامَّة: سونگھنے کی قوت۔

شَمِّیٌّ: سونگھنے کا۔
شَمَمٌ: غرور، تکبر، ابھار۔
شَمَّام: خربوزہ۔
شَمَّامَةُ مِصْبَاحِ البِتْرُوْل: لمپ کا برنر، لال ٹین کا کلا۔
شَمَّامَةُ مِصْبَاحِ الغَاز: گیس منٹل، گیس کی جالی۔
اَشَمُّ ج، شُمٌّ: نک چڑھا، خوددار۔
مَشْمُوم ج: مَشْمُومَات: خوشبو، مشک، سونگھنے کی چیزیں۔

ش.....ن

شَنَبٌ: دانتوں کی خوبصورتی، صفائی۔
شَنِجَ ـَ شَنَجاً و تَشَنَّجَ: اعضائے جسم کا سکڑ جانا، اینٹھنا۔
شَنَطَ ـُ شَنْطاً: باندھنا، گرہ دینا۔
شَنْطَة: بیگ، تھیلا، بستر بند ج: شَنَطَات
شَنْطَةُ جِلْدِيَّة: اٹیچی۔
شَنْطَةُ سَفَرٍ: سوٹ کیس۔
شَنْطَةُ لِلْاَوْرَاق: بریف کیس۔
شَنْطَةُ يَدٍ: ہینڈ بیگ۔
شَنِيْطَة (اُنْشُوْطَة): گرہ۔
شَنُعَ ـُ شَنَاعَةً: (۱) انسان یا فعل کا برا ہونا (۲) بدصورت ہونا۔
شَنَّعَ عليه تَشْنِيْعاً: مذمت کرنا، بدگوئی کرنا۔
شَنِيْع: برا، بدشکل، وحشت ناک، بھیانک۔
شُنْعَة: برائی، بدشکلی۔
شَنَّفَ إِلَيْهِ تَشْنِيْفاً: گوشہ چشم سے دیکھنا، اعتراض واستعجاب کی نظر سے دیکھنا۔
شَنَّفَ الجَارِيَة: بالیاں پہنانا۔
شَنْف ج: اَشْنَاف و شُنُوف: بالی، کان کا زیور۔
شَنَقَ ـُ شَنْقاً: پھانسی دینا، پھانسی پر چڑھانا۔
شَنَق: رسی، پھندا جو گلے میں ڈالا جائے۔
مِشْنَقَة: سولی یا پھانسی کی ٹکٹکی۔
مَشْنَق، مَشْنَقَة: پھانسی کی جگہ، تختہ دار۔
الشَّنِيْل: شنل، ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
شَنَّ و أَشَنَّ الغَارَةَ على: یورش کرنا، ہلہ بولنا، ہر طرف سے حملہ کرنا۔
شَنُّ الحَرْب: لڑائی شروع کرنا، جنگ چھیڑنا۔
شَنُّ حَمْلَةٍ شَامِلَةٍ: زبردست مہم چلانا، ہمہ گیر مہم چلانا۔
شَنُّ حَمْلَةِ شَيْءٍ: مہم چلانا۔
شَنُّ غَارَاتٍ فِدَائِيَّةٍ على اَحَدٍ: گوریلا حملے کرنا۔
شَنُّ الهُجُوْمِ على: حملہ کرنا، یورش کرنا
شَنُّ هُجُوْمٍ كَبِيْر: بڑا حملہ کرنا۔

ش.....ہ

شَهَبٌ، شُهْبَة: سفیدی آمیز سیاہی۔
شِهَابٌ ج: شُهُبٌ: ستارہ (۲) شہاب، نیزک (۳) آتشیں تیر۔
شَهِدَ المَجْلِسَ ـَ شُهُوداً: حاضر ہونا، شریک ہونا۔
شَهِدَتِ المَدِيْنَةُ كذا: فلاں بات شہر میں ہوئی یا پیش آئی۔
شَهِدَتِ المُمْلَكَةُ التَّطَوُّرَاتِ: مملکت میں ترقیاں ہوئیں۔
شَهِدَتِ المَدِيْنَةُ مُؤْتَمَراً: شہر میں کانفرنس ہوئی۔
شَهِدَتِ العَالَمُ حَمْلَةً سِيَاسِيَّةً: پوری دنیا

میں سیاسی مہم چلی۔
شَهِدَ المَكَانُ كذا: کسی جگہ پر کوئی چیز وقوع پذیر ہونا۔
شَهِدَتِ الأَرْضُ حَادِثَةً: زمین پر حادثہ پیش آنا۔
شَهِدَ له بكذا ـــ شَهَادَةً: گواہی دینا، اقرار کرنا، گواہ ہونا۔
شَهِدَ بِشَهَادَةٍ خَطِيَّةٍ: سارٹیفکٹ دینا۔
شَهِدَ لِفُلَانٍ: کسی کی موافقت میں گواہی دینا۔
شَهِدَ على: کسی کے خلاف گواہی دینا۔
شَهِدَهُ ـــ شُهُوداً و شَاهَدَه: واقف ہونا، دیکھنا۔
اِسْتَشْهَدَ بِقَوْلٍ: دلیل کے طور پر بیان کرنا۔
أُشْهِدَ و اسْتُشْهِدَ: شہید ہونا۔
شُهُدٌ: شہد ج: شِهَاد
شَهَادَة: اقرار، گواہی، تصدیق۔
شَهَادَة: تصدیق نامہ، سارٹیفکیٹ، سند۔ڈپلوما، ریکارڈ، ثبوت ج: شَهَادَات
شَهَادَةٌ اِبْتِدَائِيَّة: پرائمری سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ اِخْلَاءِ طَرَفٍ: ڈسچارج سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ إِيْدَاعٍ: ڈپازٹ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ إِيْدَاعٍ من البَنْك: بینک ڈپازٹ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ بِرَصِيْدِ الأَسْهُم: بیلنس ٹکٹ۔
شَهَادَةُ تَسْجِيلٍ: رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ تَفْتِيْشٍ: چیکنگ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ تَقْدِيْرٍ: حسن کارکردگی کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ حُسْنِ السِّيْرَةِ والسُّلُوك: کیرکٹر سرٹیفکیٹ، اخلاقی سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ حُضُوْرٍ: حاضری سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ خُلُوِّ طَرَفٍ: ڈسچارج سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ سَوَابِق: ریکارڈ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ صِحِّيَّةٌ: ہیلتھ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ طِبِّيَّةٌ: میڈیکل سرٹیفکیٹ۔
شهادة عَالِيَةٌ: (اجازۃ، ڈپلوما، سند فراغت)
شَهَادَةٌ عِلْمِيَّةٌ: ڈگری۔
الشَّهَازَةُ على صِحَّةِ شَيْءٍ: صحت کی تصدیق۔
الشَّهَادَةُ الفَخْرِيَّة: اعزازی ڈگری۔
شَهَادَةُ قَرْضٍ: لون سرٹیفکیٹ، قرض کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ كِتَابِيَّةٌ: تحریری سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ المُحَامَاة: وکالت کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةٌ مَدْرَسِيَّةٌ: اسکول سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ مُرُوْرٍ: ٹریفک پاس۔
شَهَادَةُ مَقْدِرَةٍ فَنِيَّةٍ: فنی صلاحیت کا سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ المَوْلِد أو المِيْلَاد: برتھ سرٹیفکیٹ۔
شَهَادَةُ نَفْيٍ: انکاری گواہی۔
شَهَادَةُ الوَفَاة: ڈیتھ سرٹیفکیٹ۔
الشَّهَادَاتُ التَّقْدِيْرِيَّة: اعزازی سندیں۔
شَهَادَاتٌ عَالِيَة: اعلیٰ ڈگریاں۔
إِشْهَادٌ: تصدیق۔
اسْتِشْهَاد: (۱) شہادت، راہ خدا میں موت (۲) استدلال (۳) گواہی دینا۔
شَاهِدٌ: (۱) گواہ (۲) دیکھنے والا ج: شُهُود و أَشْهَاد (۳) دلیل ج: شَوَاهِد شَاهِدُ عَيْنٍ أو عِيَان: عینی گواہ، چشم دید گواہ۔
شَاهِدَة: کاغذ وغیرہ کی نقل، رسید کا مثنیٰ۔

الشَّاهِدَة: زمین (۲) رجسٹر مراسلات جس میں ارسال کردہ خطوط کی نقول محفوظ رکھی جاتی ہیں۔
وَرَقُ الشَّاهِدَة: کاربن پیپر، نقل کرنے کا مخصوص کاغذ۔
شُهُودُ العِيَان: عینی شاہد، چشم دید گواہ
شُهُودُ الإِثْبَات: ثبوت کے گواہ۔
شَوَاهِدُ تَارِيخِيَّة: تاریخی حوالے، ثبوت۔
مَشْهَدٌ: مَشَاهِد: (۱) اجتماع (۲) جلوس (۳) منظر، سینری۔
مَشْهَدٌ جَمِيلٌ: شاندار سینری۔
مُشَاهَدَة: دیکھنا۔
مُشَاهَدٌ: آنکھوں دیکھا۔
مَشْهُود: لائق ذکر۔
المَشْهُودُ لَه: تصدیق شدہ۔
اليَوْمُ المَشْهُود: قیامت کا دن۔
شَهَرَه ـَـ شَهْراً و شَهَّرَهُ: مشہور کرنا، ذکر کرنا، شائع کرنا۔
شَهَرَ الحَرْبَ: اعلان جنگ کرنا۔
شَهَرَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
شَهَرَ البُنْدُقِيَّةَ فِي وَجْهِ أَحَدٍ: کسی پر بندوق تاننا، بندوق کا نشانہ بنانا۔
شَهَّرَ بِه تَشْهِيراً: ملامت کرنا، عیب بیان کرنا۔
شَاهَرَه مُشَاهَرَةً: ماہانہ اجرت پر رکھنا (۲) ماہانہ کرایہ پر لینا یا دینا۔
اشْتِهَار: مشہور ہونا، شائع ہونا۔
شَهْرُ العَسَل: شادی کا ابتدائی مہینہ، خوشگوار ایام، ہنی مون۔
الشَّهْرُ المُقْبِل: آئندہ ماہ۔
بِشَهْرٍ مُبَلَّقٍ: ایک مہینہ پہلے۔
شَهْرِيّ: ماہانہ۔
شَهْرِيّاً: ماہ بماہ۔
إِشْهَار: اعلان۔
إِشْهَارٌ بِالإِفْلَاس: دیوالیہ ہونے کا اعلان۔
شَهَقَ ـَ شَهِيقاً: گدھے کا بولنا۔
شَهَقَ الرَّجُلُ: گھٹا ہوا سانس لینا، ٹھنڈا سانس لینا (ضد زَفَرَ) (۲) چیخنا۔
شَهِيق: (۱) گدھے کی آواز (۲) رونے کی وجہ سے گھٹا ہوا سانس۔
شَهْقَة: چیخ۔
شَاهِق: بلند۔
عُلُوٌّ شَاهِقٌ: زبردست بلندی۔
شَهَمَ ـَ شَهْماً: ڈانٹنا۔
شَهْمٌ: روشن ضمیر، شریف خوددار۔
شَهَامَة: (ک) نخوت، خودداری، شرافت، روشن ضمیری۔
شَهْوَة، شَهِيَّة: خواہش طعام، خواہش، رغبت، جذبہ ج: شَهَوَات
شَهْوَةُ انْتِقَام: جذبہ انتقام۔
إِمَاتَةُ الشَّهَوَات: خواہشات کو کچلنا۔
شَهِيَ ـَ و شَهَا ـُ شَهْوَةً: خواہش کرنا، راغب ہونا۔
اشْتَهَاهُ: خواہش کرنا، دل چاہنا۔
شَهَّى تَشْهِيَةً: رغبت دلانا، مرغوب بنانا۔
لَا يُشَتَّهَى: نامرغوب۔

شَهْوَان، شَهْوَانِیّ: خواہش پرست، لالچی، طماع۔
شَهِیّ، مُشْتَهًی، مَشْهِیّ: مرغوب، مقبول۔
اَشْهَی: مرغوب ترین۔
مُشْهٍ: شہوت انگیز۔

ش.....و

شَابَ ـُ شَوْباً: (۱) ملانا (۲) خراب کرنا۔
شَائِبَة ج: شَوَائِبُ: عیب، ملاوٹ، آمیزش، اثر، آفت۔
مَشُوْب: ملاوٹ کا، مخلوط، غیر خالص۔
مَشُوْبٌ بالحَذَر: احتیاط آمیز۔
شَوَّحَ تَشْوِیْحاً: انکار کرنا۔
شَوَّحَ اللَّحْمَ علی النَّار: گوشت کو آگ پر بھوننا۔
شَوَّرَ و أَشَارَ إلی: اشارہ کرنا۔
شَوَّرَ و أَشَارَ: سگنل دینا، اشارہ دینا۔
شَوَّرَ وشَارَ الدَّابَّةَ ـُ شَوْراً: جانور پر بطور تجربہ سواری کرنا۔
شَارَ العَسَلَ ـُ شَوْراً: شہد نکالنا۔
اَشَارَ إلی: بتانا، رہنمائی کرنا۔
اَشَارَ إلی: حوالہ دینا۔
اَشَارَ علیه: مشورہ دینا، نصیحت کرنا۔
شَاوَرَ و تَشَاوَرَ و اسْتَشَارَ مَعَ: مشورہ کرنا۔
شَارَةٌ ج: شَارَات: علامتِ عہدہ، نشانِ خاص، علامت۔
اِشَارَة: مشورہ، رہنمائی، تجویز (۲) سگنل، مارک۔
اِشَارَةٌ بَرْقِیَّة: ٹیلیگرام۔
رَهْنُ اِشَارَتِهٖ: اشارہ کا پابند، تابع، فرمانبردار۔
اِشَارَةٌ بالأَنْوَار: سگنل لائٹ۔
اِشَارَةُ سِكَّةِ الحَدِیْد: ریلوے سگنل۔
كُشْكُ الاِشَارَات (فی سِكَّةِ الحَدِیْد): ریلوے سگنل بکس۔
أَشْرُجِیٌّ: (مُلَوِّح، عَامِلُ الإِشَارَات): سگنل مین (مع)۔
فِیْ اِشَارَةٍ إلی كَذَا: کسی چیز کا حوالہ دیتے ہوئے۔
اِسْتِشَارَة: مشورہ، مشورہ لینا، صلاح کاری۔
اِسْتِشَارِیّ: مشیر، شورائی۔
مُسْتَشَار: مشیر، ایڈوائزر۔
المُسْتَشَارُ الصَّحَفِیّ: صحافتی مشیر، پریس اتاچی۔
مُسْتَشَارٌ فَنِیّ: ٹیکنیکل ایڈوائزر، فنی مشیر۔
مُسْتَشَارٌ مَالِیّ: مالی مشیر۔
مُسْتَشَارٌ مَلِكِیّ: شاہی مشیر۔
مُشِیْر: رہنما، ناصح، رہبر، ایڈوائزر۔
المُشِیْر: فیلڈ مارشل، ایک بڑا فوجی عہدہ
المُشَارُ إلَیْه: مذکورہ بالا۔
شَوَّشَ الأَمْرَ تَشْوِیْشاً: الجھن پیدا کرنا، پریشانی میں مبتلا کرنا، خلل ڈالنا، گڑبڑی پیدا کرنا۔
تَشَوَّشَ: الجھن پیدا ہونا، خلل پڑنا۔
شَاشٌ: باریک کپڑا۔
شَاشَة ج: شَاشَات: پردہ۔
الشَّاشَةُ البَیْضَاءُ: پردۂ سیمیں، وہ پردہ جس پر متحرک تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔

شَاشَةُ التِّلْفَاز: ٹیلیویژن اسکرین۔
شَاشَةُ التِّلْفِزْيُون: ٹیلیویژن اسکرین۔
شَاشَةُ الرَّادْيُو: ریڈیو اسکرین۔
شَاشَةُ السِّيْنَمَا: فلم اسکرین۔
شَاوِيْش: سارجنٹ، دس سپاہیوں کا افسر۔
مُشَوَّش: قابل تشویش، غیر منظم، خراب
مُشَوَّشُ الفِكْر: پریشان خاطر۔
شَوَّطَ تَشْوِيْطاً: لمبا سفر کرنا۔
شَوْطَ ج: أَشْوَاط: (۱) مسافت (۲) چکر، راؤنڈ (۳) حصہ، بازی (۴) مقصد، حاجت۔
شَوْطٌ فِي الحَلْبَةِ: دوڑ کے میدان کا ایک چکر۔
شَوَّفَ تَشْوِيْفاً: مزین کرنا (۲) دکھانا۔
شَافَ ـُـ شَوْفاً: چمکانا، پالش کرنا، (۱) دیکھنا۔
تَشَوَّفَ إلى: تاک لگانا، نگاہیں لگائے رکھنا۔
شَوْف: نگاہ (۲) دندانے دار سراون۔
شَائِف: دیکھنے والا۔
شَوَّقَهُ وشَاقَهُ ـُـ إلى: شوق دلانا، مشتاق بنانا۔
اشْتَاقَ الشَّيْءَ وإليه: مشتاق ہونا، دل چاہنا۔
اِشْتَاقَ إلى رُؤْيَتِهِ: آنکھیں ترسنا۔
شَوْق: اشتیاق، دل چسپی۔
شَائِق: دلچسپ۔
مُشْتَاق: عاشق، محب۔
شَوَّكَ الشَّجَرَ تشويكا: کانٹے دار ہونا۔
شَوَّكَ الحَائِطَ وغَيْرَه: کانٹے لگانا (۲) کانٹوں والا بنانا۔
شَوْك: رَ نَا و: شَوْكَة
شَوْكَة: (۱) ایک کانٹا (۲) ابھری ہوئی نوک (۳) طاقت (۴) رعب و دبدبہ (۵) آل پن۔
شَوْكَةُ الأَكْلِ: کھانے کا کانٹا۔
شَوْكَةُ السَّمَك: مچھلی کا کانٹا۔
شَوْكَةُ العَقْرَب: بچھو۔
شَائِك، شَوِك: خاردار۔
سِلْك شَائِك: خاردار تار۔
شَوْكِيّ: کانٹوں دار۔
الحَبْلُ الشَّوْكِيّ: کانٹوں دار رسی۔
شَالَ ـُ شَوْلاً و شَوَلاناً: بلند ہونا، اوپر اٹھنا۔
إِشَالَة: بلند کرنا، اٹھوانا۔
إِشَالَةُ الجُثَّة: لاش اٹھانا۔
شَالٌ: (كُوفِيَّة) رومال جو سر اور مونڈھوں پر ڈالا جائے، مفلر (۲) شال ج: شِيَلان
شَالِيَة: (دا) گملا۔
شِوَال: بیگ، تھیلا، بوری۔
مِشْوَل: چھوٹی درانتی۔
شَوَّنَ الغَلالَ: غلہ گودام میں بھرنا۔
شُوْنَة: غلہ کا گودام: ج شُوَن
شُوْنَة: اسٹور روم، اسٹور ہاؤس (۲) شیڈ، سایہ، سائبان۔
شَوَّهَ تَشْوِيْهاً: صورت بگاڑنا، مسخ کرنا، خراب کرنا۔
شَوِهَ ـَـ شَوَهاً و تَشَوَّهَ الوَجْهُ: چہرہ کا

بگڑنا،صورت مسخ ہونا۔
تَشَوُّهُ المَعَالِم: خدوخال خراب ہونا۔
تَشْوِيهُ الحَقَائِق: حقائق کو مسخ کرنا۔
تشْوِيهُ الخُلُق: بدنام کرنا،شہرت کو بٹہ لگانا،شہرت کو بگاڑنا۔
تَشْوِيهُ السُّمْعَة: بدنام کرنا،شہرت کو بٹہ لگانا،شہرت کو بگاڑنا۔
أَشْوَهُ، مُشَوَّهٌ: مسخ شدہ،بگڑا ہوا۔
شَاةٌ: بکری ج: شِيَاهٌ
شَوَى ـ شَيًا: بھوننا۔
شِوَاء، شَوِيّ: بھنا ہوا گوشت،روسٹ،
شَوَّاء: روسٹر۔
شَوَّايَة، مِشْوَاة: بھوننے اور سینکنے کا آلہ،سلائس وغیرہ سینکنے کی جالی، کڑچھا، فرائی پن، روسٹر۔
شَوَاة: سر کی کھال۔

ش.....ی

شَيْءٌ: چیز (۲) کچھ ج: أَشْيَاء
شَيْئاً فَشَيْئاً: آہستہ آہستہ،بتدریج۔
شَاءَ ـ شَيْئاً و مَشِيئَةً: ارادہ کرنا۔
شَيَّبَ و أَشَابَ: بوڑھا کرنا،بال کا سفید کرنا۔
شَاب ـ شَيْباً: بالوں کا سفید ہونا،بوڑھا ہونا۔
شَيْب مَشِيب: سفید (بالوں کی صفت) سفید بالوں والا (انسان کی صفت)
شَيْتٌ: چھینٹ،رنگین ومنقش کپڑا۔
شَاحَ ـ شَيْحاً: کوشش کرنا۔
أَشَاحَ عَنْهُ: منہ پھیر لینا،اعراض کرنا۔
شَيَّخَ الرَّجُلُ و شَاخَ ـ شَيْخُوخَةً بوڑھا ہونا۔
شَيَّخَ الرَّجُلَ تَشْيِيخاً: بوڑھا بنانا (۲) سردار اور بڑا بنانا۔
شَيْخٌ: (۱) بوڑھا،عمر رسیدہ (۲) سردار،امیر جماعت یا قبیلہ کا بڑا (۳) گاؤں کا چودھری۔
شَيْخُ النَّار: شیطان،سردارِ جہنم۔
شَيْخَة: عمر رسیدہ عورت۔
شَيْخُوخِيّ: بڑھاپے سے متعلق۔
اِرْتِعَاشٌ شَيْخُوخِيٌّ: بڑھاپے کا رعشہ۔
مَشْيَخَة: چھوٹی ریاست جس کا سربراہ شیخ کہلاتا ہے۔
مَشَائِخُ طُرُق: صوفیاء کرام۔
شَيَّدَ تَشْيِيداً: تعمیر کرنا،مضبوط کرنا۔
شَادَ ـ شَيْداً: عمارت بنانا (۲) پختہ کرنا (۳) دیوار پر پلاسٹر کرنا (۴) ہلاک ہونا۔
أَشَادَ بِذِكْرِه: تعریف کرنا۔
أَشَادَ بِشَيْءٍ: سراہنا،خراج تحسین ادا کرنا،داد دینا۔
شِيد: پلاسٹر،چونا گچ وغیرہ۔
مُشَيَّد: پختہ،مضبوط۔
شِيرَج: تلوں کا تیل۔
شِيرَةُ الحَلْوَى: (دا) مٹھائی کا شیرہ۔
شِيشَةُ التَّدْخِين: حقہ۔
شَيَّطَ تَشْيِيطاً و أَشَاطَ: جلانا،بھڑکانا۔
شَاطَ ـ شَيْطاً و تَشَيَّطَ: جلنا،بھڑکنا، مشتعل ہونا۔
اسْتَشَاطَ غَضَباً: غصہ سے آگ بگولا

ہونا، آپے سے باہر ہونا، اشتعال پیدا ہونا، بپھرنا۔

شَیَّعَ تَشْیِیعاً: رخصت کرنا، ساتھ چلنا، جنازہ کے ساتھ چلنا (۲) روانہ کرنا۔

شَاعَ الخَبَرُ ـِ شُیُوعاً: پھیلنا۔

شَاعَ بِالخَبَرِ ـِ شَیْعاً و اَشَاعَ: پھیلانا۔

اَشَاعَ الاِضْطِرَابَ: افراتفری پھیلانا۔

شَایَعَه مُشَایَعَةً: ساتھ ساتھ چلنا۔

تَشَیَّعَ لَهٗ: کسی کے گروہ میں شامل ہونا۔

شِیْعَةٌ ج: شِیَعٌ: فرقہ، گروہ، جماعت۔

شِیْعَةُ الرَّجُل: متعلقین، حمایتی، اعوان و انصار۔

شُیُوْع: اشاعت، رواج۔

عَلَی الشُّیُوْع، بِالشُّیُوْع: مشترک، مشترک طور پر۔

شُیُوعِیّ: کمیونسٹ۔

الشُّیُوعِیَّة: کمیونزم۔

شَائِع، مُشَاع: (۱) عام، جنرل (۲) مشترک (۳) مشہور، رائج۔

بِالمُشَاع: مشترکہ۔

شَائِعَةٌ ج: شَائِعَات: افواہ۔

الشَّائِعَاتُ المُنْتَظِمَة: منصوبہ بند افواہیں۔

إِشَاعَة: افواہ، غلط خبر ج: إِشَاعَات

اِنْتِشَارُ الإِشَاعَة: افواہ پھیلنا۔

تَشَیُّع: فرقہ بندی، گروہ بندی۔

مُتَشَیِّع: فرقہ بند، گروہ بند۔

شَیْک: چیک (روپے کا) ج: شَیْکَات

شَیْکُ الإِذَاعَة: ریڈیو سے ملا ہوا چیک۔

شَیْکٌ بِلَارَصِیْد: بلا بینک بیلنس چیک۔

شَیْکٌ عَلَی بَیَاضٍ: سادہ چیک۔

شَیْکٌ عَلَی مَصْرِف کَذَا: کسی بینک کے نام کا چیک۔

شَیْکٌ لِحَامِلِه: بیرر چیک۔

شَیْکٌ مَرْفُوض: ناقابل قبول چیک۔

شَیْکٌ مُزَوَّر: جعلی چیک۔

شَیْکٌ مُسَطَّر: کراس چیک۔

شَیْکٌ مُصَدَّقٌ عَلَیه: مصدقہ چیک۔

شَیْکٌ مَصْرِفِیّ: بینک چیک۔

شَیْکٌ مَضَتْ مُدَّتُهٗ: آؤٹ ڈیٹ چیک، اسٹال چیک۔

شَیْکَاتٌ دَاخِلِیَّة: ملکی چیک۔

شَیْکَاتٌ لِلدَّفْع: قابل ادائیگی چیک۔

شِیْمَة ج: شِیَمٌ: عادت۔

شَیْمٌ: (ض) روشنی کی طرف دیکھنا۔

شَیْن: عیب (ضد زَیْن) (۲) شرم، عار۔

شَانَه ـِ شَیْناً: عیب لگانا، بدزیب کرنا۔

شَائِن: عیب دار، معیوب (۲) برا، قابل مذمت۔

شَایٌ: چائے، چائے کی پتی۔

شَایٌ بَائِتٌ: رکھی ہوئی چائے۔

شَایٌ خَفِیْفٌ: ہلکی پتی کی چائے۔

شَایٌ قَوِیٌّ: تیز پتی کی چائے، اسٹرانگ ٹی۔

غُلَایَةُ الشَّایِ: دم دی ہوئی چائے۔

اِبْرِیْقُ الشَّایِ: چائے دان۔

حَفْلَةُ الشَّایِ: ٹی پارٹی۔

ص

ص.....ا

صَالَة، صَالُوْن: بڑا کمرہ، ہال، کمرہ استقبال، برآمدہ، دعوت ہال ج: صَالَات

صَالَةُ الانتظار: ویٹنگ روم۔

صَالَةُ البَيعِ بِالمَزَاد: نیلام گاہ، ہراج خانہ۔

صَالَةُ الرَّقص: ڈانسنگ ہال، رقص گاہ

صَالَةُ العَرض (فی المَتجَر): شوروم۔

ص.....ب

صَبَا ـَـ وصَبُوَ ـُـ صَبْأً و صُبُوءاً: ترک مذہب کرنا، ایک دین کو چھوڑ کر دوسرا اختیار کرنا۔

صَبَأَ السِّنُّ او النَّبَاتُ: دانت یا نبات کا اگنا۔

صَبَبٌ: ڈھلان، اتار، ڈھال، نشیب۔

صَبَّ ـُـ صَبّاً: پانی ڈالنا، بہانا (۲) سانچے میں ڈھالنا۔

صَبَّ نِقْمَتَه علی فُلان: کسی پر غصہ اتارنا۔

صَبَّ النَّهْرُ فی البَحرِ ـِـ صَبِيباً: نہر کا دریا میں گرنا۔

صَبَّ به ـَـ صَبَابَةً: عاشق ہونا۔

انْصَبَّ: بہنا، پانی گرنا۔

انْصَبَّ علی: نازل ہونا، لازم ہونا۔

تَصَبَّبَ العَرَقُ مِنْه: پسینہ ٹپکنا۔

صَبٌّ: عاشق، فریفتہ، ج: صُبُّون

صَبَابَة: فریفتگی، عشق۔

صَبِيبٌ، مَصْبُوبٌ: ڈالا ہوا، بہایا ہوا۔

صَبِيبٌ (۲): خون، پسینہ۔

مَصَبٌّ: نہر کے گرنے کی جگہ۔

صَبُحَ الوَجْهُ ـُـ صَبَاحَةً: چہرہ کا روشن و چمک دار ہونا۔

صَبَّحَ الرَّجُلُ: صبح کو آنا۔

اَصْبَحَ الرَّجُلُ: صبح میں داخل ہونا۔

اَصْبَحَ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔

أَصْبَحَ (۲): (بمعنی صَارَ): ہو گیا۔

أَصْبَحَ الشَّیْءُ فی صَالِحِ أَحَدٍ: مفاد میں ہونا۔

أَصْبَحَ المَوْقِفُ حَرِجاً: پوزیشن نازک ہونا۔

اِصْطَبَحَ و اسْتَصْبَحَ: روشن ہونا۔

اِصْطِبَاح: ناشتہ کرنا۔

عِمْ صَبَاحاً: صبح مبارک ہو۔

صُبْحَة: صبح کا کھانا۔

صَبُوحٌ صَبِیح: روشن چہرہ، خوب رو۔
صَابِح: تازہ، نیا۔
مِصْبَاح ج: مَصَابِیحُ: لیمپ۔
المِصْبَاح ج: الْأَمَامِیُّ: ہیڈ لائٹ۔
مِصْبَاحُ تَعْلِیق: قندیل، آویزاں کیا جانے والا لیمپ۔
مِصْبَاحُ الحَائِط: وال لیمپ، دیواری لیمپ۔
مِصْبَاحُ غَازٍ (نُورُ الغَاز): گیس لائٹ۔
مِصْبَاحٌ فی مُقَدَّم القَاطِرَةِ أو التِرَامِ أو السَّیَّارَةِ: ہیڈ لائٹ۔
مِصْبَاحٌ کَهْرَبِیّ: بجلی کا لمپ، بلب۔
صَبَرَ علی ـِ صَبْراً و اصْطَبَرَ و تَصَبَّرَ: صبر کرنا، برداشت کرنا۔
صَبَّرَهُ تَصْبِیراً: صبر دلانا، صبر کی تلقین کرنا۔
الصَّبْرُ: جفاکشی۔
الصَّبُورُ: انتہائی جفاکش۔
الصَّابِر: جفاکش، محنت کش۔
صَبَعَ علیه ـَـ صَبْعاً: انگلی رکھنا، انگلی سے اشارہ کرنا۔
اِصْبَع: انگلی ج: أَصَابِع
مُصَبَّعٌ و مُصَبَّعَة (شِکَارَة): گوشت سینکنے کی لوہے کی انگیٹھی۔
صَبَغَ ـُ صَبْغاً: رنگنا۔
صَبَغَ فی المَاء: ڈبونا۔
صَبْغ: رنگائی۔
صِبْغ ج: أَصْبَاغ: رنگ۔
صِبْغ تَجْمِیلِیّ: پینٹ۔
الصَّبْغُ بِأَصْبَاغ عَقْلِیَّة: عقلی رنگ میں رنگنا۔
صِبْغَة: رنگ، طرز، شکل۔
الصِّبْغَةُ الطَّائِفِیَّة: فرقہ وارانہ رنگ۔
صَبَّاغ: رنگ ریز۔
صِبَاغَة: رنگریزی، رنگائی کا پیشہ۔
مَصْبَغَة: رنگائی کا کارخانہ۔
صَبَّنَ تَصْبِیناً: صابن سے دھونا۔
صَبَّان: صابن ساز۔
صَابُون: صابن۔
صَابُونَة: صابن کی ٹکیہ۔
لصَّابُونِیّ: صابن فروش، (۲) صابن ساز۔
مَصْبَنَة: صابن کا کارخانہ۔
صُبُوٌّ: (ن) مائل ہونا، مشتاق ہونا،
صُبُوَّة، صَبَاءٌ: شباب، جوانی۔
صَبِیُّ المَکْتَب: آفس بوائے، طفل مکتب۔
صِبْیَانِیّ: بچکانہ۔
صِبَا: بچپن۔
صَبَا: مشرقی ہوا۔
صَبِیَ ـَ صَبَاً: بچہ بننا، بچوں جیسی حرکات کرنا۔
تَصَابَی و تَعَصَّبَی: کھیل کود میں لگنا۔

ص.....ح

صَحِبَه ـَـ صُحْبَةً و صَاحَبَهُ: ساتھ ہونا، ساتھ رہنا۔
صَحِبَ، صَاحَبَ مع: دوستی کرنا، ساتھی بنانا۔
تَصَاحَبَا: باہم دوست بننا۔
اَصْحَبَهُ الشَّیْءَ: کوئی چیز ساتھ کرنا۔
اصْطَحَبَ الرَّجُلَ: ساتھ ہونا۔
اسْتَصْحَبَه: ساتھ لینا، ساتھی بنانا۔
صُحْبَة: ساتھی، دوستی۔
صُحْبَة و: صَاحِب: ساتھی۔

صَاحِب: ساتھی، دوست (۲) مالک۔
صَاحِبُ البَلَد: حاکم شہر۔
صَاحِبُ الدَّيْن: قرض خواہ۔
صَاحِبُ العِزَّةِ أو السَّعَادَةِ أو المَعَالي: تعظیمی لقب جو وزراء اور ان کے ہم منصبوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، آنریبل، عزت مآب۔
صَاحِبُ السُّمُوِّ المَلَكِيّ: شہزادوں اور والیان حکومت کا تعظیمی لقب۔
صَاحِبُ العَظَمَة و صَاحِبُ الجَلالَة: بادشاہ کے لیے تعظیمی القاب۔
صَاحِبُ الامْتِيَاز: لائسنس بردار، صاحب رعایت، لائسنس والا۔
صَاحِبُ حِرْفَة: پیشہ ور۔
صَاحِبُ حِصَّة: حصہ دار، شریک۔
صَاحِبُ رَأْسِمَال: سرمایہ دار، مالک سرمایہ۔
صَاحِبُ الرُّخْصَة: لائسنس بردار۔
صَاحِبُ صَنْعَةٍ يَدَوِيَّة: دست کار۔
صَاحِبُ عَطَاءٍ (فی المَزَاد): نیلامی کی قیمت دینے والا۔
صَاحِبُ العَمَل: مالک کاروبار، کارخانہ دار۔
صَاحِبُ الفَخَامَة: برتری اور فوقیت کا خطاب۔
صَاحِبُ المَبْدَأ: اصول پسند آدمی۔
صَاحِبُ مَحَلٍّ لِبَيْعِ الصُّحُفِ و المَجَلَّات: نیوز ایجنٹ۔
صَاحِبُ مَصْرِف: بینکر۔
صَاحِبُ مَصْنَع: کارخانہ دار۔
صَاحِبُ مَعَاش: پنشنر۔
أَصْحَابُ الشَّأن: اصحاب معاملہ۔
أَصْحَابُ شَرْعِيُّون: جائز ورثا۔
يَاصَاحِ يَاصَاحِب: اے میرے دوست
مَصْحُوْبٌ، مُصْطَحَبٌ: ساتھ، ہمراہ۔
مَصْحُوْباً بكذا: منسلک، ساتھ۔
مَصْحُوْباً بِهُبُوبِ الرِّيَاحِ والأمْطَار: بادوباراں کے ساتھ۔
صَحَّحَ تَصْحِيْحاً: صحیح کرنا، غلطی کی اصلاح کرنا، تندرست بنانا، ایڈٹ کرنا۔
صَحَّ ـِ صِحَّةً و اسْتَصَحَّ: تندرست ہونا، درست ہونا، بے عیب ہونا۔
صَحَّ الجُرْحُ: زخم بھرنا۔
صِحَّة: (۱) تندرستی (۲) اصلاح (۳) دوستی (۴) حقیقت سچائی (۵) جواز
صِحِّيّ: صحت افزا (۲) صحت سے متعلق۔
تَصْحِيْح: ترتیب، اصلاح، کریکشن۔
إِصْحَاح: کتاب کا ایک حصہ۔
مَصَحَّة، مَصَحّ: صحت افزا مقام۔
مُصَحِّحُ مُسَوَّدَاتِ الطَّبْع: پروف ریڈر۔
صَحِيْح: او۔کے، رائٹ، ٹھیک۔
صَحْرَاء ج: صَحَارَى: جنگل۔
صَحَّفَ الكَلِمَةَ تَصْحِيْفاً: لفظ کو غلط پڑھنا، اس کی وضع سے ہٹانا۔
صَحَّفَ الخَبَرَ: خبر میں تحریف کرنا۔
صَحْفَة ج: صِحَاف: بڑی پلیٹ۔
صَحِيْفَة ج: صُحُف: چہرہ، کاغذ۔
صَحِيْفَةُ الوَجْه: چہرہ کی کھال۔
صَحِيْفَةُ أَخْبَار: اخبار، پیپر۔

صَحِيفَةُ أُسْبُوعِيَّة: ہفت روزہ۔
الصَّحِيفَةُ غَيْرُ المُنَظَّمَة: بے ضابطہ اخبار۔
صَحِيفَةٌ مَحَلِّيَّة: لوکل اخبار۔
صَحِيفَةٌ نِصْفُ شَهْرِيَّة: پندرہ روزہ
صَحِيفَةٌ يَوْمِيَّة: روزنامہ۔
صَحَائِفُ لِلْمُرَاقَبَة: کنٹرول شیٹ۔
صُحُف و: صَحِيفَة: اخبارات، پریس۔
صَحَّاف: اخبار فروش، نیوز مین۔
صِحَافَة: اخبار نویسی، جرنلزم۔
عَالَمُ الصِّحَافَة: دنیائے صحافت۔
صُحُفِيّ: اخبار نویس، جرنلسٹ۔
صَحَفِيّ: اخباری، صحافتی۔
مُصْحَف: کتاب، لکھے ہوئے اوراق کا مجموعہ۔
المُصْحَفُ الشَّرِيف: قرآن کریم۔
صَحْنُ الأَكْل: پلیٹ، رکابی، طباق، ڈش ج: صُحُون
صَحْنُ الدَّار: آنگن، انگنائی۔
صَحْوٌ: ہوش، بیداری، افاقہ۔
صَحَا اليَوْمُ ـُ صَحْواً: صاف وروشن ہونا۔
صَحْرٌ و صَاحٍ: بھلا، صاف (۲) بیدار، باہوش (ضد: سَكْرَان)
صَحَا ـُ وَصَحِيَ ـَ صَحْواً: بیدار ہونا، جاگنا، ہوش میں آنا۔
صَحَا مِنَ النَّوْم: آنکھ کھلنا۔
صَحَا عَلَى صَوْتِ انْفِجَارٍ: دھماکہ کی آواز پر جاگ جانا۔
أَصْحَى و صَحَّى: ہوش میں لانا، بیدار کرنا۔

صَحْوَة: بیداری۔
صَحْوَةُ العَالَمِ الإِسْلَامِي: عالم اسلام کی بیداری۔
صَحْوَةٌ فِكْرِيَّة: فکری بیداری۔

ص.....خ

صَخِبَ ـَ صَخَباً: زور سے چیخنا۔
صَخَبٌ: چیخ وپکار، شوروغل۔
صَخِبٌ، صَخَّابٌ: بے حد چیخنے والا۔
صَاخِبٌ: ٹھاٹھیں مارتا ہوا، شوروغل والا۔
صَخْرٌ: صُخُور: چٹان۔
صَخِرٌ، صَخْرِيّ: سخت پتھریلی۔

ص.....د

صَدِئَ ـَ صَدَأً و صَدُؤَ ـُ صَدَاوَةً: زنگ آلود ہونا۔
صَدَأٌ: زنگ۔
صَدِئٌ، مُصْدَأٌ: زنگ آلود۔
مُصْدِئ: آکسیجن۔
صَدَحَ ـَ صَدْحاً: گانا، چہچہانا۔
صَدَّدَ تَصْدِيداً و اَصَدَّ الجُرْحُ: زخم میں پیپ پڑنا۔
صَدَّ ـُ صَدّاً: روکنا، منع کرنا، ہٹانا۔
صَدَّ الهُجُومَ: حملہ کو روکنا۔
صَدَّ عَنْه: اعراض کرنا۔
صَدَدٌ: قصد، سامنے، سلسلہ۔
بِصَدَدِ كَذَا: بسلسلہ، درباره۔
بِهٰذَا الصَّدَد: اس سلسلے میں، اس بارے میں۔
صَدِيد: پیپ۔
صَدَرَ إِلَيه ـُ صُدُوراً: جانا، پیدا ہونا، پیش

ہونا۔
صُدِرَ: سینہ میں تکلیف ہونا۔
صَدَّرَ الکِتَابَ تَصْدِیْراً: کتاب کا پیش لفظ لکھنا۔
صَدَّرَ التَّأْشِیْرَةَ: ویزا جاری کرنا۔
صَدَّرَ وأَصْدَرَ إلی: روانہ کرنا۔
صَدَّرَ و أَصْدَرَ البَضَائِعَ إلی: بیرون ملک مالِ تجارت بھیجنا، ایکسپورٹ کرنا۔
أَصْدَرَ أَمْراً: حکم صادر کرنا۔
أَصْدَرَ حُکْماً: فیصلہ صادر کرنا۔
أَصْدَرَ الجَرِیْدَةَ: اخبار نکالنا۔
أَصْدَرَ قَانُوْناً: قانون جاری کرنا، قانون نافذ کرنا۔
أَصْدَرَ الکِتَابَ: کتاب شائع کرنا، کتاب کا اجرا کرنا۔
صَادَرَ المَالَ: مال سرکاری قبضہ میں لینا، چھاپہ مارنا۔
تَصَدَّرَ المَجْلِسَ: صدر بننا، صدر مقام میں بیٹھنا۔
تَصَدَّرَ الحَفْلَةَ: وسط محفل میں بیٹھنا۔
تَصَدَّرَ قَائِمَةَ شیءٍ: سرفہرست ہونا۔
صَدْرٌ ج: صُدُوْرٌ: صدر (۲) سینہ (۳) دل
صَدْرُ الشَّیْءِ: سامنے کا حصہ، پہلا حصہ۔
الصَّدْرُ الأَوَّل: ابتدائی دور۔
بَنَاتُ الصَّدْرِ: ہموم وافکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ: دل کی باتیں، راز۔
رَحْبُ الصَّدْرِ: وسیع الظرف، فراخ دل۔
بِصَدْرٍ رَحِیْبٍ: کشادہ دلی سے۔
مُنْقَبِضُ الصَّدْرِ: تنگ دل۔

صَدْرِیّ: سینہ کا۔
صُدْرَة، صُدَیْرِیّ: واسکٹ، صدری
صَدْرِیَّةٌ و صُدَیْرِیَّةُ الثَّدْیَیْن: عورتوں کا سینہ بند۔
صَادِرٌ: جاری شدہ (۲) جانے والا (۳) باہر جانے والا مال ج: صَادِرَات
صَادِرٌ عَنْ: پیدا شدہ۔
الصَّادِرَات: برآمدات، برآمد شدہ مال۔
صُدُوْرُ الأَوَامِرِ مِنْ فُلَانٍ إلی: احکام جاری ہونا۔
صُدُوْرُ تَعْلِیْمَاتٍ: ہدایات جاری ہونا۔
صُدُوْرُ الصَّحِیْفَةِ من، ب: اخبار نکلنا۔
إِصْدَار: جاری کرنا، ایشو کرنا۔
إِصْدَارُ الأَمْرِ إلَی فُلَانٍ بِشَیْءٍ: آرڈر دینا، حکم دینا۔
إِصْدَارُ الأَحْکَامِ عَلَی کَذَا: کسی سلسلے میں فیصلے صادر کرنا۔
إِصْدَارُ الأَمْرِ بِالْقَبْضِ: گرفتاری کا وارنٹ جاری کرنا۔
إِصْدَارُ الأَمْرِ بِوَقْفِ تَنْفِیْذٍ: اسٹے آرڈر دینا۔
إِصْدَارُ الأَوَامِرِ: احکام جاری کرنا۔
إِصْدَارُ أَوْرَاقِ النَّقْدِ: نوٹ جاری کرنا۔
إِصْدَارُ بَلَاغٍ رَسْمِیٍّ: سرکاری بیان جاری کرنا۔
إِصْدَارُ تَأْشِیْرَةٍ: ویزا جاری کرنا۔
إِصْدَارُ التَّعْلِیْمِ إلَی المَنْدُوْبِ: نمائندہ کو ہدایت دینا۔

إصْدَارُ خِطَابِ اِعْتِمَادٍ :اتھارٹی لیٹر جاری کرنا۔
إصْدَارُ الْقَرَارِ بِشَأْنِ كَذَا : تجویز پاس کرنا۔
إصْدَارُ صَحِيْفَةٍ:اخبار نکالنا،اخبار کا اجراء۔
تَصْدِيْر :برآمد کرنا،ایکسپورٹ،مال کی روانگی،(۳)اداریہ۔
تَصْدِيْرُ السِّلْعَةِ إلَى الخَارِج: ایکسپورٹ کرنا،بیرون ملک سامان روانہ کرنا۔
تَصْدِيْرُ الكِتَاب: کتاب کا پیش لفظ لکھنا۔
مُصَادَرَةٌ: چھاپہ مارنا،ضبط کرنا۔
مُصَادَرَةُ الأمْوَال: جائیداد ضبط کرنا۔
المُصَادَرَةُ عَلَى المُمْتَلَكَات :جائیداد ضبط کرنا۔
مُصَادَرَةُ الكَسْبِ غَيْرِ المَشْرُوْع : ناجائز آمدنی کی ضبطی۔
المُصَدِّر(التَّاجِرُ المُصَدِّر) : ایکسپورٹر۔
مَصْدَرٌ: سرچشمہ،ذریعہ،اصل ج: مَصَادِرُ
مَصْدَرُ الطَّاقَة:ذریعہ توانائی۔
مَصَادِرُ:مآخذ،ذرائع،حلقے،وسائل۔
مَصَادِرُ الإبْلاَغ :ذرائع سراغرسانی۔ ذرائع اطلاع۔
المَصَادِرُ الأمُّ:بنیادی مآخذ۔
مَصَادِرُ الإيْرَادِ:ذرائع آمدنی۔
مَصَادِرُ بَيَانَات:ذرائع معلومات۔
مَصَادِرُ الدَّخْل:ذرائع آمدنی۔
مَصَادِرُ رَئِيْسِيَّة:بنیادی وسائل۔
مَصَادِرُ المُخَابَرات:ذرائع سراغرسانی۔
مَصَادِرُ مُقَرَّبَةٌ مِن:قریبی حلقے۔
مَصَادِرُ المِيَاه:آبی وسائل۔
مَصَادِرُ وَثِيْقَةُ الصِّلَةِ بِفُلاَنٍ : کسی سے قریبی تعلق رکھنے والے حلقے۔
مَصَادِرُ وِزَارِيَّة:وزارتی حلقے۔
مَصْدُوْر:سل کا مریض۔
صَدَعَ ـَ صَدْعاً:پھاڑنا،چاک کرنا۔
صَدَعَ بِالْحَقِّ: اقرار واعلان حق کرنا،
صُدِعَ ـَ صُدَاعًا: دردسر میں مبتلا ہونا۔
صَدَّعَه تَصْدِيْعاً: دردسر میں مبتلا کرنا،پریشان کرنا۔
تَصْدِيْعُ الصِّرَاع:لڑائی بڑھانا،جھگڑا بڑھانا۔
تَصَدُّع وانْصِدَاع:ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پھٹنا،ٹوٹنا،شگاف پڑنا۔
تَصَدُّعُ النَّاس: مجمع منتشر ہونا۔
انْصِدَاعُ الشَّيْ:کریک کرنا،دراڑ پڑنا۔
صَدْعٌ:دراڑ،ریخ،شگاف۔
صُدَاع:دردسر۔
مَصْدُوْع:پھٹا ہوا(۲)دردسر کا مریض۔
صُدْغ ج:أصْدَاغ:کنپٹی۔
صَدَفَ عَنْ كذا ـُ صَدْفاً:روکنا،باز رکھنا، ہٹانا۔
صَدَفَ و تَصَدَّفَ عَنْ كذا:باز رہنا،ہٹنا۔
صَدَفَ و صَادَفَ:اچانک ہونا،اتفاقاً ہونا۔
صَدَفَهُ و صَادَفَهُ:اچانک ملنا۔

صَدَفٌ: سیپی ج: اَصْدَاف
أَصْدَاف صَخْرِيَّة: چٹانی خول۔
مُصَادَفَةٌ: ایکسیڈنٹ، اتفاق، چانس۔
مُصَادَفَةً: بائی چانس، اتفاقاً
مُصَادَفَات: ہنگامے، اتفاقات۔
بالمُصَادَفَة: اتفاقاً
صُدْفَة: اتفاق۔
صُدْفَةً، بالصُّدْفَةِ: اچانک، اتفاقاً، کبھی، بہت کم۔
صَدَقَ ـُ صِدْقاً: سچ کہنا، سچ بولنا۔
صَدَقَ قَوْلُه: ٹھیک ثابت ہونا۔
صَدَقَ فِي وَعْدِه: وعدہ پورا کرنا۔
صَدَقَهُ النُّصْحَ أو الحُبَّ: سچی ہمدردی یا سچی محبت کرنا۔
يَصْدُقُ عَلَيْه كذا: اس پر فلاں بات منطبق ہوتی ہے، چسپاں ہوتی ہے۔
صَدَّقَ الكَلَامَ والرَّجُلَ: تصدیق کرنا۔
يُصَدَّقُ: قابل تصدیق۔
لا يُصَدَّقُ: ناقابل تصدیق۔
صَادَقَهُ: دوستی کرنا۔
صَادَقَه على، مُصَادَقَةً: منظوری دینا، جائز قرار دینا۔
صَادَقَ المَجْلِسُ على قَرَارٍ: مجلس کا تجویز کو منظور کرنا۔
أَصْدَقَ ابْنَتَه: مہر دینا۔
تَصَدِيقٌ بشيء: خیرات کرنا۔
التَّصْدِيقُ على: منظوری دینا، تصدیق کرنا، توثیق کرنا، پاس کرنا، منظور کرنا۔
التَّصْدِيقُ عَلَى الاتِّفَاقِيَّة: معاہدہ کی توثیق کرنا۔
تَصْدِيقٌ على إمْضَاءٍ أو تَوْقِيعٍ: دستخط کی تصدیق۔
تَصْدِيقُ التَّوْقِيعَاتِ عَلَى الوَثَائِق: دستاویزی دستخطوں کی توثیق۔
الوَثَائِق: دستاویزی دستخطوں کی توثیق۔
التَّصْدِيقُ على القَوَانِين: آئین منظور کرنا۔
التَّصْدِيقُ على مُعَاهَدَةٍ: معاہدہ کو آخری شکل دینا، منظوری دینا۔
صِدْق: (۱) سچائی (۲) حقیقت (۳) اخلاص (۴) امانت۔
صِدْقاً: یقیناً، واقعہ۔
صِدَاق: مہر۔
صَدَاقَة: فرینڈ شپ، میل جول، دوستی، محبت، دوستانہ تعلقات۔
صَدَاقَةٌ مُتَبَادِلَة: باہمی دوستی۔
صَدِيق ج: أَصْدِقَاء: دوست، ہمنوا۔
صَادِق: سچا، مخلص، دیانت دار، حقیقی۔
صَادِقُ الإِيمَان: پختہ ایمان رکھنے والا، سچا مومن۔
مُصَادَقَة: دوستی۔
مُصَادَقَةٌ على كذا: موافقت، تائید، منظوری۔
مُصَدَّق: سارٹیفائڈ، تصدیق شدہ۔
مُصَدَّقٌ عَلَيْه مِنْ جِهَةٍ رَسْمِيَّة: سرکاری تصدیق شدہ۔
صَدَمَ ـِ صَدْمًا و صَادَمَ مُصَادَمَةً: ٹکرانا، ٹکر مارنا۔

إصطدام ،تَصَادُم :ٹکر ہونا،ٹکرانا،دو چیزوں یا خیالات کا ٹکرانا۔
صِدَام:ٹکراؤ،بھیڑ۔
صِدَامٌ بِالْأَيْدِيْ:ہاتھاپائی۔
صِدَامُ دَامٍ: خون ریز تصادم۔
الصِّدَامُ الدَّوِيّ:خون ریز تصادم۔
صِدَامٌ مُبَاشر: براہ راست ٹکراؤ۔
صِدَامٌ مُسَلَّح: مسلح ٹکراؤ۔
صِدَامٌ مَعَ الشُّرْطَة: پولیس کے ساتھ ٹکراؤ۔
صَدْمَة: ایک ٹکر،ایک جھٹکا۔
صَدْمَةٌ عَصَبِيَّة:اشتعال وغم کی کیفیت۔
صَدْمَةٌ عَنِيْفَة: زبردست ٹکر۔
صَدْمَةٌ كَهْرَبَائِيَّة:شاک،بجلی کا شاک۔
صَدِيَ ـَ صَدىً: سخت پیاسا ہونا۔
اَصْدَى الجَبَلُ:پہاڑ سے آواز بازگشت ہونا،آواز گونجنا۔
تَصَدَّى لَه :(۱) پیچھا کرنا،تعاقب کرنا (۲) درپے ہونا، پیچھے پڑنا (۳) نمٹنا (۴)انجام دینے کی کوشش کرنا۔
التَّصَدِّي لِلْأَخْطَار:خطرات کا مقابلہ۔
التَصَدِّي للقُوَّات:فوج کا پیچھا کرنا۔
التَّصَدِّي للمُشْكِلَة:پریشانی کا مقابلہ کرنا۔
صَدىَ الصَّوْت: آواز بازگشت ج:أَصْدَاء
الصَّدَى الوَاسِعُ:زبردست گونج۔
صَدًى وَاسِعُ الانْتِشَار : زبردست صدائے بازگشت۔

ص.....ر

صَرُحَ ـُ صَرَاحَةً: صاف اور واضح ہونا۔
صَرَّحَ تَصْرِيْحاً: وضاحت کرنا،صاف لفظوں میں کہنا (۲) اجازت دینا۔
صَرَّحَ و صَارَحَ بكذا: ظاہر کرنا،واضح کرنا۔
صَرْحٌ ج:صُرُوْح:محل،بلند عمارت۔
صَرْحٌ مُمَرَّد:بلند وبالا عمارت،فلک بوس محل۔
صَرَاحَة: صاف گوئی،وضاحت۔
تَصْرِيْح:اظہار،بیان،اخباری بیان، پریس بیان (۲) پرمٹ، لائسنس، اجازت (۳) اجازت نامہ، ڈکلریشن، گرین لائٹ، اعلان، اقرارنامہ،ج: تَصْرِيْحَات
تَصْرِيْحٌ بِإِنْزَالِ البِضَاعَة:زمین پر سامان اتارنے کی اجازت۔
تَصْرِيْحٌ بِالفُور:اعلان بالفور۔
تَصْرِيْحُ الجُمْرُك:کسٹم پاس، اجازت نامہ۔
تَصْرِيْحُ الدَّوَائِر السِّيَاسِيَّة:سیاسی حلقوں کا بیان۔
تَصْرِيْحٌ صَحَفِيّ:پریس بیان،اخباری بیان۔
تَصْرِيْحٌ قَصِيْر:مختصر بیان۔
تَصْرِيْحٌ مَغْشُوْشٌ : جعلی اجازت نامہ۔
تَصْرِيْحٌ مِنْ جَانِبٍ وَاحِدٍ: یک طرفہ بیان۔
تَصَارِيْحُ: بیانات و:تَصْرِيْح
تَصَارِيْحُ لِلِاسْتِيْرَاد:درآمدی

لائسنس۔
المُصَرَّحُ لَهُ: پرمٹ لینے والا۔
صَرَخَ۔ صُرَاخاً: چیخنا۔
صَرَخَ و اسْتَصْرَخَ: فریاد کرنا، پکارنا، آواز دینا۔
صَرْخَة: چیخ، ایک چیخ۔
صَرْخَةٌ فی وَادٍ: صدا بصحرا۔
صُرَاخ، صَرِيْخ: چیخ، چیخ وپکار۔
صَارُوْخ: میزائل، راکٹ ج: صَوَارِيْخُ
صَارُوْخُ أَرْضِ جَوّ: زمین سے فضا میں مار کرنے والا راکٹ۔
صَارُوْخُ جَوِّ أَرْضٍ: فضا سے زمین پر مار کرنے والا راکٹ، میزائل۔
صَارُوْخُ جَوٍّ جَوّ: فضا سے فضا میں مار کرنے والا راکٹ، میزائل۔
صَوَارِيْخُ عَابِرَةُ القَارَّات: براعظم سے براعظم پر مار کرنے والے راکٹ، میزائل۔
صَارُوْخَة: تارپیڈو۔
صَرْدٌ: سخت سردی۔
صَرَّ وصَرَّ أُذُنَيْه۔ صَرّاً: سننے کیلئے کان کھڑے کرنا۔
صَرَّ۔ صَرّاً: باندھنا۔
صَرَّتِ الأَسْنَانُ۔ صَرّاً وصَرِيْراً: دانتوں کا بجنا۔
أَصَرَّ علی: برقرار رہنا، ضد کرنا، اصرار کرنا، اڑ جانا، اڑ بیٹھنا، عزم کرنا۔
صَرُّ و صَرِيْرُ البَاب: دروازہ کھلنے یا بند ہونے کی آواز۔
صَرِيْرُ الأَسْنَان: دانت بجنے کی آواز۔
صُرَّة ج: صُرَرٌ: تھیلی، گٹھڑی، بنڈل، بیگ۔
صُرَّةُ نُقُود: پیسوں کا بٹوا، منی بیگ۔
صَرَّارُ اللَّيْل: جھینگر۔
صِرَاط ج: صُرُط: راستہ۔
صَرَعَ۔ صَرْعاً: پچھاڑنا، زمین پر گرانا۔
انْصَرَعَ: گرنا، پچھڑنا۔
صَارَعَه مُصَارَعَةً: گرانے کی کوشش کرنا (۲) کشتی لڑنا۔
تَصَارُع: باہمی کشمکش، کشتی لڑنا۔
تَصَارُعُ الآراء وتَبَايُنُهَا: اختلاف رائے۔
تَصَارُعُ الأَحْزَاب علی كذا: کسی شے پر پارٹیوں کی باہمی آویزش، لڑائی۔
صَرْعٌ: مرگی۔
صُرَعَة: زبردست پہلوان۔
صِرَاعٌ ج: صِرَاعَات: جھگڑا، رسہ کشی، کشمکش، تعارض، ٹکراؤ۔
صِرَاعٌ حَادّ: زبردست رسہ کشی۔
الصِّرَاعُ الحِزْبِيّ: پارٹی جھگڑا، جماعتی کشمکش۔
صِرَاعٌ دَاخِلِيّ: اندرونی کشمکش۔
صِرَاعٌ سَافِر: کھلی لڑائی۔
صِرَاعٌ طَبَقِيّ: طبقاتی کشمکش۔
صِرَاعُ الطَّبَقَات: طبقاتی کشمکش۔
الصِّرَاعُ العَرَبِيُّ الإِسْرَائِيْلِيّ: عرب اسرائیل جھگڑا۔
صِرَاعٌ عُنْصُرِيّ: نسلی کشمکش۔
الصِّرَاعُ فی أَوْجِهِ: کشمکش اپنے عروج پر ہے۔

صِرَاعُ المَصَالِح: مفادات کی کشمکش۔
صِرَاعٌ مَعَ فُلَان: کسی کے ساتھ رسہ کشی۔
الصِّرَاعُ مِنْ أَجْلِ البَقَاء: زندہ رہنے کے لیے جدوجہد۔
صِرَاعٌ نَفْسِيّ: ذہنی کشمکش۔
صِرَاعٌ نَفْسِيٌّ عَنِيف: زبردست ذہنی کشمکش۔
صِرَاعَة: کشتی کا پیشہ۔
صَرِيع: گرا ہوا، پچھڑا ہوا۔
مَصْرَعٌ ج: مَصَارِيعُ: کواڑ، شٹر۔
مُصَارِعٌ: پہلوان، کشتی لڑنے والا۔
مَصْرُوعٌ: مرگی کا مریض۔
صَرَفَ ـِ صَرْفاً: (۱) بدلنا (۲) گردانا (۳) خرچ کرنا (۴) دور کرنا، ہٹانا (۵) تقسیم کرنا (۶) ختم کرنا۔
ـــ عَنْ: روکنا، باز رکھنا۔
ـــ النَّظَرَ عَنْ: توجہ ہٹانا۔
ـــ الوَقْتَ: وقت لگانا۔
صَرَفَهُ مِنَ الخِدْمَة: ڈسچارج کرنا، ڈیوٹی سے ہٹانا۔
صَرَفَ و صَرَّفَ النُّقُودَ: چینج لینا، ریزگاری لینا۔
صَرَفَ و صَرَّفَ الفِعْلَ: گردانا، مختلف شکلیں بنانا۔
صَرَّفَهُ فِي الأَمْر: مختار بنانا، اختیار دینا۔
صَرَّفَ (۲): فروخت کرنا۔
ـــ المَاءَ: پانی تقسیم کرنا۔
ـــ التَّذَاكِرَ: ٹکٹ بانٹنا۔
ـــ العُمْلَةَ: سکہ چلانا۔
ـــ الدُّمَّلَ أو الوَرَمَ: زائل کرنا۔

تَصَرُّفٌ فِي: کارروائی کرنا، طرز عمل اختیار کرنا، اختیار سے کام لینا۔
تَصَرَّفَ مَعَه كذا: سلوک کرنا۔
انْصَرَفَ: جانا، واپس جانا۔
انْصَرَفَ عَنْ: ہٹنا، دور ہونا۔
انْصَرَفَ عَنِ المَبَادِئِ: اصول سے ہٹنا۔
صَرْفُ الشِّيك: چیک کیش کرنا۔
صَرْفُ مَعَاشِ أَحَدٍ: پنشن جاری کرنا۔
صَرْفُ مَعَاشٍ اِسْتِثْنَائِيّ لأَحَدٍ: کسی کو خصوصی پنشن دینا۔
صَرْفُ النُّقُود: تبادلہ رقم، ایک سکہ دے کر دوسرا لینا، بڑے سکہ کے بدلہ چھوٹے لینا۔
صَرْف ج: صُرُوف: گردش زمانہ، انقلاب۔
صِرْف: خالص، صاف بغیر ملاوٹ کا۔
صِرَافَة: تبدیلی سکہ کا کام، بینک میں رقم کے لین دین کا کام۔
صَارِفُ النُّقُود: خازن، کیشیر۔
صَارِفُ التَّذَاكِر: بکنگ کلرک، ٹکٹ بابو۔
صَرَّاف: کیشیر، تحویلدار روپیہ تبدیل کرنے والا، سکہ بدلنے والا، کرنسی بدلنے والا، رقم کا لین دین کرنے والا۔
صَرَّافُ النُّقُود: رقم یا سکہ تبدیل کرنے والا۔
صَرَّافٌ فِي بَنْك: بینک کیشیر۔
صَيْرَفِيّ: رقم کا لین دین کرنے والا، روپیہ تبدیل کرنے والا، منی چینجر۔
صَرِيفُ الأَسْنَان: دانتوں کے بجنے کی آواز۔
تَصَرُّف: عمل، کارروائی، اختیار، اقدام، ایکشن، طرز عمل، تدبیر، فعل، روش

ج:تَصَرُّفَات

التَصَرُّف بِالمُؤاخَذَةِ مَعَ اَحَدٍ: کسی سے باز پرس کا اختیار۔

التَصَرُّف بِنَاءً علی تَوْجِیْهَاتٍ مِنْ اَحَدٍ: کسی کی ہدایات کے مطابق اقدام کرنا۔

التَصَرُّف دُوْنَ الرُّجُوْع إلی أحَدٍ: اپنی رائے سے کام لینا۔

التَصَرُّف الصِّبْیَانِیّ: بچکانہ روش۔

التَصَرُّف علی خِلَافِ التَّعْلِیْمَات: ہدایات کے خلاف کرنا۔

مُطْلَقُ التَصَرُّف: مطلق العنان۔

تَصَرُّفَات: حرکات، اقدامات، حالات، معاملات، طور طریقے، کارروائیاں، افعال وحرکات۔

تَصَرُّفَاتٌ مَعَ: معاملات۔

تَصَارِیْفُ الدَّهْر: انقلاب زمانہ۔

مَصْرِفٌ: بینک ج: مَصَارِف

مَصْرِفُ الدَّم: بلڈ بینک، خون کا بینک۔

مَصْرِفٌ غَیْرُ رِبَوِیّ: غیر سودی بینک۔

مَصْرِفُ المَال: بینک۔

مَصْرِفُ المَاء: نالی۔

المَصْرِفِیّ (صَاحِبُ المَصْرِف): بینکر۔

مَصَارِف و: مَصْرِف: بینک چارجز۔

مَصْرُوْف: خرچ شدہ، خرچ ج: مَصْرُوْفَات و مَصَارِیْف

مَصْرُوْف الجَیْب: جیب خرچ، پاکٹ منی۔

مَصْرُوْفَات: اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ إدَارِیَّة: دفتری اخراجات، انتظامی اخراجات۔

المَصْرُوْفَاتُ الاَهْلِیَّة: قومی اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ بَیْعِیَّةٌ: فروختگی کے اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ تَعْوِیْضِیَّة: معاوضوں کا خرچ۔

مَصْرُوْفَاتٌ ثَابِتَة: مقررہ چارجز، مقررہ مصارف، مستقل اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ جَارِیَة: موجودہ اخراجات

مَصْرُوْفَاتٌ حُکُوْمِیَّة: سرکاری اخراجات۔

المَصْرُوْفَاتُ السِّرِّیَّة: خفیہ اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتُ شَحْنٍ: لدان چارج، مال کے لدان کے اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتُ شِرَاءٍ: خریداری خرچ۔

المَصْرُوْفَاتُ العَامَّة: پبلک اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ غَیْرُ عَادِیَّة: غیر معمولی اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ قَضَائِیَّة: عدالتی اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ قَوْمِیَّة: قومی اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ مُبَاشِرَة: ڈائرکٹ اخراجات۔

المَصْرُوْفَاتُ المَحَلِّیَّة: لوکل اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ مَدْفُوْعَةٌ مُقَدَّماً: پیشگی ادا کردہ اخراجات۔

مَصْرُوْفَاتٌ مَنْزِلِیَّة: گھریلو اخراجات۔

مَصَارِیْفُ: کاسٹ، لاگت، اخراجات۔

مَصَارِیْفُ إدَارِیَّة: دفتری اخراجات۔

مَصَارِيفُ البَنک :بینک چارجز، بینک کے اخراجات۔
مَصَارِيفُ البَرِيد:ڈاک خرچ۔
مَصَارِيفُ تِجَارِيَّة: تجارتی اخراجات۔
مَصَارِيفُ التَخلِيص الجُمرُكيّ: کسٹم سے چھڑانے کے اخراجات۔
مَصَارِيفُ التَعبِئَة: پیکنگ چارج، پیکنگ کے اخراجات۔
المَصَارِيفُ الثَابِتَة: مستقل اخراجات۔
مَصَارِيفُ حَزمٍ وَلَفٍ: پیکنگ چارج۔
مَصَارِيفُ الحِفظ :ہولڈنگ چارج، اخراجات حفاظت۔
مَصَارِيفُ الدِّعَايَة:اخراجات اشتہار۔
مَصَارِيفُ الدَّعوَى :ڈگری خرچ، مقدمہ کے اخراجات۔
مَصَارِيفُ سَنَوِيَّة:سالانہ اخراجات۔
مَصَارِيفُ شَتّى:متفرق اخراجات۔
المَصَارِيفُ الصَّغِيرَة:چھوٹے اخراجات۔
مَصَارِيفُ عَارِضَة:وقتی اخراجات۔
مَصَارِيفُ القَضِيَّة:اخراجات مقدمہ۔
مَصَارِيفُ النَّقل:کرایہ باربرداری۔
مُتَصَرِّف :بااختیار،صاحب اختیار، حکمراں،کلکٹر،کارروائی کرنے والا۔
صَرَمَ ـِ صَرْماً وصَرَّمَ: کاٹنا۔
صَرُمَ ـُ صَرَامَةً: تلوار کا تیز ہونا(۲) سخت مزاج ہونا۔
صُرِمَ وَانصَرَمَ اَجَلُهُ: موت آنا۔
انصِرَام:منقطع ہونا،گزرنا،ختم ہونا۔
صَرْمَة و صِرْم:جوتا۔
صَرَامَة :تیزی،سخت مزاجی،(۲) متانت، وقار۔
صَارِمٌ: کاٹنے والا،سخت مزاج(۲) قطعی،حتمی۔
مُنصَرِم:منقطع،گزشتہ۔

ص.....ط

(صطب) مِصْطَبَة ج:مَصَاطِبُ: پتھر کی بینچ، چبوترہ۔

ص.....ع

صَعُبَ ـُ صُعُوبَةً:دشوار ہونا۔
صَعَّبَ تَصعِيباً:دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ و تَصَاعَبَ: دشوار ہونا۔
اِستَصعَبَ:دشوار سمجھنا۔
صَعْبٌ:دشوار،مشکل۔
صُعُوبَة: دشواری،مشکل ج:صُعُوبَات
بِصُعُوبَةٍ بَالِغَةٍ: بڑی مشکل سے۔
مَصَاعِب و: مَصْعَبٌ: پریشانیاں۔
صَعِدَ ـَ صُعُوداً:چڑھنا،اوپر اٹھنا۔
صَعِدَ به:چڑھانا،اوپر اٹھانا۔
صَعَّدَ الزَفَرَاتِ :لمبے لمبے سانس لینا،آہیں بھرنا۔
إِصْعَاد: چڑھانا،اوپر اٹھانا۔
تَصْعِيد :اوپر اٹھانا،بڑھانا،بڑھاوا دینا، تیز کرنا،فروغ دینا(۲) بھاپ بنانا۔
تَصْعِيدُ التَوَتُّر :تناؤ اور کشیدگی کو بڑھانا۔
تَصْعِيدُ الحَرْب:جنگ کو بڑھانا۔
تَصْعِيدٌ خَطِيرٌ:زبردست اضافہ۔
تَصْعِيدُ المَوْقِف :صورت حال کو سنگین بنانا،معاملہ آگے بڑھانا۔

تَصْعِيدُ النَّشَاطَات: سرگرمیاں تیز کرنا۔
تَصْعِيدُ الوَضع: صورت حال بگاڑنا۔
تَصَعُّد: بڑھنا، تیز ہونا، چڑھنا (۲) بھاپ بننا۔
تَصَاعُد: زور، اضافی شدت، اضافہ۔
تَصَاعُدُ الآهَات: آہیں نکلنا۔
تَصَاعُدُ الأعْمَال: سرگرمیاں بڑھنا۔
تَصَاعُدُ حِدَّةِ التَّوتُّر: کشیدگی میں اضافہ ہونا۔
تَصَاعُدُ الزَّفَرات: آہیں نکلنا۔
تَصَاعُدُ العَمَلِيَّات: کارروائیاں تیز ہونا۔
تَصَاعُدُ العَمَلِيَّاتِ الفِدَائِيَّة: گوریلا سرگرمیوں میں اضافہ ہونا۔
تَصَاعُدُ المَسَائِل: مسائل بڑھنا۔
تَصَاعُدُ المُظَاهَرَات: مظاہروں میں اضافہ ہونا، شدت ہونا۔
تَصَاعُدُ النِّطَاق: دائرہ وسیع ہونا۔
صُعُود: چڑھائی۔
فی صُعُودٍ: چڑھتا ہوا ابھرتا ہوا۔
صُعَدَاء: گہرا سانس۔
صَعِيد: بلند زمین، بالائی حصہ (۲) سطح (۳) میدان (۴) پلیٹ فارم۔
الصَّعِيدُ الدَّاخِلِيّ: اندرونی سطح۔
الصَّعِيدُ السِّيَاسِيّ: سیاسی سطح۔
الصَّعِيدُ العَالَمِيّ: بین الاقوامی سطح۔
الصَّعِيدُ النِّيَابِيّ: پارلیمنٹری سطح۔
علی الصَّعِيدِ الإقْلِيمِيّ: صوبائی سطح پر۔
علی الصَّعِيدِ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی سطح پر۔
علی الصَّعِيدِ العَالِي: بڑے پیمانہ پر۔
علی الصَّعِيدِ القَوْمِيّ: قومی سطح پر۔
صَاعِدٌ: ترقی پذیر، روز افزوں۔
المُتَصَاعِدُ: روز افزوں، بڑھتا ہوا، اضافہ پذیر۔
مِصْعَد: لفٹ۔
مِصْعَدَةٌ آلِيَّةٌ أو كَهْرَبِيَّة: لفٹ، بجلی کا زینہ۔
صَعِرَ وَجْهُه ـَ صَعَراً: منہ ٹیڑھا ہونا۔
صَعَّرَ أو أصْعَرَ خَدَّه: تکبر سے منہ پھیرنا۔
صَعَقَتْهُ السَّمَاءُ ـَ صَعْقاً و أصْعَقَتْه: آسمان سے کسی پر بجلی گرنا، بیہوش بنانا، ہوش اڑانا۔
صَعِقَ ـَ صَعَقاً: بے ہوش ہونا (۲) چیخنا، چلانا۔
صَاعِقَة ج: صَوَاعِق: کڑک دار بجلی۔
صُعْلُوك ج: صَعَالِيك: حقیر آدمی، فقیر و محتاج۔

ص غ

صَغُرَ ـُ صِغَراً: چھوٹا ہونا، کم رتبہ ہونا۔
يَصْغُرُنِي بِسَنَةٍ: وہ مجھ سے ایک سال چھوٹا ہے۔
صَغَّرَ تَصْغِيراً: چھوٹا کرنا، کم کرنا، قیمت گھٹانا، حیثیت کم کرنا۔
اسْتِصْغَار: چھوٹا سمجھنا، کم سمجھنا، حقیر و ذلیل سمجھنا۔
صِغَر: چھوٹا پن۔
صِغَرُ السِّنّ: کم عمری۔

صَغِیر: چھوٹا، کم حیثیت ج: صِغَار
صَغِیرُ النَّفْس: تنگ ظرف، چھوٹی طبیعت کا۔
صِغَارُ المُلَّاک: چھوٹے زمیندار۔
صَاغِر: ذلیل، ذلت پسند ج: صَغَرَة
الأَصْغَرُ: جونیر، جدید۔
أَصْغَرُ شَیْءٍ: چھوٹی سے چھوٹی چیز۔
صَغِیَ ـَـ صَغًی: مائل ہونا، متوجہ ہونا۔
أَصْغَی إلی حَدِیثِه إِصْغَاءً: کان لگانا، غور سے سننا، توجہ سے سننا۔
صَاغٍ، مُصْغٍ: متوجہ، غور سے سننے والا، چوکنا رہنے والا۔

ص.....ف

صَفَحَ عنا ـَـ صفحاً: درگزر کرنا۔
صَفَحَ و صَفَّحَ الشَّیْءَ: پھیلانا، پتلا کرنا، معدنیات کی چادریں بنانا، معدنیات کا پتر بنانا یا پتر چڑھانا (۲) زرہ پوش بنانا۔
صَفَّحَهُ تَصْفِیحاً: پلیٹ چڑھانا، پلیٹ نما بنانا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً: ہاتھ ملانا۔
تصفح الأَمْرَ: غور کرنا، کچھ دیر دیکھنا۔
تصفح الکِتَابَ: ورق گردانی کرنا، پڑھنا۔
اسْتَصْفَحَهُ الذَّنْبَ: معافی چاہنا، مغفرت طلب کرنا۔
صَفْحٌ: درگزر، معافی۔
ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحاً: منہ پھیر لینا۔
صَفْحَة: چہرہ، رخ (۲) کاغذ کی ایک جانب (۳) پیج، صفحہ (۴) پلیٹ ج: صَفَحَات
صَفْحَةٌ بَیْضَاءُ: صاف ریکارڈ۔
صَفَّاحٌ و صَفُوحٌ: غفار، معاف کرنے والا۔
صَفِیحٌ: مسطح، چپٹی چیز (۲) ٹن، پتھر کی سل۔ چادر۔
صَفِیحَة ج: صَفَائِح: معدنی پلیٹ، معدنی چادر، لوہے وغیرہ کی چادر۔
صَفِیحَةُ بَنْزِین: پٹرول کین، پٹرو ٹن۔
صَفِیحَةٌ رَفِیقَة (مِنْ وَرَقٍ مُقَوًّی أَوْ مُشَمَّعٍ): اسٹینسل۔
صَفِیحَةٌ مُدَرَّجَة (علی وَجْهِ السَّاعَة): ڈائل۔
صَفِیحَةٌ مَعْدِنِیَّة: دھات کی پلیٹ۔
تَصْفِیحٌ: معدنی چادر چڑھانا۔
مُصَفَّحٌ: جس پر لوہے وغیرہ کی چادر چڑھی ہوئی ہو (۲) مسطح (۳) زرہ پوش۔
سَیَّارَاتٌ مُصَفَّحَة: بکتر بند گاڑیاں۔
صَفَدَهُ ـَـ صَفْداً و أَصْفَدَه و صَفَّدَه تَصْفِیداً: لوہے سے جکڑنا۔
صِفَاد، صَفَدٌ ج: أَصْفَاد: قید، بیڑی۔
صَفِرَ ـَـ صَفَراً: برتن وغیرہ کا خالی ہونا۔
صَفَرَ ـُـ صَفِیراً و صَفْرَ: (۱) سانپ کا پھنکارا مارنا (۲) ہونٹوں سے آواز نکالنا (۳) سیٹی بجانا۔
صَفَّرَ تَصْفِیراً: (۱) سیٹی بجانا (۲) زرد بنانا، زرد رنگنا۔
صَفَّرَ و أَصْفَرَ: خالی کرنا۔
اصْفِرَار: زرد ہونا۔
اِصْفَرَّ وَجْهُه: اتنا سا منہ نکل آیا۔
صَفَرٌ: مرض یرقان (۲) بھوک۔
صَفَرٌ، صَفِیر تَصْفِیر: سیٹی، آواز۔

صُفْرٌ: خالی۔
صفرُ البلد: خالی ہاتھ، مفلس۔
صُفْرٌ: (۱) سونا (۲) پیتل۔
صِفْرٌ: نقطہ، کچھ نہیں، صفر، نل NIL
صَفْرَاءُ (م): زرد (۲) صفراوی مادہ (۳) سونا۔
صُفْرَة، صُفَارٌ، اصْفِرَار: زردی، رنگ کا پھیکا پن۔
صُفَارُ أَوْ صُفْرُ البَيْض: انڈوں کی زردی۔
صَفَّارَة: سیٹی کو منہ سے لگا کر بجائی جائے۔
صَفَّارَةُ الإِنْذَار: خطرے کی گھنٹی، سائرن
صَفِيْر: سیٹی کی آواز۔
أَصْفَرُ: زرد، پیلے رنگ کا (۲) پھیکے رنگ کا ج: صُفْرٌ
صَفْصَفٌ: ہموار زمین۔
صَفَعَ ـَ صَفْعاً: تھپڑ مارنا، طمانچہ مارنا۔
صَفْعَةٌ: طمانچہ۔
صَفَّفَ الشَّيْءَ تَصْفِيْفاً: مرتب کرنا، لائن سے لگانا، صف در صف کرنا۔
صَفَّ ـُ صَفّاً: (۱) صف وار لگانا (۲) لائن میں کھڑا کرنا یا کھڑا ہونا (۳) ترتیب دینا، جمانا، پٹری بٹھانا۔
صَفَّ الحُرُوْفَ: کمپوز کرنا، ترتیب دینا۔
تَصَافٌّ، اصْطِفَاف: ترتیب وار ہونا، لائن میں لگنا۔
صَفّ ج: صُفُوْف: لائن، سیدھا خط (۲) درجہ (۳) تعلیمی درجہ، کلاس (۴) کالم۔
صَفٌّ جَانِبِيّ: وہ لائن جس میں برابر برابر کھڑے ہوں۔
صَفٌّ طُوْلِيّ: وہ لائن جس میں آگے پیچھے کھڑے ہوں۔
صَفٌّ فِي مَدْرَسَةٍ: کلاس۔
صَفٌّ مِنَ الجُنُوْد: سپاہیوں کی لائن۔
فِي صُفُوْفِ الجَمَاهِيْر: عوام میں
صُفَّة: دیوار میں لگا ہوا تختہ۔
صَفَّاف: کمپوزیٹر، ٹائپ کو ترتیب دینے والا۔
المُصَفُّ: کمپوز کیا ہوا۔
مِصَفُّ الأَحْرُف المَطْبَعِيَّة: کمپوزنگ اسٹک، وہ پلیٹ جس پر ٹائپ ترتیب دیا جائے، چیزیں جوڑنے (جمانے) کی پٹری۔
صَفَقَ البَابَ ـُ صَفْقاً: زور سے بند کرنا۔
صَفَقَ و صَفَّقَ بِيَدَيْهِ تَصْفِيقاً: تالی بجانا، ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔
صَفَقَ بِجَنَاحَيْه: بغل بجانا، بغل سے آواز نکالنا۔
صَفَقَ الدَّمَ: خون کو ایک جسم سے دوسرے میں منتقل کرنا۔
صَفُقَ النَّسِيْجُ ـُ صَفَاقَةً: کپڑے کا ٹھکا ہوا ہونا، دبیز ہونا۔
صَفُقَ الرَّجُلُ: بے حیا ہونا۔
صَفْقٌ و تَصْفِيْق: تالیاں۔
صَفْقُ الدَّم: تبادلۂ خون۔
تَصْفِيْقٌ حَادٌّ: زوردار تالی۔
صَفْقَة: (۱) ایک دفعہ تالی بجانا (۲) معاملہ، سودا، تجارتی کاروبار، ڈیلنگ معاملہ تجارت ج: صَفَقَاتٌ
صَفْقَةٌ رَابِحَة: نفع بخش سودا۔
صَفْقَةٌ خَاسِرَة: گھاٹے کا سودا۔

صَفْقَةُ اَسْلِحَةٍ: ہتھیاروں کا معاملہ، اسلحہ کا سودا۔
صَفْقَةٌ شَامِلَةٌ: ہمہ گیر سودا۔
صَفْقَةُ الطَّائِرَاتِ: ہوائی جہازوں کا سودا۔
صَفْقَةٌ مَالِيَّةٌ: مالی سودا۔
صَفِيقٌ: دبیز، ٹھکا ہوا کپڑا۔
صَفِيقُ الجِلْدِ: موٹی کھال کا۔
صَفِيقُ الوَجْهِ: بے حیا۔
صَفْوٌ، صَفَاءٌ: صفائی، نکھار (۲) اخلاص۔
صَفْوُ و صَفَاءُ العَيْشِ: زندگی کی بہار۔
صَفَاءُ السَّمَاءِ: آسمانی صاف ہونا۔
صُفْوَة: (۱) خلاصہ، نچوڑ (۲) منتخب لوگ، چیدہ، ممتاز۔
صَفِيٌّ ج: أَصْفِيَاءُ: خالص دوست۔
صَفِيٌّ و صَافٍ: صاف، بے غبار، پر بہار۔
صَافٍ: نٹ، خالص (قیمت) (وزن)
صَافِي الدَّخْلِ: نٹ آمدنی، خالص آمدنی۔
صَافِي المُرَتَّبِ: خالص تنخواہ۔
صَافِي النِّيَّةِ: مخلص۔
صَفَّى تَصْفِيَةً: صاف کرنا، نکھارنا، مقطر کرنا، ٹپکا کر صاف کرنا، چھلنی سے چھاننا۔
صَفَّى الحِسَابَ: حساب صاف کرنا۔
صَفَّى على الخَشَبِ: رندہ پھیرنا۔
اَصْفَى له و صَافَاهُ مُصَافَاةً: خالص دوستی کرنا، اخلاص برتنا۔
اصْطَفَى و اسْتَصْفَى: منتخب کرنا، چھانٹنا، انتخاب کرنا۔
تَصْفِيَةٌ: صفایا، خاتمہ، تطہیر۔
تَصْفِيَةُ أَحَدٍ مِنَ الجَيْشِ: فوج سے نکالنا۔
تَصْفِيَةُ الاِقْطَاعِ: خاتمہ زمینداری۔
تَصْفِيَةُ الثَّغْرِ: شگاف ختم کرنا۔
تَصْفِيَةُ الثَّوْرَةِ: انقلاب کا خاتمہ کرنا۔
تَصْفِيَةُ الجَوِّ: فضا درست کرنا۔
تَصْفِيَةُ الجُنُودِ: فوجوں کا صفایا کرنا۔
تَصْفِيَةُ الحِرَاسَةِ: نگرانی اٹھانا۔
تَصْفِيَةُ الحِسَابِ: حساب صاف کرنا۔
تَصْفِيَةُ الخِلَافِ: اختلاف ختم کرنا۔
تَصْفِيَةٌ على الخَشَبِ: رندہ پھیرنا۔
تَصْفِيَةُ القَضِيَّةِ: مسئلہ کا حل نکالنا۔
تَصْفِيَةُ القَوَاعِدِ العَسْكَرِيَّةِ: فوجی اڈوں کو ہٹانا۔
تَصْفِيَةُ النُّفُوسِ: دلوں کی صفائی کرنا۔
مِصْفَاة: ریفائنری، تیل وغیرہ صاف کرنے کا کارخانہ۔
مِصْفَاةٌ: فلٹر، باریک چھلنی جس سے چائے وغیرہ چھانی جائے ج: مَصَافٍ
مُصْطَفًى: چیدہ، پسندیدہ۔

ص.....ق

صَقَعَ الدِّيكُ ـــَـ صَقْعاً و صَقِيعاً صُقَاعاً: چیخنا، بانگ دینا۔
صَقَّعَ تَصْقِيعاً: بے حد سرد ہونا۔
صُقْع ج: اَصْقَاع: مقام، ملک، علاقہ۔
صَقْعَة: سخت سردی۔
صُقَاع و صَقِيع: مرغ کی آواز، بانگ۔
صِقَاع: وہ ردپوش جس کے ذریعہ زہریلی گیس وغیرہ سے چہرہ کی حفاظت کی جائے، گیس بچاؤ نقاب۔

صَقِیع: برف یا پالا جو شب میں آسمان سے گرتا ہے۔
مِصْقَع ج: مَصَاقِع: بلیغ، بلند آواز۔
صَقَلَ ـُ صَقْلاً: پالش کرنا، چمکانا، اجاگر کرنا، چکنا کرنا۔
صَقِیل، مَصْقُول: چکنا، چمک دار، پالش کیا ہوا، اجاگر۔
صِقَالَةُ المَرْکَب: جہاز کا زینہ۔

ص.....ک

صَکَّ ـُ صَکًّا: زور سے مارنا، دروازہ بند کرنا۔
اصْطِکَاک: لرزنا، کپکپانا۔
اصْطِکَاکُ الأَسْنَان: دانتوں کا بجنا۔
صَکٌّ ج: صُکُوک: وثیقہ، دستاویز، بونڈ، چارٹر۔
صَکٌّ مَالِیّ: چک۔

ص.....ل

صَلَبَ ـُ صَلْباً: سولی پر لٹکانا۔
صَلَبَ و صَلَّبَ: مضبوط بنانا۔
صَلُبَ ـُ صَلَابَةً: سخت ہونا۔
صَلَّبَ المَوْقِفَ: پالیسی سخت کرنا۔
تَصَلَّبَ: سخت بن جانا۔
تَصَلَّبَ مَعَه: سختی کا برتاؤ کرنا۔
تَصَلَّبَتِ الأَعْضَاءُ: اعضاء سخت ہونا، ٹائٹ ہونا۔
صَلْبَة: عارضی ستون وغیرہ جو عمارت کی ڈاٹ یا لنٹر کے لیے کھڑا کیا جائے۔
صَلْبَةٌ رَأْسِیَّة: گول ڈاٹ کا مچان۔
صُلْب ج: أَصْلاب: پیٹھ کی ہڈی (۲) مجازاً پیٹھ، نسل (۳) فولاد۔
صُلْبٌ وصَلِیبٌ: سخت دل۔
فی صُلْبِ المَوْضُوع: اصل موضوع پر۔
صَلِیب ج: صُلْبَان: وہ لکڑی جس پر سولی دی جائے، صلیب۔
الصَّلِیبُ الأَحْمَرُ: ریڈ کراس۔
صَلَابَة: سختی، ٹھوس پن۔
صَلُتَ ـُ صُلُوتَةً: روشن و چمکدار ہونا۔
أَصْلَتَ السَّیْفَ: تلوار میان سے نکالنا۔
صَوْلَجَان ج: صَوَالِج وصَوَالِجَة: موٹھ دار ڈنڈا، گیند کھیلنے کا بلا۔
لَعِبُ الصَّوْلَجَان: ہاکی، کرکٹ۔
صَلُحَ ـُ صَلَاحًا وصلاحیة: ٹھیک ہونا (۱) نیک ہونا۔
صَلُحَ لِکَذَا: لائق ہونا۔
صَلَّحَ و أَصْلَحَ: درست کرنا، اصلاح کرنا، مرمت کرنا، صحیح کرنا، سیدھا کرنا، ٹھیک کرنا۔
أَصْلَحَ بَیْنَهُمْ: صلح کرانا۔
أَصْلَحَ الخَلَلَ: خرابی دور کرنا۔
صَالَحَه مُصَالَحَةً: صلح کرنا (ضد خَاصَمَ)
اصْطَلَحَ علی کذا: کسی مفہوم کی ادائیگی کے لیے کوئی لفظ خاص کرنا، مقرر کرنا۔
اسْتَصْلَحَه: ٹھیک پانا، نیک پانا، ٹھیک سمجھنا (۲) ٹھیک کرنا یا کرانا، مرمت کرنا یا کرانا۔
إِصْلَاح: ریپرنگ، تصحیح، درستگی۔

إِصْلَاحٌ زِرَاعِيّ: زرعی اصلاح۔
تَصْلِيح: ریپیرنگ، مرمت، درستگی۔
التَّصْلِيحَاتُ الزُّجَاجِيَّة: شیشہ کی اصلاح کاری۔
التَّصَالُحُ مَعَ العَدُوّ: دشمن کے ساتھ مل جانا۔
صُلْحٌ: امن، سلامتی، صلح۔
الصُّلْحُ و المَوَدَّة: امن وآشتی۔
صُلْحٌ تَعَاقُدِيّ: معاہداتی امن۔
صُلْحٌ مُفْرَدٌ: انفرادی صلح۔
صَلَاح: درستگی، نیکی۔
صَلَاحُ الخُلق: اخلاق کی درستگی۔
صَلَاحِيَّة: لیاقت، صلاحیت (۲) اختیار۔
صَلَاحِيَّةٌ إِئْتِمَانِيَّة: قرضہ کی گنجائش۔
صَلَاحِيَّةُ الجَوَازِ لِلاسْتِعْمَال: پاسپورٹ میں گنجائش، پاسپورٹ کا قابل استعمال ہونا۔
صَلَاحِيَّةُ القُوَّةِ الحَرْبِيَّة: جنگی طاقت کا معیار۔
صَلَاحِيَّات: اختیارات۔
صَالِحٌ: (۱) ٹھیک، مناسب، فٹ (۲) نیک، صالح (۳) لائق (۴) منفعت، مفاد، نفع۔
الصَّالِحُ العَامّ: مفاد عامہ۔
صَالِحٌ لِلفِلَاحَة: قابل کاشت۔
مَصْلَحَة: فائدہ (۲) محکمہ، ڈپارٹمنٹ، ادارہ، ایڈمنسٹریشن۔
مَصْلَحَةُ الاِسْتِعْلَامَات: محکمہ اطلاعات۔
مَصْلَحَةُ البَرِيد: محکمہ ڈاک۔
مَصْلَحَةُ البِلَادِ العُلْيَا: ملک کا مفاد اعلیٰ۔
مَصْلَحَةُ الجَمَارِك: کسٹم کا محکمہ۔
مَصْلَحَةٌ حُكُومِيَّة: سرکاری محکمہ۔
مَصْلَحَةٌ خَاصَّة: خصوصی مفاد۔
مَصْلَحَةُ الرَّيّ: محکمہ آبپاشی۔
مَصْلَحَةُ السِّكَكِ الحَدِيدِيَّة: ریلوے محکمہ۔
مَصْلَحَةُ الضَّرَائِب: محکمہ انکم ٹیکس۔
المَصْلَحَةُ العَامَّة: رفاہ عام، مفاد عام۔
مَصْلَحَةُ العَمَل: لیبر محکمہ۔
مَصْلَحَةُ الكُنُس و التَّنْظِيف: محکمہ آرائش بلدہ۔
مَصْلَحَةُ النَّقْل: محکمہ ٹرانسپورٹ۔
المَصْلَحَةُ الوَطَنِيَّة: قومی مفاد۔
مَصْلَحِيّ: ڈپارٹمنٹل، محکمہ جاتی۔
لِمَصْلَحَةِ فُلَان: فلاں کے مفاد میں، فلاں کے فائدے کے لیے۔
لَهُ فِيهِ مَصْلَحَة: اس میں اس کا فائدہ ہے۔
مَصَالِح: مفادات۔
المَصَالِحُ الأَهْلِيَّة: قومی مفادات۔
المَصَالِحُ الحَيَوِيَّة: زندگی کے مفادات۔
المَصَالِحُ الضَّخْمَة: زبردست مفادات۔
مَصَالِحُ مُتَبَادِلَة: باہمی مفادات۔
مَصَالِحُ مُشْتَرَكَة: مشترکہ مفادات۔
مُصْلِح: ریفارمر، مصلح۔

مُصْلِحُ الْمَاكِيْنَات: میکانک۔
مُصْطَلَحٌ ج: مُصْطَلَحَات: اصطلاح۔
صَلِخَ ـَ صَلَخاً: بہرا ہونا۔
صَلَخ: بہرا پن۔
أَصْلَخ: بہرا۔
صَلَدَ ـُ صُلُوداً وأَصْلَدَ: (۱) چقماق کا آگ نہ نکالنا (۲) سخت وخشک ہونا۔
صَلْدَة صَلُود: خشک، سخت۔
صُلُودَة: خشکی۔
صَلَّدَ السَّائِلَ تَصْلِيداً: سائل کو خالی ہاتھ واپس کرنا۔
تَصَلَّدَ السَّائِلُ: سیال شے کا جم جانا۔
صَلْصَلَة: زیور یا ہتھیاروں کی آواز، جھنکار۔
صَلْصَال: بجنے والی مٹی۔
صَلْصَة: (دا) شوربا۔
صَلِعَ ـَ صَلَعاً: سر کے بال اڑ جانا۔
صَلِفَ ـَ صَلَفاً و تَصَلَّفَ غیر واقعی وصف بیان کرنا، ڈینگ مارنا۔
صَلَف: بے جا تعریف، ڈینگ، (۲) تکبر، شیخی۔
صَلِف: متکبر، دعویدار (۲) بے مزہ۔
صَلَّ السِّلَاحُ ـِ صَلِيلاً: ہتھیاروں کا آواز دینا۔
صَلِيلُ السِّلَاحِ: ہتھیاروں کی جھنکار۔
صَلَمَ ـُ صَلْماً: کان وغیرہ کاٹنا۔
(صلو) صَلَّى صَلَاةً: نماز پڑھنا۔
صَلَّى بِالنَّاسِ: لوگوں کو نماز پڑھانا۔
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْه: اللہ کا رحمت نازل کرنا۔
مُصَلَّى: نماز کی جگہ، عیدگاہ۔
مُصَلَّى الْعِيْد: عیدگاہ۔
صَلَى ـِ صَلْياً: آگ میں سینکنا، بھوننا، آگ میں جلانا۔
أَصْلَاهُ إِصْلَاءً: آگ میں ڈالنا۔
اصْطَلَى و تَصَلَّى: آگ پر ہاتھ تاپنا، گرمی حاصل کرنا (۲) آگ میں جلنا۔
صَلَايَة: کھرل۔
مُصْطَلَى: انگیٹھی جو دیوار میں لگی ہو۔

ص.....م

صَمَتَ ـُ صَمْتاً و صُمُوتاً: خاموش ہونا۔
صَمَّتَ تَصْمِيتاً: خاموش کرنا۔
صَمِيتٌ، صَمُوت: کم گو، خاموش طبیعت۔
صَامِت: خاموش، بے آواز، بے زبان
حَائِطٌ مُصْمَتٌ: ایسی دیوار جس میں کوئی روشن دان وغیرہ نہ ہو۔
صَمَخَ أُذُنَه ـُ صَمْخاً: کان کا پردہ پھاڑنا۔
صِمَاخُ الأُذُن: کان کا پردہ ج: صُمُخ و أَصْمِخَة
صَمَدَ ـُ صَمْداً و صَمَّدَ فُلاناً ولَهُ و إِلَيْه: قصد کرنا۔
صَمَدَ و صَمَّدَ لَهُ: جمنا، ثابت قدم رہنا۔
صَمَدَ وَصَمَّدَ الزُّجَاجَة: ڈاٹ لگانا۔
صَمَدَهُ و صَمَّدَهُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
صَمَدٌ: لازوال، قائم، دیرپا۔
صَامِد: ثابت قدم، مضبوط۔
صَامِدٌ لِلْمَاءِ: واٹر پروف۔
صَامِدٌ لِلنَّار: فائر پروف۔
صُمُود: پامردی، ثابت قدمی، مقابلہ۔
الصُّمُودُ ضِدَّ الضَّغْطِ: دباؤ کے خلاف اڑ

جانا۔
صَمْغٌ ج:أَصْمَاغ: گوند۔
اَصْمَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت پر گوند نکلنا۔
صَمَّغَ الشَّیْءَ تَصْمِیْغاً: گوند لگانا۔
صَمْغِیّ: گوند جیسا، گوند کا۔
صَمَلَ ـُ صُمُولاً: سخت ہونا (۲) سنبھالنا (۳) برقرار رہنا۔
صَمُولَة، صَامُولَة: پیچ، کابلا، ڈھبری، نٹ Nut۔
مِسْمَلٌ بِصَمُولَةٍ: پیچ دار کیل۔
مِفْتَاحُ صَمُولَةٍ: چابی جس سے کابلا کھولا جائے۔
صَمَّمَ الشَّیْءَ تَصْمِیْماً: خاکہ تیار کرنا، ڈیزائن تیار کرنا۔
صَمَّمَ عَلَی: پختہ ارادہ کرنا۔
صَمَّمَ وأَصَمَّ: بہرا بنانا۔
صَمَّ الزُّجَاجَةَ ـُ صَمّاً: ڈاٹ لگانا۔
صَمَّ ـَ صَمَماً: بہرا ہونا۔
تَصَامَّ عَنِ الْحَدِیْثِ: کانوں میں انگلیاں دے لینا، بات نہ سننا، بہرا بن جانا۔
صِمَامٌ، صَمَّةٌ: ڈاٹ، وال۔
صَمَمٌ: بہرا پن۔
صَمِیْم: خالص، اصل۔
مِنْ صَمِیْمِ الْفُؤَادِ: تہ دل سے، دل کی گہرائی سے۔
اَصَمُّ: بہرا ج: صُمٌّ
صَمَّاءُ: بہری۔

تَصْمِیْم ج: تَصْمِیْمَات و تَصَامِیْمُ: خاکہ، ڈیزائن (۲) اسکیم۔
تَصْمِیْمُ الْبِنَاءِ: عمارت کا ڈیزائن، نقشہ۔
تَصْمِیْمُ خَرِیْطَةٍ لِمَدِیْنَةٍ: شہر کا نقشہ تیار کرنا۔
تَصْمِیْمٌ فَنِّیّ: باضابطہ ڈیزائن
مُصَمِّمٌ: ڈیزائنر۔

ص.....ن

صِنَّارَة ج: صَنَانِیْر: شکار کا کانٹا۔
صُنْبُور ج: صَنَابِیْر: ٹینٹو۔
صُنْدُوق ج: صَنَادِیْقُ: بکس، ڈبا، پیٹی، ڈبیہ، کیش، فنڈ، روپیہ کا ذخیرہ، مالی ذرائع۔
صُنْدُوقُ الادِّخَار: پراویڈنٹ فنڈ، سیونگ فنڈ، سیونگ بینک۔
صُنْدُوقُ اِدِّخَارِ بَرِیْد: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ۔
صُنْدُوقُ اِدِّخَارِ بَرِیْد: پوسٹ آفس سیونگ فنڈ۔
صُنْدُوقُ الاِقْتِرَاع: انتخابی بکس، بیلٹ بکس۔
صُنْدُوقُ الاِقْتِرَاعِ السِّرِّیّ: خفیہ بیلٹ بکس۔
صُنْدُوقُ الْبِرّ: خیراتی بکس۔
صُنْدُوقُ الْبَرِیْد: پوسٹ بکس۔
صُنْدُوقُ التَّنْمِیَة: ترقیاتی فنڈ۔
صُنْدُوقُ التَّنْمِیَةِ الزِّرَاعِیَّة: زرعی ترقیاتی فنڈ۔
صُنْدُوقُ التَّوْفِیْر: بچت فنڈ، سیونگ بینک۔
صُنْدُوقُ الثَّلْج: آئس بکس۔

صُنْدُوقُ الرَّسَائِل: لیٹر بکس۔
صُنْدُوقُ الشَّكَاوَى: شکایت بکس۔
صُنْدُوقُ الطَّوَارِئ: ہنگامی فنڈ، ایمرجنسی فنڈ، فوری یا ناگہانی ضرورت کے وقت کام آنے والا فنڈ۔
صُنْدُوقُ القُمَامَات: کوڑے کی ٹرالی، کوڑے دان۔
صُنْدُوقُ لادِّخَارِ النُّقُود أوجَمْعِ التَبَرُّعَات: منی بکس۔
صُنْدُوقُ المَال: مالی فنڈ۔
الصُّنْدُوقُ المُصَوِّت: ساؤنڈ بکس۔
صُنْدُوقُ المَعَاشَات: پنشن فنڈ۔
صُنْدُوقُ المَعُونَة: امدادی فنڈ۔
صُنْدُوقُ النَّقْدِ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی مالی فنڈ۔
صُنْدُوقُ النُّقُود: کیش بکس۔
صُنْدُوقٌ بِقُفْل: لاکر۔
صَنَادِيقُ تَعْبِئَة: پیکنگ بکس۔
أمِينُ الصُّنْدُوق: خزانچی، کیشیر، تحویلدار۔
دَفْتَرُ الصُّنْدُوق: کیش بک۔
صَنَعَ ـَـ صُنْعاً و صِنَاعَةً: بنانا (۲) کرنا (۳) پیدا کرنا (۴) تیار کرنا۔
صَنَعَ إلَيْه مَعْرُوفاً: حسن سلوک کرنا، احسان کرنا۔
صَنَعَ به صَنِيعاً قَبِيحاً: بدسلوکی کرنا۔
صَنَّعَ البِلادَ تَصْنِيعاً: ملک کو صنعتی بنانا۔
صَانَعَه مُصَانَعَةً: رشوت دینا، بنا کر رکھنا، نباہنا۔

اصْطَنَعَ الشَّيْءَ: تیار کرانا۔
اصْطَنَعَ و تَصَنَّعَ: نقلی بنانا، جعلی بنانا، گھڑنا، خلاف حقیقت فعل کرنا (۲) جعل سازی، ریاکاری، بناوٹ۔
تَصَنُّعُ المَرْأة: بناؤ، سنگار۔
تَصْنِيعٌ: صنعت کاری۔
تَصْنِيعُ البِلاد: ملک کو صنعتی بنانا۔
تَصْنِيعُ الأسْلِحَة: اسلحہ سازی۔
تَصْنِيعٌ حَرْبِيّ: جنگی صنعت کاری۔
تَصْنِيعُ الدَّواء: دواسازی۔
تَصْنِيعٌ شامل: ہمہ گیر صنعت کاری۔
صُنْعٌ: کام، فعل، بناوٹ، ایکٹ، عمل (۲) احسان، بھلائی۔
صُنْعُ يَدٍ: ہاتھ کا بنا ہوا۔
صَنْعَة: کاریگری، ہنر۔
صَنْعَة و صِنَاعَة: پیشہ۔
صَنْعَةٌ يَدَوِيَة: دست کاری۔
صِنَاعَة: صنعت و حرفت، انڈسٹری ج: صِنَاعَات
صِنَاعَةُ الأدَب: لٹریچر۔
صِنَاعَةُ الإعْلان: ایڈورٹائزمنٹ، پروپیگنڈا کا فن۔
صِنَاعَةُ البِنَاء: بلڈنگ سازی۔
صِنَاعَةٌ رَئِيسِيَّة: بنیادی صنعت۔
صِنَاعَةُ السِّلاح: ہتھیار سازی، اسلحہ کی صنعت۔
صِنَاعَةُ الطِّبَاعَة: پرنٹنگ، پرنٹ۔
صِنَاعَةٌ مَوْسِمِيَّة: وقتی صنعت، موسمی صنعت۔
صِنَاعَةُ النَّسِيج: ٹیکسٹائل انڈسٹری، پارچہ بافی کی صنعت۔
صِنَاعَةٌ شَرِيفَة: معزز پیشہ، معزز کام۔

صِنَاعَةٌ يَدَوِيَّة: دست کاری، ہاتھ کا ہنر۔
صِنَاعَاتٌ اِسْتِهْلَاكِيَّة: مصنوعات صرف، کھپت والی مصنوعات۔
صِنَاعَاتٌ ثَقِيلَة: ہیوی انڈسٹری، بھاری صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ الخَفِيفَة: ہلکی صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ الزِّرَاعِيَّة: زرعی صنعتیں۔
صِنَاعَاتٌ كِيمِيَائِيَّة: کیمیاوی صنعتیں۔
الصِّنَاعَاتُ النَّاشِئَة: چھوٹی صنعتیں، معمولی صنعتیں۔
صِنَاعِيّ: (۱) صنعتی، ٹیکنیکل، انڈسٹریل (۲) مصنوعی، نقلی، بناوٹی، غیر فطری۔
حَرِيرٌ صِنَاعِيّ: مصنوعی ریشم۔
صَنِيع: فعل۔
صَنِيع و صَنِيعَة: احسان، بھلائی۔
صَانِع ج: صُنَّاع: کاریگر، میکر، ہنرمند۔
صَانِعُ أَحْذِيَة: جفت ساز۔
صَانِعُ السِّلَاح: ہتھیار ساز۔
صَانِعُ العُطُور: پرفیومر، عطر ساز۔
صَانِعٌ مَاهِر: ہوشیار کاریگر۔
صَانِعُ المَرَائِي: آئینہ ساز۔
الصَّانِعُ اليَدَوِيّ: دست کار۔
صَانِع وِصَنَائِعِيّ: کاریگر، کارکن، مزدور۔
صَانِعُ الإِسْتِعْمَار: سامراجی، تخلیقات۔
مَصْنَع: ج: مَصَانِع: کارخانہ، مل، فیکٹری، ورکشاپ، پلانٹ۔
مَصْنَعُ تَعْبِئَة: پیکنگ پلانٹ۔
مَصْنَعُ الزُّبْدَة والجُبْن: ڈیری
مَصْنَعُ الرِّجَال: شخصیت ساز ادارہ۔
مَصْنَعٌ صَغِير: ورکشاپ۔
مَصْنَعُ الطُّوب: اینٹیں بنانے کا کارخانہ۔
مَصْنَعُ مَلَابِس: کلاتھ فیکٹری (مل) کپڑوں کا کارخانہ۔
مَصْنَعُ وَرَق: پیپر ورکس، پیپر مل۔
مَصَانِع: کارخانے، ملز، و: مَصْنَع
مَصَانِعُ الحَدِيد: لوہے کے کارخانے۔
مَصَانِعُ الغَزْل: سوت کے کارخانے۔
مَصَانِعُ القُطْن: کاٹن ملز۔
مَصْنُوعٌ بِاليَد: ہاتھ کا بنا ہوا۔
مَصْنُوعٌ فِي البَيْت: گھر کا بنا ہوا۔
مَصْنُوعَاتٌ زُجَاجِيَّة: کانچ کی مصنوعات۔
المَصْنُوعَاتُ المَحَلِّيَّة: مقامی یا ملکی مصنوعات۔
مَصْنَعِيَّة: اجرت مزدور (دا)
مُصْطَنَع: جعلی، نقلی، جھوٹا، غلط۔
صَنَّفَ تَصْنِيفاً: نوع بنوع کرنا (۲) کتاب لکھنا۔
تَصْنِيفُ السُّكَّان حَسَبَ السِّنّ: عمر وار آبادی کی ترتیب۔
صِنْف ج: أَصْنَاف و صُنُوف: قسم، نوع، کوالٹی (۲) مرتبہ، درجہ۔
أَصْنَاف رَدِيئَة: خراب کوالٹی۔
مُصَنَّف ج: مُصَنَّفَات: کتاب۔
صَنَق: بدبو۔
صِنْو: سگا بھائی، جڑواں بھائی۔

ص.....ہ

صہ (اُسکُت): خاموش رہ۔
صَهْبَاء: شراب۔
صَهَبٌ: (س) سرخی مائل ہونا۔
صَهَدَ الحرُّ وَجْهَه ـَ صَهْداً: دھوپ یا گرمی کا چہرہ کو جھلسنا۔
صَهْدٌ: تپش، آگ کی حرارت۔
صَهِيْد وصَيْهَد: گرمی کی شدت۔
يَوْمٌ صَهِيْد: سخت گرمی کا دن۔
صَهَرَ الْمَعْدِنَ ـَ صَهْرًا: معدنیات کو پگھلانا، گلانا۔
صَهَرَ الحَدِيْدَ: لوہے کو پگھلانا۔
صَاهَرَهُمْ وفِيْهِمْ وإِلَيْهِمْ مُصَاهَرَةً: داماد بنانا یا بننا، ازدواجی رشتہ قائم کرنا۔
انْصَهَرَ فی: ڈھل جانا، گھل جانا۔
صِهْرٌ ج: اَصْهَارٌ: داماد (۲) بہنوئی۔
صَهِيْر ومَصْهُوْر: گلا ہوا، پگھلا ہوا۔
مَصْهَر: فاؤنڈری۔
صِهْرِيْج ج: صَهَارِيْج: پانی کا حوض، پانی کا تالاب، پانی کی ٹینکی، ٹینک۔
صِهْرِيْجُ القَاطِرَة: ریلوے انجن کے پیچھے لگا ہوا کوئلوں کا ڈبا۔
عَرَبَةُ الصِّهْرِيْج: ٹنک ویگن۔
صَهَلَ الحِصَانُ ـَ صَهِيْلاً: ہنہنانا۔
صَهِيْل: گھوڑے کی آواز، ہنہناہٹ۔
صَهْوَة ج: صِهَاءٌ و صَهَوَات: پیٹھ، گھوڑے کا وہ حصہ جس پر سوار بیٹھتا ہے۔
صَهْيَنَة: صہیونی بنانا۔
صِهْيَوْنِيَّة: فلسطین میں یہود کی نوآبادی قائم کرنے کی تحریک۔

ص و

صَوَّبَ انْسَّهْمَ إلى: تیر کو نشانہ پر لگانا، رخ کرنا، نشانہ لگانا۔
صَوَّبَ الخَطَأَ: غلطی کی اصلاح کرنا۔
صَابَ ـُ صَوْباً: بارش ہونا، نیچے اترنا۔
صَابَ واَصَابَ غَرَضَهُ: مقصد کو پالینا۔
أَصَابَ الرَّجُلُ فی الأَمْرِ: حق بجانب ہونا۔
أَصَابَ رَاحَةً: آرام پانا۔
أَصَابَ الهَدَفَ: مقصد کو پالینا۔
أَصَابَ الشَّیْءُ والرَّجُلَ: لاحق ہونا، پہنچنا۔
أَصَابَ مَطْلُوبَه: مقصد حاصل کرنا۔
أَصَابَ فی عَمَلِه: ٹھیک کام کرنا۔
أُصِيْبَ بِجُنُوْنٍ: کریک ہونا، دماغ خراب ہونا۔
أُصِيْبَ بِرَمَدٍ فی العَيْن: آنکھ دکھنا۔
أُصِيْبَ بَصَرُه: بینائی ختم ہونا۔
أُصِيْبَ بِمَرَضٍ: بیماری میں مبتلا ہونا۔
صَوْب: جانب، طرف، جہت، گوشہ۔
صَوَاب: درست، ٹھیک (۲) عقل، ہوش۔
اَضَاعَ صَوَابَه: ہوش گم ہونا۔
صَائِب، مُصِيْب: درست کار، صحیح۔
إِصَابَة: چوٹ، ضرب، نقصان (۲) درستگی۔
إِصَابَةٌ فِی حَادِثٍ: ایکسیڈنٹ۔
إِصَابَةٌ مُبَاشِرَة: براہ راست ضرب۔
إِصَابَةٌ مَرَضِيَّة: بیماری کا حملہ۔
إِصَابَاتٌ بَسِيْطَة: معمولی چوٹیں۔

اِصَابَاتٌ جَسَدِیَّة: جسمانی نقصانات۔
اِسْتِصْوَاب: پسندیدگی۔
مُصَاب: (۱) مصیبت زدہ، آفت رسیدہ، مجروح، مبتلا (۲) حادثہ۔
اَلْمُصَابُ بِالْفَقْر: افلاس زدہ۔
مُصَابٌ و مُصِیْبَةٌ: مصیبت
ج: مَصَائِبُ
صَوَّتَ تَصْوِیْتاً: آواز نکالنا، کسی چیز سے آواز پیدا ہونا، چیخنا۔
صَوَّتَ لَه فی کذا: انتخاب میں رائے دینا، ووٹ دینا۔
صَوْت ج: أَصْوَاتٌ: آواز (۲) ووٹ
صَوْتٌ فِی انْتِخَاب: ووٹ۔
صَوْتُ اِنْفِجَارٍ مُرْعِبٍ مُخِیْفٍ: دھماکہ کی خوفناک آواز۔
صَوْتٌ بَحِیْحٌ: بیٹھی ہوئی آواز۔
صَوْتُ صَجَرٍ: اکتائی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ ضِدَّ: مخالف ووٹ۔
صَوْتٌ مُتَهَدِّج: بیٹھی ہوئی آواز، بھرائی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ مَدِیْد: بلند آواز۔
صَوْتٌ مُرْتَعِش: کپکپائی ہوئی آواز۔
اَلصَّوْتُ الْمُرَجَّع: کاسٹنگ ووٹ۔
صَوْتٌ مُغْتَاظ: غصہ میں بھری ہوئی آواز
صَوْتٌ هَادِرٌ ضِدَّ فُلَان: کسی کے خلاف گرجتی ہوئی آواز۔
صَوْتٌ وَاطِیءٌ: پست آواز۔
رَجْعُ الصَّوْت: صدائے بازگشت۔
صَوْتِیّ: آواز دار۔
حَرْفٌ صَوْتِیّ: پڑھا جانے والا حرف۔ (ضد: حَرْفٌ صَامِتٌ)
صِیْت: شہرت، کیرکٹر۔
ذَائِعُ الصِّیْت: شہرہ آفاق، مشہور
صَیِّتٌ: بلند آواز۔
تَصْوِیْت: چیخ، آواز (۲) ووٹنگ، ووٹ دینا۔
تَصْوِیْتٌ بِتِلَاوَةِ الْأَسْمَاء: نام بول کر رائے شماری کرنا، رول کال ووٹنگ
تَصْوِیْتٌ بِرَفْعِ الْیَد: ہاتھ اٹھا کر ووٹ دینا۔
اَلتَّصْوِیْتُ فِی جَانِبِ اَحَدٍ: کسی کو ووٹ دینا، کسی کے حق میں ووٹ دینا۔
تَصْوِیْتُ الْمَجْلِسِ عَلَی الْاِقْتِرَاح: تجویز پر مجلس کا رائے دینا۔
تَصْوِیْتُ دَوْلَةٍ عَلَی جَانِبِ الْقَرَار: کسی ملک کا قرار داد کے حق میں ووٹ دینا۔
مُصَوِّت: ووٹر، وہ شخص جسے رائے دہی کا حق ہو۔
(صوخ) صَاخَ فی کذا صَوْخاً: داخل ہوا، دھنسنا۔
اَصَاخَ له: کان لگانا۔
اَصَاخَ بِسَمْعِه: کان لگا کر سننا۔
صَوْدَا: سوڈا۔
صَوْدَا کَاوِیَة: سوڈا کاسٹک۔
مَاءُ الصَّوْدَا: سوڈا واٹر۔
صَوْدَا الْغَسْل: واشنگ سوڈا۔
صَوَّرَ تَصْوِیْراً: فوٹو کھینچنا، نقشہ بنانا۔

صَوَّرَ الشیٔ: منظر کشی کرنا (۲) شکل دینا، صورت بنانا۔
تَصَوَّرَ الشیٔ: خیال کرنا۔
تَصَوَّرَ لَهُ الشیٔ: کسی چیز کا خیال آنا۔
صُوْرَة ج: صُوَر: (۱) فوٹو، تصویر (۲) سین، منظر، شکل (۳) نمونہ، مثال (۴) کیفیت (۵) نقشہ (۶) کاغذ کی نقل، کاپی۔
صُوْرَةٌ طِبْقَ الْأَصْل: نقل مطابق اصل۔
صُوْرَةٌ رَسْمِيَّة: سرکاری نقل۔
صُوْرَةٌ شَمْسِيَّة: عکسی تصویر، فوٹو۔
صُوْرَةٌ وَصْفِيَّة: وضاحتی نقشہ۔
صُوْرَةٌ اَصْلِيَّة: اوریجنل کاپی، اصل کاپی۔
صُوْرَةٌ بِالْكَرْبُون: کاربن کاپی۔
صُوْرَةٌ ثَانِيَة: ڈپلی کیٹ۔
صُوْرَة الْحُكْم: فیصلہ کی نقل۔
صُوْرَةٌ ضَوْئِيَّة: فوٹوگراف۔
الصُّوْرَة الطِّبَاعِيَّة: پرنٹ کاپی۔
صُوْرَةُ الْفَاتُوْرَة: بیجک کاپی۔
صُوْرَةٌ فُوتُو غَرَافِيَّة: فوٹو اسٹیٹ کاپی، عکسی تصویر۔
الصُّوْرَةُ الْمُحْزِنَة: افسوسناک صورت
صُوْرَةٌ مُسْتَنِدٌ مُصَدَّقٌ عَلَيْهَا: تصدیق شدہ نقل، مصدقہ نقل۔
صُوْرَةٌ مُشَكَّلَة: عریاں تصویر۔
صُوْرَةٌ مُظْلِمَةٌ: تاریک صورت۔
الصُّوْرَةُ الْمُقْتَرَحَة: مجوزہ شکل۔
صُوْرَةٌ مُوْجَبَة: پازیٹو۔
صُوْرَةٌ هَزْلِيَّة: کارٹون۔
صُوَرٌ فُوتُو غَرَافِيَّة: البم۔
الصُّوَرُ الْمُتَحَرِّكَة: چلتی پھرتی تصویریں۔
صُوْر: ہارن۔
صُوْرِيّ: ظاہری، صورت ہی صورت کا۔
بِصُوْرَةٍ اَفْضَلَ: زیادہ بہتر طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ خَاسِمَةٍ: قطعی طور پر۔
بِصُوْرَةٍ عَنِيْفَة: تشدد آمیز طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ غَيْرِ مَضْمُوْنَة: غیر اطمینان بخش طریقہ پر۔
بِصُوْرَةٍ فِعْلِيَّة: عملی طور پر۔
بِصُوْرَةٍ مَضْمُوْنَة: اطمینان بخش طریقہ پر۔
تَصَوُّرٌ مَبْدَئِيٌّ: بنیادی نظریہ۔
تَصَوُّرِيٌّ: آئیڈیل، نظریاتی۔
تَصْوِيْرَة: فوٹو، تصویر۔
تَصْوِيْرٌ زَيْتِيّ: رنگین تصویر۔
تَصْوِيْرٌ فُوتُوغَرَافِيّ: عکسی تصویر، فوٹو۔
تَصْوِيْرُ الْمَوْقِف: صورت حال بتانا۔
لَوْحَةُ التَّصْوِيْر: فوٹوگرافی کی پلیٹ۔
آلَةُ التَّصْوِيْرِ الشَّمْسِيّ: کیمرا
مُصَوِّر: آرٹسٹ۔
مُصَوَّرٌ جُغْرَافِيّ: میپ، اٹلس۔
الْمُصَوِّرُ السِّيْنَمَائِيّ: کیمرامین۔
مُصَوِّرٌ شَمْسِيّ: فوٹوگرافر۔
الْمُصَوِّرُ الضَّوْئِيّ: کیمرامین، فوٹوگرافر۔
مُصَوِّرَاتِيّ: فوٹوگرافر۔
صُوْص: (دا) مرغی کا بچہ جو انڈے سے نکلا ہو
ج: صِيْصَان
صَوْعٌ، صَاعٌ: کھیل کا میدان۔
صَاعَ ـُ صَوْعًا: ڈرانا (۲) ناپ کر دینا

(۳) منتشر کرنا (۴) موڑنا۔
انْصِیَاع: لوٹنا، مطیع ہونا، تیزی سے دوڑنا۔
الانْصِیَاعُ لِأَحَدٍ: سرِ تسلیم خم کرنا۔
صَاعٌ ج: اَصْوَاعٌ و صِیْعَان: ایک پیمانہ۔
(صوغ) صَاغَ ـُ صَوْغاً: کسی نمونہ پر کوئی چیز تیار کرنا، بنانا، گھڑنا، سونا چاندی کو ڈھالنا، گھڑنا۔
صَاغَ الکَلِمَةَ: کلمہ کو کسی خاص شکل پر بنانا۔
ـــ الکَلَامَ: بات گھڑنا، کلام کو عمدہ بنانا، کسی خاص طرز پر تیار کرنا۔
ـــ المِیثَاقَ: معاہدہ تیار کرنا۔
صَائِغٌ ج: صَاغَة: سنار، زیورات بنانے والا۔
صَاغٌ: (ا) ایک فوجی عہدہ (میجر)
صِیْغَة ج: صِیَغ: مخصوص شکل، فرمہ کلمہ کی صورت، فعل کی شکل، عبارت، مضمون
صِیْغَةُ الاتِّفَاقِیَة: معاہدہ کی شکل، معاہدہ کا مضمون۔
صِیْغَةُ عَمَلٍ: طریقہ کار، نوعیت کار۔
صِیْغَةٌ فَعَّالَة: مؤثر شکل۔
صِیْغَةُ القَانُون: قانونی شکل۔
صِیْغَةُ المَعَادِن: معدنیات ڈھالنے کا سانچہ۔
صِیْغَةٌ و مَصَاغٌ: زیور۔
صِیَغُ التَّدَاخُل: مداخلت کی شکلیں، عنوانات۔
صِیَاغَةُ المُعَاهَدَة: معاہدہ کی ترتیب، معاہدہ کی عبارت، مضمون۔
مَصُوْغَات: زیورات۔
صُوْف: (ا) اُون، بکری اور اونٹ کے بال (ہ) اونی کپڑا۔
صُوْف مَغْزُوْل: اونی دھاگہ۔
صُوْفِیّ: اُونی، اُون کا (۲) تصورف اختیار کرنے والا۔
صَوَّاف: اُون فروش، اُونی کپڑوں کا تاجر۔
صَوَّلَ الذَّهَبَ وَغَیْرَه: پانی سے دھوکر صاف کرنا، غلہ صاف کرنا۔
صَوَّلَ البَیْدَرَ: جھاڑو دینا۔
صَالَ ـُ صَوْلاً: جست لگانا۔
صَالَ عَلَیْه: حملہ کرنا۔
صَوْلَة: طاقت، قوت، دبدبہ۔
ذُوْصَوْلَة: طاقتور۔
مِصْوَلَة: جھاڑو۔
صَوْلَجَان: موٹھ دار ڈنڈا۔
صَوَّمَ تَصْوِیْماً: روزہ رکھانا، روزہ دار بنانا۔
صَامَ عَنْ کذا ـُ صَوْماً: رکنا، باز رہنا۔
صَامَ ـُ صَوْماً و صِیَاماً اسلامی شریعت کے مطابق روزہ رکھنا۔
صَامَ عَنِ الطَّعَام: کھانے سے باز رہنا، برت رکھنا۔
صَوْمَعَة ج: صَوَامِع: راہب کا عبادت خانہ، چھوٹا کمرہ، کوٹھڑی، کیبن (بڑے کمرے کا اندرونی کمرہ)۔
صَوَامِعُ الغِلَال: غلہ کے گودام۔
(صون) صَانَ ـُ صَوْناً: حفاظت کرنا۔
صُوَان، صُوَانَات: (ا) کواڑ دار الماری،

کپڑوں یا کتابوں کی الماری۔
صُوَان: (۲) بکس (۳) خیمہ۔
صَوَّان: سخت ترین پتھر۔
صَائِنٌ: محافظ، بچاؤ کرنے والا۔
صِیَانَة: تحفظ۔
مَصُوْن: محفوظ۔
صُوَّة: نشان راہ، سڑک پر لگا ہوا بورڈ جس سے مختلف سمتیں معلوم ہوتی ہیں ج: صُوىً
صَوَى ـِ وصَوِیَ ـَ صَوىً و صُوِیاً: خشک ہونا (درخت یا تھن وغیرہ کا)۔

ص.....ی

صَیَّحَ تَصْیِیحاً: چیخنا۔
صَاحَ ـِ صَیْحاً: چیخنا، چلانا، شور مچانا، مرغ کا بولنا۔
صَاحَ علیه: جھڑکنا، دھمکانا۔
صَاحَ به: آواز دینا۔
صَیْحٌ و صِیَاحٌ: چیخ۔
صَیَّاح: شور مچانے والا۔
صَیْحَة: ایک چیخ، ایک آواز۔
صَیْحَة الحَرْب: اعلان جنگ۔
صَیْدٌ: صُیُود: شکار۔
صَادَ ـِ واصْطَادَ: شکار کرنا۔
اِصْطَادَ الکُرَةَ: بال کیچ کرنا، گیند کو پکڑنا۔
صَائِد، صَیَّاد: شکاری۔
صَیَّادَة: غلیل۔
مِصْیَدَة: پھندا، جال ج: مَصَائِدُ
مِصْیَدَةُ الفِیْرَان: چوہے دان۔
مَصْیَدَة: شکارگاہ۔
مُتَصَیِّدُ الاَصْوَاتِ فی الاِنْتِخَابَات: الیکشن میں کنوینگ کرنے والا۔
صَیْدَلَة: دواسازی۔
صَیْدَلِیَّة: فارمیسی، انگریزی دواخانہ۔
صَیْدَلِیّ، صَیْدَلَانِیّ: انگریزی دوائیں فروخت کرنے والا۔
صَیَّرَ تَصْیِیراً: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا، بنانا۔
صَارَ ـُ صَیْرُوْرَةً: (۱) ہونا (۲) واقع ہونا (۳) پیش آنا (۴) ایک حالت سے دوسری میں منتقل ہونا۔
صَارَ یَفْعَلُ: کرنے لگا۔
صَارَ إلی کذا: پہنچنا۔
صَارَ به إلی کذا: پہنچانا۔
صَارَ مَوْضِعَ ثِقَةِ فُلَان: اعتماد حاصل کرنا، معتمد بن جانا۔
مَصِیْر: انجام، انتہائے کار، حشر، نتیجہ ج: مَصَائِرُ
مَصِیْرُ البِلَاد: ملک کی قسمت، انجام۔
مَصِیْرُ الحَرْب: جنگ کا نتیجہ۔
المَصِیْرُ القَوْمِیّ: قومی حشر۔
مَصِیْرٌ مَحْتُوم: یقینی انجام۔
المَصِیْرُ المُحْزِنُ: افسوسناک انجام۔
مَصِیْرٌ وَخِیْم: برا انجام۔
مَصِیْرِیّ: موت وحیات سے متعلق، بنیادی۔
تَقْرِیْرُ المَصِیْر: قسمت کا فیصلہ کرنا، انجام طے کرنا۔
(صیع) صَاعَ ـِ صَیْعاً: ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا، انتشار پیدا کرنا، منتشر کرنا،

پھوٹ ڈالنا۔
انْصِیَاع: تیزی سے لوٹنا۔
انْصِیَاعُ الطَّائِر: پرندہ کا فضا میں اُڑنا۔
صَیَّفَ تَصْیِیْفاً و اصْطَافَ: گرمی کا موسم گزارنا۔
صَیْف: موسمِ گرما۔
صَیْفِیّ: گرمی کا، موسمِ گرما کا۔
مَصِیْف: گرمی گزارنے کا مقام، ٹھنڈا مقام ج: مَصَایِفُ۔
صِیْن: چین۔
الصِّیْنُ الشَّعْبِیَّة: عوامی چین، ڈیموکریٹک چین۔
صِیْنِیّ: چینی، چین کا باشندہ۔
صِیْنِیّ و صَوَانِیّ: چینی مٹی کے برتن۔
صِیْنِیَّة: سینی، ٹرے ج: صِیْنِیَّات۔

ض

ض.....أ

ضَوُلَ ـُ ضَآلَةً: (۱) کمزور ہونا (۲) کم اور معمولی ہونا۔

ضَئِيلٌ: کمزور (۲) معمولی، آف، دھیما۔

ضَئِيلُ الفَاعِلِيَّة: معمولی کارکردگی والا، بے اثر۔

تَضَاؤُل: کمزور پڑ جانا (۲) گراوٹ، زوال، کمزوری۔

تَضَاؤُلُ سُلْطَةِ الدَّوْلَة: ملک کے اقتدار کا زوال۔

تَضَاؤُلُ العَامِلِ عَنْ أَدَاءِ وَظِيفَةِ: کارکن کا ادائیگی فرض میں کوتاہی کرنا۔

ضَأْن و: ضَائِن: بکری۔

ضَأْنِيّ: بکری کا (۲) بکری کا گوشت۔

ض.....ب

ضَبَّبَ و ضَبَّ علی کذا ـِ ضَبّاً: (۱) انتہائی خواہشمند ہونا (۲) مضبوط پکڑنا۔

ضَبَّبَ البَابَ: دروازہ کو ہضمی تالے سے بند کرنا یا موسل سے بند کرنا۔

أَضَبَّ النَّهَارُ: دُھند آلود ہونا۔

ضَبَابٌ: دُھند، کُہر، وہ ابخارات جو زمین کو گھیر کر دھندلا بنا دیتے ہیں۔

ضَبَابٌ كَثِيفٌ: زبردست کُہر۔

ضَبَّةُ البَاب: ہضمی تالہ، موسل یا چٹخنی جو دروازہ کے اندرونی جانب لگی ہوتی ہے۔

إِضْبَارُ الأَوْرَاق: فائل کرنا، فائلنگ۔

إِضْبَارَة ج: أَضَابِيرُ: (۱) فائل (۲) کاغذات کا بستہ یا بنڈل (۳) مسل۔

خِزَانَةُ إِضْبَارَاتٍ: فائل رکھنے کی الماری۔

ضَبَطَ ـُ ضَبْطاً: (۱) پکڑنا، قابو میں لانا (۲) گرفتار کرنا (۳) درست کرنا، ایڈجسٹ کرنا، گھڑی کا وقت ٹھیک کرنا، گھڑی ملانا، ملان کرنا، چیک کرنا، غلطی درست کرنا (۴) مرتب کرنا (۵) قابو پانا، کنٹرول کرنا (۶) ضبط کرنا، جذبات پر قابو پانا (۷) غالب آنا (۸) پختہ اور مضبوط بنانا۔

اِنْضَبَطَ: ایڈجسٹ ہونا، اپنی جگہ پر فٹ ہونا۔

ضَبْطٌ: (۱) تصحیح (۲) ملان، چیکنگ (۳) مضبوطی (۴) گرفتاری (۵) ہولڈ (۶) ضبطِ نفس۔

ضَبْطُ الجَرِيدَة: اخبار ضبط کرنا۔

ضَبْطُ السَّاعَةِ بِسَاعَةِ: گھڑی ملانا۔

ضَبْطُ النَّسْل: برتھ کنٹرول۔
ضَبْط و انْضِبَاط: گرفتاری، ضبطی۔
بالضَّبْط: ٹھیک ٹھیک، صحیح طور پر۔
ضَبْطِيَّة: پولیس اسٹیشن۔
ضَابِطٌ: افسر ج: ضُبَّاط۔
ضَابِطُ اتِّصَال: افسرِ رابطہ۔
ضَابِطُ الصِّحَّة: ہیلتھ آفیسر۔
ضَابِطُ الطَّيَرَان: افسرِ فضائیہ۔
ضَابِطٌ فِي البَحْرِيَّة: کمانڈر۔
ضَابِطٌ قَضَائِيّ: عدالتی افسر۔
ضَابِطٌ كَبِيرٌ: جنرل آفیسر۔
ضَابِطُ المَخْفَر: انچارج کوتوالی، تھانیدار، تھانہ انچارج، داروغہ۔
ضَابِطُ مَيْدَان (ضَابِطٌ أَعْلَى رُتْبَةً مِنْ كَابْتَن): فیلڈ آفیسر۔
الضَّابِطُ المُنَفِّذ: ایگزیکٹو افسر۔
الضُّبَّاط: افسران۔
ضُبَّاطُ الشُّرْطَة: پولیس افسران۔
الضُّبَّاطُ العَسْكَرِيُّون: فوجی افسران۔
ضَابِطَة: پولیس۔
ضَوَابِط: اصول۔
مَضْبَطَة: معاہدہ، پروٹوکول۔
مَضْبَطَةُ مَجْلِسٍ أو جَلْسَة: کارروائی، روئداد۔
مِضْبَط: کنٹرول کی مشین۔
مَضْبُوط: درست، پختہ، صحیح، منضبط، مرتب۔
ضَبُعٌ ج: ضِبَاع: بجو۔

ص.....ج

ضَجَّ ـِ ضَجّاً و ضَجِيجاً: شوروغل کرنا۔
ضَجَّ المَكَانُ بِكَذا: گونجنا۔
ضَجَّة: شور، ہنگامہ، اُدھم۔
الضَّجَّةُ الكُبْرَى: بڑا ہنگامہ۔
ضَجِيج: شوروغل، ہنگامہ۔
ضَجِرَ ـَ ضَجَراً و تَضَجَّرَ مِن: تنگ آنا، پریشان ہونا۔
أَضْجَرَه: پریشان کرنا، تنگ کرنا۔
ضَجَرٌ من: اچاٹ پن، گھٹن، تنگی، پریشانی، اُکتاہٹ۔
ضَجِرٌ، مُتَضَجِّرٌ: پریشان، اکتایا ہوا۔
مُضْجِر: پریشان کن۔
ضَجَعَ ـَ ضَجْعاً و ضُجُوعاً و اضْطَجَعَ: لیٹنا، سونا۔
ضَاجَعَهُ الهَمُّ: غم سوار ہونا۔
ضَاجَعَ المَرْأَةَ: ہم بستری کرنا۔
ضُجَعَة: آرام پسند، کاہل۔
مَضْجَع ج: مَضَاجِع: بستر، پلنگ، خوابگاہ، سونے کا کمرہ۔

ض.....ح

ضَحْضَحَ السَّرَابُ: سراب چمکنا۔
ضَحْضَاح: کم گہرا، اُتھلا، چھچھلا۔
ضَحِكَ ـَ ضَحْكاً: ہنسنا۔
ضَحِكَ عَلَيْه و مِنْهُ: مذاق اُڑانا۔
ضَحِكَ مَعَه: مذاق و دل لگی کرنا۔
ضَحَّكَ و أَضْحَكَ: ہنسانا۔
ضَحَّكَ عليه: ذریعۂ مذاق بنانا۔
ضِحْك: ہنسی، مذاق۔
ضُحْكَة، أُضْحُوكَة، مَضْحَكَة: ہنسی کا

ذریعہ۔
ضَحّاک، مُضحِک: مسخر، ہنسنے ہنسانے والا، مزاحیہ، مذاقی۔
ضَحُوک: بہت ہنسنے والا، ہنس مکھ۔
مُضحِک: مضحکہ خیز۔
ضَحْلٌ: ناگہرا، اُتھلا، پایاب (ضِد عَمِیق)۔
ضَحِیَ ـَ ضَحَاءً: منکشف ہونا (۲) دھوپ میں نکلنا۔
ضَحّی بکذا تَضحِیَةً: قربان کرنا، قربانی دینا۔
اَضحَی: ہوگیا۔
اَضحَی یَفعَلُ: کرنے لگا۔
اَضحَی الشیٔ: (۱) ظاہر کیا (۲) دھوپ میں لایا۔
تَضحِیَة: قربانی ج: تَضحِیَات۔
ضَحوَة، ضُحًی، ضَحِیَّة: (۱) ظہور (۲) دن کی روشنی (۳) دن چڑھنے کا وقت۔
ضَحِیَّة ج: ضَحَایَا، اُضحِیَّة ج: اَضَاحِیّ: قربانی کا جانور (۲) ناکردہ گناہ (۳) شکار، بھینٹ۔
ذَهَبَ ضَحِیَّةَ کذا: ناکردہ گناہ، مارا گیا، شکار ہوگیا، بھینٹ چڑھ گیا۔
ضَحَایَا کذا: کسی چیز کی نذر ہونے والے، شکار ہونے والے، زدگان۔
ضَاحِیَة ج: ضَوَاحٍ: شہر سے متصل علاقہ، اطراف۔
ضَوَاحِی البَلدَة: اطراف شہر۔

ص.....ح

ضَخَّ المَاءَ ـُ ضَخّاً: پانی بہانا، چھڑکنا۔
ضَخٌّ: زمین سے پانی وغیرہ نکالنا۔
ضَخُّ البِترُول وغَیرِہ: پٹرول نکالنا، پمپنگ کرنا۔
مِضَخَّة: پچکاری، پمپ، ہینڈ پمپ۔
مِضَخَّةُ الحَرَائِق: فائر انجن۔
مِضَخَّةٌ ذَاتُ ضِغطٍ عَالٍ: زبردست جماؤ والا پمپ، ہائی پریشر پمپ۔
المِضَخَّةُ النَّافُورِیَّة: جیٹ پمپ۔
ضَخُمَ ـُ ضَخَامَةً: بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا، موٹے دل کا ہونا۔
تَضَخُّم: (۱) بڑا ہونا (۲) بھاری بھرکم ہونا، بڑے سائز کا ہونا (۳) زیادہ ہونا، بڑھنا (۴) اضافہ، افراط۔
تَضَخُّمُ الإنتَاج: پیداوار میں اضافہ ہونا۔
تَضَخُّمٌ جَامِحٌ: تباہ کن افراط۔
تَضَخُّمُ العُمْلَة: کرنسی کی افراط۔
تَضَخُّمٌ مَالِیّ: افراط زر۔
تَضخِیمُ ذَاتٍ: کسی کی شخصیت کو بڑا بنا کر پیش کرنا۔
ضَخمٌ: زبردست، بڑے سائز کا بھاری بھرکم، عالیشان، شاندار۔

ض.....د

ضَدَّہ ـُ ضَدّاً: غالب آنا۔
ضَادَّہُ مُضَادَّةً: مخالفت کرنا۔
مُضَادٌّ: مخالف، برعکس، برخلاف۔
مُضَادٌّ لِلثَّورَة: مخالفِ انقلاب، انقلاب مخالف۔
مُضَادٌّ لِلدَّبَّابَات: ٹینک شکن۔

ضِدٌّ: مخالف، خلاف۔
ضِدَّ کذا: برعکس، مقابلہ میں۔

ض.....ر

ضَرَبَ ـِ ضَرْباً: (۱) مارنا۔
___ ضَرْباً مُبَرِّحاً: ضربِ کاری لگانا۔
___ الجُرْحُ أو الضِّرْسُ: زخم یا ڈاڑھ میں درد ہونا، زخم میں پیپ پڑنا۔
___ عَلَى الكَلِمَةِ: قلم زد کرنا، کاٹنا۔
___ الجَرَسَ: گھنٹی بجانا۔
___ الخَيْمَةَ: ڈیرہ لگانا۔
___ أَطْنَابَه: جڑ پکڑنا، راسخ ہونا۔
___ الأَجَلَ: وقت مقرر کرنا۔
ضَرَبَ المَوْعِدَ مَعَ: کسی کے ساتھ گفتگو کا وقت مقرر کرنا۔
___ البَيْضَ: انڈے پھینٹنا۔
___ البَابَ عَلَى أَحَدٍ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
___ أَخْمَاساً لِأَسْدَاسٍ: دھوکہ دینے کی کوشش کرنا (۲) حیران و پریشان ہونا۔
___ عَدَداً فِي آخَرَ: ضرب دینا۔
___ عَنْه صَفْحاً: مُنہ پھیرنا، کنارہ کش ہونا، توجہ ہٹانا۔
___ عَلَيْهِ ضَرِيْبَةً: ٹیکس لگانا۔
___ النُّقُودَ: سکّہ ڈھالنا۔
___ الخَاتَمَ: انگوٹھی گھڑنا۔
___ طُوْباً: اینٹ بنانا۔
___ عُنُقَهٗ: سر اُڑانا، گردن مارنا۔
___ بِالسِّلَاحِ النَّارِيِّ: شوٹ کرنا، گولی مارنا۔
___ مَثَلاً: مثال بیان کرنا، مثال دینا، مشہور قول یا کہاوت کہنا۔
___ فِي البُوْقِ: ہارن بجانا۔
___ تِلِغْرَافاً: تار کرنا، ٹیلیگرام دینا۔
___ تِلِفُونَاً: (دا) ٹیلیفون کرنا۔
___ عَنْه: رُخ پھیرنا، توجہ ہٹانا۔
___ إِلَيْه: مائل ہونا۔
ضَرَبَتِ العَقْرَبُ: ڈنک مارنا۔
ضَرَبَ و ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: پھوٹ ڈالنا۔
ضَارَبَه مُضَارَبَةً: مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا۔
تَضَارُبُ القَوْلَيْن: دو باتوں کا باہم متناقض ہونا۔
أَضْرَبَ إِضْرَاباً: قائم کرنا۔
أَضْرَبَ عَنْهُ: اعراض کرنا۔
أَضْرَبَ العَامِلُ عن العَمَل: ہڑتال کرنا، اسٹرائک کرنا۔
إِضْرَابٌ عَامٌّ: جنرل اسٹرائک۔
إِضْرَابُ العُمَّال: مزدور ہڑتال، لیبر ہڑتال۔
إِضْرَابٌ عَنِ العَمَل: ہڑتال۔
إِضْرَابٌ عَنِ الطَّعَام: بھوک ہڑتال۔
اضْطَرَبَ: (۱) جوش میں آنا، مضطرب ہونا (۲) حرکت میں آنا (۳) مختل ہونا (۴) بے چین ہونا (۵) پریشان ہونا۔
ضَرْبٌ: (۱) چال (۲) مار چوٹ (۳) قسم (۴) مصیبت، آفت ج: ضُرُوْب۔
ضَرْبُ الأَهْدَاف: ٹھکانوں پر حملہ کرنا، نشانہ بنانا۔
ضَرْبُ الحَلْقَةِ الفُوْلَاذِيَّةِ حَوْلَ أَحَدٍ: مضبوط حصار قائم کرنا۔

ضَرْبُ الرَّقْمِ القِيَاسِيّ: ریکارڈ قائم کرنا۔
ضَرْبُ الطَّائِرَاتِ المُدُنَ: ہوائی جہازوں کا شہروں کو نشانہ بنانا۔
ضَرْبُ العِمَارَةِ بالطُّوبِ والحِجَارَة: عمارت پر اینٹ پتھر برسانا۔
الضَّرْبُ فی العُمْق: اندر تک گھس کر حملہ کرنا۔
ضَرْبُ المِثَال فی کذا: مثال قائم کرنا، ریکارڈ قائم کرنا۔
ضَرْبُ المُخَيَّمَاتِ فی کذا: کیمپ لگانا۔
ضَرْبُ الوَحْدَة: اتحاد کو نقصان پہنچانا۔
ضَرْبَة: وار، حملہ، چوٹ۔
ضَرْبَةٌ اَخِيرَةٌ: آخری وار، آخری حملہ۔
ضَرْبَةُ الطَّيَرَان: فضائی حملہ۔
ضَرْبَةٌ قَاسِيَة: ضرب کاری، کاری ضرب۔
ضَرْبَةٌ قَاضِيَة: آخری وار، جان لیوا ضرب۔
ضَرْبخَانَة: (دا) دارُالضرب جہاں سکّے ڈھالے جاتے ہیں۔
ضَارِبٌ إلَى الحُمْرَة: سُرخی مائل۔
الضَّارِبُ إلَى السَّوَاد: مائل بہ سیاہی۔
ضَارِبُ الكُرَة: بیٹس مین۔
قُوَّةٌ ضَارِبَة: زبردست قوّت۔
ضَرِيبَة: ٹیکس ج: ضَرَائِبُ۔
ضَرِيبَةُ الاَرَاضِی أو العَقَار: زمین کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الاَرْبَاح: منافع ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الأَمَان: جزیہ۔
ضَرِيبَةُ الأَطْيَان: خراج۔
ضَرِيبَةٌ اِضَافِيَّة: سرچارج، سرٹیکس، زائد ٹیکس۔

ضَرِيبَةٌ اِضَافِيَّةٌ علَى الدُّخُولِ المُرْتَفِعَة: بڑھتی ہوئی آمدنیوں پر سرٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ اِضَافِيَّةٌ علی الوَارِدَات: درآمدات پر سرچارج۔
ضَرِيبَةُ الاِنْتَاج المَحَلِّيّ: ایکسائز ڈیوٹی، مقامی پیداوار کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المُسَقَّفَات (المَبَانِی): ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الدَّخْل: انکم ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الدَّخْلِ العَامّ: جنرل انکم ٹیکس، عمومی آمدنی پر ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الرَّأس: پول ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الصَّادِرَات: اکسپورٹ ٹیکس۔
الضَّرِيبَةُ الصَّافِيَة: خالص ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَقَارِيَّة: زمین کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ عَلَى الإِيْرَاد: انکم ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ علی المَنَازِل: ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ مُبَاشِرَةٌ: ڈائرکٹ ٹیکس۔
ضَرِيبَةٌ غَيْرُ مُبَاشِرَة: اِن ڈائرکٹ ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المَبِيعَات: سیلز ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المُرُوْر: ٹول ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المَلَاهِی: کھیلوں کا ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ المَنَازِل: ہاؤس ٹیکس۔
ضَرِيبَةُ الوَارِد: امپورٹ ٹیکس۔
ضَرَائِبُ عَلَى الاَمْلَاک: پراپرٹی ٹیکس، جائیداد ٹیکس۔
ضَرَائِبُ المَبَانِی: بلڈنگ ٹیکس۔
الضَّرَائِبُ المَحَلِّيَّة: لوکل ٹیکس۔
مَصْلَحَةُ الضَّرَائِب: ٹیکس کا محکمہ۔

اِضْطِرَاب: (۱) گڑبڑ (۲) بدامنی، ابتری (۳) فساد (۴) تردد (۵) ہنگامہ، افراتفری ج: اضْطِرَابَات۔
اِضْطِرَابَات: ہنگامے، فسادات۔
اِضْطِرَابَاتٌ عَنِيْفَة: زبردست ہنگامے۔
اِضْطِرَابَاتٌ طَائِفِيَّة: فرقہ وارانہ جھگڑے، ہنگامے۔
تَضَارُب: تضاد، تناقض۔
تَضَارُبُ الآرَاء: اختلافِ آراء۔
مُضْرِب: اسٹرائکر، اسٹرائک کرنے والا۔
مِضْرَبُ الكُرَة: بلّا، بیٹ۔
مِضْرَبُ و مِضْرَابُ التِّنِس: ٹینس کھیلنے کا بلّا، ریکیٹ۔
مِضْرَب ج: مَضَارِبُ: خیمہ۔
مَضْرُوْب: وہ عدد جسے ضرب دی گئی۔
مَضْرُوْبٌ فِيْه: وہ عدد جس میں ضرب دی گئی۔
مُضَارِبٌ تِجَارِيٌّ: تجارت میں مقابلہ کرنے والا۔
مُضَارِبٌ عَلَى الصُّعُوْد: خریدار۔
مُضَارِبٌ عَلَى النُّزُوْل: بائع۔
مُضَارَبَة: مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا۔
مُضَارَبَةٌ تِجَارِيَّة: تجارتی مقابلہ۔
ضَرَجَ ـُ ضَرْجاً و ضَرَّجَ تَضْرِيْجاً: لت پت کرنا، ملوث کرنا۔
اِنْضِرَاج: ہوا باز کا پیراشوٹ کے ذریعہ نیچے اُترنا۔
مُضَرَّج بِالدَّم: خون آلود۔

ضَرَحَ القَبْرَ ـَ ضَرْحاً: قبر کھودنا۔
ضَرِيْح ج: اَضْرِحَة: قبر۔
ضَرَّرَ تَضْرِيْراً: زبردست نقصان پہنچانا۔
ضَرَّ ـُ ضُرّاً و أَضَرَّ: نقصان دینا۔
أَضَرَّهُ عَلَى: مجبور کرنا۔
أَضَرَّ الرَّجُلُ: مرد کا دوسری بیوی کرنا، پہلی بیوی کی سوکن لانا۔
اضْطَرَّهُ إِلَى: مجبور کرنا۔
اُضْطُرَّ إِلَى: مجبور ہونا، مجبور کیا جانا۔
اِضْطِرَار: ایمرجنسی۔
اِضْطِرَارِيّاً: غیر اختیاری طور پر۔
اِنْضِرَار و تَضَرُّر: نقصان اٹھانا۔
الضَّرَرُ: نقصان ج: اَضْرَارٌ۔
اَضْرَارٌ بَسِيْطَة: معمولی نقصانات۔
ضَرَّةُ المَرْأَة: سوکن ج: ضَرَائِرُ۔
ضَرَّاءُ: مصیبت، سختی۔
ضَرُوْرَة: حاجت، ضرورت ج: ضَرُوْرَات۔
ضَرُوْرَةٌ قُصْوَى: سخت ضرورت، شدید ضرورت۔
ضَرُوْرَاتٌ أَسَاسِيَّة: بنیادی ضرورتیں۔
ضَرُوْرِيَّات: ضرورتیں، ضروری چیزیں۔
ضَرُوْرِيَّاتُ الحَيَاة: ضروریاتِ زندگی۔
ضَرُوْرِيَّاتٌ مَأْلُوْفَة: عام ضرورت۔
ضَرِيْر ج: اَضِرَّاء: نابینا۔
مَضْرُوْر: نقصان اٹھانے والا، نقصان رسیدہ۔
ضَرَسَ ـِ ضَرْساً: کسی چیز کو دانتوں کے ذریعہ زور سے پکڑنا، ڈاڑھوں سے پکڑنا یا دبانا۔
ضِرْس ج: أَضْرَاس: ڈاڑھ۔

ضِرْسُ العَقْل: عقل ڈاڑھ۔
ضَرَطَ ـِ ضَرْطاً و ضُرَاطاً: گوز مارنا۔
ضَرَ، ضُرَاط: گوز۔
ضَرَّاط و ضَرُوْط: گوز مارنے والا۔
ضَرَعَ ـَ ضُرُوعاً و تَضَرَّعَ إلیه: گڑگڑانا، اظہارِ عجز کرنا۔
ضَارَعَهُ مُضَارَعَةً: مُشابہ ہونا۔
ضَرْعٌ ج: ضُرُوْع: تھن۔
مُضَارَعَة: مُشابہت۔
ضِرْغَام، ضَرْغَم: شیر قوی ج: ضَرَاغِمُ۔
ضَرِمَ ـَ ضَرَماً: آگ سُلگنا، بھڑکنا۔
اضْطَرَام: آگ بھڑکنا، دہکنا۔
ضَرَّمَ و اَضْرَمَ: آگ سُلگانا، بھڑکانا۔
ضَرَمَة: آگ، انگارا ج: ضَرَمٌ۔
مُضْطَرِم: روشن، سُلگتا ہوا، مشتعل۔
ضِرْوٌ ج: ضِرَاءٌ: شکاری کتا۔
ضَارٍ: خونخوار، درندہ ج: ضَرَارٍ۔
ضَرَاوَة: درندگی، شدت، خونخواری، بے رحمی، بے دردی۔

ص.....ع

ضَعْضَعَة: منہدم کرنا، کمزور بنانا۔
مُتَضَعْضِع: منہدم، کمزور، بے جان۔
ضَعُفَ ـُ ضُعْفاً: کمزور ہونا
ضَعَفَ ـَ ضَعْفاً و ضَعَّفَ و ضَاعَفَ: ڈبل کرنا، دوگنا کرنا۔
اَضْعَفَه و ضَعَّفَه: کمزور بنانا، کمزور قرار دینا۔
اِضْعَاف: ہلکا اور دھیما کرنا۔
إضْعَافُ الرُّوْحِ المَعْنَوِیَّة: حوصلہ پست کرنا، مورل گرانا۔
إضْعَافُ الصُّمُود: مقابلہ میں کمزوری پیدا کرنا۔
إضْعَافُ القُدْرَة: صلاحیت کم کردینا۔
تَضَاعُف: دوگنا ہوا، ڈبل ہونا (۲) شدت، زور۔
مُضَاعَفَةُ الجُهُود: کوششوں میں اضافہ۔
مُضَاعَفَةُ المَرَض: بیماری میں اضافہ۔
مُضَاعَفَات: اثرات۔
مُضَاعَفَاتُ المَرَض: بیماری کے اثرات۔
ضُعْف: کمزوری۔
ضِعْف: دوگنا ج: أضْعَاف۔
ضَعِیْفُ البِنْیَة: لاغر جسم۔
ضَعِیْفُ الشَّخْصِیَّة: کم حیثیت، معمولی پوزیشن والا۔

ض.....غ

ضَغَثَ ـَ ضَغْثاً: ملانا، خلط ملط کرنا (۲) جمع کرنا، سمیٹنا۔
ضِغْث: بوجھ، گٹھڑی، مٹھی بھر گھاس ج: اَضْغَاث۔
ضِغْثٌ علی إبَّالَة: بوجھ در بوجھ، مُصیبت بالائے مُصیبت۔
اَضْغَاثُ اَحْلَام: پراگندہ خواب، موہوم امیدیں۔
ضَغَطَ ـَ ضَغْطاً: دبانا (۲) نچوڑنا۔
ضَغَطَ علی: (۱) دباؤ ڈالنا، زور دینا (۲) مجبور کرنا، تنگ کرنا (۳) غصب کرنا۔

ضَغْطٌ: دباؤ، تنگی، زور۔
الضَّغْطُ البَارُومِتْرِیّ: بیرومیٹر کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ العَالِیْ: ہائی بلڈ پریشر، بڑھے ہوئے خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ الدَّمِ الوَاطِئُ: لو بلڈ پریشر، گھٹے ہوئے خون کا دباؤ۔
ضَغْطُ السُّکَّان: آبادی کا دباؤ۔
ضَغْطٌ سِیَاسِیّ: سیاسی دباؤ۔
الضَّغْطُ الطَّبِیْعِیّ: فطری دباؤ۔
ضَغْطٌ عَالٍ: ہائی پریشر۔
ضَغْطٌ علی حُکُومَةٍ: کسی حکومت پر دباؤ۔
الضَّغْطُ عَلَی الأَعْصَابِ: اعصاب پر زور ڈالنا، اعصاب پر دباؤ۔
الضَّغْطُ عَلی کِیَانِ کذا: وجود پر دباؤ۔
ضَغْطُ العَمَلِ: کام کا دباؤ، کام کا ہجوم، رش۔
الضَّغْطُ المُتَزَایِدُ علَی أَحَدٍ: بڑھتا ہوا دباؤ۔
ضَغْطٌ نَفْسِیّ: ذہنی دباؤ۔
ضَغْطٌ هَابِطٌ: لو بلڈ پریشر، گھٹے ہوئے خون کا دباؤ۔
مَضْغُوط: جام، دبا ہوا۔
ضَغِنَ ـَ علیه ضَغَناً: کینہ رکھنا، دشمنی رکھنا، حسد کرنا۔
ضِغْنٌ و ضَغِیْنَةٌ: کینہ، حسد ج: أَضْغَان و ضَغَائِنُ۔
ضَغِنٌ: حاسد، کینہ ور۔

ض.....ف

ضِفْدِع و ضُفْدُع: مینڈک ج: ضَفَادِع۔
ضَفَرَ ـِ ضَفْراً و ضَفَّرَ تَضْفِیراً: بال گوندھنا، چوٹی کرنا۔
ضَافَرَهُ مُضَافَرَةً: مُعاونت کرنا۔
ضَفِیْرَة ج: ضَفَائِر و ضُفُر: چوٹی۔
مَضْفُور: جس کے بال گندھے ہوئے ہوں۔
ضَفَفٌ: قلّتِ مال، کم مائیگی (۲) جلد بازی۔
ضَفَّة: جماعت (۲) کنارہ ج: ضِفَاف۔
ضِفَّةُ النَّهْر: نہر کا کنارہ ج: ضِفَاقٌ۔
ضَفَا الإِنَاءُ والحَوْضُ ـُ ضَفْواً: چھلکنا، پانی سطح سے اوپر ہونا۔
ضَافٍ: زائد، سطح سے زائد۔
أَضْفَاه إِضْفَاءً: بھر دینا، وسیع کرنا۔
أَضْفَی علیه إِضْفَاءً: جواب دینا، جوابی فعل کرنا (۲) عطا کرنا، دینا۔
أَضْفَی المَنْصِبَ علی أَحَدٍ: کسی کو منصب دینا۔

ض.....ل

ضَلُعَ ـُ ضَلَاعَةً: مضبوط و طاقتور ہونا۔
ضَلِعَ ـَ ضَلَعاً: ٹیڑھا ہونا۔
ضَلَّعَ تَضْلِیْعاً: ٹیڑھا کرنا، موڑنا۔
اِضْطَلَعَ بِمَسْئُولِیَّة کذا: ذمہ داری لینا۔
تَضَلَّعَ مِنَ العِلْم: علم کی دستگاہ حاصل کرنا، علم میں پختہ ہونا۔
ضِلْع ج: أَضْلَاع: پسلی۔
ضَلِیْع: مضبوط، طاقتور۔
ضَلَّلَ تَضْلِیْلاً و أَضَلَّ: گمراہ کرنا، دھوکہ دینا۔
أَضَلَّ الشَّیْئَ: ضائع کرنا۔
ضَلَّ ـِ ضَلَالاً و ضَلَالَةً: گمراہ ہونا، راستہ بھولنا، بھٹکنا، ضائع ہونا۔

ضَلَّ سَعْیُہٗ: کوشش بے کار ہونا۔
ضَلَال: گمراہی، دھوکہ۔

ض.....م

اِضْمِحْلَال: ناپید ہونا، معدوم ہونا (۲) سُست ہونا، کمزور پڑ جانا، بے جان ہو جانا (۳) انحطاط۔
ضَمَخَ ـُ البَدَنَ ضَمْخاً: مَلنا، خوشبو وغیرہ ملنا۔
ضَمَدَ ـُ ضَمْداً و ضِمَاداً و ضَمَّدَ تَضْمِیْداً: زخم پر لیپ کرنا، پلاسٹر وغیرہ چڑھانا۔
ضِمَاد و ضِمَادَة: لیپ، بینڈیج، پلاسٹر جو زخم پر ہو ج: اَضْمِدَة و ضَمَائِد ضِمَادَة (۲) ڈریسنگ۔
ضَمُرَ ـُ ضُمُوراً: دُبلا اور کمزور ہونا، چھوٹے جسم کا ہونا (ضد ضَخُمَ)۔
اَضْمَرَ الأَمْرَ: پوشیدہ رکھنا، دل میں رکھنا۔
اَضْمَرَ لَهُ الشَّرَّ أو الحِقْدَ: بغض رکھنا۔
اَضْمَرَ و ضَمَّرَ: کمزور و دُبلا کرنا۔
تَضَمَّرَ: کمزور و دُبلا بن جانا، لاغر ہونا۔
اِنْضِمَار: پژمردہ ہونا۔
ضُمْرٌ، ضُمُور: دُبلا پن۔
ضِمَار: ناقابلِ وصول قرض۔
ضَمِیْر ج: ضَمَائِر: (۱) باطن، دل (۲) ذہن۔
حَیُّ الضَّمِیْر: زندہ دل۔
فَاقِدُ الضَّمِیْر: مُردہ دل، بے دل۔
مُضْمَرٌ: پوشیدہ۔
مِضْمَار: میدان، دوڑ کا میدان ج: مَضَامِیْرُ۔
مِضْمَارُ الخَیْل: ریس کورس، گھوڑ دوڑ کا میدان، ریس گراؤنڈ۔
ضَمَّ ـُ ضَمّاً: ملانا، سمیٹنا، یکجا کرنا، متحد کرنا، الحاق کرنا۔
ضَمَّ الشَّیْءَ إِلَی: اضافہ کرنا، شامل کرنا، ضم کرنا، ملحق کرنا۔
ضَمَّ الشَّیْءُ کذا: شامل ہونا، مشتمل ہونا۔
ضَمُّ اَعْضَاءٍ جُدُدٍ: نئے ممبروں کو شامل کرنا۔
ضَمُّ الصُّفُوْف: شیرازہ بندی کرنا۔
ضَمُّ دُوَلٍ إِلَی تَنْظِیْمٍ اِتِّحَادِیّ: وفاقی ریاست قائم کرنا۔
ضَمُّ عُضْوٍ إِلَی لَجْنَةٍ أو هَیْئَةٍ: ممبر بنانا۔
تَضَامَ القَوْم: متحد ہونا۔
اِنْضِمَامٌ إِلَی: ملنا، شامل ہونا، کسی کے ساتھ ہو جانا، ملحق ہونا، ضم ہونا (۲) اشتراک، شمولیت۔
اِنْضِمَامٌ إِلَی التَّیَّار: دھارے میں بہنا۔
الانْضِمَامُ إِلَی جَمْعِیَّةٍ: جماعت میں شامل ہونا۔
الانْضِمَامُ إِلَی صُفُوفِ المُعَارَضَة: اپوزیشن کی صف میں ملنا، شامل ہونا۔
الانْضِمَامُ إِلَی الدُّوَلِ الأُخْرَی: دیگر حکومتوں سے وابستہ ہونا۔
اِنْضِمَامٌ إِلَی مُعَاهَدَةٍ: معاہدہ میں شریک ہونا، شامل ہونا۔

اِنْضِمَامٌ عَلَی: مشتمل ہونا۔
ضَمٌّ: شمولیت، الحاق، اضافہ (۲) فولڈنگ۔
ضِمَام: (مِشْبَکُ وَرَقٍ) پیپر کلپ۔
ضَمِنَ ـَ ضَمَاناً: کفیل ہونا، ضامن ہونا۔
ضَمَّنَہ تَضْمِیناً: ضامن قرار دینا۔
تَضَمُّن: مشتمل ہونا۔
تَضَمُّنُ جَدْوَلِ الاَعْمَال کذا: ایجنڈے میں شامل ہونا۔
تَضَمُّنُ الْمَشَارِیْع: منصوبوں میں شامل ہونا۔
تَضَمَّنَ الدَّوْرَۃ مُحَاضَرَاتٍ: میعادی اجلاس میں تقریروں کا شامل ہونا۔
تَضَمُّنُ الْمُذَکِّرۃ شَرْحاً لکذا: ایجنڈے یا میمورنڈم میں کسی چیز کی وضاحت ہونا۔
ضِمْن: اندر، درمیان، ذیل۔
ضِمْنَ کَذَا: ضمن میں، ذیل میں، فلاں چیز کے تحت۔
ضِمْنَ مُخَطَّطٍ: کذا: فلاں منصوبہ کے تحت۔
ضِمْناً: ذیلی طور پر، ضمناً۔
ضَمَان: گارنٹی، ضمانت، ذمہ داری، تحفظ، یقینی۔
الضَّمَانُ الاِجْتِمَاعِیّ: سوشل سیکورٹی۔
ضَمَانٌ شَخْصِیّ: ذاتی ضمانت، شخصی ضمانت۔
الضَّمَانُ لِلسِّرِّیَّۃ: رازداری کی حفاظت۔
ضَمَانٌ مَالِیّ: مالی ضمانت۔
ضَمَانٌ مَصْرِفِیّ: بینک گارنٹی۔
ضَمَانَۃ: گارنٹی۔
ضَامِن: کفیل، ضامن، گارنٹی دینے والا، ذمہ دار۔
تَضَامُن: اتحاد واشتراک، یک جہتی۔
التَضَامُنُ، الآسِیَوِیُّ الأَفْرِیْقِیّ: افروایشین اتحاد۔
تَضَامُنٌ إِسْلَامِیّ: اسلامی اتحاد، اشتراک۔
التَّضَامُنُ الْعَرَبِیّ: عرب اتحاد۔
تَضَامُنٌ مُطْلَقٌ: مکمل اتحاد، تعاون، مکمل یکجہتی۔
التَّضَامُنُ مَعَہ: حمایت وتعاون۔
تَضَامُنِیّ: مشترکہ، متحدہ۔
بِالتَضَامُن: متحدہ طور پر۔
مَضْمُوْن: مضمون (۲) مصداق (۳) محفوظ و مامون، مکفول، ضمانت دیا ہوا (۴) قابلِ اعتماد۔

ض.....ن

ضَنُکَ ـُ ضَنَاکَۃً: کمزور جسم اور کمزور رائے ہونا، تنگ ہونا۔
ضَنُکَ عَیْشُہ: تنگ حال ہونا۔
ضَنْک: تنگی۔
عَیْشٌ ضَنْکٌ و مَعِیْشَۃٌ ضَنْک: عُسرت کی زندگی۔
فی ضَنْکٍ: تنگ دست۔
ضَنَّ بِالشَیْءِ ـَ ضِنّاً و ضَنَانَۃً: بخل کرنا
ضَنِیْن: (۱) بخیل (۲) کم، معمولی۔
ضَنِیَ ـَ ضَنًی و ضَنَاءً: کمزور وزبلا ہونا، تھکنا۔
اَضْنَاہُ اِضْنَاءً: کمزور بنانا، تھکانا۔

ضَنًی: تھکان، کمزوری۔
مُضْنًی: کمزور، لاغر۔
مُضْنًی بالمَتَاعِب: مصیبتوں کا مارا۔

ض.....ہ

ضَهَدَهُ ـُ ضَهْداً و اضْطَهَدَه: ظلم وزیادتی کرنا، تکلیف دینا۔
اِضْطَهَدَ الشَّعْبَ: عوام پر ظلم کرنا۔
اِضْطِهَاد: ظلم۔
الاِضْطِهَادُ المَذْهَبِیّ: فرقہ وارانہ ظلم۔
مُضْطَهَد: مظلوم۔
مُضْطَهِدٌ: ظالم۔
ضَهِیٌّ: مشابہ۔
ضَاهَاهُ مُضَاهَاةً: مشابہ ہونا۔

ض.....و

ضَوَّأَ و أَضَاءَ المِصْبَاحَ أو البَیْتَ: روشن کرنا۔
إِضَاءَة: (۱) روشن کرنا، لائٹ کرنا (۲) روشن ہونا (۳) روشنی۔
إِضَاءَةُ الأَنْوَار: بتیاں روشن کرنا۔
إِضَاءَةُ العُقُول: ذہنوں کو روشن کرنا۔
ضَاءَ ـُ ضَوْءاً و ضِیَاءً: روشن ہونا۔
اِسْتَضَاءَ: روشن ہونا، اُجالا ہونا۔
اِسْتَضَاءَ بِه: روشنی حاصل کرنا۔
ضَوْءٌ ج: أَضْوَاءٌ: روشنی، لائٹ۔
عَلَی ضَوْءِ کَذَا: فلاں چیز کی روشنی میں۔
ضَوْئِیّ: روشنی سے متعلق۔
ضَوِیٌّ: لیمپ روشن کرنے والا ملازم۔
مُضِیٌء: روشن (۲) روشن کرنے والا۔

ضَارَ ـُ ضَوْراً: سخت بھوک لگنا۔
ضَارَ فُلَاناً: نقصان پہنچانا۔
تَضَوَّرَ: درد سے تڑپنا۔
ضَوْضَاء: شوروغل، آوازیں، ہنگامہ۔
ضَاعَتِ الرَّائِحَةُ ـُ ضَوْعاً و تَضَوَّعَتْ: مہکنا۔
ضَاعَ المِسْکُ: مشک کی خوشبو آنا۔

ض.....ی

ضَیْر: نقصان۔
ضَیَّعَ تَضْیِیعاً و أَضَاعَ إِضَاعَةً: ضائع کرنا، برباد کرنا، کھونا (۲) نقصان اٹھانا۔
ضَاعَ ـِ ضَیَاعاً: برباد ہونا، گم ہونا۔
ضَیْعَة ج: ضِیَع و ضَیْعَات: زمین (۲) جاگیر (۳) چھوٹا گاؤں، بستی۔
ضَیَّفَهُ تَضْیِیفاً و أَضَافَه: مہمان بنانا، ضیافت کرنا۔
اَضَافَ الشَّیْءَ إلی: ملانا، اضافہ کرنا، شامل کرنا۔
ضَافَ ـِ ضَیْفاً و تَضَیَّفَ: مہمان بننا۔
انْضَافَ إِلَیْه انْضِیَافاً: مائل ہونا، منضم ہونا۔
اِسْتَضَافَهُ: ضیافت طلب کرنا۔
ضَیْف ج: ضُیُوف: مہمان، ملاقاتی، آیا گیا۔
ضِیَافَة: میزبانی۔
اِضَافَة: زیادتی، شمولیت۔
اِضَافَةً إِلَی کَذَا: بشمول اس کے۔
بِالإِضَافَةِ إِلَی کَذَا: بشمول اس کے، باوجودیکہ۔

اِضَافِيّ: زائد، مزید، مقررہ وقت سے زائدہ، اُوَر ٹائم، ایڈیشنل، ایکسٹرا۔
مُضِيف: میزبان۔
مُضِيفَةٌ بِالطَّائِرَة: فلائنگ ہوسٹس، ایرہوسٹس۔
مَضِيف، مَضِيفَة: مہمان خانہ، گیسٹ ہاؤس۔
مِضْيَاف: بڑا مہمان نواز۔
ضَيَّقَ تَضْيِيقاً: تنگ کرنا (۲) سمیٹنا، (ضد: وَسَّعَ، بَسَطَ)۔
ضَيَّقَ عَلَى: دبانا، پریشان کرنا۔
___ على العَدُوِّ: محاصرہ کرنا۔
___ الخِنَاقَ على: ظلم کرنا، پریشان کرنا، زندگی دوبھر کرنا، جینا دشوار کرنا۔
___ و ضَايَقَ على: سختی کرنا، دباؤ ڈالنا۔
___ عَلَيْهِ الحِصَارَ: محاصرہ سخت کرنا۔
___ الفَجْوَةَ أو الهُوَّةَ: خلیج کم کرنا۔
___ شُقَّةَ الخِلَاف: اختلاف کی خلیج کم کرنا۔
___ مَجَالَ الشَّيْءِ: دائرہ تنگ کرنا، میدان تنگ کرنا۔
ضَايَقَهُ مُضَايَقَةً: ستانا، پریشان کرنا۔
تَضَايَقَ: تنگ ہونا، تنگ آنا، اُکتانا، پریشان ہونا۔
تَضَايَقَ مَالِيّاً: مالی پریشانی میں مبتلا ہونا۔
ضَاقَ ـِ ضِيقاً: تنگ ہونا، چھوٹا ہونا۔

ضِيق: تنگی، عسرت، سختی، پریشانی، گھٹن، اُلجھن، چھوٹا پن۔
ضِيقٌ مَالِيّ: مالی تنگی، مالی بحران، کرائسس۔
ضِيقٌ نَفْسِيٌّ: ذہنی کوفت۔
ضِيقَة، ضَائِقَة: بدحالی، غربت، تنگی۔
ضَائِقَةٌ مَالِيَّة: مالی پریشانی۔
ضَيِّق: چھوٹا، تنگ، محصور، پریشان، منقبض، اکتایا ہوا۔
ضَيِّقُ الانْتِشَار: قلیل الاشاعت۔
ضَيِّقُ الرُّقْعَة: چھوٹے پیمانے کا۔
ضَيِّقُ العَقْل: تنگ ذہن۔
مُضَايِق: پریشان کن۔
مُضَايَقَات: پریشانیاں۔
مَضِيق ج: مَضَايِقُ و مَضِيقَات: تنگنائے (۲) آبنائے، دو پہاڑوں یا دو سمندروں کے درمیان تنگ راستہ۔
مَضَايِقُ تِيرَان: آبنائے تیران۔
مَضَايِقُ العَقَبَة: خلیج عقبہ کی آبی راہیں۔
مُتَضَايِق: پریشان، منقبض۔
مُتَضَايِقٌ مِنْهُ: اُکتایا ہوا۔
ضَيْم: ظلم۔
ضَامَهُ ـُ ضَيْماً: ظلم کرنا۔
ضَائِم: ظالم۔
مُسْتَضَام: مظلوم۔

ط

ط.....أ

طَاطَا رَأسَه: سر جھکانا۔

ط.....ب

طَبَّ ـُـ طَبّاً و طَبَّبَ تَطْبِيباً: دوا کرنا، علاج کرنا۔

تَطَبَّبَ: دوا استعمال کرنا۔

اسْتَطَبَّ الطَّبِيبَ: ڈاکٹر سے مشورہ کرنا۔

طِبٌّ: علاج، علم العلاج، میڈیسن۔

طِبِّيّ: میڈیکل۔

طَبِيبٌ ج: أَطِبَّاءُ: معالج، حکیم، ڈاکٹر۔

طَبِيبُ جَرَّاح: سرجن، آپریشنر۔

طَبِيبُ الأَسْنَان: ڈینٹسٹ۔

طَبِيبُ الجَدْوَل: پینل ڈاکٹر۔

طَبِيبٌ رَسْمِيّ: میڈیکل ایگزامینر۔

الطَّبِيبُ العَصْرِيّ: ڈاکٹر۔

الطَّبِيبُ المُدَاوِي: معالج ڈاکٹر۔

الطَّبِيبُ المُقِيمُ (فی المُسْتَشْفَى): ہاؤس فزیشین۔

طَبِيبُ العُيُون: آنکھوں کا ڈاکٹر۔

طَبَّة: (مَسْنَد) مسند، تکیہ، گدا (۲) پیڈ جس پر خط وغیرہ رکھ کر لکھتے ہیں۔

طَبَخَ ـُـ طَبْخاً: پکانا، تیار کرنا۔

انْطِبَاخ: پکنا۔

صِنَاعَةُ الطَّبْخ، طِبَاخَة: پکانے کا پیشہ۔

طَبَّاخ: باورچی۔

طَبِيخ: پکا ہوا کھانا، پکی ہوئی چیز۔

مَطْبَخ: باورچی خانہ، کچن، ریسٹورنٹ۔

مَطْبَخ: تیل سے کام کرنے والا چولہا، اسٹوو۔

طَبَرٌ: تبر، کلہاڑی نما اوزار۔

طَابُور: فوج کی ایک بٹالین (۲) فائل (۳) کالم (۴) قافلہ ج: طَوَابِيرُ۔

الطَّابُورُ الخَامِس: ففتھ کالم۔

طَبَاشِير: چاک، کھریا۔

طَبْطَابَة: (مِضْرَبُ الكُرَة) بلا، بیٹ۔

طَبَعَ الكِتَابَ ـَـ طَبْعاً: چھاپنا۔

طَبَعَ: نشان لگانا۔

طَبَعَ عَلَيْهِ: مُہر لگانا۔

طَبَعَ الدِّرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔

طَبَعَ مِنَ الطِّينِ ـَـ نَاءً: مٹی کا برتن بنانا۔

طُبِعَ عَلَى كذا: کسی چیز کا عادی ہونا۔

طُبِعَ و انْطَبَعَ: منقش و منعکس ہونا۔
طَبَّعَ الحَیَوَانَ تَطْبِیْعاً: جانور کو سدھانا، مانوس بنانا، عادی بنانا۔
تَطَبَّعَ بِطِبَاعٍ: خصلت اختیار کرنا، عادت اختیار کرنا۔
اِنْطِبَاع: متاثر ہونا، چھاپ لگنا۔
اِنْطِبَاعَات: تاثرات و: اِنْطِبَاع۔
تَطْبِیْع: معمول پر لانا، مانوس بنانا، عادی بنانا۔
تَطْبِیْعُ العَلَاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِیَّة: سفارتی تعلقات معمول پر لانا۔
طَبْعٌ: چھپائی، پرنٹنگ (۲) نشان۔
طَبْعُ الحَجَر: پتھر کی چھپائی۔
طَبْعُ الحُرُوْف: ٹائپ کی چھپائی۔
وَرَقُ الطَّبْع: پرنٹنگ پیپر۔
الطَّبْعُ بالرَّوْسَم: اسٹینسا کاٹنا۔
طَبْعاً، بِالطَّبْع: قدرتی طور پر، یقیناً، بلاشبہ، ٹھیک۔
طِبَاعَة: چھپائی۔
طِبَاعَةٌ بِالاسْتِنْسَاخ: موگرافی، نقلیں تیار کرنا، ڈبل کاپی تیار کرنا۔
طَبْعَة: ایک دفعہ کی چھپائی، ایڈیشن ج: طَبَعَات۔
طَبْعَةٌ أُسْبُوعِیَّة: ہفتہ وار ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ حَدِیْثَة: نیا ایڈیشن۔
الطَّبْعَةُ الزَّرْقَاء: بلو پرنٹ۔
طَبْعَةٌ قَدِیْمَة: پرانا ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ قَادِمَة: اگلا ایڈیشن۔
طَبْعَةٌ مِنْ کِتَاب: پرنٹ ایڈیشن۔
طَبْعَةُ یَوْمِ الأَحَد: سنڈے ایڈیشن۔

طَبْعٌ ج: طِبَاع، طَبِیْعَة ج: طَبَائِع: فطرت، عادت، مزاج، موڈ۔
بِطَبِیْعَةِ الحَال: بہ مقتضائے حال، قدرتی طور پر۔
طَبِیْعِیّ: فطری، معمولی، معمول کے مطابق، نارمل، قدرتی، نیچرل (۲) اصل، غیر مصنوعی (ضد: مُصْطَنَع) (۳) علم الطبعیات کا ماہر۔
عِلْمُ الطَّبِیْعِیَّات: سائنس۔
طَبَّاع: تلوار وغیرہ بنانے والا۔
طَابِعٌ، طَبَّاع: پرنٹر، چھپائی کا کام کرنے والا۔
طَابِعٌ: (۱) نشان، لیبل، علامت (۲) چھاپ، اثر، انداز (۳) ڈیٹر، اسٹامپ ج: طَوَابِع۔
طَابِعٌ إِسْلَامِیّ: اسلامی طرز، اسلامی نشان۔
طَابِعٌ بَرِیْدِیّ: پوسٹیج اسٹامپ، ڈاک ٹکٹ۔
طَابِعُ التَّهْوِیْل و المُبَالَغَة: مبالغہ آرائی اور دہشت انگیزی کا انداز۔
طَابِعُ التَّبَرُّعَات: چندہ کا ٹکٹ۔
الطَّابِعُ الثَّوْرِیّ: انقلابی چھاپ، انقلابی رنگ۔
طَابِعٌ بَعْغَة: فزیکل اسٹامپ۔
طَابِعٌ دُوَلِیّ: بین الاقوامی چھاپ۔
مَطْبُوعٌ عَلَی: کسی چیز کا پیدائشی عادی۔
شَاعِرٌ مَطْبُوع: فطری شاعر۔
مَطْبُوعَات: مطبوعہ اشیاء، لٹریچر، چھپا ہوا مواد، پرنٹیڈ میٹر۔
مَطْبُوعَاتٌ دَوْرِیَّة: گشتی پمفلٹ،

وقفہ وقفہ سے شائع ہونے والے لٹریچر۔
قَلَمُ المَطْبُوعَات: پریس آفس جہاں رسائل واخبارات وکتب وغیرہ کی چھان بین وغیرہ امور طے کئے جائیں۔
مُطَبَّع: سدھایا ہوا، عادی بنایا ہوا۔
مَطْبَعَة، مَطْبَع: پریس، پرنٹنگ آفس۔
مِطْبَعَة: چھپائی کی مشین، پرنٹنگ پریس، پریس۔
غَلْطَةٌ مَطْبَعِيَّة: چھپائی کی غلطی۔
مِطْبَعَةُ حَجَرٍ: لیتھو پریس۔
مَطْبَعِيٌّ: پرنٹر، پریس مین، پریس والا، چھاپنے والا، چھپائی کا کام کرنے والا۔
طَبِقَ ــَـ طَبَقاً: ہاتھ وغیرہ کا منجمد ہونا، نہ پھیلنا۔
طَبَّقَ الشيءُ تَطْبِيقاً: عام ہونا۔
ــــ الشيءَ: ڈھانپنا۔
ــــ قَاعِدَةً عَلَى: جاری کرنا، منطبق کرنا، ناقد کرنا۔
ــــ عُقُوبَاتٍ على: تادیبی کارروائی کرنا، سزائیں دینا۔
ــــ القَرارَ: تجویز پر عمل کرنا، عملی جامہ پہنانا۔
ــــ نِظَامَ اللاَّمَرْكَزِيَّة: لامرکزی نظام جاری کرنا۔
طَبَقَ و اَطْبَقَ: بند کرنا، ملانا (جیسے: اَطْبَقَ شَفَتَيْه)۔
اَطْبَقُوا على الأمْر: متفق ہونا۔
طَابَقَةً مُطَابَقَةً: موافق ہونا۔
انْطِبَاق، تَطَبُّق: بند ہونا، ملنا۔
انْطِبَاق و تَطَبُّق على: منطبق ہونا، فٹ ہونا۔
تَطَبُّقُ البِنَاء: (دا) عمارت کا منہدم ہونا۔
تَطْبِيق: مطابقت، عملی تشکیل، تنفیذ، اجراء، عملی جامہ پہنانا۔
طَبِقٌ، مَطْبُوق: بند، محصور۔
طَبَقٌ: ڈھکن، کور، پلیٹ، سینی، طشتری ج: اَطْبَقاق۔
طَبَقٌ طَائِر: اڑن طشتری۔
طِبْق: مطابق، موافق۔
طِبْقَ المَرَام: حسب منشا۔
طِبْقاً لكذا: اس کے مطابق، بر بناء۔
طِبْقاً للمُعَاهَدَة: معاہدہ کے مطابق۔
طَبَقَة: (۱) درجہ، کلاس، طبقہ (۲) حالت (۳) زمین کی ایک تہہ ج: طَبَقَات۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ الدُّنْيَا: لوئر کلاس کے لوگ۔
الطَّبَقَةُ الاجْتِمَاعِيَّةُ العُلْيَا: امیرانہ درجہ، شاہانہ درجہ۔
الطَّبَقَةُ البَاغِيَة: باغی لوگ۔
الطَّبَقَةُ الحَاكِمَة: حکمراں طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الدُّنْيَا: چھوٹا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الرَّاقِيَة: ترقی یافتہ لوگ، ترقی یافتہ طبقہ۔
طَبَقَةٌ رَأْسُمَالِيَّة: سرمایہ دار طبقہ۔
الطَّبَقَةُ السُّفْلَى: چھوٹا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ العَالِيَة: بڑا طبقہ۔
الطَّبَقَةُ العَامِلَة: مزدور طبقہ۔
الطَّبَقَةُ العُلْيَا: اعلیٰ طبقہ۔

طَبَقَةُ العُمَّال: مزدور طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الفَقِيرَة: غریب طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الكَادِحَة: محنت کش طبقہ۔
الطَّبَقَةُ المُتْرَفَة: خوش حال طبقہ۔
طَبَقَةُ المُثَقَّفِين: تعلیم یافتہ طبقہ۔
طَبَقَةُ المَنْبُوذِين: اچھوت، پست اقوام۔
طَبَقَةٌ مُخَلَّفَة: اچھوت۔
طَبَقَةٌ مَهْضُومَةُ الحُقُوق: مظلوم طبقہ۔
الطَّبَقَةُ الوُسْطَى: درمیانہ طبقہ، مڈل کلاس۔
طَبَقَاتُ الأَرْض: زمین کی تہیں۔
طَبَقِيّ: طبقاتی۔
طِبَاق: (دا) تمباکو (۲) مطابق۔
طَابَق: منزل ج: طَوَابِقُ۔
الطَّابِقُ الأَرْضِيّ: زمین دوز منزل، نچلی منزل، گراؤنڈ فلور۔
طَابَقٌ مِنْ بَيْت: اسٹوری، منزل۔
مُطْبِق: زیرِ زمین قید خانہ (۲) مکمل، زبردست، گھٹاٹوپ۔
مُنْطَبِقٌ على مَقَايِيسِ الجِسْم: بدن پر فٹ۔
مُطَابِقٌ لِلزِّيّ الحَدِيث: فیشن ایبل۔
مُطَابَقَةُ الحِسَابَات: حسابات کی یکسانیت صحت۔
مَطْبُوق: بند، محصور۔
طَبَلَ ـُ طَبْلاً: ڈھول بجانا۔
طَبْل ج: أَطْبَال و طُبُول: ڈھول۔
طَبْلَةُ الفُنْغُرَاف: ساؤنڈ بکس۔
طَبَّال: طبلچی، ڈھولچی۔
طَبَنَ النَّارَ ـُ طَبْناً: راکھ میں آگ دبانا۔
طُبْنَة: باسی روٹی۔
طَبُونَة، طَابُونَة: (مَخْبَز) تنور، بیکری، بسکٹ وغیرہ کا کارخانہ۔
طَبَّانُ العَجَلَة: ٹائر۔
طَبَنْجَة: پستول ج: طَبَنْجَات۔
طَبَنْجَةٌ بِمُشْطٍ: خودکار پستول۔

ط.....ج

طَجَنَ ـُ طَجْناً و طَجَّنَ تَطْجِيناً: تلنا۔
طَاجِنٌ ج: طَوَاجِن: کڑھائی، فرائنگ پین، کڑچھا۔

ط.....ح

طِحَال، أَطْحِلَة: تلی۔
طُحْلُبٌ، طِحْلِبٌ: کائی، وہ سبزی جو پانی کے اوپر جم جاتی ہے۔
طَحْلَبَ المَاءُ: پانی پر کائی جمنا۔
طَحَنَ الغَلَّةَ ـَ طَحْناً: پیسنا۔
طَحَّان: پیسنے والا۔
طَحِين: آٹا۔
طَاحُونَة، مِطْحَنَة ج: مَطَاحِن: آٹا پیسنے کی چکی یا مشین، آٹا مل۔
التَّطَاحُن: باہمی ٹکراؤ۔
تَطَاحُنُ الأَحْزَابِ فِيمَا بَيْنَهَا: پارٹیوں کا آپس میں دست و گریباں ہونا۔
التَّطَاحُنُ فِي الآرَاء: خیالات کا ٹکراؤ۔
مَطْحَنَة ج: مَطَاحِن: آٹے کا مل۔

ط.....ر

اَطْعِمَةٌ مُعَلَّبَة: ڈبوں میں بند کھانے۔
مُعَلَّبات: ڈبوں میں بند کھانے، پیک شدہ اشیاء۔
عِلْج: کافر، موٹا وحشی آدمی ج: عُلُوج۔
عَالَجَ المَرِیْضَ مُعَالَجَةً: علاج کرنا۔
عَالَجَ بِأُجْرٍ مُقَرَّرٍ: مقررہ فیس پر علاج کرنا۔
عَالَجَ الأَمْرَ: کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرنا، انجام دینا، کام پر لگنا (۲) معاملہ کو نمٹانا، حل نکالنا، کام نکالنا، کام چلانا۔
عَالَجَ الحَدِیْدَ و الفُوْلاذَ: لوہے اور فولاد کو بار بار گرم اور ٹھنڈا کر کے اعتدال پر لانا۔
عَالَجَ الشَّکَاوَی: شکایات کا حل نکالنا، ازالہ کرنا۔
عَالَجَ المَوْضُوْعَ: کسی موضوع پر بحث کرنا، کسی موضوع پر قلم اُٹھانا، طبع آزمائی کرنا، لکھنا۔
تَعَالَجَ: دوا استعمال کرنا، طبیب کا علاج کرنا۔
عِلَاج، مُعَالَجَة: علاج، میڈیسن، دوا، تدبیر۔
المُعَالَجَةُ المِثْلِیَّة: ہومیو پیتھک۔
عَلَفَ الدَّابَّةَ ـِ عَلْفاً و عَلَّفَ: گھاس کھلانا، چارہ کھلانا۔
عَلَفٌ، عَلُوْفَة: گھاس، چارہ ج: عِلَاف و اَعْلَاف و عُلُف۔
عَلَفُ البَهَائِم و الدَّوَابّ: مویشیوں کا چارہ۔

عَلَّاف: گھاس فروش۔
مِعْلَف: گھاس کا کونڈا، ناند ج: مَعَالِفُ۔
مَعْلُوْف: فربہ، گھاس دانہ کھا کر موٹا ہونے والا جانور۔
عَلِقَ ـَ عَلَقاً و تَعَلَّقَ بِه: چمٹنا، لگنا، وابستہ ہونا، متعلق ہونا۔
عَلِقَ و تَعَلَّقَ قَلْبُهُ بِه: محبت ہونا۔
عَلِقَ و تَعَلَّقَ بِالحِبَالَة: جال میں پھنسنا۔
عَلِقَ یَفْعَلُ کَذا: کرنے لگا۔
عَلِقَتِ الأُنْثَی: حاملہ ہونا۔
تَعَلَّقَ: لٹکنا۔
تَعَلَّقَ بِه: متعلق ہونا، خاص ہونا۔
عَلَّقَ الشَّیْءَ بِکَذا: آویزاں کرنا، لٹکانا، باندھنا۔
عَلَّقَ الأَمْرَ: تعویق میں ڈالنا، پینڈنگ میں ڈالنا۔
عَلَّقَ أَهَمِّیَّةً عَلَی: اہمیت دینا۔
عَلَّقَ مَسْئُولِیَّةً عَلَی: ذمہ داری ڈالنا۔
عَلَّقَ عَلَی کِتَاب: شرح لکھنا، حاشیہ لکھنا۔
عَلَّقَ عَلَی الأَخْبَار: خبروں پر تبصرہ کرنا، رائے زنی کرنا۔
عَلَقٌ: (۱) جونک (۲) خونِ بستہ و: عَلَقَة۔
عَلَاقَة: تعلق، ربط، رشتہ ج: عَلَاقَات۔
عَلَاقَةٌ غَرَامِیَّة: عشقیہ تعلق۔
عَلَاقَةٌ اِجْتِمَاعِیَّة: سوشل تعلق۔
عَلَاقَةُ التَّبَعِیَّة: ماتحتی کا تعلق۔
عَلَاقَةٌ وَثِیْقَةُ العُرَی: مضبوط و مستحکم تعلق۔
عَلَاقَةٌ شَائِکَة: ناخوشگوار تعلق۔
عَلَاقَاتٌ تَبَعِیَّة: ماتحتی کے تعلقات۔

عَلاقَاتٌ ثُلاثِیّة: سہ فریقی تعلقات۔
عَلاقَاتٌ ثُنائِیّة: دوفریقی تعلقات۔
عَلاقَاتٌ خارِجِیّة: خارجی تعلقات، بیرونی تعلقات۔
عَلاقَاتٌ دِبلُوماسِیّة: سفارتی تعلقات۔
عَلاقَاتٌ وُدِّیّة: دوستانہ تعلقات۔
عَلّاقَةُ الثِّیاب: کپڑے لٹکانے کا ہک۔
عَلِیقُ الدَّوابّ: چارہ، گھاس۔
عُلَّیق: نباتی بیل۔
تَعلِیق: (۱) التواء (۲) شرح، حاشیہ، نوٹ (۳) تبصرہ، رائے زنی، کمنٹری۔
تَعلِیقٌ صَحفِیّ: اخباری تبصرہ۔
تَعلِیقٌ طَفِیف: ہلکا اور معمولی حاشیہ۔
تَعلِیقٌ سِیاسِیّ: سیاسی تبصرہ۔
تَعلِیقَةٌ صَحفِیّة: اخباری نوٹ۔
مِصباحُ تَعلِیق: آویزاں کیا جانے والا لیمپ، قندیل۔
المُعَلِّق: تبصرہ نگار۔
مُعَلِّقٌ إذاعِیّ: کمنٹیٹر، ریڈیو پر تبصرہ کرنے والا۔
المُعلِّقُ علی الأنباء: کمنٹیٹر، خبروں پر تبصرہ کرنے والا۔
مُعَلَّق: موقوف، ملتوی، لٹکایا ہوا، آویزاں، پینڈنگ۔
جِسرٌ مُعَلَّق: جھولا پل۔
مِعْلاق: زبان۔
عَلَکَ ـُ عَلکاً: چبانا۔
عِلْکٌ: گوند ج: عُلُوک۔
عَلَکٌ: بکواس۔

عَلَّلَ تَعلِیلاً: سبب بیان کرنا، وجہ جواز پیش کرنا، عذر پیش کرنا۔
عَلَّلَ النَّفسَ بِکَذا: دل بہلانا۔
عَلَّلَهُ بِکَذا: مشغول بنانا، مصروف ومنہمک رکھنا، بے توجہ بنانا، باز رکھنا، بہلانا۔
عُلَّ الإنسانُ عِلَّةً و اعتَلَّ: بیمار ہونا۔
تَعَلَّلَ بکذا: مشغول ہونا، مصروفیت ظاہر کرنا (۲) عذر پیش کرنا، بہانہ بنانا۔
عَلَّ، لَعَلَّ: شاید، امید ہے۔
بَنُو عَلّاتٍ: ایک باپ اور دوماں کے بیٹے، علاتی بھائی۔
عِلَّة: بیماری، عیب (۲) سبب، حجت، عذر (۳) سرچشمہ، اصل ج: عِلَلٌ و عِلّات۔
عَلَى عِلّاتِه: وہ جیسا بھی ہے، بہر صورت۔
عَلِیل، مَعْلُول، مُعَلّ: بیمار۔
اِعتِلالُ الصِّحَّة: صحت خراب ہونا۔
مُعْتَلُّ الصِّحَّة: ناتندرست۔
عَلِمَ ـَ عِلْماً: جاننا۔
عَلِمَ به: حقیقت تک پہنچنا، خوب جاننا۔
تَعَلَّمَ: سیکھنا (۲) تعلیم یافتہ ہونا (۳) پڑھنا (۴) شائستہ ہونا۔
اِستَعلَمَ منه عن کذا: دریافت کرنا۔
عَلَمٌ: پرچم، جھنڈا، بینر ج: أعلام۔
عَلَمٌ: (۲) نشانِ راہ (۳) نشان، دھاری (۴) سردار، بڑا آدمی، بلند شخصیت (۵) پہاڑ۔
عِلْمٌ: (ضد: جَهْل) علم، تعلیم، معلومات۔
عِلْمُ طَلَبٍ: سمنِ عدالت۔
عِلْمُ الاجتِماع: عمرانیات، علمِ معاشرت۔
عِلْمُ الأحیاء: بیالوجی۔

عِلْمُ الاِقْتِصَاد: اکنامکس، فنِ اقتصادیات۔
عِلْمُ البِیُولُوجِیَا: بیالوجی۔
عِلْمُ تَدْوِیْنِ الحِسَابَات: اکاؤنٹنگ۔
عِلْمُ التَّرْبِیَة: ایجوکیشن۔
عِلْمُ تَرْکِیْبِ الاَدْوِیَة: فارمیسی، علمِ دوا سازی۔
عِلْمُ الحِسَاب: ارتھمیٹک۔
عِلْمُ الحَیَاة: بیالوجی۔
عِلْمُ الصَّنَائِعِ و الفُنُوْن: ٹیکنالوجی۔
عِلْمُ طَبَقَاتِ الاَرْض: علمِ ارضیات۔
عِلْمُ الظَّوَاهِرِ الجَوِّیَّة: علمِ موسمیات۔
عِلْمُ الفِلَاحة: علمِ زراعت۔
عِلْمُ الفَلَک: علمِ فلکیات، علمِ ہیئت۔
عِلْمُ المُحَاسَبَة: حساب دانی، علم الحساب۔
عِلْمُ النَّحو و الصَّرْف: گرامر، قواعد۔
عِلْمُ الهَنْدَسَة: جومیٹری۔
عِلْماً بِأَنَّهُ: یہ جان کر، یہ بات جانتے ہوئے۔
عَنْ عِلْمٍ: واقف ہوتے ہوئے۔
عُلُوم: سائنس۔
عُلُومٌ اِدَارِیَّة: انتظامی علوم۔
عُلُومٌ سُلُوْکِیَّة: تصوف۔
عِلْمِیّ: علمی، تعلیمی، مدرسہ سے متعلق۔
جَمْعِیَّةٌ عِلْمِیَّة: تعلیمی انجمن۔
صَنْعَةٌ اَوْ حِرْفَةٌ عِلْمِیَّة: تعلیمی پیشہ۔
عَلَامَ (عَلَی مَا؟): کس بات پر، کس وجہ سے۔
عَلَامَة: نشان، اشارہ، ٹوکن، لیبل، مارک۔
عَلَامَة: (۲) عمدہ قسم کا آٹا (۳) نقش ساز تختی، دھات وغیرہ کی پتلی سی تختی جسے کاٹ کر حروف یا نقش دوسری چیز پر اُتارے جاتے ہیں۔
عَلَامَةُ اِسْتِفْهَام: سوالیہ نشان (؟)۔
عَلَامَةٌ تِجَارِیَّة: ٹریڈ مارک۔
عَلَامَةُ الحَصْر: بریکٹ ()۔
عَلَامَةٌ مُمَیِّزَة: بیج، نشانِ امتیاز۔
عَلَامَاتُ الاِنْهِیَار: شکستگی کے آثار۔
عَلَامَاتُ التَّشَفِّی: اطمینان کی علامتیں۔
عَلَامَاتُ المُرُوْر: ٹریفک سگنل۔
عَلَّام، عَلِیْم: باخبر، زبردست عالم۔
عَالَم: دنیا، جہان، مخلوقات۔
عَالَمُ التِّجَارَة: تجارتی دنیا۔
العَالَمُ الثَّالِثُ: ترقی پذیر ممالک، تیسری دنیا۔
العَالَمُ الحُرّ (یُطْلَقُ عَلَی غَیْرِ البِلَادِ الشُّیُوْعِیَّة): آزاد دنیا۔
العَالَمُ الخَارِجِیّ: بیرونی دنیا۔
العَالَمُ الرَّأْسُمَالِیّ: سرمایہ داروں کی دنیا۔
عَالَمُ العَجَائِبَات: عجائبات کی دنیا۔
العَالَمُ النَّامِیْ: ترقی پذیر دنیا۔
عَالَمِیّ: بین الاقوامی، کائناتی۔
عَالِمٌ: (۱) صاحبِ علم (۲) تعلیم یافتہ۔
عَالِمٌ بِالأَمْرِ: واقف کار۔
عَالِمُ الاِقْتِصَاد: ماہر اقتصادیات۔
العَالِمُ الطَّبِیْعِیّ: سائنس داں، سائنٹسٹ۔
عَالِمَة: تعلیم یافتہ عورت (۲) مغنیہ۔
عُلَمَاءُ الحَفْرِیَّات: کھدائی کے ماہرین۔
عُلَمَاءُ الذَّرَّة: ایٹمی سائنس داں۔
عَلَائِمُ الخَیْر: آثارِ نیک۔
عَلَائِمُ الشَّرّ: آثارِ بد۔

عَلْمَانِیّ: سیکولر، غیر مذہبی۔
عَلْمَانِیَّة: سیکولرازم (Secularism)۔
اِعْلَام: اطلاع، انفارمیشن، نوٹس، نشر و اشاعت، خبر رسانی، پروپیگنڈہ۔
اِعْلَامٌ شَرْعِیّ: سمن عدالت۔
اِعْلَامِیّ: اطلاعاتی، ابلاغی۔
أُعْلُومَة: نشانِ راہ، سنگِ میل، علامت، نشان ج: أَعَالِیْمُ۔
اِسْتِعْلَامٌ عَنْ: انکوائری، تحقیق، معلومات حاصل کرنا۔
مَکْتَبُ اسْتِعْلَامات: انکوائری آفس، دفترِ تحقیقات۔
تَعْلِیْم: تعلیم، تہذیب۔
التَّعْلِیْمُ الاِبْتِدَائِیّ: ابتدائی تعلیم۔
التَّعْلِیْمُ الاَسَاسِیّ: بیسک تعلیم۔
التَّعْلِیْمُ الاِلْزَامِیّ: کمپلسری تعلیم، لازمی تعلیم۔
التَّعْلِیْمُ الثَّانَوِیّ: سیکنڈری تعلیم۔
التَّعْلِیْمُ الثَّانَوِیُّ الْمُتَوَسِّطُ: جونیئر سیکنڈری تعلیم۔
التَّعْلِیْمُ الْعَالِیْ: اونچی تعلیم، ہائر ایجوکیشن۔
التَّعْلِیْمُ الْفَنِّیّ: ٹیکنیکل تعلیم، فنی تعلیم۔
التَّعْلِیْمُ الْمُخْتَلِط: مخلوط تعلیم۔
تَعْلِیْمَات: ہدایت، ارشادات، احکامات۔
تَعْلِیْمَاتٌ مُسْتَمِرَّة: مسلسل ہدایات۔
مَعْلَم: نشان، اثر، بیئر، مارک ج: مَعَالِمُ۔
مَعَالِمُ الْمَدِیْنَة: شہر کے آثار جو دور سے نظر آئیں۔
مَعَالِمُ أَثَرِیَّة: پرانی عمارتیں، نشانات، آثارِ قدیمہ۔
مَعَالِمُ الاِقْتِرَاح: تجویز کے خطوط۔
مَعَالِمُ طَامِسَة: مٹے ہوئے نشانات۔
مُعَلَّم: نشان لگایا ہوا، سکھایا ہوا۔
مُعَلِّم: استاذ، ٹیچر، اتالیق، ماسٹر۔
مُعَلِّمٌ خَاصٌّ: ٹیوٹر، خصوصی اسباق پڑھانے والا۔
مُعَلِّمَة: اُستانی۔
مَدْرَسَةُ الْمُعَلِّمِیْنَ: استادوں کی تربیت کا مدرسہ۔
مَعْلُوْمَات: ریکارڈس، معلومات۔
مَعْلُوْمَاتٌ أَوْفَی: مکمل ترین معلومات، بھرپور معلومات۔
مَعْلُوْمَاتٌ سِرِّیَّة: خفیہ معلومات۔
مَعْلُوْمَاتٌ وَثِیْقَةٌ أَکِیْدَة: مستند معلومات۔
مَعْلُوْمِیَّة: علم، واقفیت، اطلاع، نالج۔
لِلْمَعْلُوْمِیَّة أُذِیْعَ هٰذَا الاِعْلَانُ: اطلاع کے لئے یہ اعلان شائع کیا گیا۔
عَلِنَ ـُ عَلَناً و اسْتَعْلَنَ: ظاہر ہونا۔
عَالَنَ و أَعْلَنَ الأَمْرَ و به: ظاہر کرنا، مشتہر کرنا۔
أَعْلَنَ إِعْلَاناً: شائع کرنا، اعلان کرنا، اشتہار دینا، ڈکلیر کرنا، نوٹس دینا۔
أَعْلَنَ الْحُکْمَ: فیصلہ سنانا، حکم سنانا۔
أَعْلَنَ عَنْ کذا: کسی چیز کے بارے میں بیان دینا۔
أَعْلَنَ الإِضْرَابَ عَنْ کذا: اسٹرائک کا

اعلان کرنا۔
أَعْلَنَ الشَّيْءُ عَنْ حُسْنِ نِيَّتِهِ: نیک نیتی کا پتہ دینا۔
أُعْلِنَ رَسْمِيّاً: سرکاری طور پر اعلان کیا گیا۔
عَلِنٌ: ظاہر۔
عَلَنِيٌّ: کھلا ہوا، آشکارا، عیاں۔
عَلَناً: کھلے طور پر، کھلم کھلا، برملا۔
عَلانِيَةٌ: (ضد: سِرٌّ) ظاہر، آشکارا۔
عَلانِيَةً: علی الاعلان، کھلے بندوں۔
إِعْلان: بیان، اشتہار، اطلاع، نوٹس، اعلان، ڈکلریشن۔
إِعْلانٌ صَغِيرٌ: ہینڈ بل، چھوٹا اشتہار جو تقسیم کیا جائے۔
إِعْلانٌ رَسْمِيّ: سرکاری اعلان۔
إِعْلانٌ مُلْصَقٌ عَلَى الجِدَارِ: پوسٹر۔
إِعْلانُ حُضُورٍ إِلَى المَحْكَمَةِ: سمن عدالت۔
إِعْلانُ حَلِّ مَجْلِسِ النُّوَّابِ: پارلیمنٹ توڑنے کا اعلان۔
إِعْلانُ حَالَةِ الطَّوارِئ: ہنگامی حالات کا اعلان۔
إِعْلانُ الحَرْبِ: اعلانِ جنگ۔
إِعْلانُ نَتِيجَةِ الانْتِخَابَاتِ: انتخابی نتائج کا اعلان۔
إِعْلانٌ مُصَوَّر: باتصویر اشتہار۔
الإِعْلانُ عَنْ أَسْعَارِ البَضَائِعِ: سامان کے نرخوں کا اعلان۔
الإِعْلانُ عَنِ السِّلَعِ: ایڈورٹائزمنٹ، سامان کا اشتہار۔
الإِعْلانُ عَنْ وَظِيفَةٍ خَالِيَةٍ: خالی اسامی کا اعلان۔
الإِعْلانُ العَالَمِيُّ لِحُقُوقِ الإِنْسَانِ: حقوقِ انسانی کا عالمی اعلان۔
الإِعْلانُ المُشْتَرَك: مشترکہ بیان۔
الإِعْلانُ اليَدَوِيّ: ہینڈ بل۔
إِعْلاناتٌ قَضَائِيَّة: عدالتی نوٹس۔
إِعْلاناتٌ مُبَوَّبَة: موضوع وار اشتہارات۔
شَرِكَةُ إِعْلاناتٍ: ایجنسی اشتہارات۔
لَوْحَةُ عَرْضِ الإِعْلانَاتِ: نوٹس بورڈ۔
عُلُوٌّ، عَلاءٌ: بلندی، بلندیِ مرتبہ۔
عُلُوٌّ شَاهِقٌ: زبردست بلندی۔
عَلَوِيّ: آسمانی۔
عَلَوِيّ، عُلْوِيّ: بالائی، فوقانی۔
عَلا الرَّجُلُ ـُ عُلُوّاً: غالب ہونا، بلند ہونا۔
عَلَتْ عَزِيمَتُهُ: ارادہ بلند ہونا۔
عَلا و عَلِيَ ـَ عَلاءً: فوقیت لے جانا۔
عَلا و عَلِيَ و اعْتَلَى: اوپر ہونا، بلندی پر چڑھنا۔
عَلا و عَلِيَ و اعْتَلَى الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔
عَلَّى و أَعْلَى: ترقی دینا، بلند کرنا۔
اِعْتَلَى: اوپر چڑھنا۔
اِعْتَلَى العَرْشَ: تخت نشین ہونا۔
اِعْتَلَى مَقَالِيدَ السُّلْطَةِ: اختیارات سنبھالنا۔
اِعْتَلَى المِنْبَرَ أَوْ مِنَصَّةَ الخِطَابَةِ: تقریر کے لئے اسٹیج پر آنا۔

تَعَالَی و اسْتَعْلَی: بلند ہونا۔
تَعَالَتِ الْهُتَافَاتُ: نعرے بلند ہونا۔
تَعَالَ: آ (واحد مذکر)۔
تَعَالَوْا: (جمع مذکر) آؤ۔
تَعَالَیْ: (واحد مونث)۔
تَعَالَیْنَ: (جمع مونث) آؤ۔
عَلاۃٌ: سندان، اہرن جس پر لوہار لوہا رکھ کر کوٹتا ہے۔
عَلاوۃ: زیادتی، اضافہ، الاؤنس ج: عَلاوَاتٌ و عَلاوَی۔
عَلاوۃ مَاهِيَة: تنخواہ میں اضافہ۔
عَلاوَۃٌ إضَافِيَة: زائد الاؤنس۔
عَلاوَۃُ التَرَمُّل: بیوگی کا الاؤنس۔
عَلاوَۃُ الدَّرَجَة: گریڈ الاؤنس۔
عَلاوَۃٌ علی السِّعْر: زائد چارجنگ۔
عَلاوَۃُ غَلاءِ المَعِيْشَة: گرانی الاؤنس۔
عَلاوَۃٌ عَلَی كذا: مزید براں، علاوہ ازیں۔
عَلِيٌّ: بلند رُتبہ۔
عَلْيَاءُ: آسمان۔
عَلْيَاءُ و عُلْيَا: بلند جگہ۔
عُلِّيَة: بالا خانہ، بالائی کمرہ۔
عُلِّيَة، عِلِّيُّوْن: اونچے درجہ کے لوگ، سربرآوردہ لوگ۔
عَالٍ: بلند، اونچا، زبردست، ہائی (۲) بہت خوب، بالکل ٹھیک۔
اَعْلٰی: زیادہ بلند، بلند مرتبہ، ہائی، بلند تر۔
القَائِدُ الاَعْلٰی: سپریم کمانڈر۔
اَعْلَاهُ: اوپر، ابھی ابھی، بالا۔
مَذْكُوْرٌ اَعْلَاهُ: مذکورۂ بالا، مندرجۂ بالا۔
مِنَ الاَعَالِیْ: بلندیوں سے۔
عَلْوَنَ الخِطَابَ: خط پر پتہ لکھنا۔
عُلْوَانُ الخِطَاب: خط کا پتہ۔
عُلْوَانُ الكِتَاب: کتاب کا نام۔
عَلَی القِيَاس: ناپ کے مطابق۔
عَلَی مَا: کیوں۔
عَلَی ضَوْءِ كَذَا: فلاں چیز کی روشنی میں۔
عَلَی عَهْدِ فُلَان: فلاں کے عہد میں۔
عَلَی وَشْك: بالکل قریب۔
يُغَنِّي عَلَی العُوْد: وہ ساز پر گاتا ہے۔
يَرْقُصُ عَلَی المُوسِيْقَی: موسیقی کے مطابق یا ساتھ ناچتا ہے۔
عَلَيْه: اس کے ذمہ، اس پر لازم ہے۔
عَلَيَّ بِهٖ: اسے میرے پاس لاؤ۔
لا عَلَيْكَ: کوئی حرج نہیں۔

ع.....م

عَمَدَ إلَيْه ـِ عَمْداً: قصد کرنا، ارادہ کرنا۔
عَمَدَ و اَعْمَدَ: سہارا دینا۔
عَمَّدَ تَعْمِيْداً: نصرانی بنانا۔
تَعَمَّدَ الاَمْرَ: بالقصد کام کرنا، دیدہ و دانستہ کرنا۔
اِعْتَمَدَ عَلَی: بھروسہ کرنا۔
اِعْتَمَدَ الشَّیْءُ علی كذا: دارومدار ہونا۔
اِعْتَمَدَ الشَّیْءَ: اصل بنانا۔
اِعْتَمَدَ مَبْلَغاً: کسی کام کے لئے کوئی رقم منظور کرنا۔
لَا يُعْتَمَدُ عَلَيْه: ناقابلِ اعتماد۔
عَمُدٌ: سہارا، ستون۔

عَمْدٌ، تَعَمُّدٌ: قصد۔
عَمْداً: دیدہ دانستہ، بالقصد۔
عُمْدَة، عِمَاد: سہارا، رکن۔
عُمْدَةُ البَلَد: حاکمِ شہر، ذمہ دارِ شہر۔
عُمْدَةُ القَرْيَة: مکھیا، چودھری۔
عُمْدَةُ المَدْرَسَة: مدرسہ کی ذمہ دار کمیٹی۔
عِمَاد ج: عُمُد، عَمُود ج: اَعْمِدَة: ستون، کھمبا۔
عَمُود: ستون، پول، چربی ستون، پلر، بلّی، موٹا بانس (۲) کالم ج: اَعْمِدة و عُمُد و عَمَد۔
عَمُودُ البَطْن: پشت۔
عَمُودُ التِّلِغْرَاف: ٹیلیگراف پول۔
عَمُودُ الصَّحِيفَة: اخبار کا کالم۔
عَمُودُ السَّرِيْر: پلنگ کا پایہ۔
عَمُودٌ فَقَرِيّ: ریڑھ کی ہڈی۔
عَمُودُ القَنْطَرَة: پُل کا پایہ، ستون۔
تَاجُ العَمُود: عمارتی ستون کا بالائی نمایاں حصہ۔
قَاعِدَةُ العَمُود: ستون کا نچلا حصہ۔
عَمُودِيّ: سیدھا، نچلا، ستون نما۔
عَمِيْد: (۱) سربراہ، صدر (۲) پرنسپل ج: عُمَدَاء۔
عَمِيْدُ السِّلْكِ السِّيَاسِيّ: جماعتِ سُفراء کا صدر۔
عَمِيْدُ الكُلِّيَّة: کالج کا پرنسپل۔
عَمِيْدُ الجَامِعَة: یونیورسٹی کا صدر، ریکٹر، شیخ الجامعہ۔
اِعْتِمَاد: بھروسہ، اعتبار، ساکھ، اعتماد (۲) کریڈٹ، قرض (۳) منظوری۔
الاِعْتِمَادُ عَلَى النَّفْس: خوداعتمادی۔
اِعْتِمَادٌ كُلِّيٌّ عَلَى كذا: مکمل اعتماد۔
اِعْتِمَادُ تَصْدِيْر: ایکسپورٹ قرض، ایکسپورٹ کریڈٹ۔
اِعْتِمَادٌ طَوِيْلُ الاَجَل: طویل المیعاد قرض۔
اِعْتِمَادٌ قَصِيْرُ الاَجَل: مختصر المیعاد قرض۔
اِعْتِمَادٌ لِمُدَّةٍ قَصِيْرَة: مختصر المیعاد قرض۔
اِعْتِمَادٌ مَصْرِفِيٌّ: بینک کریڈٹ، بینک قرضہ۔
اِعْتِمَادٌ مَالِيّ (يُخَصَّصُ لِغَرَضٍ مَّا): فنڈ۔
اِعْتِمَادُ مَصْرُوْفَاتِ الطَّوَارِئ: ہنگامی اخراجات کا فنڈ۔
اِعْتِمَادُ مِيْزَانِيَّة: بجٹ پاس کرنا، بجٹ کی منظوری۔
اَوْرَاقُ اِعْتِمَادٍ: (سرکاری) تعارفی یا شناختی کاغذات۔
خِطَابُ اِعْتِمَادٍ: ہُنڈی، رقعۂ مالی۔
مُعْتَمِدٌ عَلَى النَّفْس: خودکفیل۔
مُعْتَمَدٌ: قابلِ اعتماد، مُستند، مُصدّقہ۔
مُعْتَمَد: (۲) نائب، مختار، نمائندہ، ڈپٹی۔
مُعْتَمَدٌ سِيَاسِيّ: سفیر، ڈپلومیٹک ایجنٹ۔
عَمَرَ المَنْزِلُ بِالنَّاسِ عَمْراً: گھر آباد ہونا۔

عَمَرَ بِالمَکان: مقیم ہونا، بسنا۔
عَمَرَ و عَمَّرَ: بڑی عمر پانا۔
عَمَرَ و عَمَّرَ و أَعْمَرَ: آباد کرنا، تعمیر کرنا۔
عَمَّرَهُ اللّٰهُ: خدا اس کی عمر دراز فرمائے۔
عَمَّرَ المِصْبَاحَ: لمپ وغیرہ میں ہوا بھرنا۔
اِسْتَعْمَرَه فِی المَکَان: آباد کرنا۔
اِسْتَعْمَرَ المَکَانَ: کسی جگہ نئی بستی قائم کرنا۔
اِسْتَعْمَرَ: (۲) نوآبادی بنانا۔
عُمْرٌ: زندگی، اتیج، عمر ج: اَعْمَار۔
عُمْرٌ جَدِیْدٌ: نئی زندگی۔
نِصْفُ عُمْرٍ: سیکنڈ ہینڈ، مستعمل۔
لَعَمْرِی: میری جان کی قسم۔
لَعَمْرُ اللّٰهِ: خدا کی قسم۔
عَمَرٌ: مستورات کا سر کو باندھنے کا رومال۔
عُمْرَان: تعمیر، کثرتِ باشندگان، آبادی (۲) تہذیب وتمدن۔
عَمْرَة: سر کو ڈھانکنے کا کپڑا۔
عَمَار: سلام۔
عِمَارَة: بلڈنگ، عمارت (۲) قبیلہ۔
عِمَارَةٌ بَحْرِیَّة: سمندری بیڑا۔
عِمَارَةٌ ذَاتُ ثَلَاثَةِ اَدْوَارٍ: تین منزلہ عمارت۔
صِنَاعَةُ العِمَارَة: عمارت سازی۔
عَامِرٌ، عَمِیر: آباد، پُر رونق۔
عَمِیرَة: بڑا خاندان، قبیلہ سے چھوٹا ج: عَمَائِرُ۔
عَمِیرَة: (۲) شہد کی مکھی کا چھتا۔
الاِسْتِعْمَار: استعماریت، سامراجیت، سامراج، نوآبادکاری، نوآبادی قائم کرنا۔
اِسْتِعْمَارِی: سامراجی۔
مِعْمَار: عمارت بنانے والا، راج، معمار۔
مُهَنْدِسٌ مِعْمَارِی: فنِ تعمیر کا ماہر۔
هَنْدَسَةُ المِعْمَار: فنِ تعمیر سازی۔
مَعْمُوْر: آباد، آبادی، عالم۔
مَعْمُوْرَة: آبادی، عالم۔
مُسْتَعْمِرٌ: نوآبادکار، نوآبادیاں قائم کرنے والا، سامراجی۔
المُسْتَعْمِرُ القَابِضُ عَلَی الاَرْض: علاقہ پر قابض، سامراجی۔
مُسْتَعْمَرَة ج: مُسْتَعْمَرَات: کالونی، نوآبادی، وہ حصۂ زمین جس پر غیر ملکی جماعت قابض ہو اور اس کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے قائم ہو۔
مُسْتَعْمَرَةُ التَّاج: شاہی علاقہ جو براہِ راست بادشاہ کے کنٹرول میں ہو۔
مُسْتَعْمَرَه مُسْتَقِلَّة: خودمختار نوآبادی، جاگیر، ریاست۔
مُسْتَعْمَرات: نوآبادیات۔
مُسْتَعْمَرَاتُ التَّاج: شاہی نوآبادیات۔
عَمِشَتْ عَیْنُه ـَ عَمَشاً: بینائی کمزور ہونا۔
اَعْمَش: کمزور نگاہ، چوندھا۔
عَمُقَ ـُ و عَمِقَ ـَ عُمْقاً و عَمَاقَةً: گہرا ہونا۔
عَمَّقَ و أَعْمَقَ: گہرا کرنا، گہرا بنا دینا۔
عَمَّقَ التَّعَاوُنَ بَیْن: تعاون کو فروغ دینا۔
تَعَمَّقَ فِی الأَمْرِ أو البَحْث: کسی معاملہ یا موضوع کی گہرائی میں پہنچنا۔
تَعَمَّقَتِ الفَجْوَةُ بَیْن: خلا وسیع ہونا۔
عُمْق و عُمُق: گہرائی (۲) تلی ج: اَعْمَاق

عَمِیق: گہرا۔
عَمِیقُ التَفکُر: گہری سوچ میں رہنے والا۔
اَعمَقُ: انتہائی گہرا۔
عَمِلَ ـَ عَمَلاً: (۱) کرنا (۲) کام کرنا (۳) بنانا (۴) تیار کرنا (۵) مصروف ہونا (۶) کارروائی کرنا۔
عمِلَ فیه: اثر کرنا۔
ـــ بالاَمر: کسی حکم کے مطابق عمل کرنا۔
ـــ عَلَی شیءٍ: کوشش کرنا، سعی کرنا، جدوجہد کرنا۔
ـــ عَلَی اِبَادَةِ الشَّعب: عوام کی تباہی کی کوشش کرنا۔
ـــ علی اِخرَاجِ الشیءِ مِنْ وَاقِعِهِ المُؤلِم: ناگفتہ بہ حالت سے نکالنے کی جدوجہد کرنا۔
ـــ علی دَعمِ السِّلم: استحکامِ امن کی سعی کرنا۔
ـــ علی اِعَادَةِ الثِّقَةِ فِی القِیَادَة: قیادت پر اعتماد بحال کرنے کی کوشش کرنا۔
ـــ علی دَرءِ الأَخطَار: خطرات دور کرنے کی کوشش کرنا۔
ـــ علی تَمزِیقِ القُوَی الوَطَنِیَّة: ملکی طاقتوں کو کمزور کرنے کی کوشش کرنا۔
ـــ علی التَّهدِئَة: سکون پیدا کرنے کی کوشش کرنا۔
ـــ لِحِسَابِ فُلانٍ: کسی کے مفاد میں کام کرنا۔
ـــ لِلتَّسوِیَة: حل کرنے کی کوشش کرنا۔
أَعمَلَ المِقَصَّ علی کذا: کسی چیز پر قینچی چلانا۔
عَمَّلَهُ عَلَی البَلَد تَعمِیلاً: کسی شہر کا حاکم یا گورنر بنانا۔
عَمَّلَ الجُرحُ: زخم میں پیپ پڑ جانا۔
عَامَلَه مُعَامَلَةً: سلوک کرنا، طرزِ عمل اختیار کرنا، معاملہ کرنا، لین دین کرنا۔
عَامَلَهُ بِطَرِیقَةٍ وَحشِیَّة: وحشیانہ سلوک کرنا۔
تَعَامَلَ القَومُ: باہم لین دین کرنا۔
اِعتَمَلَ فِی النَّفس: کارفرما ہونا۔
اِعتَمَلَ الصِّرَاعُ فی نَفسِ اَحَدٍ: ذہن میں کشمکش ہونا۔
اِستَعمَلَ اَحَداً لِغَرَضٍ: آلۂ کار بنانا۔
عَمَلٌ: فعل، کام، اقدام، کارروائی، مشغلہ، کاروبار، محنت کاری، ورک، مومنٹ، ایکٹ ج: اَعمَال۔
العَمَلُ الاِجتِمَاعِیّ: سوشل ورک۔
عَمَلُ الاستِفتَاء: رائے شماری کا عمل۔
عَمَلُ اسْتِفتَاءٍ شَعبِیّ: عام رائے شماری کا عمل۔
عَمَلٌ بِدِقَّةٍ: احتیاط سے کام کرنا۔
عَمَلٌ بَنَّاءٌ: تعمیری کام، ترقیاتی کام۔
عَمَلٌ تَأدِیبِیّ: تادیبی کارروائی۔
عَمَلٌ تَحتَ رِئَاسَةٍ: ماتحتی میں کام کرنا۔
عَمَلُ التَّرتِیبَات: انتظامات کرنا۔
عَمَلُ التَّمَائِم و التَّعوِیذ: تعویذ گنڈے کرنا۔
عَمَلٌ جَادٌّ: ٹھوس کارروائی۔
عَمَلٌ جَبَّار: بہت بڑا کام۔
عَمَلٌ جَمَاعِیّ: اجتماعی کارروائی۔
عَمَلُ حَاجِزٍ بَینَ: رکاوٹ پیدا کرنا۔

عَمَلٌ حَازِمٌ: ٹھوس کارروائی۔
عَمَلُ الحِصَارِ الاِقْتِصَادِیّ علی: اقتصادی ناکہ بندی عائد کرنا۔
عَمَلٌ رَابِح: نفع بخش کاروبار۔
عَمَلٌ رَتِیْبٌ: روٹین ورک، معمول کے مطابق کام۔
عَمَلٌ رَسْمِیّ: سرکاری کام۔
العَمَلُ سِرّاً: خفیہ کارروائی کرنا۔
عَمَلٌ شَرِیْف: اچھا کام، باعزت کام۔
عَمَلُ الصَّفْقَةِ عَلَی شَیْءٍ: سودے کا کسی چیز پر اثر انداز ہونا۔
عَمَلٌ طُوْلَ الوَقْت: فل ٹائم کام۔
عَمَلُ الطَّیَّار علی الطَّائِرَة: پائلٹ کا ہوائی جہاز چلانا۔
عَمَلٌ عَبْقَرِیّ: شاہکار، قابلِ فخر کارنامہ۔
عَمَلٌ عُدْوَانِیّ: دشمنانہ کارروائی، جارحانہ اقدام۔
العَمَلُ الفِدَائِیّ: سرفروشانہ جدوجہد۔
عَمَلُ الفَوَاتِیْر: بیجک بنانا، بل بنانا۔
عَمَلُ الفَهَارِس: فہرستوں کی تیاری کا کام۔
العَمَلُ فِی حَقْلِ التَّبْشِیْر (المَسِیْحِیّ): عیسائی مشن پر کام کرنا۔
عَمَلٌ کِتَابِیّ: کلریکل ورک، محرری، منشی گری۔
عَمَلُ الکَمَائِن: کمین گاہیں بنانا۔
عَمَلٌ لَا اَخْلَاقِیّ: غیر اخلاقی کارروائی، اخلاق سے گرا ہوا فعل۔
العَمَلُ المُبَاشِر (کالمُقَاطَعَة والاِضْرَاب عَنِ العَمَل): ڈائرکٹ ایکشن، براہ راست کارروائی۔
عَمَلٌ مَدْفُوعٌ بِالسَّاعَة: ٹائم ورک۔
عَمَلٌ مُرْهِق: دشوار کام۔
عَمَلٌ مُسَلَّح: مسلح کارروائی۔
عَمَلٌ مُشْتَرَک: مشترک کارروائی، مشترکہ کاروبار، مشترکہ کام، ساجھے کا کام۔
عَمَلٌ مُکَثَّف: زبردست مشغولیت۔
العَمَلُ المَلْمُوس: نمایاں کام۔
العَمَلُ المَنُوطُ بِاَحَدٍ: مفوضہ کام۔
عَمَلٌ مُوَحَّد: متحدہ کارروائی۔
عَمَلٌ مَیْدَانِیّ: فیلڈ ورک۔
عَمَلُ نُسَخ عَدِیْدَة: ڈپلی کیٹ کاپیاں بنانے کا کام۔
عَمَلٌ وَحْدَوِیّ: اتحادی کارروائی۔
عَمَلٌ یَدَوِیّ: دست کاری۔
عَمَلِیٌّ (قَابِلٌ لِلتَّنْفِیْذ، مُمْکِنٌ تَنْفِیْذُهُ): قابلِ عمل، سہل العمل، عمل پذیر۔
اَعْمَال: کاروبار، کارروائیاں۔
الاَعْمَالُ الاِجْرَامِیَّة: مجرمانہ کارروائیاں۔
اَعْمَالٌ اِرْهَابِیَّة: دہشت پسندانہ کارروائیاں۔
اَعْمَالٌ بِنَائِیَّة: تعمیری کام۔
اَعْمَالُ شَغَبٍ عَنِیْفَة: زبردست ہنگامے، فسادات۔
اَعْمَالُ العُدْوَان: جارحانہ کارروائیاں۔
اَعْمَالُ عُنْفٍ: پُرتشدد کارروائیاں۔
اَعْمَالٌ فَوْضَوِیَّة: لاقانونیت۔
اَعْمَالٌ مَصْرِفِیَّة: بینکنگ، بینک

کاری۔
الأعْمَالُ المَكْتَبِيَّة: آفس روٹین، دفتری کام، آفس ورک۔
أعْمَالٌ نَقْدِيَّة: مالی امور۔
أعْمَالٌ هَدَّامَة: تخریبی کارروائیاں۔
أعْمَالٌ يَدَوِيَّة: دست کاریاں۔
رَجُلُ الأعْمَال: عملی آدمی، مصروف آدمی۔
عُمْلَة: کرنسی، سکہ ج: عُمُلات۔
عُمْلَةٌ أجْنَبِيَّة: غیر ملکی سکہ۔
عُمْلَةٌ أجْنَبِيَّةٌ قَابِلَةٌ لِلتَّحْوِيل: غیر ملکی قابلِ تبدیلی سکہ۔
عُمْلَةٌ جَيِّدَة: کھرا سکہ۔
عُمْلَةٌ زَائِفَة: کھوٹا سکہ۔
عُمْلَةٌ سَهْلَة: سافٹ کرنسی (SOFT CURRENCY)۔
عُمْلَةٌ صَعْبَة: ہارڈ کرنسی۔
عُمْلَةٌ طَفِيفَةُ القِيمَة: کم قیمت سکہ۔
العُمْلَةُ العُشْرِيَّة: اعشاری سکہ۔
عُمْلَةٌ غَيْرُ قَابِلٍ لِلتَّحْوِيل: ناقابلِ تبدیل سکہ۔
عُمْلَةٌ قَابِلَةٌ لِلتَّحْوِيل: قابلِ تبدیل سکہ۔
عُمْلَةٌ مُتَدَاوَلَة: سکۂ رائج الوقت۔
عُمْلَةٌ مُجَمَّدَة: منجمد سکہ، بند کیا ہوا سکہ۔
عُمْلَةٌ مَحَلِّيَّة: ملکی سکہ۔
عُمْلَةٌ مُزَيَّفَة: کھوٹا سکہ۔
عُمْلَةٌ مُسَاعِدَة: معاون سکہ، عارضی سکہ۔
عُمْلَةٌ مَعْدِنِيَّة: دھات کا سکہ۔
عُمْلَةٌ مُنْخَفِضَةُ القِيمَة: کم قیمت سکہ۔
عُمْلَةٌ وَرَقِيَّة: نوٹ، کاغذی سکہ۔
العُمْلاتُ الحُرَّة: آزاد کرنسی۔
عُمْلاتٌ مُحْكَمَةُ التَّزْيِيف: ناقابلِ شناخت کھوٹے سکے۔
عِمَالَة: کمیشن پر کام کرنا (۲) ایجنسی، دلالی، ایجنٹ گری، کاسہ لیسی (۳) کمیشن، مزدوری، اُجرتِ کار۔
عُمُولَة: آڑھت، ایجنٹ گری، کمیشن۔
عُمُولَةُ البَنْك: بینک کمیشن۔
عُمُولَةٌ تِجَارِيَّة: تجارتی ایجنسی۔
عُمُولَةُ السِّمْسَار: دلال کا کمیشن۔
عُمُولَةُ الوُكَلاء: ایجنٹوں کا کمیشن۔
بالعُمُولَة: کمیشن پر۔
عَمَلِيَّة: خاص فعل (۲) کارروائی، آپریشن، کارکردگی، کارگزاری، کیس ج: عَمَلِيَّات۔
عَمَلِيَّةُ ابْتِزَاز: بلیک میل۔
عَمَلِيَّةُ إجْلاء: تخلیہ کی کارروائی۔
عَمَلِيَّةُ الاسْتِنْزَاف: خونریز کارروائی۔
عَمَلِيَّةُ الاغْتِيَال: قاتلانہ کارروائی، قاتلانہ حملہ۔
عَمَلِيَّةُ إنْتَاج: پیداواری کارگزاری۔
العَمَلِيَّةُ الانْتِحَارِيَّة: اقدام خودکشی۔
عَمَلِيَّةُ الانْسِحَاب: انخلاء کی کارروائی۔
عَمَلِيَّةٌ تَحْوِيلِيَّة: ٹرانسفر کارروائی۔
عَمَلِيَّةُ تَرْمِيمٍ مَبْنًى: بلڈنگ کی مرمت وترمیم کا کام۔
عَمَلِيَّةُ التَّعَسُّف: ظالمانہ کارروائی۔
عَمَلِيَّةٌ تَعَسُّفِيَّة: ظالمانہ کارروائی۔
عَمَلِيَّةُ تَعْمِيَة: اخفاء کی کارروائی۔

عَمَلِيَةُ التَّفْتِيش: تلاش کا کام۔
عَمَلِيَةُ التَّوْلِيد: دایہ گری۔
عَمَلِيَّةٌ جِرَاحِيَّة: آپریشن، سرجری آپریشن، سرجیکل آپریشن۔
عَمَلِيَّةٌ جَسُورَة: انتہائی جرأتمندانہ کارروائی۔
عَمَلِيَّةُ الخَتْم: مہر لگانے کی ڈیوٹی۔
عَمَلِيَّةُ الذَّبْح: قاتلانہ کارروائی۔
عَمَلِيَّةٌ سِرِّيَّة: خفیہ کارروائی۔
عَمَلِيَّةٌ صَغِيرَة: چھوٹا آپریشن۔
عَمَلِيَّةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی کارروائی، آپریشن۔
عَمَلِيَّةُ العُنْف: تشدد کی کارروائی۔
عَمَلِيَّةٌ كَبِيرَةٌ: بڑا آپریشن۔
عَمَلِيَّةٌ مُشْتَرَكَة: مشترکہ کارروائی۔
عَمَلِيَّةٌ مَقْضِيٌّ عَلَيْهَا بِالفَشَل: یقینی طور پر ناکام ہونے والی کارروائی۔
عَمَلِيَّةُ الهُجُوم: حملہ کی کارروائی۔
عَمَلِيَّاتُ اسْتِكْشَاف: سراغ رسانی کی کوششیں، سراغ رسانیاں۔
العَمَلِيَّاتُ التَّخْرِيبِيَّة: تخریبی کارروائیاں۔
عَمَلِيَّاتُ التَّفْتِيشِ الواسِعَةُ النِّطَاق: زبردست تلاشیاں۔
عَمَلِيَّاتٌ حِسَابِيَّة: حسابی عمل، کام۔
العَمَلِيَّاتُ الفِدَائِيَّة: گوریلا کارروائیاں۔
عَمَلِيَّاتُ النَّسْفِ و التَّخْرِيب: تخریبی کارروائیاں۔
عَمِيل: ایجنٹ، آڑھتی (۲) گاہک ج: عُمَلاء۔
عَامِل: (۱) کاریگر (۲) کارکن، ورکر (۳) مزدور، ملازم، نوکر (۴) حاکم ج: عُمَّال۔
عَامِل: سبب، وجہ، محرک، انجن ج: عَوَامِل۔
عَامِلٌ أَسَاسِيّ: بنیادی سبب۔
عَامِلٌ بِالأَجْر: تنخواہ پر کام کرنے والا۔
عَامِلٌ بِاليَوْمِيَّة: یومیہ مزدوریا کارکن، روزانہ کی مزدوری پر کام کرنے والا۔
عَامِلُ التِّلِغْرَاف: ٹیلیگراف کارکن، ٹیلیگرافر۔
عَامِلُ التِّلِغْرَافِ اللَّاسِلْكِيّ: وائرلیس آپریٹر۔
عَامِلُ التِّلِفُون: ٹیلیفون آپریٹر۔
عَامِلُ الجَمْع (فی المَطْبَعة): کمپوزیٹر۔
عَامِلُ ضَعْف: کمزوری کا باعث۔
عَامِلُ ضَغْط: دباؤ کا سبب۔
عَامِلُ العَاطِفَة: جذباتی محرک۔
عَامِلٌ على كذا: نگراں، منتظم۔
عَامِلٌ فِي مَنْجَم: کان میں کام کرنے والا مزدور۔
عَامِلُ المِصْعَد: لفٹ مین۔
عَامِلٌ على البَلَد: گورنر، حاکم۔
عَامِلُ المَطْبَعَة: پرنٹر۔
العَامِلُ المِيكَانِيكِيّ (كعامِل التِّلِغْرَاف): آپریٹر۔
عَامِلُ الوَقْت: وقت کا تقاضا۔
عُمَّال و: عَامِل: لیبر، کارکن۔
عُمَّالُ إِدَارَة: اسٹاف، عملہ۔
عُمَّالُ الإِنْقَاذ: امدادی عملہ۔
عُمَّالُ الشَّحْنِ و التَّفْرِيغ: سامان اُتارنے چڑھانے والے مزدور۔
عُمَّالٌ عَرَضِيُّون: عارضی کارکنان یا مزدور۔
عُمَّالُ السِّكَّةِ الحَدِيدِيَّة: ریلوے ملازمین۔

عُمّالٌ مُعَطَّلُون: بے روزگار مزدور۔
عوامِلُ: اسباب ومحرکات۔
العَوامِلُ البَشَرِیَة: بشری محرکات۔
المُعَامَلَةُ بالمِثل: جیسے کو تیسا، تُرکی بترکی۔
مُعَامَلةٌ تَنطَوِیُ عَلَی التَّفرِقَة: امتیازی معاملہ۔
مُعَامَلاتٌ تِجَارِیَة: کاروباری معاملات۔
مُعَامَلاتٌ جُمرُکِیَة: کسٹم سے متعلق معاملات۔
مَعْمَل: مل، فیکٹری، کارخانہ۔
مَعْمَلُ التَّجلِید: جلدسازی کا کارخانہ، بائنڈنگ ہاؤس۔
مَعْمَلُ تَکرِیر: ریفائنری، تیل وغیرہ صاف کرنے کا کارخانہ۔
مَعْمَلُ تَکرِیرِ السُّکَّر: شوگر ریفائنری۔
مَعْمَلٌ عِلمِیّ: لیبارٹری۔
مَعْمَلٌ کِیمَاوِیّ: (کیمیکل) لیبارٹری۔
مَعْمُوْل: تیار کردہ (۲) اثر۔
مَعْمُولٌ بہ: نافذ، جاری۔
عِمْلاق: دیو، دیوقامت، کوئی عظیم الشان قوت، غیر معمولی قابلیت یا قوت کا شخص، غیر معمولی قدو قامت کا شخص، جانور یا درخت، زبردست، بھاری ج: عَمَالِقَة۔
عَمَّمَ: عام کرنا (۲) پگڑی باندھنا۔
عَمَّ ـُ عُمُوماً: عام ہونا، پھیلنا۔
عَمَّ الاِستِیَاءُ الاَوسَاطَ الشَّعبِیَّة: عوامی حلقوں میں غم وغصہ پھیلنا۔
عَمَّ الاِضطِرَابُ: ابتری پھیلنا۔
تَعَمَّمَ: پگڑی باندھنا۔
عَامٌّ: جنرل، مشترک، مروّجہ۔
عُمُوم: سب، تمام۔
عُمُومُ الهِنْد: آل انڈیا، کل ہند۔
لِعُمُومِ الهِنْد: آل انڈیا۔
عُمُومَة: دادھیال۔
عَمِیَ ـَ عَمًی و تَعَمَّی: اندھا ہونا۔
عَمِیَ عَنْ کذا: آنکھیں بند کرلینا۔
عَمِیَ عَلَیهِ الاَمْرُ: مخفی رہنا۔
عَمَّی: اندھا بنانا (۲) پوشیدہ رکھنا، پردہ ڈالنا (۳) گمراہ کرنا۔
عَمًی، عَمَایَة: گمراہی۔
اَعْمَی: اندھا ج: عُمْیٌ۔
عَمْیَاءُ: اندھی۔
طَاعَةٌ عَمْیَاءُ: کورانہ تقلید۔

ع.....ن

عَنْ: (۱) متعلق (۲) بسبب (۳) سے (۴) بعد (۵) برائے۔
عَنْ آخِرِهِمْ: سب، از اول تا آخر۔
عَنْ إِذْنِکَ: آپ کی اجازت سے۔
عَنْ بُعْدٍ: فاصلہ پر، دور سے۔
عَمَّا إِذَا: اس صورت میں جبکہ۔
عَنَّبَ الکَرْمُ: بیل پر انگور ہونا۔
عِنَبٌ: انگور ج: اَعْنَاب۔
عُنْقُودُ العِنَب: خوشۂ انگور۔
کَرْمُ العِنَب: انگور کی بیل۔
عَنِتَ ـَ عَنَتاً: تکلیف اٹھانا، سختی برداشت

کرنا۔
عَنَّتَ ، اَعْنَتَ: تکلیف دینا،سختی کرنا،مصیبت میں ڈالنا۔
تَعَنَّتَ الرَّجُلَ: پریشان کرنا۔
تَعَنُّتٌ: ہٹ دھرمی،شرارت،ضد۔
عَنَجَ ـُ عَنْجاً: کھینچنا۔
عِنْدَ: (ظرف زمان ومکان) جب،جس وقت (۲) پاس،نزدیک۔
عِنْدَمَا: جب،جس وقت۔
عِنْدَئِذٍ: اُس وقت،تب۔
عِنْدِیْ: (۱) میرے پاس (۲) میرے لئے (۳) میرے خیال میں۔
عَنَدَ ـُ عُنُوداً عَنِ الشیٔ: ہٹنا۔
عَنَدَ و اسْتَعْنَدَ: سرکش ہونا،ضدی ہونا۔
عَانَدَ مُعَانَدَةً: مخالفت کرنا۔
عِنَاد: مخالفت،ہٹ دھرمی،ضد (۲) نافرمانی۔
بِعِنَادٍ: سختی کے ساتھ،ہٹ دھرمی کے ساتھ۔
عَنِیْد ، مُعَانِد: مخالف،سرکش،ضدی،ہٹ دھرم،ہٹی،گنہگار۔
عَنْدَلِیْب: بُلبل ج: عَنَادِلُ۔
عَنْزٌ و عَنْزَةٌ: بکری۔
عُنْصُرٌ: (۱) اصل (۲) جنس (۳) مادّہ (۴) جوہر ج: عَنَاصِرُ۔
عَنَاصِرُ: افرادِقوم۔
العَنَاصِرُ الانْتِهَازِیَّة: موقع پرست عناصر۔
عَنَاصِرُ غَیْرُ مَرْضِیَّة: ناپسندیدہ عناصر۔
عَنَاصِرُ الفِتْنَة: فسادی عناصر۔
عَنَاصِرُ مُتَطَرِّفَة: انتہاپسند عناصر۔
العَنَاصِرُ المُکَتَّلَة: دھڑابند عناصر۔
العَنَاصِرُ المُشَاغِبَة: مفسد عناصر،غنڈہ عناصر۔
عَنَاصِرُ نِضَالِیَّة: جنگ جو عناصر۔
عُنْصُرِیّ: مادی (۲) جنسی (۳) نسلی،نسل پرستانہ۔
الفَوَارِقُ العُنْصُرِیَّة: نسلی امتیازات۔
عُنْصُل: جنگلی پیاز۔
عَنُفَ به و علیه ـُ عَنْفاً: سختی کرنا،تشدد کرنا۔
عَنَّفَ: سختی کے ساتھ ملامت کرنا (۲) سرزنش کرنا (۳) سخت وست کہنا۔
عَنَّفَ و اَعْنَفَ: سختی کا برتاؤ کرنا،تشدد کرنا۔
عُنْف: تشدد،سختی۔
عُنْفُوَانُ الشَّبَاب: آغازِ جوانی۔
عُنْفُوَانُ الاسْتِعْمَار: نوآبادکاروں کی بہار۔
عَنِیْف: سخت،شدید،زبردست،تشدد آمیز۔
جِهَادٌ عَنِیْف: زبردست جدوجہد۔
إجْرَاءَاتٌ عَنِیْفَة: سخت کارروائیاں۔
اَعْنَفُ: شدید تر،سخت ترین۔
اَعْنَفُ الاَزَمَات: سخت ترین بحران۔
تَعْنِیْف: سخت ملامت۔
عَنَّقَ: گردن پکڑنا۔
عَانَقَه: گلے لگنا،بغل گیر ہونا۔
عَانَقَ فُلاناً عِنَاقاً حَارّاً: گرم جوشی سے ملنا۔
اِعْتَنَقَ و تَعَانَقَ الرَّجُلان: باہم بغل گیر ہونا۔
اِعْتَنَقَ الدِّیْنَ و العَقِیْدَةَ: مذہب و عقیدہ اختیار کرنا،اپنانا۔

اِعْتَنَقَ رَأْياً: رائے رکھنا، نظریہ اپنانا۔
اِعْتَنَقَ المَبَادِئَ: اصول اپنانا۔
عُنُق: گردن ج: اَعْنَاق۔
عَنْقَاء: ایک نامعلوم فرضی پرندہ۔
عِنَاق: مُعانقہ۔
عَنَاق: بکری کا ایک سال سے کم کا بچہ ج: اَعْنُق۔
عُنْقُود: گچھا، خوشہ ج: عَنَاقِيْد
عَنْكَب، عَنْكَبُوت: مکڑی ج: عَنَاكِبُ و عَنْكَبُوتَات۔
نَسِيْجُ العَنْكَبُوت: مکڑی کا جالا۔
عَنَّنَ الكِتَابَ: عنوان قائم کرنا، نام رکھنا۔
عَنَّ لَهُ ـُ عَنّاً: ظاہر ہونا، سامنے آنا، پیش آنا۔
عَنَان: بادل و: عَنَانَة۔
عَنَانُ السَّمَاء: بلندیِ آسمان۔
عِنَان: لگام، رسّی، مہار ج: اَعِنَّة۔
اَطْلَقَ لَهُ العِنَانَ: بے مہار چھوڑنا، آزادی دینا۔
عِنِّين: نامرد۔
عَنُوَّة: زبردستی، بزور۔
عَنَا ـُ عُنُوّاً: تابع ہونا، مطیع ہونا، سامنے جھکنا۔
عَنَاهُ الأَمْرُ: پریشان کرنا۔
عَنْوَنَهُ بِكَذَا عَنْوَنَةً: سُرخی لگانا، عنوان قائم کرنا۔
عَنْوَنَ الخِطَابَ: پتہ لکھنا۔
عَنْوَنَ الكِتَابَ: نام رکھنا۔
عُنْوَان: پتہ، ایڈریس (۲) مضمون کی سرخی (۳) کتاب کا نام، ٹائٹل ج: عَنَاوِيْن۔
عُنْوَانٌ بِحَرْفٍ كَبِيْر: ہیڈ لائن۔
عُنْوَانٌ بَرْقِيّ: تار کا پتہ۔
عُنْوَانٌ رَئِيْسِيّ (فِي صَحِيْفَةٍ): شاہ سُرخی، اخبار میں پہلی سرخی۔
عُنْوَانُ الشَّرِكَة: فرم کا نام۔
صَفْحَةُ العُنْوَان: ٹائٹل پیج۔
مُعَنْوَنٌ بِاسْمِ فُلَانٍ: کسی کے نام سے منسوب۔
عَنَى ـِ عَنْياً: ارادہ کرنا، قصد کرنا۔
عَنَى بِهِ: حفاظت کرنا (۲) توجہ دینا۔
عَنَى الأَمْرُ فُلَاناً: کسی سے متعلق ہونا، سروکار ہونا، غرض رکھنا۔
هٰذَا لَا يَعْنِيْنِيْ: مجھے اس سے سروکار نہیں۔
عُنِيَ بِالأَمْرِ عِنَايَةً: توجہ دینا، اہتمام کرنا۔
عَنِيَ ـَ عَنَاءً: تھکنا، تکلیف اٹھانا۔
عَانَى مُعَانَاةً: تکلیف اٹھانا، مصیبت جھیلنا۔
عَانَاهُ و مِنْهُ: سامنا ہونا، دوچار ہونا، مبتلا ہونا۔
عَانَى مِنَ الأَزْمَةِ العَصَبِيَّة: ذہنی کشمکش میں مبتلا ہونا۔
عَانَتِ الحُكُومَةُ أَزْمَةً: حکومت کو بحران کا سامنا ہونا۔
اِعْتَنَى بِالأَمْر: توجہ دینا، اہتمام کرنا۔
اِعْتَنَى بِهِ: حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرنا۔
تَعَنَّى: تھکنا، تکلیف جھیلنا۔
عَنَاء: تکلیف (۲) تھکان۔
عِنَايَة، اِعْتِنَاء: توجہ، اہتمام، اٹینشن۔
أَعْنِي، يَعْنِي: مطلب یہ ہے۔
مُعَانَاة: تکلیف، پریشانی۔

مُعَاناةٌ رَهِيبَة: سخت پریشانی۔
مُعَاناةٌ قَاسِيَة: سخت تکلیف۔
مَعْنَى: مضمونِ کلام، مفہوم (۲) حقیقت
ج: مَعَان۔
لَا مَعْنَى لَهُ: بے مطلب، بے مقصد۔
مَعَان: حقائق، معانی (۲) نیک جذبات۔
مَعَانِي العَطْفِ والرِّعَايَة: شفقت و عنایت کے جذبات۔
مَعْنَوِيّ: (۱) بامعنی (۲) ضد حسّی (۳) ضد مادّی (۴) روحانی، باطنی۔
المَعْنَوِيَّة: مورل، حوصلہ، روحانیت۔
المَعْنَوِيَّةُ المُرْتَفِعَة: بڑھا ہوا حوصلہ۔
مَعْنِيٌّ بكذا: متعلق، اہتمام کرنے والا، توجہ دینے والا۔
مَعْنِيُّون: متعلقین۔
مُعْتَنٍ بكذا: توجہ و اہتمام کرنے والا۔

ع ٥

عَهِدَ الشيءَ ـــ عَهْداً: دیکھ بھال کرنا، نگہداشت کرنا (۲) جاننا (۳) پانا۔
ـــ الوَعْدَ: پورا کرنا۔
ـــ إِلَيْه بكذا: کوئی کام سپرد کرنا، ذمہ دار بنانا (۲) ٹھیکہ دینا۔
ـــ إليه بِمَنْصِب: عہدہ سپرد کرنا۔
عَاهَدَه: عہد کرنا۔
عَاهَدَ نَفْسَهُ على شيءٍ: کسی بات کا فیصلہ کرنا، اپنے اوپر کوئی بات لازم کرنا۔
تَعَهَّدَ: نگرانی کرنا۔
تَعَهَّدَ بكذا: ذمہ داری لینا، ٹھیکہ لینا۔
تَعَهَّدَ له بكذا: ضامن بننا، وعدہ کرنا۔
اِسْتَعْهَدَ مِنْه: عہد لینا، وعدہ لینا۔
اِسْتَعْهَدَهُ من نَفْسِه: کسی سے اپنی زندگی کا بیمہ کرانا۔
عَهْد: (۱) وفاداری (۲) ذمہ (۳) وعدہ (۴) امان (۵) ضمانت (۶) ڈیٹ، زمانہ، دور
ج: عُهُود۔
عَهْدٌ على أَدَاءِ الدَّوْر: کردار ادا کرنے کا عہد۔
العَهْدُ البَائِدُ: گزشتہ زمانہ، فرانسیسی انقلاب سے پہلے کا زمانہ۔
العَهْدُ الجَدِيد: انجیل۔
العَهْدُ القَدِيم: توراۃ۔
حَدِيثُ العَهْد: نیا، نئی پیداوار، نوعمر (قَرِيبُ العَهْد)۔
مِنْ عَهْدٍ قَرِيب: حال ہی میں، کچھ عرصہ ہوا۔
ثَابِتُ العَهْد: وفادار۔
نَقْضُ العَهْد: عہد شکنی۔
عَلَى عَهْدِ فُلَان: فلاں کے دور میں۔
قَطَعَ عَهْداً على نَفْسِه: عہد کرنا۔
عَهِدْتُ بِهِ أَنَّه كذا: میں اسے جانتا ہوں کہ وہ ایسا ہے۔
فِيمَا أَعْهَدُ: میری دانست میں۔
عُهْدَة: ذمہ داری، چارج (۲) ضمانت (۳) کمزوری۔
عَلَى عُهْدَةِ فُلَان: فلاں کی ذمہ داری میں۔
عَهِيد، مُعَاهِد: عہد کرنے والا۔
تَعَهُّد: نگہداشت (۲) ذمہ داری، پابندی

(۳) ٹھیکہ ج: تَعَهُّدَات۔
مُعَاهَدَة: معاہدہ، ایگریمنٹ۔
مُعَاهَدَةٌ تِجَارِيَّة: معاہدۂ تجارت۔
مُعَاهَدَةُ تَسْلِيمِ الْمُجْرِمِين: تحویلِ مجرمین کا معاہدہ۔
مُعَاهَدَةُ تَعَاوُن: امدادِ باہمی کا معاہدہ۔
مُعَاهَدَةُ صَدَاقَةٍ: دوستی کا معاہدہ۔
مُعَاهَدَةُ عَدَمِ الاِعْتِدَاء: ناجنگ معاہدہ۔
مَعْهَد: ادارہ ج: مَعَاهِدُ۔
مَعْهَدُ الْبُعُوث: باہر سے آنے والوں کا ادارہ۔
مَعْهَدٌ عِلْمِيّ: انسٹی ٹیوٹ۔
مُتَعَهِّد: اجارہ دار، ذمہ دار، ٹھیکیدار۔
مُتَعَهِّدُ أَعْمَال: کاموں کا ٹھیکیدار۔
مُتَعَهِّدُ تَوْرِيدِ عُمَّال: مزدوروں کا ٹھیکیدار، سپلائی کنٹریکٹر۔
مُتَعَهِّدُ النَّقْل: ٹرانسپورٹ کنٹریکٹر۔
مَعْهُود: معلوم، مقرر۔
مَعْهُودٌ إِلَيْه بِكَذا: اسے فلاں کام کا ذمہ دار بنایا گیا ہے، وہ فلاں بات کا ذمہ دار ہے۔
عَهَرَ الْمَرْأَةَ و إِلَيْها عُهُوراً و عَهَارَةً: زنا کرنا۔
عِهْر، عَهَارة: بدکاری، زنا کاری، گناہ۔
عَهِرٌ و عَاهِرٌ: زانی، بدکار۔
عَاهِرٌ، عَاهِرَة: زانیہ، فاحشہ۔
عَاهِلٌ: شہنشاہ ج: عَوَاهِل۔
ع و
عَوِجَ ـــ عَوَجاً و اعْوَجَّ و تَعَوَّجَ: ٹیڑھا ہونا (۲) مڑنا۔
عَوَّجَ و أَعْوَجَ: ٹیڑھا کرنا، موڑنا۔
عَاجٌ: ہاتھی دانت و: عَاجَة۔
عَاجِيٌّ: ہاتھی دانت کا۔
اَعْوَجُ، مُعَوَّج: ٹیڑھا، مڑا ہوا، آڑا۔
عَوَّدَ تَعْوِيداً: عادی بنانا۔
عَادَ ـُ عَوْداً: (۱) لوٹنا (۲) ہونا۔
عَادَ إِلَى الأَمْر: دوبارہ کرنا۔
عَادَ عليه بكذا: اس کے حق میں یہ نتیجہ نکلا۔
عَادَتِ الْحَيَاةُ النِّيَابِيَّة: پالیمنٹری دور بحال ہونا۔
عَادَ بِالكَرَامَة: وقار بحال کرنا۔
عَادَ الهُدُوءُ إلى كذا: سکون ہو جانا، امن بحال ہونا۔
عَادَتِ الْمَجَلَّةُ لِلصُّدُور: دوبارہ اخبار جاری ہونا۔
عَادَتِ الْمِيَاهُ إلى مَجَارِيهَا: حالات معمول پر آنا۔
عَادَتِ الثِّقَةُ إلى: اعتماد بحال ہونا۔
عَادَتْ حَرَكَةُ الْمُرُور: آمد و رفت بحال ہونا۔
لَمْ يَعُدْ بِالإِمْكَان: ممکن نہیں رہا۔
لَمْ يَعُدْ مَوْضِعَ تَقْدِيرِه: آنکھوں سے گر گیا۔
عَادَ ـُ عِيَادَةً: بیمار پرسی کرنا۔
عَاوَدَ: دوبارہ کرنا، مکرر کرنا۔
عَاوَدَ الكُرَةَ: گیند کو دوبارہ پھینکنا۔
عَاوَدَهُ بِالسُّؤَال: بار بار پوچھنا۔
عَاوَدَتْهُ الْحُمَّى: دوبارہ بخار آنا۔

عَاوَدَ الشیٔ: عادت بنالینا۔
عَیَّدَ تَعْیِیداً: جشن منانا، عید منانا۔
عَیَّدَ عَلَیْہِ: عید کی مبارک باد دینا۔
اَعَادَ إعَادَۃً: لوٹانا، واپس کرنا، مکرر کرنا۔
اَعَادَ الاِتِّصَالَ بِأَحَدٍ: دوبارہ رابطہ قائم کرنا۔
اَعَادَ الشیٔ إلی الأَذْھَانِ: یاد دلانا، یاد تازہ کرنا۔
اَعَادَ الطَّلَبَ: دوبارہ درخواست کرنا۔
اَعَادَ طَبْعَ الکِتَاب: دوبارہ شائع کرنا، دوسرا ایڈیشن نکالنا۔
اَعَادَ النَّظَرَ فِی: نظرِ ثانی کرنا، دوبارہ غور کرنا۔
اَعَادَ النَّظَرَ فِی القَرَار: تجویز پر نظرِ ثانی کرنا۔
اِعْتَادَ و تَعَوَّدَ الأَمْرَ: عادی ہونا۔
اِسْتَعَادَ الشیٔ: واپس لینا (۲) بحال کرنا۔
اِسْتَعَادَۃُ الشیٔ: دوبارہ کرنے کی درخواست کرنا۔
اِسْتَعَادَ الثِّقَۃَ بَیْنَھُمْ: اعتماد بحال کرنا۔
اِسْتَعَادَ الصِّحَّۃَ: تندرستی بحال کرنا۔
عَادَۃ: عادت، اخلاق (۲) معمول ج: عَادَات۔
عَادَۃً: عام طور سے۔
فَوْقَ العَادَۃ: غیر معمولی، ہنگامی، خلافِ معمول۔
اِجْتِمَاعٌ فَوْقَ العَادَۃ: ہنگامی میٹنگ، غیر معمولی جلسہ۔

عَادِیّ: معمولی، معمول کے مطابق (۲) عام (۳) قدرتی (۴) رائج (۵) متداول (۶) آثارِ قدیمہ، قدیم عمارات ج: عَادِیَّات۔
عَائِد: ملاقاتی (۲) عیادت کنندہ ج: عُوَّادٍ۔
عَائِد: ٹیکس، لگان، بچت ج: عَوَائِدُ۔
عَائِدٌ صَافٍ: خالص بچت۔
العَائِدُ الضَّخْمُ: بھاری آمدنی، زبردست منافع۔
عَائِدَۃ: پرافٹ، فائدہ، آمدنی، منافع ج: عَائِدَات و عَوَائِدُ۔
عَائِدَاتُ النِّفْط: پٹرول کی آمدنی۔
عَوَائِد: چنگی، ٹیکس۔
عَوَائِدُ الأَمْلَاک: جائیداد ٹیکس۔
عَوَائِدُ جُمْرُکِیَّۃ: کسٹم ڈیوٹی، کسٹم چنگی۔
عَوَائِدُ جُمْرُکِیَّۃٌ إِضَافِیَّۃ: اضافی کسٹم سرچارج۔
عَوَائِدُ الدِّلَالَۃ: نیلامی فیس، دلالی کی اجرت۔
عَوَائِدُ المُرُوْر: ٹول ٹیکس۔
عَوَائِدُ المِیْنَاء: بندرگاہ ٹیکس۔
عَوْد، عَوْدَۃ: واپسی۔
عَوْد و عِیَادَۃ: ملاقات، بیمار پرسی۔
عَوْد و عِیَاد: تکرار۔
عِیَادَۃُ طَبِیْبٍ: مطب، ڈسپنسری ج: عِیَادَات۔
عُوْد: (۱) لکڑی (۲) چھڑی (۳) ایک باجا (۴) ایک قسم کی خوشبو۔
عُوْدُ الثِّقَاب: پھول جھڑی۔

عَجَمَ عُودَه: آزمانا، تجربہ کرنا، حقیقت معلوم کرنا۔
عِید: خوشی (۲) خوشی کا دن (۳) تہوار، جشن (۴) میلہ (۵) تعطیل ج: اَعْیَاد۔
عِیدُ اَلْفِیّ: جشنِ ہزار سالہ۔
عِیدُ رَأْسِ السَّنَة: آغازِ سال کا جشن، جشن نوروز۔
عِیدٌ سَنَوِیّ: جشنِ سالانہ۔
عِیدُ الفِصْح: عیسائیوں کا تہوار۔
عِیدٌ مِئَوِیّ: جشن صد سالہ۔
عِیدُ المِیلَاد: جشنِ ولادت، جنم دن، برسی، برتھ ڈے۔
عِیدٌ فِضِّیّ: سلور جوبلی۔
عِیدٌ وَطَنِیّ: قومی تہوار۔
عِیدِیَّة: تحفۂ عید، عیدی۔
اِعَادَة: (۱) واپسی (۲) تکرار (۳) واگزاری۔
اَعِدْ: دوبارہ (ارشاد فرمائیے) پھر پھر۔
اِعْتِیَادِیّ: دستوری، رائج، معمول کے مطابق۔
مَعَاد: انجام (۲) آخرت۔
مُعْتَاد: معمولی، مروّج۔
مُعِید: ڈمانسٹریٹر، معاون مدرس۔
مُعِیدُ الدَّرْس: معاون مدرس۔
مِیعَاد: وقتِ مقرر ج: مَوَاعِیدُ۔
عَوَّذَ و أعَاذَ: خدا کی حفاظت میں دینا (۲) کسی کے لئے تعویذ کرنا۔
عَاذَ ـُ عَوْذاً و تَعَوَّذَ و اسْتَعَاذَ بِه: پناہ لینا (۲) حفاظت میں آنا۔
عَوْذ، مَعَاذ: پناہ گاہ۔
عُوذَة: تعویذ، گنڈا ج: عُوَذ۔
عَوَّرَ تَعْوِیراً: کانا بنانا۔
عَوِرَ ـَ عَوَراً: کانا ہونا۔
أعَارَهُ إعَارَةً: قرض دینا، اُدھار دینا، لون دینا، عاریۃً دینا۔
اِسْتَعَارَ الشیٔ: قرض لینا، اُدھار لینا، عاریۃً لینا۔
عَارِیَة: قرض۔
عَوْرَة: قابلِ پوشیدگی اعضائے جسم، ستر ج: عَوْرَات۔
عَوْرَة، عِوَار: عیب۔
أعْوَرُ: کانا ج: عُوْر۔
مُعِیر: قرض دہندہ۔
مُسْتَعِیر: قرض گیرندہ۔
مُسْتَعَار: (۱) قرض لیا ہوا (۲) مصنوعی، عارضی (۳) جھوٹا (۴) مجازی۔
عَازَ ـُ عَوْزاً: محتاج ہونا۔
عَوِزَ ـَ عَوَزاً و أعْوَزَ: مفلس و غریب ہونا۔
عَوِزَ الشیٔ: کم یاب ہونا۔
عَوِزَ الأمْرُ: دشوار ہونا۔
یُعْوِزُهُ کَذَا: اس میں فلاں چیز کی کمی ہے۔
عَوَز، إعْوَاز: ضرورت و احتیاج، غربت و افلاس۔
عَوِزٌ، عَائِزٌ، مُعْوِزٌ: مفلس محتاج۔
عَوِصَ ـَ عَوَصاً: کلام کا مشکل ہونا۔
عَوِیص: مشکل، ناقابلِ فہم۔
مُشْکِلَةٌ عَوِیصَة: پیچیدہ مسئلہ۔
عَوَّضَ و عَاضَ ـُ عَوْضاً و أعَاضَ: بدلہ

دینا، معاوضہ دینا، اُجرت دینا۔
عَوَّضَ و اَعَاضَ عَنِ الضَّرَرِ: نقصان کا تاوان دینا۔
اِعْتَاضَ و تَعَوَّضَ مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِعْتَاضَ عَنْهُ: بدل بننا۔
عِوَضٌ: بدلہ، معاوضہ۔
عِوَضٌ و تَعْوِيضٌ: انعام۔
عِوَضٌ و تَعْوِيضٌ عَنْ: تاوان، حرجانہ، معاوضۂ نقصان۔
عِوَضاً عَنْ: بجائے، بدلہ میں۔
لَا يُعَوَّضُ: ناقابلِ معاوضہ۔
تَعْوِيضٌ: الاؤنس، معاوضہ، حرجانہ، کلیم، انعام ج: تَعْوِيضَات۔
تَعْوِيضُ الْبَطَالَةِ: بے روزگاری الاؤنس۔
تَعْوِيضُ الْعُمَّالِ: مزدوروں کا معاوضہ۔
تَعْوِيضٌ مَدَنِيٌّ: شہری معاوضہ۔
تَعْوِيضَاتٌ: معاوضے۔
تَعْوِيضَاتٌ عَنِ الْخَسَائِرِ: نقصانات کے معاوضے۔
عَوَّقَ تَعْوِيقاً و عَاقَ ـُ عَوْقاً: مؤخر کرنا، روکنا، رکاوٹ ڈالنا۔
تَعَوَّقَ: التوا میں پڑنا، رکنا، مؤخر ہونا۔
عَوْقٌ، إِعَاقَةٌ: تاخیر، التواء، رکاوٹ۔
عَائِقٌ، عَائِقَةٌ: رکاوٹ ج: عَوَائِقُ۔
عَوَائِقُ: رکاوٹیں۔
عَوَائِقُ مُصْطَنَعَةٌ: مصنوعی رکاوٹیں۔
عَوَّاقَةُ الْقِطَارِ الْحَدِيدِيِّ: بریک دین۔
مُعِيقٌ: مانع۔

الْمُعَوَّقُونَ: معذور لوگ۔
مُعَوِّقَاتٌ: رکاوٹیں۔
مُعَوِّقَاتٌ تَسْوِيقِيَّةٌ: خرید و فروخت کی مشکلات۔
عَوَّلَ تَعْوِيلاً و أَعْوَلَ: گریہ وزاری کرنا، آہ و بکا کرنا، واویلا مچانا۔
عَوَّلَ و أَعْوَلَ عَلَى: بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا۔
عَوَّلَ و أَعْوَلَ عَلَى نَفْسِهِ: اپنے پر بھروسہ کرنا۔
عَوَّلَ و أَعْوَلَ عَلَى أَمْرٍ: پختہ ارادہ کرنا۔
عَالَ ـُ فِي حُكْمِهِ عَوْلاً: ظلم کرنا۔
عَالَ: بھاری ہونا (۲) کسی پر بوجھ بننا۔
عَالَ عِيَالَهُ أَوْ غَيْرَهُ ـُ عِيَالَةً: کفالت کرنا، پرورش کرنا، اخراجات کا ذمہ دار ہونا۔
عَالَ و اَعَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا (۲) مفلس محتاج ہونا۔
عَوْلٌ، عَيْلٌ: ظلم۔
عَوْلٌ و عِيَالَةٌ و إِعَالَةٌ: معاشی کفالت، کنبہ پروری، عیالداری، پرورش۔
عَوْلٌ (۲): عیالدار، کنبہ پرور۔
عَوْلٌ و عَوِيلٌ: گریہ وزاری، واویلا۔
عِيَالٌ عَلَى فُلَانٍ: کسی کا دستِ نگر، محتاج۔
عَوِيلٌ، عِيَالَةٌ عَلَى: دوسرے کا محتاج، دوسروں کے سہارے زندگی بسر کرنے والا۔
عِوَلٌ، تَعْوِيلٌ: بھروسہ۔
عَالَةٌ: (۱) چھتری (۲) بوجھ۔

عَائِل: غریب، مفلس، نادار ج: عَالَة و عُیَّل۔
عَائِل (۲) مُعِیل: عیالدار، کنبہ دار۔
عَائِلَة: گھرانہ، خاندان، فیملی، کنبہ ج: عَائِلَات۔
العَائِلَةُ المَالِكَة: حکمراں خاندان۔
عَائِلِيّ: ازدواجی، خانگی۔
عَيْلُ الرَّجُل: اہلِ خانہ جن کی معاشی کفالت مرد کے ذمہ ہو ج: عِيَال۔
مُعَال: زیرِ کفالت، زیرِ پرورش۔
مِعْوَل: کدال ج: مَعَاوِل۔
مُعَوَّل: بھروسہ۔
المُعَوَّلُ عَلَيْه: معتمدعلیہ۔
عَوْم: تیراکی۔
لِبَاسُ العَوْم: تیرنے کا لباس۔
خَطُّ العَوْم: تیرنے کی لائن۔
عَوَّمَ السَّفِينَة: کشتی کھینا۔
عَوَّمَ الثُّلُوجَ مِنْ مُسْتَقَرِّهَا: برف کو بہادینا، اپنی جگہ سے ہٹادینا۔
عَامَ ـُ عَوْماً: تیرنا، سطح پر رہنا۔
عَائِم: (۱) تیراک (۲) تیرتی ہوئی چیز۔
عَائِمَة: تیرکا مکان، خانہ کشتی، ہاؤس بوٹ۔
عَوْماً، بِالعَوْم: تیرکر۔
عَامٌّ: سال ج: أَعْوَام۔
عَامَّة و عَوَام: عام لوگ (در عمم)۔
عَوَّام: تیراک، زبردست تیراک۔
عَوَّامَة: مچھلی کے کانٹے کے ساتھ ڈور میں بندھی ہوئی لکڑی جو تیرتی رہتی ہے۔

عَوَّنَ، أَعَانَ، عَاوَنَ: مدد کرنا۔
أَعَانَهُ مِنْه: چھڑانا، جان بچانا۔
عَوْن، إِعَانَة، مَعُونَة: امداد، سپورٹ، کمک۔
عَوْنَة: بےگار (۲) مزدور، لیبر۔
عَوَان: ادھیڑعمر ج: عُوُن۔
حَرْبٌ عَوَان: زبردست جنگ۔
عَانَة: پیڑو ج: عَانَات۔
إِعَانَة: سپورٹ، مدد، گرانٹ، ریلیف، امداد، کمک، اشتراکِ عمل۔
إِعَانَةٌ دِرَاسِيَّة: اسکالرشپ، تعلیمی وظیفہ۔
تَعَاوُنٌ إِقْلِيمِيّ: صوبائی تعاون۔
تَعَاوُنٌ بَيْنَ الشُّعُوب: قوموں کا تعاون۔
تَعَاوُنٌ ثُنَائِيّ: دوطرفہ تعاون۔
تَعَاوُنٌ دُوَلِيّ: بین الاقوامی تعاون۔
تَعَاوُنٌ مُتَبَادِل: باہمی تعاون، مشترکہ تعاون۔
تَعَاوُنٌ وَثِيق: زبردست تعاون۔
تَعَاوُنٌ وُدِّيّ: دوستانہ تعاون۔
تَعَاوُنِيّ: امدادِ باہمی کا (۲) معاونت کرنے والا۔
جَمْعِيَّةٌ تَعَاوُنِيَّة: کوآپریٹو سوسائٹی۔
مَعُونَةٌ اِجْتِمَاعِيَّة: سوشل ویلفیئر۔
مَعُونَةٌ اِقْتِصَادِيَّة: اقتصادی امداد۔
المَعُونَةُ الأَمْرِيكِيَّة: امریکی امداد۔
مَعُونَةٌ ثُنَائِيَّة: دوطرفہ امداد۔
مَعُونَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی امداد۔

مَعُوْنَةٌ فَنِيَّة: فنی امداد۔
مَعُوْنَةٌ مَالِيَّة: مالی امداد۔
مَعُوْنَةٌ مُتَبَادِلَة: مشترکہ امداد، باہمی امداد، متبادل امداد۔
مُعَاوَنَة: کوآپریشن، ہیلپ۔
مُعَاوِن: شریکِ کار، مددگار، اسسٹنٹ، ہیلپر۔
مُعِيْن: مددگار۔
المُعِيْن: اسسٹنٹ۔
عَوَّهَ النَبَاتَ تَعْوِيهاً: نباتات کو نقصان پہنچانا۔
عَوَّهَ الاِنْسَانَ: مُبتلائے مُصیبت کرنا۔
عَاهَ ـُـ عَوْهاً: نباتات کا آفت رسیدہ ہونا۔
عَاهَة: مصیبت، آفت (۱۲) بیماری ج: عَاهَات۔
مَعْوُوْهٌ، مَعْيُوْهٌ: مصیبت زدہ۔
عَوَى ـِـ عُوَاءً: کُتے اور بھیڑیے کا بولنا، بھونکنا۔
اِنْعَوَى: مڑنا۔
عُوَاء: بھونکنے کی آواز۔

ع.....ی

عَيَّبَهُ و عَابَهُ ـِـ عَيْباً: عیب لگانا، معیوب قرار دینا، مذمت کرنا، عیب دار بنانا۔
عَابَ عَلَيْه: مذاق اُڑانا۔
عَيْبٌ، مَعَاب: عیب، نقص، خامی، بگاڑ، خرابی۔
عَيْبٌ خَفِيّ: نامعلوم خرابی۔
عَيْبٌ ظَاهِر: کھلا عیب۔
عَيَّاب: مذمتی، بڑا عیب جو۔
مَعِيْب: عیب دار۔
عَاثَ ـِـ عَيْثاً: فساد پھیلانا، بگاڑ پیدا کرنا۔
عَيَّرَ تَعْيِيْراً: شرم دلانا، کسی کے فعل کو قابلِ مذمت قرار دینا۔
عَايَرَه مُعَايَرَةً: (۱) فخر کرنا (۲) جانچنا (۳) ناپ تول کرنا (۴) ٹسٹ کرنا۔
عَارَ ـِـ عَيْراً: حیران و سرگرداں پھرنا۔
عَارٌ: شرم (۲) عیب ج: اَعْيَار۔
يَا لِلْعَار: شرم شرم، کتنی شرم کی بات ہے۔
عَيْرٌ: حیرانی و سرگردانی (۲) جنگلی گدھا۔
عِيْرٌ: قافلہ ج: عِيْرَات۔
عِيْرَة: عارضی چیز۔
اَسْنَانٌ عِيْرَةٌ: مصنوعی دانت۔
عِيَار: مقدار، ناپ ج: عِيَارَات۔
عِيَارٌ نَارِيّ: شوٹ۔
عِيَارٌ (۲): (دا) وزن، باٹ ج: عِيَارات۔
عِيَارُ الذَّهَب: سونے کا وزن۔
عَيَّارٌ، عَائِر: آوارہ گرد، بے مشغلہ۔
عَيَّارٌ: (دا) کرین، آلۂ جرِ ثقیل۔
مِعْيَار: اسٹینڈرڈ، پیمانہ، کسوٹی ج: مَعَايِيْر۔
مِعْيَارِيّ: معیاری، اسٹینڈرڈ۔
مَعَايِيْبُ: عیوب۔
عِيْسٌ و: اَعْيَسُ: بھورے رنگ کا اونٹ۔
عَيَّشَ و اَعَاشَ: زندگی بسر کرانا، زندہ رکھنا۔
عَاشَ ـِـ عَيْشاً: زندہ رہنا، رہنا، زندگی گزارنا، بسر کرنا۔
عَاشَ فُلَانٌ: زندہ باد (نعرہ)۔
عَاشَ شَيْئاً كَذَا: کسی چیز کا ہمیشہ ساتھ

رہنا، کسی مسئلہ کو زندگی کا جزو بنانا، کسی مسئلہ کا ساتھ دینا۔
عَاشَ القَضِیَّۃَ: مسئلہ کو اچھی طرح سمجھنا۔
عَاشَ فِی رَغَدٍ: آرام سے زندگی بسر کرنا۔
عَاشَ فِی رَاحَۃِ بَالٍ: سکونِ قلب کے ساتھ زندگی گزارنا۔
عَاشَ فِی المَنفَی: جلاوطنی کی زندگی گزارنا۔
عَاشَ علی کذا: کسی چیز کے سہارے جینا (۲) کسی چیز کو غذا اور خوراک بنانا۔
عَایَشَہُ مُعَایَشَۃً: کسی کے ساتھ زندگی گزارنا، ساتھ رہنا۔
تَعَیَّشَ: زندہ رہنے کی کوشش کرنا (۲) زندگی بنانا۔
التَّعایُش: بقائے باہم۔
التَّعَایُشُ السِّلمِیّ: پُرامن بقائے باہم۔
عَیْش: زندگی، گزربسر (۲) چپاتی۔
عَیْشٌ و عِیشَۃ: زندگی کی حالت۔
عِیشَۃٌ قاسِیَۃ: تکلیف دہ زندگی۔
عِیشَۃُ الکَفَاف: بقدرِ کفاف زندگی۔
عَائِش: زندہ، خوشحال۔
عَیَّاش: روٹی بیچنے والا۔
مَعَاش، مَعِیشَۃ: سامانِ معیشت، گزر بسر کا سامان (۲) روزینہ۔
مَعَاشُ تَقَاعُدٍ: پنشن۔
مَعَاشٌ سَنَوِیّ: سالانہ پنشن۔
مَعَاشُ الشَّیخُوخَۃ: کبرسنی کی پنشن۔
مَعَاشُ طُولِ الحَیَاۃ: تاعمر وظیفہ، وظیفہ تاحیات، پنشن تاعمر۔
ذُو مَعَاشٍ: پنشنر، پنشن یافتہ۔
اَحَالَ فُلاناً عَلَی مَعاشٍ: پنشن دینا۔
عَیَّطَ: چیخنا، چلانا۔
عَیَّطَ علی: پکارنا، آواز دینا (۲) رونا۔
عِیاط: چیخ وپکار (۲) رونا۔
عَیْف: ناگواری، نفرت۔
عَافَ الشیءَ ـِ عَیْفاً و عِیافاً: گھن کرنا، برا سمجھنا، نفرت کرنا۔
عَافَ الطَّائِرُ علی الشیءِ ـِ عَیْفاً: گھومنا۔
عَیَّلَ و اَعْیَلَ: کثیر العیال ہونا۔
عَیَّلَ عِیالَہُ: کفالت کرنا۔
عِیلَ صَبْرُہ: اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا۔
عَیِّل: (دا) بچہ۔
عَالَ ـِ عَیْلاً: محتاج ومفلس ہونا۔
عَالَ عِیالَہ: کفالت کرنا، پرورش کرنا۔
عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا، کنبہ دار ہونا۔
عَیْلَۃ، عَائِلَۃ: کنبہ، گھرانہ، فیملی۔
اِبْنُ عَیْلَۃٍ: فیملی کا ایک فرد۔
رَبُّ عَیْلَۃ: صاحبِ کنبہ۔
عَائِلِیّ: خاندانی، گھریلو۔
عَائِل: فقیر ومحتاج۔
عِیالَۃ: کفالت، پرورش۔
مُعِیل: عیالدار، کنبہ دار۔
عَیَّنَ تَعْیِیناً: (۱) مقرر کرنا (۲) تخصیص کرنا (۳) تحدید کرنا (۴) ممتاز کرنا (۵) سوراخ کرنا (۶) نامزد کرنا۔

عَیَّنَ الحُدُوْدَ: حد بندی کرنا، سرحدیں متعین کرنا۔
عَیَّنَ حَارِساً قَضَائِیاً علی: ریسیور مقرر کرنا، کسی جائیداد کا نگراں مقرر کرنا۔
عَیَّنَ لَجْنَةً: کمیشن مقرر کرنا۔
عَیَّنَ وَصِیاً: جانشین مقرر کرنا۔
عَیَّنَ وَصِیاً إِدَارِیاً: انتظامی جانشین مقرر کرنا۔
عَیَّنَهُ فی وَظِیْفَةٍ أو مَرْکَزٍ: کسی اسامی یا عہدے پر تقرر کرنا۔
عَایَنَ و تَعَیَّنَ: معائنہ کرنا، دیکھنا، مشاہدہ کرنا، سروے کرنا۔
تَعَیَّنَ: مقرر ہونا (۲) نامزد ہونا۔
تَعَیَّنَ علیه: لازم ہونا۔
تَعَیَّنَ فی وَظِیْفَةٍ: کسی پوسٹ پر تقرر ہونا۔
تَعَیَّنَ المَوْعِدُ مَعَ أَحَدٍ لِلزِّیَارَةِ: اپائنٹ منٹ ہونا، کسی سے ملاقات کا وقت مقرر ہونا۔
عَیْنٌ: آنکھ ج: عُیُون (۲) نقد مال، سونا وغیرہ (۳) آفتاب (۴) چشمۂ آب (۵) قسم، نوع (۶) ذات (۷) حصہ (۸) کمپارٹمنٹ (۹) گھٹنا (۱۰) سردار، سربرآوردہ ج: أَعْیَان (۱۱) جاسوس ج: عُیُون (۱۲) منتخب چیز (۱۳) بعینہ۔
العَیْنُ العَارِیَة: بے چشمہ آنکھ، مجرد آنکھ۔
عَیْنُ العَطْف: نگاہِ شفقت۔
عَیْنُ الشَّمْس: قرصِ آفتاب، سورج کی ٹکیہ۔
شَاهِدُ عَیْنٍ: عینی شاہد۔
نَزَلَ مِنَ العَیْن: نظروں سے گر جانا۔
العَیْنَة: اصل، پیس، نمونہ، سیمپل ج: عَیْنَات۔
عَیْنِیّ: چشم دید، عینی (۲) غیر منقول۔
عَیَّنٌ: جلد رو پڑنے والا۔
عِیَان: مشاہدہ۔
بَدَا لِلْعِیَان: آنکھوں کے سامنے آ گیا۔
شَاهِدُ عِیَانٍ: عینی شاہد۔
عِیَانِیّ: ظاہر۔
عُوَیْنَات: (دا) چشمہ، عینک۔
عُیَیْنَة: چھوٹی سی آنکھ۔
تَعْیِیْن: تحدید (۲) نامزدگی (۳) تقرر۔
تَعْیِیْنُ المُوَظَّفِیْن: اسٹاف کا تقرر، عملہ کا تقرر۔
تَعْیِیْنُ الجُنْدِیّ: (جرایۃ) راشن۔
مَعِیْن: آب جاری، چشمۂ آب ج: مُعُن۔
مُعَیَّن: مقرر (۲) نامزد (۳) محدود۔
مُعَیَّنٌ فی مَنْصِبٍ: کسی عہدہ پر مامور۔
مُعَایَنَة: مشاہدہ، جانچ پڑتال، سروے۔
عَیِیَ و عَیَّ ـَ عَیاً و عَیَاءً: تھکنا، عاجز ہونا۔
أَعْیَاهُ إِعْیَاءً: تھکانا، عاجز بنانا۔
عَیٌّ، عَیَاءٌ: عجز، بیماری، تھکان۔
دَاءٌ عَیَاءٌ: لاعلاج بیماری۔
عَیَّان، مُعْیٍ: درماندہ، عاجز، بیمار۔

غ

غ.....ب

غَبَّ ـُ غِبّاً: ایک دن چھوڑ کر ملاقات کرنا، تیسرے دن آنا (زَارَهُ غِبّاً): اس نے وقتاً فوقتاً ملاقات کی۔

اَغَبَّتْهُ الحُمّٰی و عَلَیْه: ایک دن کے ناغے سے بخار آنا، تیسرے دن بخار آنا۔

غُبٌّ: چھوٹی خلیج۔

غِبٌّ: بعد۔

غِبٌّ، مَغَبَّة: انجام، نتیجہ۔

حُمّٰی الغِبِّ: باری کا بخار، تیسرے دن کا بخار۔

غَبِیْب: باسی۔

غَبَرَ ـُ غُبُوراً: گزرنا۔

غَبِرَ ـِ غَبَراً و اغْبَرَّ: گرد آلود ہونا (۲) گرد اُڑنا۔

تَغَبَّرَ: گرد آلود ہونا۔

غَبْرَاءُ: زمین۔

غُبْرَة، غَبَرَة، غَبَار: گرد۔

لَا غُبَارَ علیه: بے غبار، صاف۔

غَابِرٌ: گزشتہ۔

اَغْبَرُ: مٹی کے رنگ کا، بھورا۔

غَبَشَ ـَ غَبَشاً: تاریک ہونا۔

غَبَشٌ: رات کی تاریکی۔

غَبَاشَة: تاریکی۔

غَبَطَ الرَّجُلَ ـِ غِبْطَةً: رشک کرنا، کسی کے اچھے حال کی تمنا کرنا۔

اِغْتَبَطَ: خوش ہونا، اچھی حالت میں ہونا۔

غِبْطَة: رشک (۲) خوشی (۳) خوشحالی۔

مَغْبُوط: خوش قسمت۔

غَبَنَ الثَّوْبَ ـُ غَبْناً: کپڑے کو چشت دینا۔

غَبَنَ: دھوکہ دینا، نقصان پہنچانا۔

غَبْنٌ: نقصان، ظلم، دھوکہ۔

غَبْنَة: (فی ثَوْب) کپڑے کی چشت۔

مَغْبُون: نقصان رسیدہ، فریب خوردہ۔

غَبُّون: (مع) ایک قسم کا بندر۔

غَبِیَ الشیٔ و عَنْهُ ـَ غَبَاوَةً: (۱) ناواقف ہونا (۲) نابلد ہونا (۳) کند ذہن ہونا، ڈل ہونا۔

غَبِیَ الشیٔ عَلَیْه: ذہن سے نکلنا۔

غَبَاوَة: کند ذہنی (۲) غفلت (۳) بے وقوفی۔

غَبِیّ: کند ذہن، نابلد، جاہل ج: اَغْبِیَاء۔

غ.....د

غُدَّة ج: غُدَد: گوشت کی گرہ جو کسی بیماری سے جسم میں اُبھرتی ہے۔
غَدَرَ الرَّجُلَ و بہ ـُ غَدْراً: دھوکہ دینا (۲)، بے وفائی کرنا۔
غَدَرَ عَلَیْہ: (دا) ناراض ہونا۔
غَادَرَ مُغَادَرَةً: چھوڑنا، روانہ ہونا۔
غَادَرَ القَصْرَ إلی: وہ محل سے فلاں جگہ روانہ ہوا۔
غَدْرٌ: دھوکہ (۲) بے وفائی، عہد شکنی۔
غَدِیْر: تالاب (۲) چھوٹی نہر ج: غُدْرَان و غُدُر۔
غَدِیْرَةٌ: چوٹی ج: غَدَائِرُ۔
غَدَقٌ: نعمت (۲) فراخی، وسعتِ مالی۔
غُدَاف: پہاڑی کوا ج: غِدْفَان۔
غَدِقَ ـَ غَدَقاً و اَغْدَقَ المَطَرُ: بارش بکثرت ہونا۔
أغْدَقَ الشَّیْءَ علیہ: خوب دینا، دریا بہانا۔
أغْدَقَ السِّلاحَ عَلَی أحَدٍ: ہتھیاروں کی ریل پیل کرنا۔
أغْدَقَ المَالَ عَلَی شَیْءٍ: دھڑلے سے خرچ کرنا، بے دریغ خرچ کرنا، خوب خرچ کرنا۔
غَدِقٌ، مُغْدِق: بے حد، کثیر۔
غُدْوَة، غَدَاة: صبح ج: غُدُوٌّ و غَدَوَات۔
غُدْوَة: آمد (۲) دوپہر کا کھانا، لنچ (دا)۔
غَدَا ـُ غُدُوّاً: صبح کو جانا (۲) ہونا بمعنی صَارَ (۳) روانہ ہونا۔
غَدِیَ ـَ غَدَءً وَ تَغَدَّی: ناشتہ کرنا، (۲) دوپہر کا کھانا کھانا۔
غَدَّی تَغْدِیَةً: ناشتہ دینا (۲) لنچ دینا۔
غَدٌ: کل آئندہ (۲) مستقبل۔
غَدٌ اَفْضَلُ: شاندار مستقبل۔
الغُدُوُّ والرَّوَاحُ: آمد و رفت۔
غَـدَاء: (۱) ناشتہ (۲) دوپہر کا کھانا، لنچ ج: اَغْدِیَة۔

غ ف

غَذَّ ـُ غَذّاً: زخم سے پیپ نکلنا۔
غَذْوٌ، تَغْذِیَة: غذا رسانی، رسد رسانی۔
غَذَا ـُ غَذْواً و غَذَّاہُ تَغْذِیَةً: کھلانا، غذا دینا، خوراک دینا، رسد بہم پہنچانا۔
غِذَاءٌ: خوراک، کھانا ج: اَغْذِیَة۔
غِذَاءُ الحِمْیَة: پرہیزی کھانا۔
اَغْذِیَة: کھانے کی اشیاء، اشیائے خوردنی و: غِذَاء۔
اَغْذِیَةُ إغَاثَةٍ: ریلیف غذائیں، امدادی غذائیں۔
اَغْذِیَةٌ تَالِفَة: خراب غذائیں۔

غ ر

غَرَبَ ـُ غُرُوْباً: چھپنا، غروب ہونا۔
غَرَبَ و غَرَّبَ: چلا جانا، دور ہونا۔
غَرَبَ تَغْرِیْباً: جانبِ مغرب میں جانا۔
غَرَّبَہُ: جلاوطن کرنا، شہر سے دور کرنا۔
غَرَبَ ـُ غُرْبَةً: مسافر ہونا۔
غَرُبَ ـُ غَرَابَةً: نامانوس ہونا۔
اَغْرَبَ: عجیب بات کرنا (۲) مبالغہ کرنا۔
اَغْرَبَ فِی البِلَاد: ممالک میں گھومنا۔
اَغْرَبَ فی الضَّحِک: حد سے زیادہ ہنسنا۔

تَغَرَّبَ ، اِغْتَرَبَ: بے وطن ہونا، حقوق شہریت سے دست بردار ہونا، پردیسی ہونا، اجنبی بننا۔
اِسْتَغْرَبَ الاَمْرَ: تعجب کرنا (۲) عجیب سمجھنا۔
غَرْبٌ: (۱) آنسو بہنے کی جگہ (۲) آنسو (۳) دھار ج: غُرُوْب (۴) مغرب۔
غَرْبُ اَفْرِیْقِیَا: مغربی افریقہ۔
غَرْبِیّ: (۱) مقابل شرقی (۲) یورپین، مغربی طرز کا، مغربی قوم کا۔
غَرْباً: جانب مغرب میں۔
غُرْبَة: پردیس، سفر، جلاوطنی۔
غُرَاب: کوا ج: غِرْبَان و اَغْرِبَة۔
غَرَابَة: انوکھاپن (۲) اجنبیت (۳) تعجب۔
غَرِیْبٌ: اجنبی (۲) نامانوس (۳) پردیسی، فارن کا، غیر ملکی (۴) مسافر (۵) عجیب، نادر ج: غُرَبَاءُ۔
بَدَلُ اغْتِرَاب: سفر کا الاؤنس، پردیس میں رہنے کا الاؤنس۔
مَغْرِب: جانب غربی (۲) سورج چھپنے کا وقت اور جگہ۔
بِلَادُ المَغْرِب: مراکش۔
مَغْرِبِیّ: مراکشی ج: مَغَارِبَة۔
مُتَغَرِّب: پردیسی، مسافر۔
مُسْتَغْرَب: غیر مانوس۔
غَرْبَلَة: چھاننا۔
غَرْبَال: چھلنی ج: غَرَابِیْلُ۔
مُغَرْبَل: چھنا ہوا۔
غَرَدَ ـُـ غَرَداً و غَرَّدَ و اَغْرَدَ: پرندوں کا گانا چہچہانا۔
غَرَدٌ، تَغْرِیْد: گانا، چہچہاہٹ۔
غِرِّیْد ، مُغَرِّد: گانے والا، مُغَنّی، گویا۔
غَرَّرَ به تَغْرِیْراً: خطرہ کے سامنے لا کھڑا کرنا، خطرات کا نشانہ بنانا۔
غَرَّهُ ـُـ غَرّاً و غِرَّةً و غُرُوْراً: دھوکہ دینا (۲) غلط بات کہنا (۳) غلط امید دلانا۔
اَغَرَّهُ و اسْتَغَرَّهُ: بے خبری میں آنا۔
اِغْتَرَّ و اسْتَغَرَّ: دھوکہ کھانا۔
اِغْتَرَّ بِنَفْسِه: خود فریبی میں مبتلا ہونا، دھوکہ میں پڑنا۔
غِرٌّ: ناتجربہ کار، سادہ لوح، بھولا ج: أَغْرَار۔
غِرَّة: غفلت، بے خبری۔
عَلَى غِرَّةٍ: بے خبری میں۔
غُرَّةُ الشیء: کسی چیز کا اول حصہ۔
غُرَّة: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی (۲) چمک (۳) سفیدی ج: غُرَر۔
غُرَّةُ الشَّهْر: یکم، مہینہ کی پہلی تاریخ۔
غَرّ ، غِرَار: تلوار کی دھار۔
غِرَار (۲): ماڈل، نمونہ، طرز۔
علی غِرَارٍ: عجلت میں۔
علی غِرَارِ کذا: مثل، مانند، نمونہ پر۔
علی غِرَارٍ وَاحِدٍ: ایک ہی طرز پر۔
غَرَارَة: سادگی، بھولا پن، ناتجربہ کاری۔
غِرَارَة: بوری، بڑا تھیلا ج: غَرَائِرُ۔
غُرُوْر: دھوکہ، تکبر، بڑائی۔
الغُرُوْرُ بالقُوَّة: طاقت کا گھمنڈ۔
مَغْرُوْر: فریب خوردہ، متکبر۔
مَغْرُوْرٌ بنَفْسِه: خود فریبی میں مبتلا۔

اَغَرُّ: روشن (۲) شاندار ج: غُرٌّ۔
غَرَزَ۔ غَرْزاً و غَرَّزَ و اَغْرَزَ: کانٹا وغیرہ چبھانا (۲) گاڑنا۔
غَرِیْزَة: طبیعت ج: غَرَائِزُ۔
غَرِیْزِیّ: طبعی، قدرتی، فطری۔
غَرَسَ۔ غَرْساً و اَغْرَسَ: درخت لگانا، پودا لگانا (۲) بونا۔
غَرَسَ العَقِیْدَةَ فِی: اعتقاد قائم کرنا۔
غَرْسٌ: پودا ج: اَغْرَاس۔
غِرْسٌ: (۱) بیج (۲) جو چیز بوئی جائے۔
غِرَاس: درخت لگانے کا وقت۔
غَرِیْسَة: نرسری پودا، پودا جو ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے ج: غَرَائِسُ۔
غَرَضٌ: مقصد (۲) مراد، منشا (۳) فائدہ (۴) ضرورت ج: اَغْرَاض۔
اَغْرَضَ الغَرَضَ: مقصد کو پالینا۔
تَغَرَّضَ: ٹوٹ جانا، مڑنا (۲) شاخ وغیرہ کا ٹوٹ کر لٹک جانا، الگ نہ ہونا۔
غَرَضٌ ظَاهِر: نمایاں نشانہ۔
غَرِیْض: تازہ (تازہ گوشت)۔
اَغْرَاضٌ سِلْمِیَّة: پرامن مقاصد۔
لِأَغْرَاضِ الدِّفَاع: دفاعی مقاصد کے لئے۔
مُغْرِض: خودغرض، غرض مند ج: مُغْرِضُوْن۔
غَرْغَرَة و تَغَرْغُر: غرارہ کرنا، پانی حلق میں ڈال کر گھمانا (۲) آگ پر پانی کا غرغر ہونا۔
غَرْغَرَة (۲): وہ چیز جس سے غرارہ کیا جائے۔
غَرَفَ۔ غَرْفاً و اغْتَرَفَ الشیٔ: (۱) چلو سے پانی لینا (۲) ڈونگے یا چمچہ سے کوئی چیز نکالنا۔
غِرْفَة: سینڈل (ایک قسم کا جوتا) ج: غِرَف۔
غُرْفَة: روم، کمرہ، چیمبر (۲) بالاخانہ (۳) دیوان ج: غُرَف و غُرُفَات۔
غُرْفَةُ الاِسْعَاف: ایمبولنس روم۔
غُرْفَةُ الاِسْتِقْبَال: ملاقاتی کمرہ۔
غُرْفَةُ اغْتِسَال: واش روم، غسل خانہ۔
غُرْفَةُ الاُمُوْرِ المُسْتَعْجَلة: مجلسِ ہنگامی امور۔
غُرْفَةٌ تِجَارِیَّة: ایوانِ تجارت، تجارتی کمرہ، چیمبر آف کامرس، ایوانِ تُجّار۔
غُرْفَةُ تَغْیِیر المَلَابس: کلاک روم، کپڑے بدلنے کا کمرہ۔
غُرْفَةُ الرَّاحَة: ریسٹ روم، آرام کا کمرہ۔
غُرْفَةُ الطَّعَام أَوِ الأَكْل: ڈائننگ روم، کھانے کا کمرہ۔
غُرْفَةُ العَرْض: شوروم۔
غُرْفَةُ العَمَلِیَّات: آپریشن روم، وہ جگہ جہاں سے جنگی احکامات جاری کئے جائیں۔
غُرْفَةُ القِیَادَة: ہدایات کا کمرہ۔
غُرْفَةُ المُرَاقَبَة (فی المَطَار): کنٹرول روم۔
غُرْفَةُ المُصَوِّر: اسٹوڈیو۔
مِغْرَفَة: بڑا چمچہ، ڈوئی ج: مَغَارِفُ۔
غَرِقَ۔ غَرَقاً: ڈوبنا۔
غَرِقَ فِی كَذَا: منہمک ہونا۔
غَرَّقَ و اَغْرَقَ: ڈبونا، غرق کرنا (۲) خوب

بھگونا۔

غَرَّق و اَغْرَقَ المَکَانَ: کسی جگہ خوب پانی بھرنا۔

غَرَّق و اَغْرَقَ السُّوْقَ بالبِضَاعَة: بازار کو سامان سے بھرنا۔

اَغْرَقَ: مبالغہ سے کام لینا۔

اِغْتَرَقَ النَّفَسَ: ہانپنا، اندر کو سانس لینا۔

اِسْتَغْرَقَ الشیٔ: (۱) کُل لینا (۲) احاطہ کر لینا، گھیرنا (۳) بالکل مشغول بنانا۔

اِسْتَغْرَقَ العَمَلُ وَقْتاً کَذَا: کام کا وقت کو گھیرنا، کام میں وقت لگنا۔

اِسْتَغْرَقَ فی النَّوْم: بے خبر سونا، نیند میں غوطہ لگانا، محوِ خواب ہونا۔

اِغْرَوْرَقَتِ العَیْنُ: آنکھ میں آنسو بھر آنا۔

غَرِیْق، غَارِق، غَرْقَان: ڈوبنے والا، ڈوبتا ہوا، غرق شدہ۔

غَرِیْقٌ فی کذا: منہمک، مصروف، مستغرق۔

غَارِق: غوطہ زن۔

اَلْغَارِقُ فِی التَّفْکِیْر: سوچ میں ڈوبا ہوا۔

غَارُوْقَة، غَرُوْقَة: (دا) صرف ہونے والا مال۔

اِغْرَاق: مبالغہ، مبالغہ آمیزی۔

مُسْتَغْرِقٌ کَامِلَ سَاعَاتِ الدَّوَامِ المُعْتَادَة: فُل ٹائم کام کرنے والا۔

غَرِمَ ـَ غَرَامَةً: نقصان اُٹھانا (۲) جرمانہ ادا کرنا، تاوان دینا۔

غَرَّمَ و اَغْرَمَ: جرمانہ کرنا، جرمانہ عائد کرنا، سرچارج کرنا۔

اُغْرِمَ بِه: دلدادہ ہونا۔

تَغَرَّمَ: جرمانہ ادا کرنا (تَغَرَّمَ بِخَمْسَةِ جُنَیْهَاتٍ) پانچ گنی جُرمانہ ادا کیا۔

غُرْمٌ: نقصان، تاوان۔

غَرَام: عشق، فریفتگی، محبت۔

غَرَامِیّ: عشقیہ۔

عَلَاقَةٌ غَرَامِیَّة: عشقیہ تعلق۔

غَرَامَة ج: غَرَامَات: جرمانہ۔

غَرَامَةُ تَاخِیْرٍ: ڈیمریج، سامان کی وصولیابی میں تاخیر کا جرمانہ۔

غَرَامَةٌ مَالِیَّة: جرمانہ، پنالٹی۔

غَرِیْم: قرض خواہ (۲) قرض دار ج: غُرَمَاء۔

غَرِیْم (۲): مقابل، مخالف۔

مَغْرَم: خسارہ، نقصان ج: مَغَارِمُ۔

مُغْرَمٌ به: عاشق، فریفتہ۔

غَرِیْن و غِرْیَن: وہ مٹی، ریت وغیرہ جو سیلاب کے ذریعہ سے آکر جمع ہو جاتی ہے یا جو دریا کی تہہ میں جم جاتی ہے۔

غُرْنُوْق، غِرْنِیْق: ایک آبی پرندہ (۲) خوبصورت نوجوان ج: غَرَانِیْقُ۔

غَرَا ـُ غَرْواً: تعجب کرنا۔

غَرَا و غَرَّی: سریش سے جوڑنا۔

غُرِّیَ و أُغْرِیَ بکذا: فریفتہ ہو جانا، کسی چیز کی غیر دانش مندانہ خواہش کرنا۔

أَغْرَاهُ بکذا: رغبت دلانا، اُبھارنا، لالچ دینا۔

أَغْرَاهُ ضِدَّ: اُکسانا، اشتعال دلانا۔

أَغْرَی العَدَاوَةَ بَیْنَهُمْ: دشمنی کی آگ بھڑکانا۔

غِرَاءٌ، غَرَا: سریش، وہ چیز جس سے کوئی چیز جوڑی جائے۔
غَرَوِی: چپکنے والی چیز، لیس دار۔
لَا غَرْوَ مِنْ: کوئی تعجب نہیں۔
إِغْرَاء: اشتعال انگیزی، برانگیختگی، تشویش۔
مِغْرَاة، غَرَّايَة: (دا) گوندوانی۔
مُغْرٍ: محرک، اشتعال انگیز، مشوّق، اشتیاق انگیز۔

ع ز

غَزُرَ ـُ غَزَارَةً: کثیر ہونا، بہت ہونا۔
غَزِيْر: بے پایاں، کثیر، بہت۔
مَطَرٌ غَزِيْر: موسلا دھار بارش۔
غَزَارَة: کثرت، فراوانی۔
غَزَلَ ـِ غَزْلاً و اغْتَزَلَ: روئی یا اون کاتنا، بٹ دینا۔
غَزِلَ ـَ غَزَلاً و تَغَزَّلَ بِالشَّيْءِ: فریفتہ ہونا۔
تَغَزَّلَ بِالْمَرْأَةِ: عشق لڑانا۔
غَازَلَهُ مُغَازَلَةً: ورغلانا، پھسلانا، عاشقانہ باتیں کرنا۔
غَزْلٌ: (۱) کتائی (۲) سوت۔
غَزْلُ الْقُطْنِ: سوتی دھاگہ۔
غَزَلٌ: معاشقۂ زنان، عشق بازی۔
غَزَلِيٌّ: عشقیہ، عاشقانہ۔
غَزَال: ہرن ج: غِزْلان۔
غَزَالَة: ہرنی (۲) آفتاب۔
غَزَّالٌ: سوت کاتنے والا۔
مِغْزَل: (۱) تکلا (۲) چرخا (۳) سوت کاتنے کی مشین ج: مَغَازِلُ۔
مَغْزُوْل: کتا ہوا، بٹا ہوا۔
مُغَازَلَة: عشق بازی۔
مُغَازِل: عشق باز، عاشق مزاج۔
غَزَا ـُ غَزْواً: حملہ کرنا، یورش کرنا (۲) دشمن سے جہاد کے لئے جانا (۳) قصد کرنا (۴) چھا جانا۔
غَزَتِ الْمُنْتَجَاتُ الْأَجْنَبِيَّةُ السُّوْقَ: غیر ملکی سامان بازار پر چھا گئے۔
غَزْوٌ: جنگ، حملہ۔
غَزْوٌ عَقَائِدِيٌّ: مذہبی جنگ۔
غَزْوُ الْفَضَاءِ: خلائی جنگ۔
غَزْوٌ كَبِيْر: بڑا حملہ، زبردست حملہ۔
غَزْوَة: یورش، حملہ، جہاد ج: غَزَوَات۔
غَازٍ: (۱) مجاہد (۲) حملہ آور ج: غُزَاة و غُزَّى۔
غَازِيَة: رقاصہ، ایکٹریس، آرٹسٹ ج: غَوَازٍ۔
مَغْزَى: (۱) مقصدِ کلام، خلاصۂ کلام، ماحصل (۲) معنویت، نتیجہ (۳) جنگ (۴) جنگ کی جگہ ج: مَغَازٍ۔

ع س

غَسَق: ابتدائی رات کی تاریکی۔
غَسَلَ ـِ غَسْلاً: دھونا۔
غَسَّلَ تَغْسِيْلاً: خوب دھونا۔
غَسَّلَ الْمَيِّتَ: مُردہ کو غسل دینا۔
اِغْتَسَلَ: غسل کرنا۔
غُسْل، غَسِيْل: دھلائی، واشنگ۔
طِشْتُ الْغَسْل: سلفچی۔
الْغَاسِل: واشر۔
غَسِيْل: دھلا ہوا۔

غَسِیل: دھلائی کے کپڑے یا دُھلے ہوئے۔
مِشْبَکُ الغَسِیل: کلاتھ پن۔
مَکِنَةُ الغَسِیل: واشنگ مشین۔
غُسْل، غُسُوْل: دھونے کا پاؤڈر (۲) صابن۔
غَسُوْل: دھونے کی چیز (۲) زخم کی پیپ وغیرہ دھونے کی دوا۔
غَسَّال: دھوبی، کپڑا دھونے والا، واشرمین۔
غَسَّالَة: واشنگ مشین، واشر، کپڑے دھونے کی مشین (۲) لانڈری (۳) دھوبن۔
الغَسَّالَةُ الآلِیَّة: خودکار واشنگ مشین۔
غَسَّالَةٌ کَهْرَبَائِیَّة: واشنگ الیکٹرک مشین۔
غُسَالَة: وہ پانی جو دھو کر بچ گیا ہو۔
غَاسُوْل: صابن۔
مَغْسِل: دھونے کا ٹب یا حوض جو دیوار سے ملحق ہوتا ہے (۲) سلفچی (۳) لانڈری ج: مَغَاسِلُ۔
مَغْسَلَة: واش اسٹینڈ، دُھلائی کے سامان کی میز۔
مِغْسَلَة: واشر (۲) واشنگ مشین۔
مُغْتَسَل: غسل خانہ۔

غ.....ش

غَشَّشَ و غَشَّ ـُ غَشّاً: دھوکہ دینا۔
غُشَّ الشیٔ: (۱) جعلی بنانا (۲) کھوٹ ملانا، کھوٹا اور غیر خالص بنانا، ملاوٹ کرنا۔
غَشَّهُ: کسی کے ساتھ چال چلنا۔
اِغْتَشَّ، اِنْغَشَّ: کھوٹ شامل ہونا، کھوٹا ہونا، فریب شامل ہونا۔
اِغْتَشَّ و اِسْتَغَشَّ: کسی کو خائن و دھوکہ باز خیال کرنا۔
غَشّ: دھوکہ (۲) خیانت (۳) غداری، دھوکہ دہی، جعل سازی (۴) کھوٹ، ملاوٹ۔
غَشَّاش: دھوکہ باز، جعل ساز، ملاوٹ کرنے والا۔
مَغْشُوْش: (۱) فریب خوردہ (۲) کھوٹا (۳) جعلی (۴) دھوکے کا۔
غَشَمَ ـُ غَشْماً: ظلم کرنا (۲) بے سوچے کام کرنا۔
اِسْتَغْشَمَ: بے وقوف سمجھنا۔
غَشُوْم، غَاشِم: ظالم، غاصب۔
غَشِیْم: ناتجربہ کار، اناڑی۔
غَشِیْم: (۱) خام شے (حَدِیْدٌ غَشِیْم) خام لوہا۔
غَشْوَة، غِشَاوَة: پردہ (۲) ڈھکن۔
غَشَا ـُ غَشْواً: (۱) کسی جگہ یا کسی کے پاس آنا (۲) ڈھانکنا۔
غَشِیَ المَکَانَ ـَ غَشْیاً و غِشْیَاناً: (۱) آنا (۲) لاحق ہونا (۳) نازل ہونا (۴) ڈھانپنا، گھیر لینا۔
غَشِیَهُ النُّعَاسُ: اونگھ آنا، نیند غالب ہونا۔
غَشِیَهُ المَوْتُ: موت کا گھیر لینا۔
غَشِیَهُ المَوْجُ: موج کا گھیر لینا، موج میں پھنس جانا۔
غَشِیَهُ بِالسَّوْط: کوڑے برسانا۔
غَشِیَ المرأةَ: ہم بستری کرنا۔
غَشِیَ و اَغْشَی اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔
اَغْشَی علی بَصَرِه: نگاہ پر پردہ ڈالنا۔
غُشِیَ علیه غَشْیَاناً و غَشْیَةً: بے ہوش

ہونا۔

غَشَّاهُ تَغْشِيَةً: (۱) ڈھانکنا، پردہ پوشی کرنا (۲) احاطہ کرنا، گھیر کرنا (۳) پالش وغیرہ کرنا۔

غِشَاءٌ: (۱) غلاف (۲) جھلی (۳) جلد (۴) کیپسول ج: اَغْشِيَة۔

غُشِّيَ، غَشِيَة، غَشَيَان: غشی، بے ہوشی۔

غَاشِيَة: (۱) دل کا پردہ (۲) حاضر باش (۳) خدام مجلس (۴) مصیبت ج: غَوَاشٍ۔

مَغْشِيٌّ عليه: بے ہوش۔

ع.....ص

غَصَبَ ـِ غَصْباً: مجبور کرنا۔

غَصَبَ و اغْتَصَبَ: جبراً کوئی چیز لینا، لوٹنا (۲) اغوا کرنا (۳) زنا بالجبر کرنا (۴) حق چھیننا۔

غَصْبٌ: جبر و زبردستی۔

مَغْصُوب: مجبور۔

غَصَّ الرَّجُلُ بالطَّعَام و الشَّرَاب ـِ غَصَصاً: اچھو لگنا، کھانا یا پانی حلق میں اٹکنا۔

غَصَّ و اغْتَصَّ المَكَانُ: بھرنا، کھچا کھچ بھرنا، پُر ہونا۔

اَغَصَّ: اچھو لگوانا۔

غُصَّة: رنج و غم (۲) اچھو، حلق میں اٹکا ہوا کھانا، لقمہ ج: غُصَص۔

غَاصّ، مُغْصَص: بھرا ہوا۔

غَصَّنَ ـُ مِنَ الشَّجَرُ: درخت پر شاخیں نکل آنا۔

غُصْنٌ: شاخ، ٹہنی ج: اَغْصَان و غُصُون۔

ع.....ص

غَضِبَ ـَ غَضَباً و تَغَضَّبَ عَلَيْه: ناراض ہونا، غصہ ہونا۔

اَغْضَبَهُ و غَاضَبَه: ناراض کرنا۔

غَضَبٌ: ناراضگی، غصہ۔

غَضُوب: جلد ناراض ہونے والا، سریع الغضب۔

غَضَرَ عنه ـِ غَضْراً: اعراض کرنا۔

غَضَرَ عَلَيْه: مہربانی و شفقت کرنا (۲) ناراض ہونا، دھمکی دینا۔

غَضِرَ ـَ غَضَراً و غَضُرَ ـُ غَضَارَةً: سرسبز و شاداب ہونا (۲) آسودہ ہونا۔

غَضٌّ غَضِيرٌ: شاداب، آسودہ۔

غَضَارَة: سرسبزی، شادابی۔

غَضَّ طَرْفَه ـُ غَضّاً: نگاہ نیچی کرنا۔

غَضَّ الطَّرْفَ و النَّظَرَ عَنْ: نگاہ پھیرنا۔

غَضَّ صَوْتَهُ و مِنْ صَوْتِه: آواز پست کرنا۔

غَضَّ مِنْ فُلَان: حیثیت کم کرنا۔

غَضَّ النَّبَاتُ ـِ غَضَاضَةً: تروتازہ ہونا۔

غَضٌّ، غَضِيض: تروتازہ، شگفتہ۔

بِغَضِّ النَّظَرِ عَنْ: فلاں چیز سے قطع نظر۔

غُضَّة، غَضَاضَة: ذلت (۲) خامی، عیب۔

غَضَاضَة، غُضُوضَة: تازگی۔

غَضَّنَ: موڑنا، شکن ڈالنا۔

غَاضَنَ المَرْأَةَ: آنکھ لڑانا، آنکھوں سے اشارہ سے اظہارِ محبت کرنا۔

تَغَضَّنَ: مڑنا، شکن پڑنا۔

غَضْنٌ: شکن (۲) تھکان ج: غُضُون۔

فی غُضُون كذا: اس دوران۔

مُغَضَّن، مُتَغَضِّن: مڑا ہوا، شکن دار۔

اَغْضَی عَیْنَه إغْضَاءً: آنکھ بند کرنا۔
اَغْضَی طَرْفَهُ عَنْ: نگاہ پھیرنا۔
اَغْضَی عَنِ الأَمْر: کنارہ کش ہونا، کسی کام سے آنکھ بند کرنا، چشم پوشی کرنا۔
اَغْضَی علی الأَمْر: برداشت کرنا، خاموش رہنا۔
اَغْضَی اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
إغْضَاء: چشم پوشی (۲) بے توجہی۔

غ.....ط

غُطْرَة: سر کو باندھنے کا بڑا عربی رومال۔
غَطْرَسَ، تَغَطْرَسَ: تکبر کرنا۔
تَغَطْرَسَ: اکڑ کر چلنا، مٹک کر چلنا۔
غَطْرَسَة: غرور، تکبر، تبختر۔
غِطْرِیْس: متکبر، مغرور، خود پسند ج: غَطَارِیْس۔
غَطَسَ ـِ غَطْساً: غوطہ لگانا (۲) ڈوبنا (۳) غوطہ کھانا۔
غَطَسَ، غَطَّسَ: ڈبونا، غوطہ دینا۔
غَطْسَة: ڈبکی، غوطہ۔
غَطَّاسٌ: غوطہ خور، ڈبکی لگانے والا۔
مِغْطَسٌ: نہانے کا ٹب۔
غَطَشَ اللَّیْلُ ـِ غَطْشاً و اَغْطَشَ: رات کا تاریک ہونا۔
تَغَطَّشَتْ عَیْنُه: نگاہ کمزور ہونا۔
غَطَّ النَّائِمُ ـِ غَطِیْطاً: خراٹے لینا۔
غَطَّهُ فِی المَاءِ ـُ غَطّاً و أَغَطَّ: پانی میں غوطہ دینا۔
اِنْغَطَّ فی المَاء: ڈوبنا، پانی میں غوطہ کھانا۔
غَطِیْط: خراٹے۔
غَطَّی تَغْطِیَةً: ڈھانکنا، چھپانا (۲) پردہ پوشی کرنا، ستر پوشی کرنا (۳) احاطہ کرنا، کور کرنا۔
___ الأَخْبَارَ: خبریں جمع کرنا، کور کرنا۔
___ الزِّیَارَةَ: دورہ کی تفصیلات منضبط کرنا۔
___ المَظْهَرَ: صورت کو چھپانا۔
___ المَوْقِفَ: صورتِ حال پر پردہ ڈالنا۔
___ النَّفَقَاتِ: اخراجات کو پورا کرنا۔
___ النَّقْصَ: کمی کو پورا کرنا۔
غِطَاءٌ: ڈھکن (۲) غلاف، پردہ (۳) سرپوش، کور ج: اَغْطِیَة۔
غِطَاءُ السَّرِیْر: پلنگ پوش۔
غِطَاءُ المَائِدَة: میز پوش۔
غِطَاءٌ جَوِّیٌ: فضائی چھتری۔
غِطَاءُ المِدْخَنَة: چمنی کیپ۔

غ.....ف

غَفَرَ ـِ غَفْراً و اغْتَفَرَ لَهُ الذَّنْبَ: گناہ معاف کرنا۔
یُغْفَرُ، یُغْتَفَرُ: قابلِ معافی۔
لا یُغْفَرُ: ناقابلِ معافی۔
غَفَّرَ تَغْفِیْراً: ڈھانکنا۔
غَفَّرَ عَلَی: پہرہ دینا۔
اِسْتَغْفَرَ الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
غُفْرَة، غِفَارَة: ڈھکن۔
غُفْرَان، غَفِیْر، مَغْفِرَة: درگزر، معافی، بخشش۔
غَفِیْر: (دا) پہرہ دار، چوکیدار۔
جَمٌّ غَفِیْر: زبردست مجمع۔
غَفَّارَة: علماءِ یہود کا لباس۔

غَافِر: معاف کرنے والا، بخشندہ۔
غَفَلَ ـُ غُفُولاً عَنْ: بھولنا، غافل ہونا۔
غَفَّلَ: غافل بنانا۔
غَافَلَه، تَغَفَّلَهُ، اِسْتَغْفَلَهُ: غفلت سے فائدہ اٹھانا، غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔
غَافَلَه: اچانک آنا، بے خبری میں آنا۔
اَغْفَلَ: چھوڑنا، نظر انداز کرنا۔
تَغَافَلَ: غافل بن جانا۔
تَغَافَلَ عَنْ: لاپرواہی برتنا، بے توجہی برتنا۔
غُفْلٌ: بے نشان، بے علامت (۲) سادہ، بغیر لکھا (۳) بے نسب (۴) خام، کام میں نہ لایا ہوا ج: أَغْفَال۔
غُفْلٌ مِنَ التَّارِيْخ: بلا تاریخ۔
غَفَلٌ، غَفْلَة: بے خبری۔
عَلَى غَفْلَةٍ: بے خبری میں، اچانک۔
غَفْلَان، غَافِل: لاپرواہ، بے توجہ۔
الغَفْلِيَّة: مجہول الاسم ہونا، بے نام ونشان ہونا۔
اِغْفَال: لاپرواہی، بے توجہی۔
مُغَفَّل: بے وقوف، ناتجربہ کار، جلد دھوکے میں آنے والا۔
غَفْوَة: ہلکی نیند، ایک نیند۔
غَفَا ـُ غَفْواً، غَفِيَ ـَ غَفًى و غَفْيَةً: ہلکی نیند سونا، تھوڑی تھوڑی نیند سونا، اونگھنا۔

ع.....ل

غَلَبَ ـِ الرَّجُلَ و عَلَيْه غَلَبَةً: غالب ہونا، غلبہ پانا (۲) فتح یاب ہونا (۳) قابو پانا (۴) اقتدار حاصل کرنا۔
غَلَّبَ و تَغَلَّبَ على: قبضہ جمانا۔
غُلِبَ على أَمْرِه: دھوکہ کھانا۔
غَالَبَهُ مُغَالَبَةً: ایک دوسرے کو زیر کرنے کی کوشش کرنا، نیچا دکھانا۔
غَلْبٌ، غَلَبَة: کامیابی، غلبہ، فتح۔
غَالِبٌ: برسرِ اقتدار (۲) قابو یافتہ، کامیاب
غَالِباً، فِي الغَالِب، فِي الأَغْلَب: اکثر، آئے دن، عموماً۔
اَغْلَبُ: زیادہ تر، اکثر، بیشتر۔
اَغْلَبِيَّة: اکثریت، مجارٹی۔
اَغْلَبِيَّةُ الاَصْوَاتِ فِي جَانِبِه: ووٹوں کی اکثریت اس کے حق میں ہے۔
اَغْلَبِيَّةٌ سَاحِقَة: زبردست اکثریت۔
اَغْلَبِيَّةٌ ضَعِيْفَة و ضَئِيْلَة: معمولی اکثریت۔
اَغْلَبِيَّةٌ مُطْلَقَة: کامل اکثریت۔
اَغْلَبِيَّةٌ نِسْبِيَّة: تناسبی اکثریت، اضافی اکثریت۔
مَغْلُوْب: شکست خوردہ۔
مَغْلُوبٌ عَلَى أَمْرِه: بے عقل، کمزور، ذلیل ورسوا۔
مُغَالَبَة: باہمی رسہ کشی۔
غَلَسٌ: آخر رات کی تاریکی ج: اَغْلَاس۔
غَلِطَ ـَ غَلَطاً فِي الأَمْر: غلطی کرنا۔
غَلَّطَ، اِسْتَغْلَطَ: غلط قرار دینا (۲) جعلی بنانا۔
غَلَّطَ، غَالَطَ: مغالطہ دینا، غلطی میں مبتلا کرنا۔
غَالَطَ: (وا) دھوکہ دینا۔
غَلَطٌ: غلطی، خطا ج: اَغْلَاط (۲) غلط۔
غَلْطَة: ایک غلطی ج: غَلَطَات۔
غَلْطَةٌ كِتَابِيَّة: لکھائی کی غلطی۔
غَلْطَةٌ مَطْبَعِيَّة: چھپائی کی غلطی، پریس کی

غلطی، طباعتی غلطی۔
غَلْطَةٌ قَاتِلَة: زبردست غلطی۔
غَالِط، غَلْطَان: غلطی کرنے والا۔
أُغْلُوطَة، مَغْلَطَة: مغالطہ آمیز کلام ج: أَغَالِيطُ و مَغَالِطُ۔
المُغَالِط: مغالطہ انگیز۔
المُغَالَطَة: فریب، دھوکہ دہی۔
مُغَالَطَةٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی فریب۔
مَغْلُوطٌ فِيهِ: جس میں غلطی کی گئی ہو۔
غَلُظَ ـُـ غِلَظاً و غِلْظَةً: (۱) موٹا ہونا (۲) گاڑھا ہونا (۳) سخت ہونا۔
غَلَّظَ: موٹا بنانا (۲) گاڑھا بنانا، سخت بنانا۔
غَلَّظَ اليَمِينَ: قسم کو سخت کرنا۔
اَغْلَظَ لَهُ القَوْلَ أَوْ فِي القَوْل: سخت بات کہنا، سخت کلامی کرنا۔
المُتَغَلْغِلَظ: (۱) موٹا ہونا (۲) موٹا سمجھنا یا پانا۔
غِلَظٌ، غِلْظَة، غِلَاظَة: موٹاپن (۲) گاڑھا پن (ضد: خُشُونَة)۔
غَلِيظٌ: موٹا (۲) گاڑھا (۳) سخت ج: غِلَاظٌ۔
غَلِيظُ القَوْل: سخت کلام۔
غَلِيظُ القَلْب: سخت دل۔
غَلِيظُ الرَّقَبَة: (۱) موٹی گردن والا (۲) سرکش۔
غَلْغَلَة، تَغَلْغُل: داخل ہونا، جاں گزیں ہونا، پیوست ہونا۔
التَّغَلْغُلُ دَاخِلَ المِنْطَقَة: علاقہ میں اثر ورسوخ پیدا کرنا۔
التَّغَلْغُلُ فِي البِلَاد: ملک میں اثر و رسوخ پیدا کرنا۔
غَلَّفَ و غَلَفَ ـُـ غَلْفاً: (۱) غلاف چڑھانا، کور چڑھانا (۲) ڈھانکنا (۳) بند کرنا، لفافہ میں رکھنا۔
غِلَاف: (۱) کور (۲) غلاف (۳) لفافہ ج: اَغْلِفَة۔
غِلَافُ الكِتَاب: کتاب کا سرورق۔
غِلَافُ اللِّحَاف: ابرہ، لحاف کے اوپر کا کپڑا۔
مُغَلَّفٌ: لفافہ میں بند (۲) لفافہ۔
غَلِقَ ـَـ غَلَقاً: تنگ دل ہونا، زچ ہونا (۲) بند ہونا۔
غَلَقَ ـِـ غَلْقاً: بند کرنا۔
غَلَقَ السَّبِيلَ: راہ مسدود کرنا۔
أَغْلَقَ و غَلَّقَ: بند کرنا، لاک کرنا۔
أَغْلَقَ الأَعْيُنَ عَنِ الأَخْطَاء: غلطیوں کو نظر انداز کرنا۔
أَغْلَقَ شَيْئاً عَلَى فُلَان: کسی پر کسی چیز کے دروازے بند کرنا۔
أَغْلَقَ الإِذَاعَاتِ: نشریات بند کرنا۔
أَغْلَقَ المَطَارَ: ہوائی اڈہ بند کرنا۔
أُغْلِقَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی بات کا مبہم اور پیچیدہ ہونا۔
اِنْغَلَقَ: بند ہونا۔
اِسْتَغْلَقَ الأَمْرُ: مغلق اور مبہم ہونا، دشوار و ناقابلِ فہم ہونا۔
اِسْتَغْلَقَ عَلَيْهِ الكَلَامُ: ناقابلِ فہم ہونا۔
غَلَقٌ، مِغْلَاق: تالا، لاک۔
غَلِقٌ: ناقابلِ فہم، مشکل الفہم۔
مُغْلِق: لاکر۔

مُغَلَّق: بند(۲)او-ڈی اکاؤنٹ۔
غَلَّلَ و غَلَّ یَدَیْہ ـُ غَلًّا: ہاتھ باندھنا(۲) ہتھکڑی لگانا۔
غَلَّلَ: داخل ہونا(۲)داخل کرنا۔
غُلَّ – غُلَّةً: سخت پیاس لگنا۔
غَلَّت و اَغَلَّتِ الاَرْضُ: زمین میں غلہ پیدا ہونا۔
اِسْتَغَلَّ الاَرْضَ: زمین سے غلہ حاصل کرنا۔
اِسْتَغَلَّ المَالَ: مال سے نفع حاصل کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الشیٔ: فائدہ اٹھانا(۲)ناجائز فائدہ اٹھانا،غلط استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ القُوَّةَ: طاقت کا استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الأَغْلَبِیَّةَ: اکثریت حاصل کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الفُرْصَةَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔
اِسْتَغْغَلَّ الرَّجُلَ: استحصال کرنا،خاص مقصد کے لئے استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ النُّفُوْذَ: اثرورسوخ کا غلط استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الوَضْعَ: صورتِ حال سے فائدہ اٹھانا۔
غُلٌّ: قید(۲)بیڑی(۳)ہتھکڑی ج: اَغْلَال۔
غُلٌّ و غُلَّةٌ و غَلِیْل: سخت پیاس۔
غِلٌّ ، غَلِیْل: کینہ،حسد۔
غَلَّ ـِ غِلًّا: کینہ ورہونا۔
اَرْوَی غَلِیْلَہُ: پیاس بجھانا۔
شَفَی غَلِیْلَہُ: حسد کی آگ بجھانا۔
غَلَّة: آمدنی،پیداوار(۲)اناج ج: غِلَال و غَلَّات۔
غِلَالَة: باریک چھلکا(۲) نیچے پہننے کا ایک کپڑا،عورت کا ایک کرتا ج: غَلَائِل۔
اِسْتِغْلَال: نفع اندوزی،استحصال، ناجائز استعمال۔
مُغِلّ: کینہ ور،حاسد(۲)بارآور،نفع بخش،نتیجہ خیز۔
مَغْلُول: سخت پیاسا(۲)حاسد،کینہ ور۔
مَغْلُول ، مُغَلَّل: مُقَیَّد،بندھا ہوا۔
مُسْتَغَلّ: آمدنی،فائدہ ج: مُسْتَغَلَّات۔
مُسْتَغِلّ: سرمایہ کار،فائدہ اٹھانے والا۔
غَلِمَ ـَ غَلَماً و اغْتَلَمَ: شہوت پرست ہونا۔
غُلْمَة: شہوت۔
غُلَام: لڑکا،بوائے(۲)جوان(۳)خادم ج: غِلْمَان۔
غُلَامُ السَّفِیْنَة: کیبن بوائے۔
غُلُوْمَة: نوجوانی،بلوغ(۲)جنسی شہوت۔
غُلُوّ، غُلُوَاء: مبالغہ،حد سے تجاوز۔
غُلْوَة: ایک تیر کی زد کا فاصلہ۔
غَلَا السِّعْرُ ـُ غَلَاءً: بھاؤ بڑھنا،گرانی ہونا(۲)حد سے متجاوز ہونا۔
اَغْلَی و غَلَّی السِّعْرَ: بھاؤ بڑھانا، قیمت بڑھانا۔
غَالَی مُغَالَاةً: مبالغہ کرنا۔
اِسْتَغْلَی الشیٔ: گراں محسوس کرنا۔
غَلَاء: گرانی۔
غَلَاءُ المَعِیْشَة: زندگی کی گرانباری۔
غَالٍ ، غَلِیّ: قیمتی،گراں(۲)گرانقدر۔
اَغْلَی: زیادہ قیمتی،بیش قیمت۔

غَلَی ـِ غَلْیاً و غَلَیَاناً: جوش مارنا، کھولنا، گرم ہونا، اُبلنا۔
غَلَّی و أَغْلَی: ابالنا، جوش دینا۔
غَلَّی و أَغْلَی السِّعْرَ: بھاؤ بڑھانا، قیمت بڑھانا۔
غَلْیٌ، غَلَیَان: جوش، اُبال۔
الغَلَیَانُ الشَّعْبِیّ: عوامی جوش۔
غَلَیَانُ المُعَارَضَة: مخالفت کا جوش۔
غَلَّایَة: پانی گرم کرنے کی ٹنکی، ساور۔
مُغْلَی الأَعْشَاب: جوشاندہ، چائے۔
غِلِیسرِین: (مع) گلیسرین۔
غَلْیُونُ التَّدْخِین: تمباکو پائپ (۲) حقہ۔

ع م

غَمَدَ السَّیْفَ ـُ غَمْداً و أَغْمَدَ: میان میں رکھنا۔
غَمَدَ، غَمَّدَ، تَغَمَّدَ: چھپانا۔
غِمْدٌ: میان ج: غُمُود و أَغْمَاد۔
غَمَرَ المَاءُ المَکَانَ ـُ غَمْراً: پانی کا ہر جگہ پھیلنا، احاطہ کرنا، گھیرنا، ڈھانپنا۔
غَمَرَهُ بِفَضْلِه: مہربانیاں کرنا، احسانات کی بارش کرنا۔
غَمُرَ ـُ غَمَارَةً: پانی کا کثرت سے ہونا۔
غَامَرَ مُغَامَرةً: جان کی بازی لگانا۔
غَامَرَ بِنَفْسِه: خطرہ مول لینا، جان پر کھیلنا۔
غَمْرٌ: (۱) کثرت (۲) بڑا دریا ج: غِمَار و غُمُور۔
غُمْر: گودبھر (۲) ناتجربہ کار، بھولا ج: أَغْمَار۔
غَمْرَة: سختی، شدت۔
غَمَرَاتُ المَوْت: موت کی تکلیف۔

غَامِرٌ: کثیر (۲) غیر آباد (ضد عَامِرٌ)۔
مَغْمُور: گمنام (ضد مَشْهُور)۔
مَغْمُورٌ بِالمَاء: پانی سے ڈھکا ہوا، زیر آب۔
مَغْمُورٌ بِالدَّیْن: قرض میں دبا ہوا۔
مُغَامِر: جاں باز، خطرہ مول لینے والا، خطروں سے کھیلنے والا۔
مُغَامَرَة: جاں بازی (۲) خطرناک فعل، خطرناک اقدام، خطرے کا کام۔
مُغَامَرَةٌ ذَاتُ مَعْنًی: بامقصد جاں بازی۔
مُغَامَرَات: جاں بازیاں۔
مُغَامَرَاتٌ عَسْکَرِیَّة: فوجی کارنامے۔
غَمَزَ ـِ غَمْزاً: ٹٹولنا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا۔
غَمَزَ بِه و عَلَیْه: طعنہ دینا، تنقید کرنا، تعریض کرنا۔
غَمَزَ فِی مَشْیِه: لنگڑا کر چلنا۔
تَغَامَز: ایک دوسرے کو آنکھوں سے اشارہ کرنا۔
غَمْزٌ: اشارۂ چشم۔
غَمْزَة: ایک اشارہ۔
مَغْمَز: عیب ج: مَغَامِز۔
غَمَسَ ـِ غَمْساً: پانی میں غوطہ دینا۔
اِنْغَمَسَ و اغْتَمَسَ فی کذا: ڈوبنا، مستغرق ہونا۔
غَمُوس: مشکل کام، سخت کام ج: غُمُس۔
یَمِینٌ غَمُوس: جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائی جائے۔
غَمُضَ الکَلَامُ ـُ غُمُوضاً: دقیق ہونا جس

کے معنی جلد نہ سمجھ میں آئیں۔
غَمَّضَ وَأَغْمَضَ عَيْنَه: آنکھ بند کرنا۔
غَمَّضَ الكَلَامَ: دقیق ومبہم بنانا۔
أَغْمَضَ عَنْ كذا: چشم پوشی کرنا۔
أَغْمَضَ على: برداشت کرنا، تحمل سے کام لینا۔
اِنْغَمَضَ، اِغْتَمَضَ طَرْفُه: آنکھ بند ہونا۔
غُمْض، غِمَاض: نیند۔
غَمْضُ عَيْنٍ: آنکھ کی جھپک۔
فِي غَمْضَةِ عَيْنٍ: پلک جھپکنے میں۔
غُمُوض، غُمُوضَة: ابہام، خفا، غیر یقینی صورتِ حال۔
غَامِض: دقیق، مبہم، خفی المراد، ناقابلِ فہم۔
غَامِض، مُغَمَّض: بند۔
سِرٌّ غَامِض: سربستہ راز۔
غَامِضَة: پوشیدہ بات ج: غَوَامِض۔
غُمَّيْضَة، غُمَيْضَاء (اِسْتُغْمَايَة): آنکھ مچولی۔
غَمَطَ النِّعْمَةَ ـُـ غَمْطاً: ناشکری کرنا، ناقدری کرنا (۲) حقیر سمجھنا۔
غَمْغَمَ الكَلَامَ: مبہم بات کرنا، بڑبڑانا، منہ سے الفاظ اس طرح نکالنا کہ اس سے کچھ معنی نہ سمجھے جائیں۔
غَمُقَ ـُـ غَمَقاً: تر اور نم ہونا، جگہ کا تر اور نم ہونا۔
غَمَّقَ: گہرا کرنا۔
غُمْق: گہرائی (دا)۔
غَمِيق: گہرا (دا)۔
غَامِق: سیاہی مائل، سانولا، کالا۔
غَمَّمَ عَيْنَيْه: (دا) آنکھوں کو ڈھانکنا۔
غَمَّ ـُ غَمّاً: (۱) ڈھانکنا (۲) رنج دینا۔
غَمَّ و اَغَمَّ: رنجیدہ بنانا۔
أَغَمَّتِ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
غُمَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ: مخفی رہنا۔
اِغْتَمَّ، اِنْغَمَّ: مغموم ہونا، رنجیدہ ہونا۔
غَمٌّ: رنج، ملال ج: غُمُوم۔
غَمٌّ، غَامٌّ، مُغِمٌّ: انتہائی گرم۔
غَامّ، مُغِمّ: (۱) رنج دہ، غم ناک (۲) انتہائی ابر آلود۔
غَمَام: بادل و: غَمَامَة۔
حَبُّ الغَمَام: اولا۔
غُمَامَة: آنکھوں کا پردہ۔
غُمَامَةُ الخَيْل: گھوڑوں کی آنکھوں کا پردہ۔
مَغْمُوم، مُغْتَمّ: رنجیدہ۔
غُمْنَة: پاؤڈر جو منہ کو ملا جائے۔
غُمِيَ غَمْيَ و اُغْمِيَ عليه: غشی طاری ہونا، بے ہوش ہونا۔
غَمَى البَيْتَ ـِـ غَمْياً: مکان کی چھت ڈالنا۔
غَمَّى: آنکھوں کو ڈھانکنا۔
غَمْيٌ، إِغْمَاء: بے ہوشی۔
غَمْيَان: بے ہوش۔
لُعْبَةُ الاِسْتُغْمَايَة: آنکھ مچولی کا کھیل۔

ع.....ن

غَنِجَ ـَـ غَنَجاً و تَغَنَّجَ: ناز نخرے کرنا، ادائیں دکھانا۔
غُنُج و غُنَاج: ناز نخرے۔
غَنِجَة، غَنُوجَة، غَنَّاجَة: ناز نخرے والی۔

غَنْجُو: (مع) ریل کے ڈبّوں کو درمیان سے جوڑنے والی زنجیر۔
غَنِمَ الشیٔ ـَ غُنْماً: پانا، حاصل کرنا۔
غَنَّمَ و اَغْنَمَ: عطا کرنا، دینا۔
اِغْتَنَمَ الفُرْصَةَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔
غُنْمٌ، غَنِیْمَة، مَغْنَم: مالِ غنیمت، مالِ مفت (۲) فائدہ، حاصل۔
غَنَائِمُ الحَرْب: جنگی مالِ غنیمت۔
غَنَمٌ: بکری ج: اَغْنَام۔
غَنَّام: بکریاں چرانے والا۔
غَنِیَ ـَ غِنًی و غَنَاءً: مالدار ہونا۔
غَنِیَ بِالمَکَان: مقیم ہونا۔
غَنِیَ و اسْتَغْنَی عَنْ: بے نیاز ہونا۔
اِسْتَغْنَی و اغْتَنَی الرَّجُلُ: مالدار ہونا۔
غَنَّی تَغْنِیَةً و تَغَنَّی: گانا۔
غَنَّی بِه أو بِمَدْحِه: کسی کے گن گانا (۲) تعریف کرنا، مدح سرائی کرنا۔
أَغْنَاهُ: مالدار بنانا (۲) کافی ہونا۔
أَغْنَاهُ عَنْ: بے نیاز کرنا، کفایت کرنا۔
غِنًی، غَنَاء: تموّل، فراخ دستی۔
غِنًی غُنْیَة: مالِ کفایت، مالِ استطاعت۔
مَالِیْ عَنْهُ غِنًی: میں اس سے بے نیاز نہیں ہوسکتا۔
لا غِنَی عَنْهُ، لا یُسْتَغْنَی عَنْه: ضروری، جس کے سوا چارۂ کار نہ ہو۔
غَنِیّ: مالدار ج: اَغْنِیَاء۔
غَنِیّ، مُسْتَغْنٍ عَنْه: بے نیاز۔
غَنِیٌّ عَنِ البَیَان: محتاجِ بیان نہیں۔
غِنَاءٌ: گانا۔
غِنَاءٌ بالمَبِیْعَات: پھیری والوں کی آواز۔
غَانِیَة: حسین عورت ج: غَوَانٍ۔
اُغْنِیَّة: گانا ج: اَغَانِیّ۔
مُغَنٍّ: گانے والا، گویّا۔

ع ہ

غَهِبَ عَنْهُ ـَ غَهَباً: غافل ہونا، بھولنا۔
غَیْهَب: تاریکی ج: غَیَاهِبُ۔

ع و

غَوْث، غِیَاث، إغَاثَة: امداد، مدد، ریلیف۔
غَوْث، اِسْتِغَاثَة: فریاد، مدد کی درخواست۔
الغَوْث: مدد مدد!
غَاثَ ـُ غَوْثاً: مدد کرنا، امداد دینا۔
اِسْتَغَاثَ الرَّجُلَ و به: مدد چاہنا، اپیل کرنا۔
غَوَّرَ تَغْوِیْراً و غَارَ ـُ غَوْراً فِی الشَّیْ: (۱) گہرائی میں پہنچنا (۲) ڈوبنا (۳) پانی کا زمین میں اُترنا۔
اَغَارَ عَلَی إغَارَةً: یورش کرنا، حملہ کرنا۔
غَارٌ: گڑھا ج: اَغْوَار و غِیْرَان۔
غَارَة: حملہ ج: غَارَات۔
غَارَةٌ جَوِّیَّة: فضائی حملہ۔
غَارَاتٌ اِرْهَابِیَّة: دہشت پسندانہ حملے۔
غَارَاتٌ مَحْمُوْمَة: زبردست حملے۔
شَنَّ الغَارَةَ علی: ہلّہ بولنا، یلغار کرنا، یورش کرنا، حملہ کرنا۔
غَوْرٌ: گہرائی (۲) تلی۔
سبر غَوْرَه: حقیقت جاننا، جانچنا۔
غَائِر: گہرا۔
غَائِرُ العَیْنَیْن: دھنسی ہوئی آنکھوں والا۔

مَغَارٌ ، مَغَارَة: غار، پہاڑ کی کھوہ۔
مِغْوَار: (۱) دلیر (۲) جنگ جو (۳) تیز رو ج: مَغَاوِیْرُ۔
غَوَّزَ الشیٔ تَغْوِیْزاً: گیس چھوڑنا (۲) گیس میں تبدیل کرنا۔
غَاز: گیس ج: غَازَات۔
غَاز، جَاز: (۱) پٹرول (۲) مٹی کا تیل۔
غَازٌ ضَحَّاک: ہلکی نیند لانے والی گیس۔
غَازٌ سَامٌّ: زہریلی گیس۔
غَازٌ اَبْیَضُ: پٹرولیم۔
غَازٌ خَانِق: مہلک گیس۔
غَازٌ طَبِیْعِیّ: قدرتی گیس۔
غَازٌ لِلتَّدْفِئَة: ہیٹر آئل۔
غَازٌ لِلوَقُوْد: جلانے والی گیس۔
غَازٌ مُخَدِّر: نشہ آور گیس۔
نُوْرُ الغَاز: گیس کی روشنی۔
قِنَاعُ الغَازَاتِ السَّامَّة: گیس بچاؤ ٹوپ، گیس بچاؤ نقاب، گیس ماسک۔
مِقْیَاسُ ضَغْطِ الغَازَات: مینومیٹر۔
غَازِیّ: گیس کا، گیس جیسا۔
غَوَّصَ تَغْوِیْصاً: غوطہ دینا، ڈبونا۔
غَاصَ فِی المَاءِ ـُـ غَوْصاً: غوطہ لگانا۔
غَوْص: غوطہ، ڈبکی۔
غَوَّاص: غوطہ زن۔
غَوَّاصَة: غوطہ مار کشتی، غوطہ خور جہاز، آبدوز کشتی ج: غَوَّاصَات۔
مَغَاص: غوطہ گاہ۔
مَغَاصُ اللُّؤْلُؤ: موتی نکالنے کی جگہ۔
غَوَّطَ تَغْوِیْطاً: گہرا کرنا۔
تَغَوَّطَ: قضاء حاجت کرنا۔
غَائِط: پاخانہ (۲) قضائے حاجت۔
غُوْط: گہرائی۔
غَوِیْط: گہرا۔
غَوْغَاء، غَاغَة: نچلے درجہ کے لوگ۔
غَوْغَاء، غَوْغَة: (دا) شور و ہنگامہ۔
غُوْل: جن، بھوت (۲) مصیبت (۳) بھیانک چیز ج: أَغْوَال و غِیْلَان۔
غُوْلَة بھوتنی، چڑیل۔
غَائِلَة: مکار، چالباز (۲) مصیبت ج: غَوَائِلُ۔
غِیْلَة: دھوکہ۔
غَالَه ـُـ غَوْلاً و اغْتَالَهُ اغْتِیَالاً: دھوکے سے قتل کرنا، بے خبری میں مار ڈالنا۔
اِغْتِیَال: قاتلانہ حملہ، ناگہانی قتل، اچانک حملہ۔
اِغْتِیَالٌ سِیَاسِیّ: سیاسی قتل۔
غَوَی ـِـ غَیّاً و غَوِیَ ـَـ غَوَایَة: گمراہ ہونا (۲) مجرم ہونا (۳) ہلاک ہونا۔
غَوَّی، اَغْوَی، اِسْتَغْوَی: گمراہ کرنا۔
غَیّ، اِغْوَاء: گمراہی، بے راہ روی۔
غَاوٍ: گمراہ، دھوکہ باز۔

ع ی

غَابَ ـِـ غَیْبُوْبَةً: غائب ہونا، چھپنا۔
غَابَ و تَغَیَّبَ عَنْ: غیر حاضری کرنا، غیر حاضر رہنا۔

غَابَ عَنِ الصَّوَاب: ہوش اُڑنا۔
غَابَ الشیُٔ فی الشیٔ: گم ہوجانا۔
غَابَہ ــِ غِیبَۃً: پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔
غَابَ عَنِ البَال: ذہن سے نکلنا، بھولنا۔
غَابَ عَنْ صَوَابِہ: بے ہوش ہونا۔
غَیْب: پوشیدہ۔
غَیْباً و مَشْھَداً: خلوت وجلوت میں، سامنے اور پیچھے۔
غِیَاب: غیر حاضری (۲) غروب۔
غِیَابِیاً: غائبانہ۔
حُکْمٌ غِیَابِیّ: فیصلۂ عدم موجودگی ملزم۔
حُوْکِمَ غِیَابِیاً: اس پر اس کی عدم موجودگی میں مقدمہ چلایا گیا۔
غَیْبُوبَۃ: عدم موجودگی (۲) غفلت۔
غَابَۃ: بانس کا جنگل، گھنا جنگل ج: غَابَات۔
غَائِبٌ بالإجازَۃ: رخصت پر۔
مُغِیْب، مُغِیْبَۃ: بیوی جو شوہر سے الگ ہو۔
عَقَّارٌ مُغَیِّب: بے ہوش کرنے والی دوا۔
مُغْتَاب: چغل خور، پیٹھ پیچھے برائی کرنے والا۔
غَیْث: بارش۔
غَیَّر: بدلنا، تبدیل کرنا۔
___ علی الجُرح: زخم کی پٹی بدلنا۔
___ مَلابِسَہُ: لباس تبدیل کرنا۔
___ العُمْلَۃَ الأجْنَبِیَّۃَ: غیر ملکی کرنسی بدلنا۔
___ المَسَارَ: رُخ پھیرنا، بدلنا۔
___ مَسَارَ الطَّائِرَۃ: ہوائی جہاز کا رخ بدلنا۔
___ و أغَارَ: تغیر پذیر بنانا۔
غَارَ مِنْہ ــَ غَیْرَۃً: کسی سے غیرت آنا۔
غَارَ عَلَیْہ: کسی پر غیرت آنا (غَارَ فُلانٌ مِنْ فُلانٍ عَلَی امْرَأتِہ)۔
غَایَرَ مُغَایَرَۃً: مخالفت کرنا (۲) مبادلہ کرنا۔
تَغَیَّر: بدلنا، بدل جانا۔
تَغَایَرَتِ الأشْیَاءُ: باہم متغایر ہونا، مختلف ہونا۔
غَیْر: سوا (۲) علاوہ (۳) خلاف، ضد (۴) دوسرا (۵) اجنبی (۶) نہیں۔
غَیْرَ أنَّ: لیکن، مگر یہ کہ، اس کے باوجود، تاہم، پھر بھی۔
غَیْرُ اعْتِیَادِیّ: اسپیشل، غیر معمولی۔
غَیْرُ تَامِّ الصُّنْع: نامکمل، ناپختہ۔
غَیْرُ ثَابِتٍ: لوز، ناپائیدار۔
غَیْرُ جَدِیْدٍ: سیکنڈ ہینڈ۔
غَیْرُ خَاضِعٍ لِلرُّسُوْم: ڈیوٹی فری، جس پر محصول نہ لگتا ہو۔
غَیْرُ خَاضِعٍ لِلْمُکُوس: ڈیوٹی فری، جس پر محصول نہ لگتا ہو۔
غَیْرُ سَائِغ: نامرغوب، ناقابلِ ہضم۔
غَیْرُ صَالِح: ناقابل، نااہل، اَن فٹ۔
غَیْرُ طَبِیْعِیّ: غیر معمولی۔
غَیْرُ عَادِل: غیر منصفانہ۔
غَیْرُ عَمَلِیّ: ناقابل عمل۔
غَیْرُ عَادِیّ: غیر معمولی۔
غَیْرُ عَصْرِیّ: آوٹ آف ڈیٹ۔
غَیْرُ قَابِلٍ لِلاسْتِعْمَال: ناقابلِ استعمال۔

غَيْرُ قَابِلٍ للاسْتِهْلاک: ناقابلِ صرف۔
غَيْرُ كَافٍ: ناکافی۔
غَيْرُ كُفُوٍ: اَن فٹ، بے جوڑ۔
غَيْرُ لَائِقٍ: نامناسب۔
غَيْرُ مُبَاشِرٍ: ان ڈائریکٹ۔
غَيْرُ مَأْلُوفٍ: نامانوس، ناپسندیدہ۔
غَيْرُ مَبْتُوتٍ فيه: پینڈنگ میں پڑا ہوا۔
غَيْرُ مُتَوَازِنٍ: غیر متوازن۔
غَيْرُ مُثَقَّفٍ: بے پڑھا لکھا، غیر تعلیم یافتہ، غیر مہذب۔
غَيْرُ مُجْزٍ: ناکافی۔
غَيْرُ مَدْفُوْعٍ: غیر ادا شدہ۔
غَيْرُ مُرْتَاحٍ: غیر مطمئن۔
غَيْرُ مُرَخَّصٍ: بے لائسنس۔
غَيْرُ مُسْتَدِيْمٍ: ٹمپریری، عارضی۔
غَيْرُ مُسْتَرِيْحٍ: غیر مطمئن۔
غَيْرُ مُسَدَّدٍ: غیر ادا شدہ۔
غَيْرُ مَشْرُوْعٍ: غیر قانونی، ناجائز۔
غَيْرُ مَشْهِيٍّ: نامرغوب۔
غَيْرُ مُصَرَّحٍ به: غیر تصریح شدہ، بے لائسنس۔
غَيْرُ مُصَرَّحٍ بِصَرْفِه: منجمد، جس کے خرچ کی اجازت نہ ہو۔
غَيْرُ مَضْمُوْنٍ: غیر یقینی۔
غَيْرُ مُطَابِقٍ: نامساعد۔
غَيْرُ مُعَبَّأٍ: کھلا ہوا۔
غَيْرُ مَعْلُوْمِ التَّارِيْخِ: بلا تاریخ، جس پر تاریخ نہ ہو۔
غَيْرُ مَفْصُوْلٍ فيه: پینڈنگ میں، جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو۔

غَيْرُ مَقْرُوْءٍ: پڑھا نہ جانے والا، غیر واضح۔
غَيْرُ مُلَائِمٍ: نامساعد۔
غَيْرُ مُمْكِنِ بَيْعُه: ناقابلِ فروخت۔
غَيْرُ مُنْتَظَرٍ: غیر متوقع۔
غَيْرُ مَنْظُوْرٍ: بے سوچا سمجھا۔
غَيْرُ الْمُنَفَّذِ مِنَ الطَّلَبِ: بیک آرڈر، غیر تعمیل شدہ فرمائش۔
غَيْرُ مَوْثُوْقٍ به: ناقابلِ اعتماد۔
غَيْرُ مُؤَهَّلٍ: اَن فٹ، نااہل۔
لَا غَيْرُ: فقط۔
مِنْ غَيْرِ: بغیر، بلا۔
عَلَى غَيْرِ الْعَادَةِ: خلافِ معمول۔
غَيْرَة: حمیت، نخوت، جوش۔
غِيَار: تبادلہ۔
قِطَعُ الغِيَار: فالتو پرزے۔
غَيُوْر و غَيْرَان: غیرت مند، صاحبِ نخوت
ج: غُيُر و غَيَارَى۔
تَغَيُّرٌ جَوْهَرِيّ: بنیادی تبدیلی۔
تَغَيُّرٌ فِي خَوَاصِّ الغِذَاء: غذا کی خاصیت میں فرق آنا۔
تَغَيُّرٌ يُذْكَرُ: قابلِ ذکر تبدیلی۔
تَغْيِيْر: تبدیلی ج: تَغْيِيْرَات۔
تَغْيِيْرٌ فِي الظُّرُوْف: حالات میں تبدیلی۔
تَغْيِيْرٌ فِي غَيْرِ وَقْتِه: بے وقت تبدیلی۔
تَغْيِيْرَات: تبدیلیاں۔
التَّغْيِيْرَاتُ الجِذْرِيَّة: بنیادی تبدیلیاں۔
مُغِيْر: حملہ آور۔

مُغَیِّر (نَاقِلُ التُّرُوْس، مُبَدِّلُ السُّرْعَة): گیر شفٹ، موٹر میں رفتار بدلنے والا آلہ۔
مُغَیِّرُ التُّرُوْس: گیر لیور۔
غَیْض: نامکمل بچہ (سِقْط)۔
غَیْضَة: جھاڑی ج: غِیَاض۔
غَاضَ الْمَاءُ ـــ غَیْضاً: پانی خشک ہونا، کم ہونا، زمین میں جذب ہونا۔
غَیْط: کھیت، باغ، میدان ج: غِیْطَان۔
غَیْطَانِیّ: کھیت والا، باغ والا۔
غَاطَ ـــ غَیْطاً فی: داخل ہونا۔
غَیَّظَ تَغْییظاً و غَاظَه ـــ غَیْظاً و أَغَاظَ و غَایَظَ: غصہ دلانا، ناراض کرنا۔
تَغَیُّظ، اِغْتِاظ: غصہ آنا، ناراض ہونا۔
مَغِیْظ، مُغْتَاظ: ناراض، برہم۔
غِیْلَة: دھوکہ (دیکھیے غَوْل)۔
غَال: تالا ج: غَالَات (در غَوْل)۔

اِغْتِیَال: اچانک حملہ (در غول)۔
غَیَّمَتِ السَّمَاءُ و غَامَتْ و أَغْیَمَتْ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
غَیْم: بادل ج: غُیُوْم۔
غَیْمَة: بدلی، ایک بادل۔
غَائِم: ابر آلود۔
غَیَّا الرَّایَة: جھنڈا گاڑنا، پرچم لگانا۔
غَیَّا و اَغْیَا و تَغَیَّی الغَایَة: مقررہ حد پر پہنچنا۔
غَایَة: (۱) پرچم (۲) حد (۳) کنارہ (۴) مقصد (۵) مُنتہائے کار ج: غَایَات۔
غَایَةُ التَّاجر: سین بورڈ۔
غَایَةٌ شَرِیْفَة: اعلیٰ مقصد۔
لِغَایَةِ کذا: اس حد تک۔
لِغَایَةِ مَا: یہاں تک، تا آنکہ، جب تک۔
لِغَایَةِ مَبْلَغٍ کذا: اس رقم کے اندر اندر۔
لِلْغَایَة: بے حد، بہت، انتہائی۔

ف

ف: پھر (۲) پس (۳) اس وجہ سے (۴) چنانچہ (۵) اس کے بعد۔

یَوْماً فَیَوْماً: دن بدن۔

سَنَةً فَسَنَةً: سال بہ سال۔

ف.....ا

فُؤاد: دل ج: اَفْئِدَة۔

مِنْ صَمِیْمِ الفُؤاد: تہِ دل سے۔

فَأْرُ البَیْت: چوہا ج: فِئْران۔

فَأْرُ الغَیْط: جنگلی چوہا۔

فَأس: کلہاڑی (۲) کدال (۳) پھاوڑا ج: فُؤُوس۔

فَأل: نیک شگون (ضد شُؤْم) ج: فُؤُول۔

تَفاءَلَ بِه: نیک شگون لینا، اچھا گمان کرنا، پُرامید ہونا، اچھی توقع قائم کرنا۔

تَفاؤُل: نیک توقع، نیک فال، خوش فہمی، رجائیت۔

مُتَفائِل: پُرامید، اچھی توقع رکھنے والا، خوش فہم، رجائیت پسند۔

فِئَة: گروپ، کیٹاگری، جماعت، گروہ، کلاس، زُمرہ، قسم ج: فِئات۔

فِئَةُ الکُتّاب: کلرکوں کا درجہ، جماعت، کلریکل کلاس۔

فِئَةُ النَّقْد: نوٹوں کی قسم جیسے پانچ یا دس وغیرہ (خَمْسَةُ نُقُودٍ من فِئَةِ عِشْرِیْنَ)۔

فِئَةُ النّاس: لوگوں کا طبقہ، قسم۔

الفِئاتُ الکَبِیْرَة: بڑے ٹکڑے (سکہ کے)۔

فازِلِیْن: (مَرْهَمٌ یُصْنَعُ من النِّفْط): ویسلین۔

فانُوس: (درفنس)۔

فاوَضَ: (در فَوْض)۔

فایِظ: نفع، سود (دا)۔

فایِظْجِیّ: (دا) نفع خور، سودخور۔

ف.....ب

فِبْرایِر: ماہِ فروری۔

فَبْرِیْقَة: کارخانہ (مع)۔

ف.....ت

فَتِئَ عَنْ ـَ فَتْأً: رُکنا، باز آنا۔

مَا فَتِئَ (مَازَال): برابر، مسلسل۔

فَتَّ ـُ فَتّاً و فَتَّتَ: توڑنا، چورنا، روٹی چورنا، ٹکڑے کرنا۔

فَتَّ فی سَاعِدِه: بازو کو توڑنا، کمزور کرنا۔

فَتَّ وَرَقَ اللَّعِب: تاش کے پتے ملانا، پھینٹنا،

توڑنا۔
تَفَتَّتَ ، اِنْفَتَّ: چورا ہونا، ٹکڑے ہونا۔
فَتَّة ، فَتِيتَة: شوربے میں بھیگی ہوئی روٹی۔
فُتَات ، فَتِيتَة: چورا۔
فَتَحَ ـَ فَتْحاً: کھولنا۔
___ الاِحْتِمَالَاتِ: امکانات پیدا کرنا۔
___ الإرْسَالِيَّاتِ: ڈاک کھولنا۔
___ إعْتِمَادًا: (بینک میں) کھاتہ کھولنا۔
___ اعْتِمَاداً مَالِيّاً: فنڈ کھولنا، فنڈ قائم کرنا۔
___ بَابَ التَّرَقِّيَ أمَامَ أحَدٍ: ترقی کا دروازہ کھولنا۔
___ بَابَ الحِوَارِ مَعَ: کسی کے ساتھ بات چیت کا آغاز کرنا۔
فَتَحَ البَخْتَ: قسمت بتانا، تقدیر کا لکھا بتانا۔
___ البَصَائِرَ: آنکھیں کھولنا۔
___ الثَّغَرَاتِ: شگاف ڈالنا، رخنے پیدا کرنا۔
___ الحِسَابَ: حساب کھولنا، اکاؤنٹ کھولنا۔
___ خَطَّ السِّكَّةَ الحَدِيدِيَّة: ریلوے لائن کو چالو کرنا۔
___ مَظَارِيفَ العَطَاءَات: ٹینڈر کے لفافے کھولنا۔
___ المِلَفَّ: فائل پر کارروائی شروع کرنا۔
___ المَوْضُوعَ: موضوع پیدا کرنا۔
___ النُّورَ الكَهْرَبِيَّ: بجلی کا سوئچ کھولنا۔
___ عليه: بتانا، بھولے ہوئے کو بتانا، انکشاف کرنا۔
___ اللّٰهُ عَلَيْه: خدا اس کی مدد کرے۔
___ و افْتَتَحَ: آغاز کرنا، افتتاح کرنا۔
___ و افْتَتَحَ البِلَادَ: فتح کرنا۔
___ و افْتَتَحَ المَكَانَ: کسی جگہ کا افتتاح کرنا (۲) سنگِ بنیاد رکھنا۔
___ و افْتَتَحَ المَكْتَبَ الجَدِيدَ: نیا دفتر کھولنا۔
فَتَّحَ الزَّهْرُ: پھول کھلنا۔
فَاتَحَ: آغاز کرنا، گفتگو میں پہل کرنا۔
تَفَتَّحَ ، اِنْفَتَحَ: کھلنا، وسیع ہونا (۲) کھلنا، شگفتہ ہونا۔
تَفَتَّحَتِ المَدَارِكُ: ذہن کھلنا، وسیع ہونا۔
اِسْتَفْتَحَ: آغاز کرنا، افتتاح کرنا (۲) کھلوانا۔
فُتْحَة: کشادگی (۲) سوراخ ج: فُتَح۔
فَتَّاحَةُ عُلَب: ڈبے کھولنے کی چابی۔
فَتَّاحَةُ قَوَازِيز: بوتلیں اور شیشیاں کھولنے کا پیچ، چابی۔
فَاتِح: پہل کرنے والا، آغاز کنندہ۔
فَاتِحُ البَخْت: قسمت بتانے والا۔
فَاتِحَة: آغاز، ابتداء۔
فَاتِحَةُ الكِتَاب: مقدمہ۔
اِفْتِتَاحٌ رَسْمِيّ: باضابطہ افتتاح۔
اِفْتِتَاحِيّ: افتتاحی، ابتدائی۔
اِفْتِتَاحِيَّة: ایڈیٹوریل۔
اِفْتِتَاحِيَّة (فِي صَحِيفَة): لیڈنگ آرٹیکل۔
مِفْتَاح ج: مَفَاتِيح: چابی (۲) ریلوے لائن کا کانٹا بدلنے کا آلہ (سوئچ)۔
مِفْتَاحُ مَسَافَاتِ الأسْطُر: (ٹائپ رائٹر میں) لائن اسپیس۔

مِفْتَاحُ انْطِلَاقِ الْعَرَبَة: کیرج لیور۔
مِفْتَاحُ بَدْءِ حَرَكَةِ الاُتُمْبِيل: اسٹارٹر۔
مِفْتَاحُ التَّرْجِيع (فی الآلَةِ الكَاتِبَة): بیک اسپیکر۔
مِفْتَاحُ حَلِّ الاُسْطُوَانَةِ الدَّاخِلِيَّة: پیپر ریلز (ٹائپ رائٹر میں)۔
مِفْتَاحُ حَلِّ الهَامِش: (ٹائپ رائٹر میں) مارجن ریلیز۔
مِفْتَاحُ الشَّفْرَة: خفیہ تحریر کی کنجی، ٹیلیگراف کی کنجی۔
مِفْتَاحُ صَمُوْلَة: چابی جس سے کابلا کھولا جائے۔
المِفْتَاحُ الكَهْرَبَائِيّ: سوئچ۔
مِفْتَاحَجِيّ: ریلوے کانٹا بدلنے والا۔
فَتَرَ ـُ فُتُوراً و تَفَتَّر: ڈھیلا پڑنا (۲) سست پڑنا، تیزی کے بعد ہلکا ہونا (۳) پانی ٹھنڈا ہونا یعنی حرارت ختم ہونا (۴) جسم کا ڈھیلا اور کمزور ہونا۔
فَتَرَ عَنِ العَمَل: کوتاہی کرنا (۲) کام میں سستی کرنا۔
فَتَّرَ و اَفْتَرَ: (۱) سست بنانا (۲) گرم پانی کو ٹھنڈا کرنا۔
اِفْتَرَّ عَنْ: ظاہر ہونا، منکشف ہونا۔
فَتْرَةٌ: (۱) وقفہ، عرصہ، پیریڈ (۲) درمیانی وقت، ہاف ٹائم (۳) صلح (۴) سستی۔
فَتْرَةُ ازْدِهَارِ عُنْفُوَان: جوانی کی بہار کا زمانہ۔
فَتْرَةُ الاِنْتِقَال: عبوری دور۔
فَتْرَةُ التَّعْتِيم (تُفْرَضُ خِلَالَ غَارَةٍ جَوِّيَّة): بلیک آؤٹ۔
فَتْرَةُ الخُطَّة: منصوبہ کا وقفہ، مدت۔
فَتْرَةٌ دَقِيْقَة: نازک دور۔
فَتْرَةُ الضَّرِيْبَة: وقفۂ انکم ٹیکس۔
فَتْرَةٌ فَاصِلَة: انٹرول۔
فَتْرَةُ المُعَانَاةِ والآلام: مصائب و آلام کا دور۔
فَتَرَاتٌ مُتَقَارِبَة: قریب قریب وقفے۔
فی فَتَرَاتٍ مُتَقَطِّعَة: مختلف اوقات میں۔
فُتُور: (۱) سستی، اضمحلال (۲) نیم گرمی۔
فُتُوْرُ الجِسْم: کمزوری۔
فُتُورُ الوُدِّ أو العَلَاقَات: دوستی یا تعلقات کمزور پڑنا۔
فُتُورُ الهِمَّة: کم ہمتی، پست حوصلگی۔
فَاتِر: (۱) نیم گرم (۲) کم حوصلہ، کم ہمت۔
فَاتِرُ العَزِيْمَة: پست ہمت، کم حوصلہ۔
فَاتُورَة، فَاتُور: (دا) کسی مطلوبہ چیز کا بل، بیجک (۲) نمونہ ج: فَوَاتِيْر۔
فَاتُورَةٌ اَصْلِيَّة: اوریجنل بیجک۔
فَاتُورَةٌ قُنْصُلِيَّة: کونسلر فارم۔
فَاتُورَةُ المَصَارِيْف: پرچۂ اخراجات، اخراجات کا بل۔
فَاتُورَةٌ مُصَدَّقٌ عَلَيْهَا: تصدیق شدہ بیجک۔
فَوَاتِيْرُ مُسْتَحِقَّةُ الدَّفْع: واجب الادا بل۔
مُتَفَتِّر: (مُسْتَمِرّ کی ضد) غیر مسلسل، وقفا وقفا ہونے والا، وقفہ دار۔
فَتَّشَ: تحقیق کرنا (۲) معاینہ کرنا، جانچ پڑتال کرنا (۳) مکان وغیرہ کی تلاشی لینا۔

فَتَّشَ عَنْ: تحقیق کرنا، پوچھ تاچھ کرنا۔
فَتَّشَ السِّرَّ: راز افشا کرنا۔
فَتَّاش: تحقیق کنندہ، جانچ کنندہ۔
تَفْتِیْش: تحقیق، تلاش وجستجو، پوچھ تاچھ، جانچ پڑتال، معاینہ، ریسرچ۔
تَفْتِیْشُ الحِسَاب: حساب کی جانچ۔
مُفَتِّش: کنٹرولر، انسپکٹر۔
مُفَتِّشٌ اَوَّلُ: چیف انسپکٹر۔
مُفَتِّشُ التَّذَاکِر: ٹکٹ کنٹرولر، ٹکٹ چیکر۔
مُفَتِّشٌ ثَانٍ: سب انسپکٹر۔
مُفَتِّشُ الضَّرَائِب: ٹیکس انسپکٹر۔
المُفَتِّشُ العَامّ: انسپکٹر جنرل۔
فُتُغْرَافِیَا: (مع) عکسی تصویر (۲) کیمرہ۔
صُوْرَةٌ فُتُغْرَافِیَّة: عکسی تصویر۔
فَتَقَ ـُـ فَتْقاً و فَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کے ٹانکے نکالنا، ادھیڑنا (۲) چاک کرنا (۳) چیرنا (۴) بیچ میں سے دو کرنا۔
الحَاجَةُ تَفْتِقُ الحِیْلَةَ: ضرورت تدبیر پیدا کرتی ہے۔
تَفَتَّقَ، انْفَتَقَ: پھٹنا، شق ہونا۔
فَتْقٌ: دراڑ، شگاف ج: فُتُوق۔
فَتِیْق، مَفْتُوق: پھٹا ہوا، چرا ہوا۔
فَتَکَ بِه ـُـ فَتْکاً: حملہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) گرفت میں لینا۔
فَتَّاک: مُہلک، قاتل۔
فَتَلَ ـِـ فَتْلاً: رسّی وغیرہ کو بٹ دینا، اون وغیرہ کو بٹ دینا، دھاگہ بنانا۔
تَفَتَّلَ، انْفَتَلَ: بٹ چڑھنا۔
فَتْلَة: ایک بٹ۔
فَتَّال: بٹ دینے والا۔
فَتِیْل، فَتِیْلَة: لمپ وغیرہ کی بتی، پٹاخوں کی بتی ج: فَتَائِلُ۔
فَتِیْلُ الجُرُوْح: زخموں پر چڑھائی جانے والی بتی۔
فَتِیْلُ المُفَرْقَعَة: فیوز، پٹاخے کی بتی۔
فَتِیْل، مَفْتُول: بٹا ہوا۔
فَتَائِلُ الانْفِجَار: دھماکہ کی بتیاں، آتشیں فتیلے۔
فَتَائِلُ الانْفِجَارِ المَزْرُوْعَة: پھیلے ہوئے آتشیں فتیلے۔
مَفْتُولُ العَضَل: مضبوط، طاقتور۔
فَتْمَنَة: وٹامن دینا۔
فَتَنَ ـِـ فَتْناً و فَتَّنَ و اَفْتَنَ: گمراہ کرنا (۲) فریفتہ بنانا (۳) آزمائش میں ڈالنا (۴) دیوانہ بنانا (۵) مسحور کرنا۔
فَتَنَهُ عَنْ دِیْنِه: دین سے ہٹانا۔
فُتِنَ و افْتُتِنَ به: فریفتہ ہونا۔
فِتْنَة: (۱) آزمائش (۲) مصیبت (۳) گمراہی (۴) کفر (۵) ہنگامہ (۶) رسوائی (۷) پریشانی، گھبراہٹ ج: فِتَن۔
فِتْنَةٌ طَائِفِیَّة: فرقہ وارانہ فساد۔
فَتَّان، فَاتِن: فتنہ انگیز، سحر انگیز۔
فَتِیْنَ، مَفْتُون: دیوانہ، عاشق، گرفتارِ الفت۔
فُتُوَّة: سخاوت، کرم (۲) جوانی، جوانمردی۔
فَتْوَی: قانونی رائے، فقہی رائے، شرعی حکم ج: فَتَاوَی۔
أَفْتَی فِی مَسْئَلَةٍ: شرعی حکم بیان کرنا، قانونی رائے ظاہر کرنا۔

اِسْتِفْتَاء: فتویٰ لینا، شرعی حکم معلوم کرنا (۲) عام لوگوں کی رائے معلوم کرنا (۳) قانونی رائے طلبی، استصواب رائے، رائے شماری، ووٹنگ۔

فَتِیَ ـَ فُتُوّاً و فَتاءً: جوان ہونا (۲) طاقت ور ہونا۔

فَتًی: نوجوان (۲) لڑکا ج: فِتْیَان و فِتْیَة۔

فَتَاة: لڑکی، گرل، جوان عورت ج: فَتَیَات۔

اِسْتِفْتَاءُ الشَّعْب: ریفرینڈم، عوامی رائے شماری۔

اِسْتِفْتَاءُ النَّاخِبِیْن: رائے شماری، ریفرینڈم۔

اِسْتِفْتَاءٌ عَامٌّ و شَامِلٌ: عام رائے شماری۔

المُسْتَفْتَی عَلَیْه: وہ مسئلہ جس پر رائے شماری کی گئی ہو۔

ف.....ج

فَجَاهُ ـَ فَجْأَةً و فَاجَأَهُ مُفَاجَأَةً: اچانک آنا۔

فُوجِئَ بِشَیْءٍ: دوچار ہونا، یکا یک معلوم ہونا۔

فَجْأَة، فُجَاءَةً: اچانک۔

فُجَائِیّ، فَاجِئٌ، مُفَاجِئٌ: ہنگامی، اچانک پیش آنے والا، غیر متوقع، اتفاقی۔

مُفَاجَأَة: ہنگامی صورتِ حال، نئی بات، ناگہانی واقعہ یا صورتِ حال۔

فَجٌّ، فُجَاجٌ: دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ۔

فِجٌّ: ناپختہ، کچا۔

فَجَرَ ـُ فَجْراً و فَجَّرَ تَفْجِیْراً: پانی جاری کرنا، نہر وغیرہ نکالنا (۲) پھاڑنا، دھماکہ کرنا، دھماکہ خیز بنانا۔

فَجَرَ ـُ فُجُوراً و أَفْجَرَ: بدکار ہونا، گنہگار ہونا (۲) زنا کرنا۔

فَجَّرَ الثَّوْرَةَ: انقلاب برپا کرنا۔

فَجَّرَ الفَضَائِحَ: رسوا کن امور کا انکشاف کرنا۔

فَجَّرَ قَنَابِلَ دُخَانٍ: دھوئیں کے گولے چھوڑنا۔

فَجَّرَ المَوْقِفَ: صورتِ حال کو دھماکہ خیز بنانا، صورتِ حال بگاڑنا۔

فَجَّرَ الوَضْعَ الأَمْنِیَّ: امن کی صورتحال کو خراب کرنا۔

اِنْفَجَرَ و تَفَجَّرَ المَاءُ: پانی جاری ہونا، نہر وغیرہ جاری ہونا (۲) دھماکہ ہونا، بھرسٹ ہونا، پھٹنا۔

اِنْفَجَرَ الخِلَافُ فَجْأَةً: اچانک اختلاف پیدا ہو جانا۔

اِنْفَجَرَتِ الاِشْتِبَاكَاتُ: فسادات پھوٹ پڑنا۔

اِنْفَجَرَتِ القَنَابِلُ فِی مَكَانٍ: کسی جگہ بموں کا دھماکہ ہونا۔

اِنْفَجَرَتِ المَعْرَكَة: لڑائی چھڑنا۔

اِنْفَجَرَتْ یَنَابِیْعُ الشَّیْءِ من كذا: کسی شے کے سوت اُبلنا۔

اِنْفَجَرَ غَضَباً: غصہ سے بھڑکنا۔

اِنْفَجَرَ النِّزَاعُ: جھگڑا اٹھ کھڑا ہونا۔

اِنْفَجَرَ النَّاسُ عَلَی: ٹوٹ پڑنا، دھاوا بولنا۔

فَجْرٌ: طلوع، آغاز، صبح، اُجالا۔

فُجُوْر: بدکاری، زنا۔
اِنْغَمَسَ فی الفُجُوْر: گناہ میں مبتلا ہونا۔
فَاجِرَة: زانیہ، فاحشہ۔
اِنْفِجَار: دھماکہ ج: اِنْفِجَارَات۔
اِنْفِجَارٌ ذَرِّیّ: ایٹمی دھماکہ۔
تَفْجِیْرٌ ذَرِّیّ: ایٹمی دھماکہ۔
اِنْفِجَارِیّ، مُتَفَجِّر: دھماکہ خیز۔
المُتَفَجِّرَات: دھماکہ خیز اشیاء، آتشگیر مادے۔
فَجَعَ ـَ فَجْعاً: دل دُکھانا، تکلیف دینا۔
فُجِعَ فی کَذا أوْ بِکَذا: اسے فلاں چیز سے تکلیف پہنچی۔
تَفَجَّعَ: دردمند ہونا، دکھی ہونا۔
فَجُوْع، فَاجِع: دردناک، اندوہناک، دل دوز، بے دردانہ۔
فَاجِعَة: مصیبت، تکلیف دہ حادثہ ج: فَوَاجِعُ۔
فَجِیْعَة ج: فَجَائِعُ: مصیبت، اندوہناک حادثہ۔
اَفْجَعُ: انتہائی بے دردانہ۔
فُجُلٌ: مُولی و: فُجْلَة۔
فَجْوَة: کشادگی، دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ یا کشادہ جگہ، کھلی جگہ، خلاء، گیپ، کھائی، گڑھا، خلیج ج: فَجَوَات۔
فَجَا ـُ فَجْواً: کھولنا، کشادہ کرنا۔

ف.....ح

فَحَّ الثُّعْبَانُ ـُ فَحّاً: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحِیْحُ الأَفْعَی: سانپ کی پھنکار۔
فَحَتَ: (دا) کھودنا۔
فَحُشَ ـُ فَحَاشَةً: بُرا ہونا (۲) بداخلاق و قابلِ مذمت ہونا (۳) حد سے بڑھا ہوا ہونا (۴) عورت کا بدکار ہونا۔
اَفْحَشَ و فَاحَشَ فِی الکَلَام: بدکلامی کرنا۔
فُحْشٌ: قباحت، برائی۔
فُحْشُ القَوْل: بُری اور گندی بات، سخت بات۔
فَحْشَاء، فَاحِشَة: (۱) بدکاری، گناہ (۲) زنا (۳) انتہائی مذموم حرکت ج: فَوَاحِشُ۔
اِرْتَکَبَ الفَحْشَاءَ: گناہ کرنا، جرم کرنا۔
فَاحِشَة: زانیہ۔
فَاحِش: سخت، زبردست، ناقابل تسلیم، مذموم، بد، بُرا۔
فَحَصَ ـَ فَحْصاً: جانچنا، ٹسٹ کرنا (۲) معاینہ کرنا (۳) حسابات کی جانچ کرنا (۴) پیشاب وغیرہ کا ٹسٹ کرنا۔
فَحَصَهُ بِدِقَّةٍ: مکمل طور پر جانچ کرنا۔
فَحَصَ بالمِسْمَاع: اسٹیتھسکوپ سے دیکھنا۔
فَحَصَ البَوْلَ: پیشاب ٹیسٹ کرانا، کرنا۔
فَحَصَ و تَفَحَّصَ: تحقیق کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔
فَحْص: جانچ، معاینہ، تحقیق و تفتیش، ریسرچ، چیکنگ، سروے، ایگزامینیشن، ٹیسٹنگ، چیک اَپ ج: فُحُوْص و فُحُوْصَات۔
فَحْصُ الحِسَابَات: حسابات کی جانچ۔
فَحْصُ الحَقَائِب: بکسوں کی جانچ۔
فَحْصُ الدَّفَاتِر: رجسٹروں کی جانچ۔

فَحْصُ الدَّم: بلڈ ٹیسٹ، خون کا ٹیسٹ۔
فَحْصٌ جِسْمَانِيٌّ عَامٌّ: چیک اَپ۔
فَحْصٌ شَامِلٌ: مکمل سروے۔
فَحْصٌ طِبِّيٌّ: طبی تحقیق، طبی معاینہ، جانچ۔
فَحْصٌ عَامٌّ: جنرل سروے۔
فَاحِصٌ: جانچنے والا، معاینہ کرنے والا، ٹسٹ کنندہ، ایگزامینر (۲) انسپکٹر (۳) تجسس آمیز۔
فَاحِصُ حِسَابَاتٍ: حسابات چیک کرنے والا، آڈیٹر حسابات۔
فَحْلٌ: سانڈ ج: فُحُوْل۔
فَحْلٌ وَ أُنْثٰى: نر و مادہ۔
شَاعِرٌ فَحْلٌ: زبردست شاعر، قادر الکلام شاعر۔
فَحْلَةٌ: مردوں کی سی خصلت رکھنے والی عورت۔
فُحُوْلُ الْعُلَمَاءِ: زبردست علماء، بلند پایہ علماء۔
اِسْتَفْحَلَ الْأَمْرُ: (۱) سنگین ہونا، قوی ہونا (۲) بڑا اور اہم ہونا۔
اِسْتَفْحَلَ الْخِلَافُ: اختلاف بڑھنا۔
اِسْتَفْحَلَ النِّزَاعُ: جھگڑا بڑھ جانا۔
فَحَمَ ـَـ فَحْماً وَ فُحُوْماً: لاجواب ہونا، ساکت و خاموش ہونا۔
فَحَمَ، فُحِمَ، أُفْحِمَ بِالْبُكَاءِ: روتے روتے خاموش ہو جانا۔
فَحُمَ ـُـ فَحَامَةً: سیاہ ہونا، کالا ہونا۔
أَفْحَمَ الْخَصْمَ: مخاطب کو دلیل سے خاموش کرنا، لاجواب کر دینا۔
فَحَّمَ تَفْحِيْماً: کالا کرنا (۲) کوئلہ بنانا۔
فَحْمٌ نَبَاتِيٌّ: کوکلر و: فَحْمَة۔
فَحْمٌ عُضْوِيٌّ: کاربن۔
فَحْمٌ حَجَرِيٌّ أَوْ مَعْدِنِيٌّ: پتھر کا کوئلہ، معدنی کوئلہ۔
قَلَمُ فَحْمٍ: کالی پنسل۔
فَحْمَةٌ: کوئلہ کا ٹکڑا ج: فِحَام و فُحُوم۔
فَحْمِيٌّ: کوئلہ کا (۲) کالا۔
جَمْرَةٌ فَحْمِيَّةٌ: بھیڑ تپ، بھیڑوں یا مویشیوں کا طحالی بُخار۔
فَحِيْم، فَاحِم: سیاہ فام، بالکل کالا۔
فَحَّامٌ: کوئلہ فروش۔
مُفْحِم: مُسکت، لاجواب کنندہ۔
جَوَابٌ مُفْحِمٌ: مُسکت جواب۔
فَحْوَى، فَحْوَاءُ: مصداق (۲) مطلب، مقصد، خلاصہ (۳) معنی۔

ف.....خ

فَخٌّ: پھندا (۲) جال (۳) ذریعۂ شکار (۴) چال ج: فُخُوْخ و فِخَاخ۔
وَقَعَ فِي فَخٍّ: جال میں پھنسنا۔
فَخَتَ ـَـ فَخْتاً: سوراخ کرنا۔
فَاخِتَةٌ: فاختہ، ایک پرندہ ج: فَوَاخِتُ۔
فَخِذٌ: ران ج: أَفْخَاذ۔
فَخَرَ ـَـ فَخْراً وَ افْتَخَرَ: فخر کرنا، ناز کرنا، فوقیت جتانا۔
اِفْتَخَرَ وَ تَفَاخَرَ بِكَذَا: فخر کرنا، نازاں ہونا۔
فَخَرَ ـَـ فَخْراً وَ تَفَخَّرَ: بڑائی کرنا۔
فَاخَرَهُ مُفَاخَرَةً: کسی پر فوقیت لے جانا، کسی کے مقابلے میں فخر کرنا۔
اِسْتَفْخَرَهُ: قابلِ فخر سمجھنا، شاندار سمجھنا۔

فَخُر ، فُخُرة، فَخَار: اعزاز، سربلندی۔
فَخْرِیّ: اعزازی۔
عُضْوٌ فَخْرِیّ: اعزازی ممبر۔
فَخُوْر ، فَخِیْر: نازاں، فخر کنندہ۔
فَخَّار: پکی ہوئی مٹی، ٹھیکرا۔
أوَانٍ فَخَّارِیَّة: مٹی کے برتن۔
فَخَّارِیّ ، فَخْرَانِیّ (دا)، فَاخُوْرِیّ: مٹی کے برتن بنانے والا، کمہار۔
اِفْتِخَار: سُرخ روئی، سربلندی۔
فَاخِر ، مُفْتَخَر: قابلِ فخر، قابلِ عزت (۲) شاندار، بھڑکدار، پرشکوت، ڈیلکس، فینسی، نفیس۔
وَلِیْمَةٌ فَاخِرَة: پُرتکلف دعوت۔
فَاخُورَة: مٹی کے برتن بنانے کا کارخانہ (دا)۔
مَفْخَرَة: کارنامہ، قابلِ فخر کام ج: مَفَاخِرُ۔
مُفْتَخِر: نازاں۔
فَخَّمَ تَفْخِیْماً: تعظیم کرنا، بڑا رُتبہ دینا۔
فَخُمَ ـُـ فَخَامَةً: عظیم الشان ہونا (۲) زبردست ہونا، بھاری بھرکم ہونا۔
فَخْم: شاندار، ڈیلکس (۲) زبردست (۳) عظیم، بڑا۔
فَخَامَة: عظمت، شان وشوکت (۲) لقب جو مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے: عالیجناب، عزت مآب۔
مُفَخَّم: زبردست، بڑا، شاندار۔

ف.....د

فَدَحَ ـَـ فَدْحاً: گرانبار بنانا۔
فَادِحٌ: گرانبار، بوجھل، دشوار۔
فَادِحَة: مصیبت ج: فَوَادِح۔
خَسَارَةٌ فَادِحَة: زبردست نقصان۔
مَطَالِبُ فَادِحَة: بھاری مطالبات۔
فَدَاحَة: گرانباری۔
فَدَخَ ـَـ فَدْخاً: توڑنا۔
فَدَّنَ: موٹا بنانا۔
فَدَّانُ بَقَرٍ: بیلوں کا جوڑا جو ہل وغیرہ میں ایک ساتھ جُتا ہوا ہو۔
فَدَّانُ أرْضٍ: ایک ایکڑ زمین (تقریباً ۴ ہزار مربع میٹر)۔
فَادِن: معمار کا سائل جس سے چُنائی کی یکسانیت کو دیکھا جاتا ہے ج: فَوَادِن۔
فَدَى ـِـ فِدَاءً: فدیہ دینا، مال دے کر جان چھڑانا۔
فَدَاهُ بِحَیَاتِهِ ـِـ فِدَاءً: جان نثار کرنا۔
تَفَادَى من کذا: بچنا، گریز کرنا۔
فِدًى ، فِدْیَة ، فِدَاء: مالِ فدیہ۔
فِدَاء: جان نثاری، قربانی۔
فِدَائِیّ: رضاکار (جنگی رضاکار)، جانباز سپاہی، گوریلا ج: فِدَائِیُّون۔
فِدَائِیَّة: جانبازی، قربانی۔
فَادٍ: بخت دہندہ، جان چھڑانے والا۔

ف.....ذ

فَذٌّ: اکیلا، تنہا، یکتا، بے مثال ج: أفْذَاذ و فُذُوْذ۔
فَذْلَكَة: خلاصہ، لُبِّ لباب۔

ف.....ر

فَرْث: گوبر جو اوجھ میں بھرا ہو ج: فُرُوث۔
فَرَجَ ـِـ فَرْجاً و فَرَّجَ بَیْنَ الشَّیْئَیْن: فصل کرنا، کشادگی پیدا کرنا (۲) کھولنا۔

فَرَجَ عَنْهُ: راحت پہنچانا، سکون عطا کرنا، تکلیف زائل کرنا، مصیبت دور کرنا، رہا کرنا۔

فَرَّجَ: (دا) تماشہ دکھانا۔

اَفْرَجَ عَنِ المَکَان: چھوڑنا۔

اَفْرَجَ عنه: رہا کرنا، آزاد کرنا۔

تَفَرَّجَ، انْفَرَجَ: (ا) کھلنا (۲) غم زائل ہونا (۳) تکلیف دور ہونا۔

تَفَرَّجَ عَلَی: تماشہ دیکھنا (۲) مشاہدہ کرنا۔

اِنْفَرَجَ: کشادہ اور وسیع ہونا۔

فُرُج: بات محفوظ نہ رکھنے والا، بھانڈا پھوڑ۔

فَرَجٌ: کشادگی، فراخی، وسعت۔

فَرْجُ الاُنْثٰی: عورت کی شرمگاہ ج: فُرُوج۔

فَرْجٌ، فُرْجَة: سوراخ، چھید، گیپ، وسعت، درمیانی فاصلہ۔

فُرْجَة: (دا) تماشا، ہنسی کی بات۔

فَارُجِیّ: (دا) مرغیاں پالنے والا۔

فَرُّوج، فَرُّوْجَة: (دا) مرغی کا بچہ ج: فَرَارِیْجُ۔

تِفْرِجَة: سوراخ، جھروکا، روشن دان (۲) خلا ج: تَفَارِیْجُ۔

مُتَفَرِّج: تماشبین۔

مُنْفَرِج: کشادہ۔

فِرْجَار: پرکار (مع)۔

خَطٌّ فِرْجَارِیّ: گول خط، گول لکیر۔

فِرْجَاطَة: (مع) جنگی جہاز (بحری)۔

فِرْجَوْن: جانوروں کے بدن پر پھیرنے کا برش (۲) برش۔

فَرِحَ ـَ فَرَحاً: خوش ہونا۔

فَرَّحَ تَفْرِیْحاً: خوش کرنا۔

فَرِحٌ، فَرْحَان: خوش، شاداں۔

فَرَحٌ: خوشی (۲) شادی ج: أَفْرَاح۔

رَقَصَ فَرَحاً: خوشی سے ناچنا۔

فَرْحَةٌ غَامِرَة: زبردست خوشی۔

مُفْرِحٌ: خوش کن، مسرت بخش۔

فَرَّخَ و أَفْرَخَ النَّبَاتُ: گھاس اُگنا۔

فَرَّخَ الطَّائِرُ: پرندہ کا بچہ نکالنا۔

فَرَّخَ البَیْضُ: انڈے کا بچہ سے الگ ہونا۔

فَرْخٌ: پرندہ کا بچہ ج: أَفْرَاخ و فُرُوخ۔

فَرْخُ وَرَق: کاغذ کا ایک شیٹ۔

فَرْخَة: مرغی ج: فِرَاخ۔

فِرَاخ: (دا) مرغیاں (۲) پالتو پرندے۔

فَرِدَ ـُ فَرْدَاً: اکیلا اور یکتا ہونا۔

فَرَدَ ـُ فُرُوْداً عَنْ: الگ ہونا، علیحدہ ہونا۔

فَرَدَ: پھیلانا، کھولنا (ضد مَدَّ و طَوَی)۔

أَفْرَدَ الشَّیْءَ: علیحدہ کرنا، الگ کرنا۔

أَفْرَدَ بَاباً لِکَذا: کتاب کا حصہ خاص کرنا۔

تَفَرَّدَ و انْفَرَدَ بِالعَمَل: کسی کام کو تنہا کرنا، کسی کام میں منفرد ہونا۔

تَفَرَّدَ: یکتا و بے مثل ہونا۔

اِنْفَرَدَ بِالسُّلْطَة: تنہا اقتدار کا مالک ہونا، تنہا اقتدار حاصل کرنا۔

اِسْتَفْرَدَهُ: تنہا پانا، منفرد پانا (۲) کسی کام کو تنہا کرنا۔

فَرْدٌ: ایک (۲) طاق (۳) مفرد (۴) شخص ج: اَفْرَاد۔

فَرْدٌ، فَرْدة: جوڑے کا ایک فرد۔
فَرْدٌ، فَرِیْد: بے نظیر، یکتا۔
فَرْدٌ: (دا) پستول۔
فَرْدٌ بِسَاقِیَةٍ: ریوالور۔
فَرْدٌ بِمُشْطٍ: آٹومیٹک پستول۔
فَرْداً فَرْداً: ایک ایک، تنہا تنہا۔
عَدَدٌ فَرْدٌ أَوْ فَرْدِیٌ: طاق عدد۔
فُرَاداً، فُرَادَی: ایک ایک۔
فَرِیْد: یکتا، تنہا، بے مثل۔
فَرِیْدَة: یکتا موتی، قیمتی موتی ج: فَرَائِدُ۔
فَرِیْدَةُ وَرَقٍ: (۲۴ فَرْخاً) کاغذ کا ایک دستہ۔
اِنْفِرَاد: تنہائی۔
عَلَی انْفِرَادٍ: تنہا۔
مُفْرَد: ایک، سنگل (ضد جَمع)۔
بِمُفْرَدِهٖ: تنہا، بلا مددگار۔
مُفْرَدَات: آئیٹم، تفصیلات، الفاظ، کلمات۔
مُفْرَدَاتُ المِیْزَانِیَة: بجٹ آئٹم۔
مُنْفَرِد: اکیلا، علیحدہ، تنہا۔
فِرْدَوْس: جنت، باغ ج: فَرَادِیْس۔
فَرَّ ـِ فَرّاً و فِرَاراً: بھاگنا، فرار ہونا۔
فَرَّ إِلَی جَانِبِ العَدُوِّ: دشمن سے ملنا۔
أَفَرَّ: بھگانا، فرار کرنا۔
أَفَرَّ الوَلَدُ: بچہ کے دودھ کے دانت گر کر نئے دانت نکلنا۔
اِفْتَرَّ: مسکرانا۔
اِفْتَرَّ الثَّغْرُ: دانت کھلنا۔
اِفْتَرَّ البَرْقُ: بجلی چمکنا۔
لَاذَ بِالفِرَار: راہِ فرار اختیار کی۔

فَرَّار: پارہ (زِئبق)۔
فَرَّار، فَارّ: بھاگنے والا۔
مَفَرّ: راہِ فرار۔
لَا مَفَرَّ مِنْهُ: چھٹکارا نہیں۔
فَرَزَ ـُ فَرْزاً و أَفْرَزَ: جدا کرنا (۲) چھٹائی کرنا (۳) پرکھنا۔
فَرْزٌ: علاحدگی (۲) ڈاک وغیرہ کی چھٹائی، شرٹنگ۔
فَرْزُ الخِطَابَات: خطوط کی چھٹائی، شرٹنگ۔
فَرْزٌ و فِرْزَانُ الشِّطْرَنْج: شطرنج کی رانی۔
فَرْزَة: سخت زمین کا شگاف۔
فَرَّازُ الحَلِیْب: کریم نکالنے کی مشین۔
إِفْرِیْز: کارنس ج: أَفَارِیز۔
مَفْرَزَة: (جَمَاعَةٌ مِنَ الجُنْدِ یُنَاطُ بِهَا أَدَاءُ مُهِمَّةٍ مَّا) پارٹی ج: مَفَارِز۔
مَفْرُوْز: علیحدہ کیا ہوا، چھانٹا ہوا۔
فَرَسَ ـِ فَرْساً و افْتَرَسَ: (۱) شکار کرنا (۲) پھاڑ کھانا (۳) مار ڈالنا۔
فَرَسَ ـِ فِرَاسَةً: بھانپنا، تاڑنا، سمجھنا۔
فَرَسَهُ و تَفَرَّسَ فِیْهِ: غور سے دیکھنا، پہچاننے کی کوشش کرنا۔
فَرُسَ ـُ فُرُوْسَةً و فُرُوْسِیَّةً: شہسوار ہونا، گھوڑوں کا ماہر ہونا۔
فَرَس: (۱) گھوڑا (۲) گھوڑی ج: أَفْرَاس۔
فَرَسُ الرِّهَان: ریس کا گھوڑا، دوڑ میں شرط لگایا ہوا گھوڑا۔
فُرْس: ملک فارس کے رہنے والے و: فَارِسِیّ۔
بِلَادُ الفُرْس: ملک ایران۔
فَارِسٌ: گھوڑا سوار، شہسوار، مردِ میدان ج:

فُرْسَان۔
فَرَاسَة ، فُرُوسَة ، فُرُوسِيَّة: گھوڑا سواری، شہسواری۔
فِرَاسَة: سمجھ، دانائی، ہوشیاری۔
فَرِيْسَة: شکار، وہ جانور جسے درندے کھاتے ہیں ج: فَرَائِسُ۔
مُفْتَرِسٌ: خونخوار، درندہ۔
فَرْسَخ: ۳½ میل انگریزی ج: فَرَاسِخ۔
فَرَشَ ـُـ فَرْشاً و فِرَاشاً و افْتَرَشَ: بچھانا۔
فَرَشَ: (دا) جھوٹ بولنا۔
فَرَشَ الْمَنْزِلَ: مکان میں فرنیچر لگانا، سامان سے آراستہ کرنا، فرش بچھانا۔
فَرَشَ و فَرَّشَ الأَرْضَ: زمین پر پلاسٹر کرنا (۲) فرش لگانا۔
فَرَّشَ الثِّيَابَ: (دا) کپڑوں پر برش پھیرنا۔
فَرْش: بچھانے کا کپڑا، بستر۔
فَرْشُ الْبَيْت: فرنیچر، گھر کا سامان۔
فَرْش: (دا) بنیاد۔
فَرْشُ الْبَائِعِ الْمُتَجَوِّل: پھیری والے کا خوانچہ۔
فَرْشَة ، فِرَاش: گدا، بیڈ ج: فُرُش و أُفْرِشَة۔
فَرْشَةُ قَشّ: (طَرَّاحَة) پھونس بھرا ہوا گدا۔
طَرِيْحُ الفِرَاش: صاحبِ فراش، بیمار۔
فُرْشَة ، فُرْشَاة: برش ج: فَرَاشِ۔
فُرْشَةُ الثِّيَاب: کپڑے صاف کرنے کا برش۔
فُرْشَةُ الأَسْنَان: دانتوں کا برش۔
فُرْشَةُ الْبُوْدَرَة: پاؤڈر برش۔
فُرْشَةُ الْحِلَاقَة: حجامت کا برش۔
فُرْشَةُ الْبُوْيَة: پالش برش، روغن برش۔
فُرْشَةُ رِيْش: باریک برش (پروں کا)۔
فَرَّاش: خادم، چپراسی، فرنیچر لگانے والا۔
فَرَاشَة: تتلی ج: فَرَاشٌ و فَرَاشَات۔
مِفْرَشُ السَّرِيْر: پلنگ پوش۔
مِفْرَشُ السُّفْرَة: دسترخوان، میز پوش۔
مَفْرُوْش: پھیلا ہوا (۲) بچھا ہوا (۳) فرنیچر اور سامان سے آراستہ (۴) پختہ بنا ہوا۔
مَفْرُوْشَات: گھریلو سامان، فرنیچر۔
فُرْشِيْنَة: بالوں کا کلپ۔
فَرَصَ ـُـ فَرْصاً: کاٹنا، پھاڑنا۔
اِفْتَرَصَ الفُرْصَةَ: موقع پانا۔
فُرْصَة: موقع (۲) وقت (۳) چانس (۴) تعطیل ج: فُرَص۔
فُرْصَةٌ مُتَاحَة: فراہم شدہ موقع۔
فُرْصَةٌ مُتَكَافِئَة: حاصل شدہ موقع، فراہم شدہ موقع۔
فُرْصَةٌ مُوَاتِيَة: مناسب موقع۔
فُرْصَةٌ نَادِرَة: نادر موقع۔
الفُرْصَةُ لِلدِّرَاسَة: غور کرنے کا موقع۔
إِعْطَاءُ الفُرْصَة: موقع دینا۔
اِنْتِهَازُ الْفُرْصَة: موقع سے فائدہ اُٹھانا۔
تَضْيِيْعُ الفُرْصَة: موقع کھونا۔
فَرِيْصَة: مونڈھے اور پہلو کے درمیان کا گوشت جو خوف و گھبراہٹ کے وقت حرکت کرنے لگتا ہے۔

اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُهُ: وہ لرزا، گھبرایا۔

